35	جس جگہ بھی پیغمبر بھیجے گئے، وہاں کے لوگوں کو انکار کی وجہ سے خدا نے عذاب میں مبتلا کیا۔ پھر اچھے دن بھی آئے مگر انھوں نے اپنے آباؤ اجداد کی طرح اسے گردشِ لیل و نہار سمجھا اور حد سے بڑھ گئے۔ آخر اچانک ان کو گرفت میں لے لیا گیا۔	95،94:7

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
36	ان پیغمبروں سے کہا گیا کہ اگر سچے ہو تو ہم پر وہ عذاب کا وعدہ کب پورا ہو گا۔	48:10
37	ان سے کہا گیا کہ وہ نماز اور کاروبارِ دنیا میں تفریق روا رکھیں۔	87:11
38	کسی بستی میں جو بھی پیغمبر آیا پہلے سرمایہ داروں نے اس کا انکار کیا اور اپنی دولت پر اترائے۔	35،34:34
39	پہلی قوموں کی طرف کتنے ہی رسول بھیجے گئے ان کا استہزا کیا گیا اور پھر ہم نے ان بڑے بڑے طاقتوروں کو ہلاک کر دیا۔	6:43تا8
40	پیغمبر انسان و بشر تھے، ملائکہ نہ تھے۔	110:19–11،10:14 8،7:21
41	وہ بیویاں اور اولاد رکھتے تھے۔	38:13
42	وہ عام انسانوں کی طرح کھاتے پیتے اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے۔	8:21–11:14
43	وہ شدید بیماریوں میں بھی مبتلا ہوئے۔	84:21– 89:37، 41:38–149
44	کفار نے انھیں انسان سمجھ کر ہی انکار کیا۔	27:11– 10:14– 94:17– 33:23، 48– 15،14:26
45	جن پیغمبروں کو معبود بنایا گیا وہ اس سے اظہار برأت کریں گے۔	116:5
46	پیغمبروں کو دلائل، کتابوں اور میزان کے ساتھ اس لیے بھیجا گیا اور قوت و منافع کا حامل لوہا اتارا گیا تا کہ اللہ کے اذن سے ان کی اطاعت اور مدد کی جائے۔	25:57–64:4
47	اللہ تعالیٰ نے رسولوں کو انذار و تبشیر (ڈرانے اور خوشخبری دینے) کے لیے بھیجا تا کہ لوگوں کے پاس کوئی حجت نہ رہے۔	126:4– 48:6– 56:18
48	اللہ تعالیٰ نے ان کے دشمنوں کو ہلاک اور انھیں کامیاب کرنے کا وعدہ کیا۔	14،13:14

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
49	پیغمبر کا کام تبلیغ وتذکیر ہے منوانا نہیں۔	42:48 –35:16، 82 –54:24 –18:29 –17:36 –41:39 –48:42 –12:64 22،21:89
50	انھوں نے اپنی صداقت پر نشانیاں پیش کیں۔	–13:10 –25:35 25:57
51	یہ نشانیاں پیش کرنا اللہ کا کام ہے۔	110:6
52	پیغمبر اپنے طور پر نشانیاں پیش نہیں کرسکتا۔	–38:12 –11:14 78:40–93:17
53	پیغمبر نہ علم غیب رکھتے ہیں نہ ان کے پاس خدائی خزانے ہیں اور نہ وہ فرشتے ہیں۔	31:11
54	بعض پیغمبروں سے اللہ تعالیٰ براہِ راست ہم کلام ہوئے اور بعض کے درجات بلند کیے۔	164:4–253:2
55	اللہ تعالیٰ اپنے پیغمبروں میں سے جسے چاہتا ہے علم غیب کے لیے چن لیتا ہے۔	179:3
56	پیغمبروں کو بعض باتوں پر تنبیہات کی گئیں۔	1:66–46:11–35:6
57	قیامت کو منکر بھی پیغمبروں کی صداقت کا اعتراف کریں گے۔	53:7
58	پیغمبروں میں تفریق جائز نہیں۔	136:2، 285 –84:3 152،150:4
59	اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ رسالت کو کہاں رکھ رہا ہے۔	125:6
60	وحی ورسالت محض اللہ کا فضل ہے جس کے ساتھ وہ جسے چاہتا ہے نوازتا ہے۔	–105:2 73:3، 74 –15:40–2:16
61	اللہ تعالیٰ انسانوں یا فرشتوں سے جسے چاہتا ہے اپنا پیامبر بناتا ہے۔	75:22

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
62	رسالت پیغمبروں کو اتفاقاً ملی محض اللہ کے فضل سے۔ وہ پہلے سے توقع نہیں رکھتے تھے۔	4:164 –1 –86:29 52:43
63	ہر پیغمبر کو اس کی قوم کی زبان دے کر بھیجا گیا تا کہ وہ انھیں خوب سمجھا سکے۔	4:14
64	کوئی پیغمبر لوگوں کو اپنی، ملائکہ یا دوسرے انبیاء کی عبادت کا نہیں بلکہ اللہ کی عبادت کا حکم دیتا ہے۔	80،79:3
65	اللہ تعالیٰ کسی انسان کے ساتھ اشارہ (وحی) سے پردہ کے پیچھے سے یا کوئی قاصد بھیج کر بات کرتا ہے۔	51:43
66	تمام پیغمبر ایک دوسرے کی اولاد ہیں۔	34:3
67	ہر پیغمبر نے یہی دعوت دی کہ سرکشوں سے بچو، اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ صرف اسی کی عبادت کی جائے۔	25:21–37:16
68	پیغمبروں سے کہا گیا کہ پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک اعمال کرو۔	51:23
69	پیغمبروں سے کہا گیا کہ تمھاری امت ایک ہے، میں تمھارا رب ہوں۔ مجھ سے ڈرتے رہو۔	52:23
70	پیغمبر اپنے آپ پر نازل شدہ کتاب پر ایمان رکھتا ہے اور دوسرے اہل ایمان بھی۔ ہر ایک اللہ، ملائکہ، کتابوں اور رسولوں پر ایمان رکھتا ہے۔	285:2
71	پیغمبروں نے ہمیشہ خدائے واحد کی عبادت اور اس سے گناہ بخشوانے کی دعوت دی مگر کفار نے اپنے خود ساختہ معبودوں کو چھوڑنے سے انکار کیا۔	10،9:14

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
72	اگر ان لوگوں ___ حضرت ابراہیمؑ سے حضرت عیسیٰؑ تک ___ نے اس نبوت کا انکار کیا ہوتا تو ہم اسے ایسی قوم کے سپرد کرتے جو اس سے انکار نہ کرتی۔	89:6
73	جو لوگ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کسی انسان پر کچھ نہیں اتارا۔ انھوں نے اللہ کی قدر نہیں کی۔	91:6
74	جس اللہ نے موسیٰ پر نور و ہدایت والی کتاب اتاری اسی اللہ نے یہ بھی اتاری۔	91:6
75	زکریاؑ، یحییٰؑ، عیسیٰؑ، وغیرہ انبیاء سب ابراہیمؑ اور نوحؑ کے ساتھیوں اور یعقوبؑ کی برگزیدہ اولاد میں سے تھے جو آیاتِ الٰہی کے سامنے سجدہ ریز ہو جاتے تھے مگر ان کے جانشین وہ لوگ ہوئے جنھوں نے نمازیں ضائع کر دیں اور خواہشات کی پیروی کی۔	59:19
76	لوگوں کے پاس جب بھی کوئی نئی بات آئی ہے انھوں نے اس سے اعراض کیا ہے۔	5:26
77	ہر پیغمبر کی دعوت کا سرمایہ داروں نے تقلید آباء میں انکار کیا اور پھر ہم نے ان سے انتقام لیا۔	25:43
78	اللہ تعالیٰ پیغمبر کے آگے پیچھے فرشتے لگا کر ان کی حفاظت کرتا ہے تا کہ ان سے رسالت کا کام لے۔	28،27:72
79	انبیا کے واقعات میں اہل عقل کے لیے بڑی عبرت ہے۔	111:12
80	دین آرزوؤں کا نام نہیں۔	24:53
81	رسولوں پر سلامتی ہے۔	181:37

متعلقات ایمان

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	جن پر ایمان لانا ضروری ہے۔	
1	اللہ پر	8:2، 62، 126، 136، 137، 177، 232، 264، 285– 3:84، 110، 114، 179، 193، 199، 285– 4:38، 39، 59، 136، 150، 152، 162– 5:59، 69، 81، 83، 84، 88، 111– 7:158– 9:18، 29، 45، 84، 85– 10:90– 12:37– 16:106– 18:13– 24:62– 45:6، 11– 46:31– 49:15– 57:7، 19، 21، 28– 58:22– 64:8–
2	رسولوں پر	2:177، 285– 3:84، 4:136، 150، 179– 5:81، 152، 170– 7:111– 9:84– 158– 15:13– 23:38– 24:62– 34:7، 9– 46:31– 49:15– 57:7، 19، 21، 28–
3	فرشتوں پر	2:177، 285– 4:136، 162–

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	کتابوں پر	2:4، 39، 41، 91، 121، 136، 137، 177، 3:84، 98، 119، 285– 4:47، 55، 199– 5:59، 81، 136، 170– 6:54، 83، 84– 7:52، 87، 93، 119– 8:105– 156– 10:40– 11:17– 13:1– 16:104– 17:107– 23:58– 26:199، 201– 28:52، 53– 36:7، 9– 42:15– 43:69– 45:6– 47:2– 52:33– 64:8–
5	آخرت پر	2:4، 8، 62، 126، 177، 232، 264– 3:114– 4:38، 39، 59,136– 5:69– 6:93، 114، 151، 155– 8:105– 9:18، 29، 45– 12:37– 13:2– 16:22، 60– 17:10، 45– 19:39– 23:33– 27:3,4– 34:8– 39:45– 40:59– 42:18– 53:27– 58:22–
6	غیب پر	2:3

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)

انبیاء کی دعوت اور ان کی قوموں کا ردعمل

حضرت نوح علیہ السلام

1۔مقام ومرتبہ

1	نوح علیہ السلام اہل عالم میں سے خدا کے برگزیدہ انسان اور مومن ومحسن تھے۔	81،80:37–33:3
2	وہ خدا کے بندے اور رسول تھے۔	10:66
3	ان پر خدا تعالیٰ کی طرف سے اہل عالم میں سے سلامتی ہے۔	79:37
4	اللہ نے انھیں اپنی قوم کے ڈرانے کو رسول بنا کر بھیجا۔	1:71
5	نوح اور ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں اللہ تعالیٰ نے سلسلہ کتاب و نبوت قائم کیا۔	26:57
6	نوح علیہ السلام کی بیوی قوم کے ساتھ ہلاک کر دی گئی اور واصل جہنم ہو گئی، نوحؑ اس کے کسی کام نہ آ سکے۔	10:66
7	انھوں نے بیٹے کے لیے سفارش کی مگر یہ کہہ کر رد کر دی گئی کہ وہ غیر صالح ہونے کی وجہ سے تیری اولاد نہیں اور انھیں استغفار کرنا پڑا۔	46،45:11
8	اللہ تعالیٰ نے آنے والی نسلوں میں ان کا ذکر باقی رکھا۔	78:37

2۔دعوت و پیغام

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
1	خدا کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو، اس سے ڈرو، میری اطاعت اختیار کرو، تمھارے گناہ معاف ہوجائیں گے اور ایک مدت مقررہ تک مہلت مل جائے گی، ورنہ عذاب الیم کا ڈر ہے۔ میں اس کی طرف سے کھلا ڈرانے والا ہوں۔	7:59، 63– 25:11، 26– 23:23، 106:26، 107، 108، 110– 1:71 تا4–
2	میں تو صرف کھلا ڈرانے والا ہوں۔	115:26
3	میں تمھارا خیر خواہ ڈرانے والا اور خدا کا فرستادہ ہوں۔	7:61، 62–2:71
4	نوح علیہ السلام نے مسلسل ساڑھے نو سو سال دن رات، علانیہ وخفیہ تبلیغ کی مگر وہ تکبر سے اڑ گئے۔	71:5، 6، 7، 8، 9– 29:14
5	انھوں نے کہا :اگر گناہوں کی معافی مانگو تو بخشش رزق، اولاد، باغات بارشیں اور نہریں ملیں گی۔	71:10، 11، 12
6	انھوں نے خدا کی ہستی و وحدت کے دلائل دیئے کہ تمھیں مختلف حالتوں میں اور ساتوں آسمانوں کو، روشنی کے لیے چاند اور سورج کو تمھارے چلنے اور رزق کے لیے زمین کو پیدا کیا۔	71:13 تا20
7	اگر میں نے غلط کہا ہے تو میرا گناہ! اور تمھارے گناہ سے بری ہوں۔	11:35
8	میرا ہرگز دعویٰ نہیں کہ میں خدا کے خزانوں کا مالک، عالم الغیب یا فرشتہ ہوں۔	11:31
9	تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر اللہ کے پاس ہے۔	10:17– 11:29– 11:109
10	مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اس کا فرماں بردار بنوں۔	10:72

قوم کا جواب

1	تم ہماری طرح کے انسان ہو۔	11:27– 14:10– 23:24

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
2	ہم تم میں اپنے مقابلہ میں کوئی خوبی نہیں پاتے۔	24:23–27:11
3	تمھارے پیرو نیچ اور سادہ لوح لوگ ہیں۔	111:26–27:11
4	تم جھوٹے ہو۔	–27:11 –64:7
		–77:21 –9:14
		–37:25 –42:22
		–117 ،105:26
		–5:40 –12:28
		73:10–9:54–12:50
5	تم بہت جھگڑالو ہو۔	32:11
6	یہ دیوانہ ہے، اس کا انجام دیکھو۔	9:54–25:23
7	تم گمراہ ہو۔	60:7
8	یہ بڑا بننا چاہتا ہے۔	24:23
9	ہم نے کبھی پہلوں سے ایسی بات نہیں سنی۔	24:23
10	اگر خدا کو ایسا کام کرنا ہوتا تو وہ فرشتے نازل کرتا۔	24:23
11	اگر تم باز نہ آئے تو پتھر مار مار کر ہلاک کر دیں گے۔	116:26
12	اپنے معبودوں، ودّ، سواع، یغوث، یعوق اور نسر کو نہ چھوڑیں گے۔	23:71
13	جاؤ! سچے ہو تو عذاب لے آؤ۔	32:11
14	کشتی بناتے وقت ان کا مذاق اڑایا۔	38:11
15	نوح کو بتا دیا گیا کہ بہت کم لوگ مانیں گے، آپ مایوس نہ ہوں، وہ غرق ہو کر رہیں گے۔	37،36:11
16	صرف چند لوگ ایمان لائے۔	40:11

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
17	بڑی بُری اور ظالم و فاسق قوم تھی۔	7:21– 14:29
		46:51
18	انھوں نے حضرت نوح کے خلاف بہت بڑی سازش کی۔	22:71
19	انھوں نے بہت سوں کو گمراہ کیا۔	24:71

حضرت نوح علیہ السلام کا جواب

1	مجھے تم ایک نادان قوم نظر آتے ہو۔	29:11
2	کیا تم خدا کی طرف سے دی ہوئی میری نشانی اور رحمت کو بھی نہیں مانو گے۔	28:11
3	میں تمھیں زبردستی نہیں منوا سکتا۔	28:11
4	میں اہل ایمان کو اپنے ہاں سے نہیں نکال سکتا ورنہ میری کون مدد کرے گا۔	29:11، 30–114:26
5	ان کے ارادوں سے میں نہیں، البتہ اللہ واقف ہے میں نہیں کہتا کہ اللہ انھیں کوئی اجر نہیں دے گا ان کا معاملہ اللہ کے ذمہ ہے۔	31:11– 112:26 تا 114
6	میں احمق نہیں ہوں۔	61:7
7	اگر میرا وعظ و تذکیر تمھیں ناگوار ہے تو اپنے شرکاء سمیت جو ہو سکے کر لو۔	72:10
8	تمھیں اس پر کیوں تعجب ہے کہ تمھیں میں سے ایک انسان پر وحی نازل ہوئی۔	63:7
9	اگر خدا کی مشیت تمھاری گمراہی کی ہے تو میری خیر خواہی تمھیں کچھ فائدہ نہیں دے گی۔	34:11
10	انھوں نے بڑی حسرت سے کہا :انھوں نے مجھے جھٹلایا اور میری نہیں بلکہ سرمایہ داروں کی پیروی اختیار کی جن کے سرمایہ کام آل خسارے کے سوا کچھ نہیں۔	21:71–117:26

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
11	انھوں نے کہا : مولا! میں نے انھیں دن رات دعوت دی، خفیہ بھی اور کھلے بندوں بھی مگر انھوں نے کانوں میں انگلیاں ٹھونس لیں کپڑے لپیٹ لیے۔ بڑے تکبر سے کام لیا اور جتنی میں نے دعوت دی یہ اور دور بھاگے۔	71:5 تا 9
12	انھوں نے کہا : مولا! انھوں نے مجھے جھٹلایا ہے۔ لہٰذا میرے اور ان کے درمیان فیصلہ کر دے اور مجھے اور اہل ایمان ساتھیوں کو بچا لے۔	26:117، 118
13	آخر انھوں نے بد دعا کی : اے پروردگار! انھوں نے مجھے جھٹلایا ہے۔ میری مدد فرما اور اس سرزمین پر کسی کافر کو آباد نہ رہنے دے۔ اگر یہ باقی رہے تو تیرے منکروں اور نافرمانوں ہی کو جنم دیں گے۔ ان ظالموں کی گمراہی و تباہی میں اضافہ کر۔ یہ تیرے بندوں کو گمراہ کریں گے۔ چنانچہ دعا قبول ہوئی۔	23:26 – 21:76 تا 37:75 – 36:118 77 – 54:10 – 71:24 تا 28 –
14	(انھوں نے کفار کے چیلنج کے جواب میں کہا) عذاب اگر اللہ کو منظور ہوا تو وہ لے آئے گا اور پھر تم اسے روک نہ سکو گے۔	11:33
15	نوح علیہ السلام کو کشتی بنانے، خدا کا نام لے کر اہل ایمان اور اہل خانہ سمیت اس پر سوار ہونے کا حکم دیا گیا مگر بیٹے کے بارے میں سفارش کرنے سے منع کر دیا گیا۔	7:64 – 11:37، 48 – 23:27 – 26:119 – 29:15 – 54:13، 14
16	(کفار کے مذاق اڑانے پر انھوں نے کہا) کشتی بنانے پر آج اگر تم ہمارا مذاق اڑاتے ہو تو کل ہم تمھارا مذاق اڑائیں گے۔	11:38
17	پھر آسمان کے دروازے کھل گئے، موسلا دھار پانی برسنے لگا، زمین سے چشمے پھوٹ پڑے اور پانی ایک مقررہ اندازے کو پہنچ گیا۔	54:11، 12

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
18	طوفان آیا تو حضرت نوحؑ کو ہر چیز کا ایک ایک جوڑا اور اہل ایمان کو لے کر کشتی پر سوار ہونے کا حکم دے دیا گیا۔	40:11
	انجام	
19	جب پہاڑ جیسی لہریں اٹھنے لگیں تو حضرت نوحؑ نے اپنے بیٹے سے تائب ہو کر اپنے ساتھ آ ملنے کو کہا۔ اس نے پہاڑ پر پناہ لینے کے سہارے پر انکار کیا۔نوح علیہ السلام نے کہا : آج اللہ کے سوا کوئی نہیں بچا سکے گا۔ آخر ایک موج دونوں کے درمیان حائل ہو گئی اور وہ غرق ہو گیا۔	41:11 تا 43–37:25– 11:54 تا 16–
20	تمام مکذبین اور خطا کاروں کو غرق کر دیا گیا اور انھیں اللہ کے سوا کوئی مددگار نہ ملا اور نوح اور ان کے ساتھیوں کو بچا لیا گیا۔	82:3– 64:7– 73:10– 44:11، 48– 76:21، 77–37:25– 119:26، 120– 14:29، 15– 76:37، 82– 52:53– 25:71
21	پھر زمین و آسمان کو پانی روک لینے کے لیے کہا گیا اور کشتی جودی پہاڑ پر رک گئی۔	44:11
22	نوح علیہ السلام کو نجات اور شکر ادا کرتے ہوئے سلامتی و برکت کے ساتھ ساتھیوں سمیت اترنے کا حکم دیا گیا۔	48:11–28:23، 29
23	کشتی نوح آئندنسلوں کے لیے بطور نشانی چھوڑ دی گئی۔	15:29– 15:54– 11:69، 12
24	نوح علیہ السلام کے بعد بہت سے پیغمبر اپنی اپنی قوم کی طرف دلائل لے کر آئے مگر ایک دفعہ جھٹلا دینے کے بعد وہ قومیں ایمان نہ لائیں۔	74:10

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
25	یہ پیشین گوئی کر دی گئی تھی کہ نوح کے ساتھیوں کی نسل سے ایسے لوگ ہوں گے جنھیں ہم دنیوی متاع سے نوازیں گے مگر آخر کار (اپنی نافرمانیوں کی وجہ سے) انھیں ہمارے عذاب سے دوچار ہونا پڑا۔	48:11
26	دیکھو میرا عذاب اور ڈراوا کیا ہوتا ہے۔ اس واقعہ میں بہت سے نشان ہیں، ہم یقیناً انسانوں کی آزمائش کرتے ہیں مگر اکثر لوگ مانتے نہیں۔	30:23–121:26–16،15:54
27	نوح علیہ السلام کے بندے تھے مگر اپنی بیوی کے کسی کام نہ آ سکے اور وہ دوسروں کے ساتھ جہنمی ہوگئی۔	10:66

حضرت ابراہیم علیہ السلام

مقام و مرتبہ

1	وہ صدیق و نبی تھے۔	41:19
2	ابراہیم قلب سلیم کے مالک تھے۔	84:37
3	وہ آنکھوں اور ہاتھوں والے تھے۔	48:38
4	انھیں آغاز عمر ہی سے اللہ تعالیٰ نے صحیح شعور دیا تھا۔	51:21
5	اللہ تعالیٰ نے ان کی اولاد میں نبوت اور کتاب کا سلسلہ جاری کیا۔	29: 27–54:4
6	ابراہیم کے گھر والوں پر خدا کی رحمتیں اور برکتیں ہیں۔	73:11
7	وہ دنیا و آخرت میں خدا کے برگزیدہ نیک ماجور اور خلیل تھے۔	130:2– 33:3– 25:4– 121:16، 122–27:29–47:38

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
8	اللہ نے انھیں فرماں بردار بننے کا حکم دیا تو وہ بدل وجاں آمادہ ہو گئے۔	131:2
9	اللہ تعالیٰ نے انھیں کئی باتوں میں آزمایا اور پورے اترے۔	53: 37–124:2
10	ابراہیمؑ اور ان کے پیرووں میں مسلمانوں کے لیے بہترین نمونہ ہے۔	6،4:60
11	وہ بڑے نرم دل، متحمل مزاج اور منیب (راجع الی اللہ) تھے۔	75:11–114:9
12	ابراہیمؑ پر خدا نے اپنی نعمت کو مکمل کیا۔	6:12
13	ابراہیمؑ ایک امت (راہ ڈالنے والے) خدا کے فرماں بردار اور اس کی نعمتوں کے شکر گزار تھے۔	121،120:16
14	اللہ تعالیٰ نے انھیں لوگوں کا امام بنانے کا وعدہ کیا۔	124:2
15	آپ نے اپنی اولاد کے لیے بھی یہی چاہا مگر اللہ نے کہا یہ عہد ظالموں کے لیے نہیں ہوسکتا ہے۔	124:2
16	اللہ تعالیٰ نے بعد کی سب امتوں کو انھی کی راہ پر چلنے کو کہا۔	135:2 تا 138–84:3، 78:22–125:4–95
17	حضرت نوحؑ کی جماعت میں سے تھے۔	83:37
18	دین کی خاطر ہجرت پر آمادہ ہو گئے۔	99:37
19	نیک اولاد کی اللہ سے درخواست کی تو اللہ نے ایک بردبار لڑکے کی بشارت دی۔	101،100:37
20	اللہ نے انھیں سیدھی راہ سجھائی تھی۔	121:16
21	یہ تو اللہ نے انھیں دنیا میں بھلائی عطا کی اور آخرت میں وہ نیکوکاروں میں سے ہوں گے۔	122:16
22	وہ آخرت کو یاد کرنے والے تھے۔	46:38
23	اللہ تعالیٰ نے انھیں زمین و آسمان کی بادشاہت دکھائی تا کہ انھیں یقین کی دولت حاصل ہو۔	76:6

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
24	اللہ تعالیٰ نے انھیں قوم کے خلاف حجت عطا کی۔	6:83
25	اللہ تعالیٰ نے نبی علیہ السلام کو ان کے اتباع کا حکم دیا۔	123:16
26	جب انھوں نے مشرکوں اور ان کے شرکاء کو ترک کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے انھیں اسحاقؑ و یعقوبؑ داؤدؑ، سلیمانؑ، ایوبؑ، یوسفؑ، موسیٰؑ اور ہارونؑ وغیرہم جیسی اولاد اور ذکر جمیل سے نوازا۔	48:19 تا 50 – 72:21 – 27:29 – 5:60 – 26:43
27	فرمایا کہ اسحاقؑ و ابراہیمؑ کی اولاد میں نیک بھی ہوں گے اور کھلے ظالم بھی۔	6:57 – 113:37
28	حضرت ابراہیمؑ نے اپنے حلیم بیٹے کو خواب میں اشارہ پا کر ذبح کرنے کے لیے لٹا دیا تو اللہ تعالیٰ نے پکار کر کہا : ابراہیم! تو نے خواب پورا کر دکھایا۔ یہ ایک بہت بڑی آزمائش تھی۔	101:37 تا 106
29	اللہ تعالیٰ نے اس ذبح عظیم کا بدلہ دیا، سلام بھیجا، محسن و مومن قرار دیا اور ایک بیٹے اسحاق کی خوشخبری سنائی۔	107:37 تا 113
30	اللہ تعالیٰ نے انھیں دنیا میں بھی اجر دیا اور آخرت میں صالحین میں سے ٹھہرایا۔	27:29
31	وہ یہودی، نصرانی یا مشرک نہ تھے بلکہ حنیف و مسلم تھے۔	135:2 – 95:3 – 67:4، 95 – 80:6، 162 – 120:16، 123
32	ملت ابراہیمی سے روگردانی کرنے والے کم عقل ہیں۔	130:2
33	اپنے بیٹے اسمعیل کے ساتھ مل کر خدا کے حکم سے، خانہ کعبہ کی بنیاد رکھی۔ اسے عبادت گزاروں کے لیے پاک و صاف کیا، اللہ تعالیٰ سے اس عمل کے قبول ہونے کی دعا کی جو قبول ہوئی۔	125:2 تا 127 – 26:23 تا 28
34	مقام ابراہیم کو جائے نماز اور خانہ کعبہ کو جائے امن و اجتماع بنا دیا گیا۔	125:2 – 97:3

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
35	باپ بیٹے نے اپنی اولاد میں سے ایک رسول اور ایک امت مسلمہ کی بعثت کی دعا کی۔	129،128:2
36	مکہ کے امن کے لیے اور بت پرستی سے اپنے اور اپنی اولاد کے لیے تحفظ کی دعا مانگی۔	36:14
37	اپنی اولاد کو وادی غیر زرع میں محض اس لیے چھوڑا تا کہ وہاں نماز کا نظام قائم ہو۔	37:14
38	لوگوں کے خانہ کعبہ کی طرف میلان اور وہاں کے اہل ایمان کے لیے ہر طرح کے رزق کی دعا کی۔	37:14–126:2
39	عطائے اولاد پر خدا کا شکر ادا کیا اور انھیں نماز کا پابند بنانے اور مغفرت کی دعا کی۔	41،40،39:14
	دعوت و پیغام	
40	انھوں نے ستاروں، چاند اور سورج کی نورانیت کو دیکھ کر رب قرار دیا مگر پھر یہ بتایا کہ یہ سب ڈوبنے (فنا ہونے) والے ہیں۔ اس لیے رب نہیں ہو سکتے۔	80تا77:6
41	باپ اور قوم کو بتوں کی پرستش پر کھلا گمراہ قرار دیا۔	75:6
42	انھوں نے باپ سے کہا : رب العالمین کو چھوڑ کر یہ کس کی عبادت کرتے ہو۔ یہ بت نہ سنتے ہیں نہ دیکھتے نہ ہی تمھارے کسی کام آتے ہیں نہ ہی رزق کے مالک ہیں۔ رزق اللہ ہی سے مانگو اور اس کا شکر بجا لاؤ، اسی کی طرف لوٹنا ہے۔ یہ محض مجسمے ہیں۔ نیز جو علم میرے پاس ہے وہ تیرے پاس نہیں اس لیے ان کی پرستش ترک کر دو۔ ورنہ عذاب کا خطرہ ہے۔ یہ شیطان کی عبادت ہے جو خدا کا نافرماں ہے۔	87تا85 ،37-17: 73–16:29 ،70:26تا45–42:19تا

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
43	میں تم سے بھی اور اللہ کے سوا تمھارے معبودوں سے بھی علیحدگی اختیار کر لوں گا۔ چنانچہ انھوں نے ایسا ہی کیا۔	19:48، 49– 43:26، 27
44	یہ مورتیاں ہیں جن پر تم جھکے ہوئے ہو۔ خود ہی انھیں گھڑتے اور پھر پوجنے لگتے ہو۔ تم بھی اور تمھارے آباء واجداد سب غلطی پر ہو۔ تمھارا رب وہ ہے جو زمین وآسمان کا مالک وخالق ہے جو پیدا کرنے، ہدایت دینے، کھلانے پلانے، صحت دینے، مارنے، جلانے اور قیامت کے دن بخشنے والا ہے۔ لیکن میں ان سے نپٹ لوں گا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا۔ ایک دن بیمار بن کر ان کے ٹکڑے کر دیئے۔	21:52 تا 58– 26:75 تا 82– 37:88 تا 93، 95،96– 43:26
45	تف ہے تم پر اور تمھارے معبودوں پر جن کی پوجا کرتے ہو اور جو کسی نفع ونقصان کے مالک نہیں۔	21:66، 67
46	انھوں نے اپنی اولاد کو بھی آخر دم تک اطاعت خداوندی اور اسلام کی وصیت کی۔	2:132– 2:28 :43
47	تمھارے پاس کوئی نقلی دلیل نہیں۔	6:83
48	اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو اگر تم جانتے ہوتے تو یہی تمھارے لیے بہتر تھا۔	29:16
49	جب انھیں بتایا گیا کہ یہ حرکت ابراہیم نامی نوجوان نے کی ہے تو بولے اسے سب لوگوں کے سامنے لایا جائے۔	21:60، 61
50	اگر تم مجھے جھٹلاتے ہو تو یہ تو تم سے پہلے لوگ بھی کر چکے پیغمبر کے ذمہ تو صرف خدا کا پیغام پہنچا دینا ہے۔	29:18

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
51	انھوں نے کہا : دنیاوی زندگی میں محض باہمی دوستی میں تم نے خدا کے سوا ان بتوں کو پکڑ لیا ہے۔ مگر قیامت کو تم ایک دوسرے سے انکار اور اس پر لعنت کرو گے اور تمھارا ٹھکانہ دوزخ ہوگا۔ کوئی بچانے والا نہ ہو گا۔	25:29
	قوم کا جواب	
52	باپ نے کہا : باز آ جاؤ ورنہ پتھر مار مار کر ہلاک کر دوں گا یا کچھ عرصہ کے لیے میرے پاس سے چلے جاؤ۔ تم مجھے بہکانا چاہتے ہو۔	46:19
53	قوم نے انھیں جھٹلایا۔	42:22
54	انھوں نے قتل کرنا یا آگ روشن کر کے جلانا چاہا مگر اللہ تعالیٰ نے اسے ٹھنڈا اور باسلامت بنا دیا۔ اس طرح وہ ناکام رہے۔	68:21 تا 70 – 24:29 – 98،97:37
55	جب ان سے پوچھا گیا کہ کیا ہمارے معبودوں کو تم نے توڑا ہے تو انھوں نے کہا، بڑے نے، اس سے پوچھ دیکھو۔ انھوں نے سرفگندہ ہو کر کہا یہ تو بولتے ہی نہیں۔	59:21 تا 65
56	اب وہ اپنے ضمیروں کی طرف متوجہ ہوئے اور کہہ اٹھے کہ واقعۃً ظالم تو ہم ہی ہیں۔	64:21
57	بادشاہ نے اپنی حکومت کے گھمنڈ میں ان سے رب کے بارے میں جھگڑا کیا تو انھوں نے کہا : میرا رب زندگی و موت کا مالک ہے۔ بادشاہ نے بھی یہی دعویٰ کر دیا تو آپ نے کہا میرا رب مشرق سے سورج کو نکالتا ہے، تو مغرب سے نکال دکھا۔ اب وہ مبہوت ہو کر رہ گیا۔	258:2

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
58	انھوں نے اطمینان قلب کے لیے، ایمان کے باوجود، اللہ تعالیٰ سے احیائے موتیٰ کی عملی صورت دیکھنا چاہی تو حکم ہوا کہ چار پرندے پالو۔ پھر ان کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے پہاڑوں پر رکھ دو اور آواز دو۔ زندہ ہو کر تمھارے پاس پہنچ جائیں گے۔	2:260
59	جب فرشتے (انسانی شکل میں) معزز مہمان بن کر آپ کے پاس غلام عظیم اسحاق کی خوشخبری لائے تو سلام و دعا کے بعد آپ نے بھونا ہوا بچھڑا پیش کیا مگر جب دیکھا کہ کھاتے نہیں تو دھڑکا ہوا۔ خوشخبری کے بعد قوم لوط (پر عذاب) کے بارے میں جھگڑا کرنے لگے تو خدا نے روک دیا کہ یہ عذاب اٹل ہے کیونکہ یہ لوگ ظالم ہیں۔	69:11، 70، 76– 31:51 تا 37– 52:15، 53– 31:29، 32– 28،24:51
60	انھوں نے کہا کہ اس بستی میں تو لوط بھی موجود ہے۔ فرشتوں نے جواب دیا ہم اسے تو بچا لیں گے مگر لوط کی بیوی عذاب والوں میں شریک ہو گی۔	33،32:29
61	صاحب علم بیٹے کی خوشخبری پر جب آپ نے اور آپ کی بیوی نے تعجب کیا تو فرشتوں نے کہا اللہ کے حکم پر تعجب کیوں؟	71:11 تا 73– 55:15، 56
62	صرف حضرت لوطؑ ان پر ایمان لائے اور خدا کی راہ میں ہجرت کا عزم کر لیا۔	26:29
63	قوم نے کہا : ہم نے باپ دادا کو ایسے ہی کرتے پایا۔	74:26–53:21
64	انھوں نے باپ سے سلام کے بعد وعدہ کیا کہ میں تیرے لیے بخشش کی دعا کروں گا۔ اگرچہ میرا اس پر اختیار نہیں۔ توقع ہے اس دعا میں خدا کی رحمت سے محروم نہیں رہوں گا۔	4:60–47:19
65	اسی وعدہ کے ایفا میں استغفار کیا مگر اس کی ضد کا علم ہو جانے پر برأت کا اظہار کر دیا۔	4:60_114:9

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
66	قوم نے ڈرانا چاہا مگر انھوں نے کہا میں تمھارے معبودوں سے ہرگز نہیں ڈرتا۔	82:6
67	ابراہیمؑ سے زیادہ قریب ان کے متبعین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل ایمان ہیں۔	68:3
68	انھوں نے کہا : میرے پروردگار! ان بتوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کر دیا ہے۔ پس جو میری اتباع اختیار کرے وہ میرا ہے اور جو میری نافرمانی کرے تو تُو بخشنے والا مہربان ہے۔	36:14
69	اللہ نے انھیں اور حضرت لوطؑ کو محفوظ رکھ کر اس سرزمین کی طرف منتقل کر دیا جو بڑی بابرکت ہے۔	71:21
70	اس واقعہ میں بہت بڑا نشان ہے مگر اکثر لوگ نہیں جانتے۔	24:29–103:26

حضرت اسحاق علیہ السلام

مقام و مرتبہ

1	حضرت اسحاق، اللہ تعالیٰ کے منعم علیہ بندوں میں سے تھے۔	6:12
2	وہ خدا کی طرف سے ہدایت یافتہ تھے۔	91،85:6
3	آپ خدا کے منعم علیہ انبیاء میں سے تھے۔	58:19
4	آپ خدا کے عبادت گزار اور آئمہ ہدایت میں سے تھے۔	73:21
5	وہ برگزیدہ و نکوکار تھے۔	82:6 –72:21 47:38–112:37
6	آپ برکت یافتہ تھے۔	113:37
7	آپ اہل عالم پر فضیلت رکھنے والوں میں سے تھے۔	87:6
8	آپ امام، ہادی، نیکیوں اور نماز و زکوٰۃ کے پابند اور عبادت گزار تھے۔	73:21

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
9	وہ آخرت کو یاد رکھنے والے تھے۔	48:38
10	آپ نبی تھے اور ان پر وحی نازل ہوتی تھی۔	136:2–84:3 163:4–49:19 112:37
11	انھیں کتاب، شریعت اور نبوت ملی تھی۔	90:6
12	آپ آنکھوں اور ہاتھوں والے تھے۔	45:38
13	اللہ تعالیٰ نے انھیں نیک شہرت (ذکر جمیل) عطا کی۔	50:19
14	آپ نے ہمیشہ ایک الہٰ کی عبادت کی۔	133:2–38:12
15	اللہ تعالیٰ نے پہلے سے آپ کی بشارت دی تھی۔	71:11–112:37
16	حضرت اسحاق و حضرت اسمعیل علیہما السلام، حضرت ابراہیمؑ کو بڑی عمر میں ملے تھے۔	39:14–72:21 27:29
17	وہ نہ یہودی تھے نہ نصرانی۔	140:2
18	ان کی اولاد میں نیک بھی ہوں گے اور برے بھی۔	113:37

حضرت اسمٰعیل علیہ السلام

مقام و مرتبہ اور دعوت

1	وہ نہ یہودی تھے نہ نصرانی۔	140:2
2	آپ خدا کی طرف سے ہدایت یافتہ تھے۔	87:6
3	آپ اہل عالم پر فضیلت رکھنے والوں میں سے تھے۔	87:6
4	آپ خدا کے پسندیدہ تھے۔	55:19
5	خدا کی رحمت خاص ان کے شاملِ حال تھی۔	86:21

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
6	آپ صابرین وصالحین میں سے تھے۔	6:85، 86–21:72 37:100–48:38
7	آپ ہمیشہ ایک الٰہ کی عبادت کرتے رہے۔	133:2
8	ان پر وحی نازل ہوتی تھی۔	84:3–136:2–163:4
9	حضرت اسمعیلؑ، حضرت ابراہیمؑ کو بڑی عمر میں ملے تھے۔	39:14
10	آپ صادق الوعد اور رسول و نبی تھے۔	54:19
11	آپ خدا کے منعم علیہ انبیاء میں سے تھے۔	58:19
12	انھیں کتاب، شریعت اور نبوت ملی تھی۔	90:6
13	آپ حلیم تھے۔	101:37
14	آپ نے باپ کے فرمان پر ذبح ہونے کے لیے گردن ڈال دی۔	102:37، 103
15	آپ نے اپنے والد کے ساتھ مل کر خانہ کعبہ تعمیر کیا اور اسے عبادت گزاروں کے لیے پاک صاف کیا۔	125:2 تا 127
16	انھوں نے والد کے ساتھ مل کر ایک امت مسلمہ اور ایک رسول کی بعثت کی دعا کی۔	128:2، 129
17	آپ اہل وعیال کو نماز اور زکوۃ کی تلقین کرتے تھے۔	55:19

حضرت یعقوب علیہ السلام

مقام ومرتبہ

1	وہ نہ یہودی تھے نہ نصرانی۔	140:2
2	وہ ہدایت یافتہ تھے۔	85:6
3	وہ عابدین وصالحین میں سے تھے۔	72:21، 73–47:38

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	وہ ہاتھوں اور آنکھوں والے تھے اور خدا کے برگزیدہ۔	38:45 تا 48
5	وہ آئمہ ہدایت میں سے تھے۔	73:21
6	وہ نبی تھے اور ان کی طرف وحی آتی تھی۔	136:2 — 84:3 — 163:4 — 49:19
7	اللہ تعالیٰ نے آل یعقوب پر اپنی نعمت مکمل کر دی۔	6:12
8	انھیں کتاب، شریعت اور نبوت ملی تھی۔	90:6
9	اللہ تعالیٰ نے ان کے دادا، ابراہیم کو، ان کی ولادت کی خوش خبری دی تھی۔	85:6 — 71:11 — 49:19 — 72:21 — 27:29
10	انھوں نے نزول تورات سے پہلے کچھ چیزیں اپنے اوپر حرام کر لی تھی۔	93:3
11	نماز وزکوٰۃ کے پابند تھے۔	73:21
12	وہ آخرت کو یاد رکھنے والوں میں سے تھے۔	46:38
	سیرت و کردار	
13	انھوں نے حضرت یوسفؑ کو اپنا خواب بھائیوں سے پوشیدہ رکھنے کے لیے کہا تا کہ وہ کوئی سازش نہ کریں۔	5:12
14	حضرت یوسفؑ کے بھائی ان سے بہانہ بنا کر ان کی خلاف مرضی اپنے ساتھ لے گئے اور کنوئیں میں ڈال دیا۔	11:12 تا 15
15	دوسری دفعہ، دوسرے بیٹے کو عہد و پیمان لے کر بھیجا اور مختلف دروازوں سے شہر میں داخل ہونے کے لیے کہا۔	64:12 تا 68
16	یوسفؑ کو بھیڑیئے کے کھا جانے کی جھوٹی داستان سن کر صبر جمیل سے کام لیا۔	16:12 تا 18
17	دوسرے بیٹے کی روانگی پر بھی صبر جمیل سے کام لیا۔	81:12 تا 83
18	خدا کی رحمت سے مایوس نہیں ہوئے بلکہ دونوں بیٹوں کی واپسی کی اُمید رکھی۔	87،83:12

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
19	حضرت یوسفؑ کے فراق میں بین کیا اور آنکھیں بے نور ہو گئیں۔	84:12
20	اولاد نے شدت غم سے ہلاک ہو جانے کا خدشہ ظاہر کیا۔	85:12
21	آپ نے غم و رنج کا اظہار صرف اپنے رب سے کیا۔	86:12
22	حضرت یوسفؑ کی خوشبو کو دور سے محسوس کر لیا اور یوسفؑ کو تلاش کرنے کے لیے کہا۔جس پر اولاد نے سٹھیا جانے کے طعنے دیئے۔	95،94:12
23	حضرت یوسفؑ کی ارسال کردہ قمیض جب آپ کی آنکھوں پر ڈالی گئی تو بینائی لوٹ آئی۔	96:12
24	اولاد نے معافی مانگی تو انھیں معاف کر دیا۔	98،97:12
25	انھوں نے اپنی اولاد کو ہمیشہ یہ کہا کہ میں وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔	96،86،68:12

دعوت و پیغام

26	انھوں نے اپنی اولاد کو اپنے اجداد کی طرح، خدائے واحد کی پرستش کی تاکید کی۔	133:2
27	انھوں نے اپنی اولاد کو دین اسلام کی آخری دم تک پابندی کی تلقین کی۔	133:2

حضرت یوسف علیہ السلام

مقام و مرتبہ

1	اللہ تعالیٰ نے انھیں اہل عالم پر فضیلت یافتہ بنایا تھا۔	87:6
2	وہ ہدایت یافتہ، محسن اور صالح اور خدا کے برگزیدہ بندوں میں سے تھے۔	91،86،85:6–24،22:12
3	انھیں نبوت، شریعت اور کتاب ملی تھی۔	90:6

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	بلوغ کے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ نے انھیں قوت فیصلہ اور علم عطا کیا تھا۔	22:12
5	آپ کے واقعہ میں سائلین کے لیے نشانیاں بتائی گئیں۔	7:12
6	آپ کے واقعہ کو احسن القصص کہا گیا۔	3:12
7	آپ اپنے والد کو باقی تمام اولاد سے زیادہ پیارے تھے۔	8:12
	سیرت و کردار	
8	آپ نے خواب میں چاند، سورج اور گیارہ ستاروں کو اپنے سامنے سجدہ ریز ہوتے دیکھا۔ جسے حضرت یعقوبؑ نے ان کے روشن مستقبل کی طرف اشارہ بتایا۔	4:12 تا 6
9	بھائیوں نے قتل کرنے، کسی جگہ پھینک دینے اور پھر توبہ کر لینے کی تدبیریں کیں۔	9:12، 10
10	بھائیوں نے کھیل کے بہانے لے جا کر کوئیں میں ڈال دیا جہاں سے قافلہ والوں نے نکال کر غلام کے طور پر عزیز مصر کے ہاتھ فروخت کر دیا۔	9:12 تا 20
11	عشا کو روتے ہوئے آئے اور بتایا کہ ہم دوڑ میں مصروف تھے کہ انھیں بھیڑیا کھا گیا اور جھوٹ موٹ کا لتھڑا کرتہ بھی دکھا دیا۔	16:12 تا 19
12	ایک قافلہ نے انھیں وہاں سے نکالا اور مصر میں چند ٹکوں کے عوض فروخت کر دیا۔	19:12، 20
13	عزیز مصر نے انھیں بیٹا بنانے کی خواہش ظاہر کی اور ان کے اکرام کا حکم دیا۔	21:12
14	یہ دراصل اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کے لیے تمکین فی الارض اور تاویل الاحادیث کی ایک تدبیر تھی۔	21:12
15	ان کے غیر معمولی حسن کی وجہ سے عزیز مصر کی عورت ان پر فریفتہ ہو گئی اور انھیں بہکانا چاہا مگر وہ بچ نکلے۔	23:12 تا 28

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
16	اگر انھوں نے اپنے رب کی برہان نہ دیکھی ہوتی تو وہ بھی اسی عورت کا قصد کر بیٹھتے مگر ہم نے اس سے برائی کو ہٹا دیا۔	24:12
17	دروازے کی طرف لپکے اور عزیز مصر کی عورت نے ان کی قمیض پیچھے سے پھاڑ ڈالی۔	25:12
18	عزیز مصر کی عورت کے ایک رشتہ دار کے بتائے ہوئے اصول کے مطابق وہ سچے اور عورت جھوٹی نکلی۔جس پر عزیز مصر نے اسے عورتوں والا مکر قرار دیا، اور اسے حضرت یوسفؑ سے معافی مانگنے کے لیے کہا۔	29،28:12
19	ہمجولیوں کے طعنوں کے جواب میں حضرت یوسفؑ کو ایک ضیافت میں ان کے سامنے لایا گیا تو انھوں نے فرط حیرت میں انگلیاں کاٹ لیں اور پکار اٹھیں کہ یہ انسان نہیں کوئی عظیم فرشتہ ہے۔	31،30:12
20	اب عزیز مصر کی عورت نے اپنی خواہشات نفس پوری نہ کرنے پر حضرت یوسفؑ کو قید و تذلیل کی دھمکی دی جسے انھوں نے گناہ کے مقابلہ میں بخوشی پسند کر لیا چنانچہ قید میں ڈال دیئے گئے۔	35تا32:12
21	جیل کے دو ساتھیوں نے ان سے اپنے خواب ۔انگور سے شراب نچوڑنے اور سر پر سے جانوروں کے روٹیاں کھانے کے ___ بیان کیے آپ نے ان کی تعبیر ___ شاہ کی مصاحبت اور موت کی سزا ___ بتائی جو صحیح ثابت ہوئی۔	41،40،36:12
22	آپ نے بچ نکلنے والے سے کہا کہ میرا بادشاہ سے ذکر کرنا مگر وہ بھول گیا اور اس طرح انھیں قید میں کئی سال رہنا پڑا۔	42:12

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
23	بادشاہ نے سات دبلی گائیوں کو سات موٹی گائیوں کو اور سات خشک سٹّوں کو سات سبز سٹّے کھا جاتے ہوئے خواب میں دیکھے۔ جب مذکورہ قیدیوں کے حوالے سے حضرت یوسفؑ سے یہ خواب بیان کیا گیا تو انھوں نے خوشحالی اور قحط کے سات سالوں سے اس کی تعبیر کی اور بالیوں کی شکل میں غلے کو محفوظ رکھنے اور پھر راشننگ کی شکل میں اس کی تدبیر بھی بتائی۔	12:43تا49
24	جب بادشاہ نے رہا کرنا چاہا تو آپ نے اپنی صفائی کرائے بغیر باہر آنے سے انکار کر دیا اور پھر اس وقت باہر آئے جب خود عزیز مصر کی عورت نے اپنے جرم کا اور آپ کی معصومیت کا اعتراف کیا۔	12:50،51
25	آپ نے اس کی وجہ بتائی کہ عزیز مصر کو پتہ چل جائے کہ میں نے اس کی عدم موجودگی میں اس کی خیانت نہیں کی۔ ساتھ کسر نفسی بھی کی۔	12:52،53
26	جب بادشاہ نے انھیں عہدہ کی پیش کش کی تو آپ نے وسائل معیشت کی وزارت لی۔	12:54،55
27	اللہ نے فرمایا کہ ہم محسنین کو اس طرح اجر دیا کرتے ہیں۔	12:22،56،57
28	غلے کی امداد لینے کے لیے بھائی آئے تو انھیں پہچان لیا، نقدی واپس کر دی اور زیادہ غلہ کی امید دلا کر بھائی کو اپنے پاس بلوالیا۔	12:58تا68
29	بھائی آیا تو اپنے پاس جگہ دی اور اس پر پیمانہ شاہی کی چوری کا الزام رکھ کر حیلے سے اپنے پاس رکھ لیا۔	12:69تا83
30	تیسری بار غلہ لینے آئے تو اپنا تعارف کرا دیا، انھوں نے اپنی خطا اور حضرت یوسفؑ کی برتری کا اعتراف کیا۔ انھوں نے معاف کر دیا۔ کوئی ملامت نہ کی بلکہ بخشش کے لیے دعا کی۔	12:88تا92
31	آپ کے کہنے پر آپ کی قمیص حضرت یعقوبؑ کی آنکھوں پر ڈالی گئی تو ان کی بینائی لوٹ آئی۔	12:93تا96

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
32	آپ نے تمام خاندان کو اپنے پاس بلایا، والدین کو تخت پر بٹھایا۔ بھائی تعظیماً جھک گئے اور اس طرح آپ کا خواب پورا ہوا۔ خدا کے ان انعامات پر انھوں نے خدا کا شکر ادا کیا۔	12:99تا101
33	اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اگر انھوں نے خدا کی برہان نہ دیکھی ہوتی تو یہ عزیز مصر کی عورت سے خواہش نفس کی تکمیل پر اسی طرح تل جاتے جس طرح وہ تل چکی تھی۔	12:24

دعوت وتبلیغ

34	انھوں نے جیل میں قیدیوں سے کہا کہ متفرق معبود اچھے ہیں یا ایک خدا جو ہر چیز پر غالب ہے۔	12:37تا40
35	انھوں نے اپنی قوم کے سامنے بڑی واضح باتیں پیش کیں مگر انھیں پھر بھی شک رہا۔	12:34،40
36	انھوں نے بتایا کہ تاویل احادیث کا علم مجھے میرے اللہ نے بتایا ہے۔	12:37
37	انھوں نے کہا کہ میں نے کافروں کی راہ چھوڑ کر اپنے آباء کی راہ توحید اختیار کی ہے۔	12:37،38
38	انھوں نے کہا کہ ہمیں خدا کے ساتھ کسی چیز کو شریک ٹھہرانا مناسب نہیں۔	12:37
39	یہ مزعومہ معبود صرف نام ہی نام ہیں جن کی کوئی دلیل نہیں۔	12:40

حضرت ادریس علیہ السلام

مقام ومرتبہ

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
1	وہ صدیق و نبی تھے۔	56:19
2	اللہ تعالیٰ نے انھیں مقام رفیع عطا کیا تھا۔	57:19
3	وہ اللہ تعالیٰ کے منعم علیہ انبیاء میں سے تھے۔	58:19
4	وہ ہدایت یافتہ و برگزیدۂ خدا تھے۔	58:19
5	وہ صابرین میں سے تھے۔	85:21
6	وہ نیکوکار تھے اور خدا کی خاص رحمت ان کے شامل حال تھی۔	86:21

حضرت یَسع علیہ السلام

مقام و مرتبہ

1	وہ ہدایت یافتہ تھے۔	91،87:6
2	وہ اہل عالم پر فضیلت یافتہ انبیاء میں سے تھے۔	87:6
3	وہ برگزیدۂ خدا تھے۔	88:6
4	وہ نیکوکار تھے اور خدا کی خاص رحمت ان کے شامل حال تھی۔	86:21–48:38
5	اللہ تعالیٰ نے انھیں کتاب، نبوت اور شریعت عطا کی تھی۔	90:6

حضرت الیاس علیہ السلام

مقام و مرتبہ

1	صالحین میں سے تھے۔	86:6
2	اہل عالم پر فضیلت یافتہ انبیاء میں سے تھے۔	87:6
3	برگزیدۂ خدا اور ہدایت یافتہ تھے۔	91،88:6
4	رسولوں میں سے تھے۔	123:37

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
5	خدا کے مومن اور محسن بندوں میں سے تھے۔	132،131:37
6	اللہ تعالیٰ نے انھیں کتاب، نبوت اور شریعت کا حامل بنایا تھا۔	90:6
7	ان پر خدا کی سلامتی ہے۔	130:37
8	آنے والی نسلوں میں ان کا ذکر خیر باقی رکھا۔	129:37
	دعوت و تبلیغ	
9	انھوں نے اپنی قوم کو بعل کی پرستش چھوڑ کر اپنے خالق و رب العالمین کی پرستش کرنے کے لیے کہا۔	126،125:37
10	انھوں نے اپنی قوم کو تقویٰ اختیار کرنے کی تاکید کی۔	124:37
11	سوائے چند نیک بندوں کے پوری قوم نے جھٹلایا۔	128،127:37
12	خدا کے نیک و مخلص بندوں کو چھوڑ کر آخر سب ___ خدا کے عذاب میں ___ پکڑے گئے۔	128،127:37

حضرت ذوالکفل علیہ السلام

مقام و مرتبہ

1	نیکوکار تھے۔	48:38–86:21
2	صابرین میں سے تھے۔	85:21
3	خدا کی رحمتِ خاص ان کے شامل حال تھی۔	86:21

حضرت زکریا علیہ السلام

مقام و مرتبہ

1	وہ نیکوکار تھے۔	86:6

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
2	وہ خدا کے رحمت یافتہ بندے تھے۔	2:19
3	وہ اہل عالم پر فضیلت یافتہ انبیاء میں سے تھے۔	87:6
4	وہ ہدایت یافتہ و برگزیدۂ خدا تھے۔	91،88:6
5	اللہ تعالیٰ نے انھیں کتاب، نبوت اور شریعت کا حامل بنایا تھا۔	90:6
6	وہ خدا یار خاشعین اور نیک کاموں میں پہل کرنے والوں میں سے تھے۔	90:21
7	حضرت مریم ان کی کفالت میں دی گئیں تھیں۔	37:3
8	آپ جب کبھی ان کے حجرے میں جاتے تو وہاں طرح طرح کے کھانے پاتے۔ پوچھنے پر وہ بتاتیں کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے، انھوں نے وہیں اپنے لیے بڑھاپے کے باوجود پاکیزہ و پسندیدہ اولاد کی دعا کی جو ان کی وارث بنے۔	38،37:3 – 3:19 تا 6 – 89:21
9	اللہ تعالیٰ نے بحالت نماز حضرت یحییٰ ؑ جیسے غیر معمولی بیٹے کی خوش خبری دی۔	90:21–7:19–39:3
10	جب انھوں نے اپنے بڑھاپے اور بیوی کے بانجھ پن کا ذکر کیا تو اللہ تعالیٰ نے کہا کہ وہ اس کے لیے آسان ہے۔ وہ جو چاہے کر سکتا ہے۔ آخر اس نے تجھے بھی تو اولاً پیدا کیا۔	40:3 – 8:19، 9 – 90:21
11	ان کے طلب کرنے پر یہ نشانی مقرر ہوئی کہ وہ تین دن تک اشاروں کے سوا بات نہیں کر سکیں گے۔	11،10:19–41:3
12	چنانچہ وہ محراب سے نکلے تو انھیں اشارہ کے ساتھ صبح و شام تسبیح کرنے کی تلقین کی۔	11:19
13	ان کی خاطر ان کی عمر رسیدہ بیوی کو صحت مند کر دیا۔	90:21

حضرت یحییٰ علیہ السلام

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	مقام و مرتبہ	
1	آپ حضرت زکریا کی دعا کا نتیجہ تھے۔	38:3 تا 41—3:19 تا 11
2	آپ سردار پاکباز، نبی صالح اور خدا کی باتوں کی تصدیق کرنے والے تھے۔	86:6—39:3
3	آپ اہل عالم پر فضیلت یافتہ انبیاء میں سے تھے۔	87:6
4	آپ ہدایت یافتہ و برگزیدۂ خدا تھے۔	91،88:6
5	اللہ تعالیٰ نے آپ کو کتاب، نبوت اور شریعت عطا کی تھی۔	90:6
6	وہ خدا کے پسندیدہ تھے۔	6:19
7	ان کا پہلے کوئی ہم نام (سمّیاً) نہ تھا۔	7:19
8	اللہ تعالیٰ نے انھیں بچپن ہی سے قوت فیصلہ عطا کی تھی۔	12:19
9	وہ خاشع، نیکیوں میں پہل کرنے والے اور بحالت امید و بیم خدا کو پکارنے والے تھے۔	90:21
10	وہ جبار و نافرمان نہ تھے بلکہ متقی، والدین کے فرماں بردار، پاک اور شفیق تھے۔	12:19 تا 14
11	اللہ تعالیٰ نے انھیں کتاب کو مضبوطی سے تھامنے کا حکم دیا۔	12:19
12	خدا نے انھیں حضرت زکریاؑ کے بڑھاپے اور ان کی بیوی کے بانجھ پن کے باوجود پیدا کیا۔	40:3— 4:19 تا 9— 90:21
13	وہ حضرت زکریاؑ اور آل یعقوب کے وارث تھے۔	89:21،6:19
14	اللہ تعالیٰ نے پیدائش، موت اور حشر کے وقت ان پر سلام بھیجا۔	15:19

حضرت ایوب علیہ السلام

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	مقام و مرتبہ	
1	آپ برگزیدۂ خدا تھے۔	88:6
2	آپ ہدایت یافتہ، محسن اور صالح تھے۔	91،88،86،85:6
3	آپ تمام اہل عالم پر فضیلت یافتہ انبیاء میں سے تھے۔	87:6
4	آپ کی طرف وحی ہوتی تھی۔	163:4
5	اللہ تعالیٰ نے آپ کو کتاب، نبوت اور شریعت عطا کی تھی۔	90:6
6	آپ صابر، اوّاب اور خدا کے بہترین بندے تھے۔	44:38
7	انھیں جسمانی دکھ اور تکلیف ہوئی تو خدا سے رفع مرض کے لیے دعا کی۔	41:38–83:21
8	اللہ تعالیٰ نے ٹھنڈے چشمے پر نہانے اور پانی پینے کا حکم دیا۔ چنانچہ مرض جاتا رہا۔	42:38–84:21
9	ان کے جتنے اہل و عیال کھو چکے تھے، ان سے دگنے ان کو دیئے گئے۔	43:38–84:21
10	اللہ نے انھیں قسم توڑنے سے بچانے کے لیے چھڑیوں کا ایک مٹھا مار دینے کا حکم دیا۔	44:38

حضرت یونس ذوالنون علیہ السلام

مقام و مرتبہ

1	وہ برگزیدہ و ہدایت یافتۂ خدا اور صالح تھے۔	50:68–91،88:6
2	ان کی طرف وحی ہوتی تھی۔	163:4
3	آپ اہل عالم میں فضیلت یافتہ انبیاء میں سے تھے۔	87:6
4	اللہ تعالیٰ نے انھیں کتاب، نبوت اور شریعت سے نوازا تھا۔	90:6

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
5	وہ رسولوں میں سے تھے۔	139:37

دعوت وتبلیغ

6	ان کی قوم کی تعداد ایک لاکھ سے کچھ زائد تھی۔	147:37
7	صرف انھی کی قوم عذاب سے پہلے ایمان لائی اور محفوظ رہی۔	148:37–98:10
8	غصے میں آ کر، بلا حکم خداوندی، بھاگ کر کشتی میں سوار ہوئے، قرعہ کے بعد انھیں سمندر میں ڈال دیا گیا جہاں مچھلی نگل گئی۔	140:37 تا 142 –87:21
9	آخر توبہ کی تاریکیوں میں خدا کو پکارا تو خدا نے صحیح وسالم باہر نکال کر ایک بیل تلے ڈال دیا۔	145:37 ،88– 87:21، 48:68–146
10	اگر وہ تسبیح نہ کہتے تو قیامت تک مچھلی کے پیٹ میں پڑے رہتے۔	144،143:37
11	اگر خدا کا احسان نہ ہوتا تو وہ چٹیل میدان میں ملزم بن کر پڑے رہتے۔	49:68

حضرت عزیر علیہ السلام

مقام ومرتبہ

1	یہود، عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا کہتے تھے۔	30:9
2	حضرت عزیر نے ایک بستی (بیت المقدس) کو ویراں دیکھا تو تعجب سے کہا اسے خدا کیسے دوبارہ زندہ کرے گا۔	259:9
3	اللہ تعالیٰ نے انھیں مار کر پورے سو سال تک اسی حالت میں رکھا اور پھر انھیں زندہ کر دیا۔	259:2
4	ان کے سامنے، ان کے سو سالہ مردہ گدھے کو بتدریج زندہ کیا۔	259:2
5	ان کے کھانے کو باسی نہ ہونے دیا۔	259:2

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
6	عزیر علیہ السلام نے سمجھا کہ میں صرف ایک دن یا دن کا کچھ حصہ مردہ رہا ہوں۔	2:259

حضرت لوط علیہ السلام

مقام و مرتبہ

1	وہ خدا کی طرف سے اصحاب موتفکات کے لیے امین رسول تھے۔	133:37–162:26
2	وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام پر ایمان لائے۔	26:29
3	اللہ تعالیٰ نے انھیں حکم اور علم عطا کیا تھا۔	74:21
4	اُن پر خدا کی خاص رحمت تھی۔	75:21
5	وہ صالحین میں سے تھے۔	75:21

دعوت و تبلیغ

6	تقویٰ اختیار کرو اور میری اطاعت کرو۔ میں تمھاری طرف خدا کا امانتدار رسول ہوں۔	161:26 تا163
7	میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا۔ میرا اجر میرے اللہ کے پاس ہے۔	164:26
8	عورتوں کو چھوڑ کر اغلام کرنے میں دنیا میں تم نے پہل کی۔ تم حد سے بڑھنے والی جاہل قوم ہو۔ میں تمھارے اس عمل سے نفرت کرتا ہوں۔	80:7، 81– 165:26، 166، 168– 54:27، 28:2–55
9	انھوں نے قوم کو خدا کی پکڑ سے ڈرایا۔ مگر وہ بحث کرنے لگے۔	36:54

قوم کا جواب و عمل

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
10	قوم لوط نے اپنے پیغمبر کو جھٹلایا اور اس کی نافرمانی کی۔	7:80–43:22، 13:38–160:26، 14–13:50، 14–33:54–10:69
11	ان نام نہاد پاک بازوں کو اپنی بستی سے نکال دو۔	82:7
12	یہ قوم مجرم وخطا کار تھی۔	9:69–74:21–58:15
13	یہ لوگ دوبارہ اٹھنے پر یقین نہ رکھتے تھے۔	40:25
14	یہ لوگ راہزنی اور اغلام کرتے تھے۔	29:29
15	وہ اپنی مجالس میں کھلے بندوں بے حیائیوں اور برائیوں کا ارتکاب کرتے تھے۔	29:29–74:21
16	اس قوم نے دنیا میں سب سے پہلے ہم جنسیت کا آغاز کیا۔	80:7، 81–165:26، 166–54:27، 55–28:29، 29
17	قوم نے کہا : تم بڑے پاکباز بنتے ہو، اگر باز نہ آئے تو بستی سے باہر نکال دیا جائے گا۔	82:7–167:26، 56:27
18	جب فرشتے انسانی شکل میں ان کے ہاں آئے تو حضرت لوطؑ بڑے متعجب اور پریشان ہوئے اور فرمایا کہ آج کا دن بڑا سخت ہے۔	77:11–62:15، 33:29–37:54
19	قوم شوق سے لپکی تو انھوں نے کہا یہ میرے مہمان ہیں۔ مجھے رسوا نہ کرو اور خدا کا خوف کرو اور اپنی بیٹیوں (بنات امت) سے جنسی خواہشات پوری کر لینے کی التجا کی۔	78:11–71:15، 68، 69

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
20	مگر انھوں نے انکار کیا اور کہا کہ کیا ہم تمھیں دنیا والوں سے روکتے نہیں تھے اور اپنی خواہش پوری کرنے پر اڑ گئے تو آپ نے ایسے وقت میں قوت کے سہارے کی خواہش کی۔	70:15–80،79:41
21	فرشتوں نے انھیں تسلی دی اور کہا کہ ہم عذاب لے کر آئے ہیں اور بیوی کو چھوڑ کر راتوں رات مقررہ مقام کی طرف نکل جانے کو کہا کیونکہ ان پر عذاب آنے والا ہے۔	81:11– 64:15، 65– 34:54–34،33:29
22	ساری بستی میں صرف ایک گھر فرمانبرداروں کا نکلا۔	36:51
23	قوم نے کہا : سچے ہو تو ہم پر اللہ کا عذاب لا دکھاؤ۔	29:29
24	آخر حضرت لوط نے ان سے اظہار بیزاری کرتے ہوئے ہوئے ان سے نجات کی دعا مانگی جو قبول ہوئی۔	168:26 تا 170– 57:27– 30:29– 35:30
	انجام	
25	خدا نے سخت پکڑا اور ان کی آنکھیں اندھی ہوگئیں اور کہا کہ اب خدا کے عذاب کا مزہ چکھو۔	40،37:54
26	چنانچہ وقت موعود پر آندھی چلی بستی الٹ دی گئی اور اوپر سے پتھروں کی بری بارش ہوئی اور دن چڑھے انھیں ایک چیخ نے آلیا اور جڑ کٹ گئی۔	84:7– 70:9– 82:11، 83– 66:15، 73، 74، 75– 44:22، 45– 38:54– 40:25– 173:26– 10:69– 58،57:27
27	حضرت لوطؑ کی بیوی نے خیانت کی اور قوم لوط کے ساتھ ہی تباہ ہوگئی۔ حضرت لوطؑ اس کے کام نہ آسکے۔	81:11– 83:7– 171:26، 60:15– 33:29– 172– 135:37 10:66–
28	صرف حضرت لوطؑ اور ان کے گھر والے اللہ تعالیٰ کے فضل سے بچے۔	74:21– 83:7– 134:37– 170:26– 35:54

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
29	یہ ہلاک شدہ بستی جہاں سے تم صبح وشام گزرتے ہو۔ایک پکے راستے پر واقع اہل ایمان اور متلاشیان حق کو درس عبرت دے رہی ہے۔	37:75، 77، 137–138:37
30	اس واقعہ میں بہت بڑا نشان ہے مگر اکثر لوگ مانتے نہیں۔	35:29–174:26–37:51

حضرت ہارون علیہ السلام

مقام ومرتبہ

1	وہ خدا کے مومن ومحسن بندے تھے۔	122،121:37
2	وہ ہدایت یافتہ وبرگزیدۂ خدا تھے۔	91،88،85:6
3	وہ نیکوکار اور اہل عالم پر فضیلت یافتہ انبیاء میں سے تھے۔	85:6 تا 87–121:37
4	ان کی طرف وحی ہوتی تھی۔	163:4
5	اللہ تعالیٰ نے انھیں کتاب نبوت اور شریعت دی تھی۔	90:6
6	وہ حضرت موسیٰؑ کے بھائی تھے۔	34:28–142:7
7	وہ حضرت موسیٰؑ سے زیادہ فصیح تھے۔	34:28
8	ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے فرماں ضیاء اور ذکر ملا تھا۔	48:21
9	اللہ تعالیٰ نے ان پر احسان کیا، کرب عظیم سے نجات دلائی، مدد کی، واضح کتاب دی، سیدھی راہ دکھائی، ذکر خیر باقی رکھا، سلامتی نازل کی۔	114:37 تا 120
10	خدا نے خصوصی رحمت سے، حضرت موسیٰؑ کی درخواست پر، انھیں نبی بنا کر ان کا وزیر بنایا۔	53:19– 29:20 تا 13:26 –35:25–36 تا 35,34:28–16
11	حضرت ہارون اور حضرت موسیٰ کو خدا نے نشانیاں اور دبدبہ دیا تھا۔	35:28–45:23

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	دعوت و تبلیغ	
12	اللہ تعالیٰ نے انھیں حضرت موسیٰ ؑ کے ساتھ فرعون اور اس کی قوم کی طرف بھیجا۔	75:10، 42:20، 43، 36:25–46:23–44
13	حضرت موسیٰ ؑ کے ساتھ آپ کو بھی خدا کی طرف سے مصر میں قیام، قبلہ رخ مکان بنانے اور اقامت صلوٰۃ کی وحی ہوئی۔	87:10
14	حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کوہ طور سے جاتے وقت انھیں اپنا خلیفۃ بنایا، اصلاح اور مفسدین کے طریقے سے اجتناب کا حکم دیا۔	42:7
15	سامری کے بنائے ہوئے گوسالہ کی پرستش سے روکتے ہوئے انھوں نے بنی اسرائیل سے کہا کہ تمھیں بہکایا گیا ہے، اس فتنہ میں نہ پڑو، میری پیروی کرو اور میرا کہا مانو مگر انھوں نے انکار کر دیا۔	91،90:20
16	کوہ طور سے واپسی پر موسیٰ علیہ السلام نے قوم کو گوسالہ پرستی میں مبتلا پا کر ان کو سر اور ڈاڑھی سے پکڑ کر گھسیٹا کہ تم نے میری خلافت کا حق ادا نہیں کیا۔	93،92:20،150:7
17	انھوں نے عذر کیا کہ قوم نے مجھے کمزور سمجھا، درپئے قتل ہوئے نیز میں نے تفرقہ کے ڈر سے زیادہ سختی سے کام نہیں لیا۔	150:7، 92:20، 93، 94–
18	آپ نے کہا کہ میری بے عزتی کر کے مخالفوں کو تضحیک کا موقع نہ دیں۔	150:7
19	چنانچہ حضرت موسیٰ ؑ نے اپنے اور اپنے بھائی کے لیے خدا سے معافی مانگی۔	151:7

حضرت شعیب علیہ السلام

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	دعوت وتبلیغ	
1	آپ اہل مدین اصحاب ایکہ کی طرف مبعوث ہوئے۔	85:7 – 54:11 – 178:26 – 36:29
2	انھوں نے کہا :(ا)اللہ کی عبادت کرو،اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔	85:7 – 84:11 – 36:29
	2۔پورا تولو، پورا ماپو،لوگوں کو کم نہ دو۔زمین میں فساد نہ پھیلاؤ۔	85:7، 86 – 181:26 تا 183 – 36:29
	3۔راہ نہ مارو۔	86:7 – 84:11 تا 86
	4۔خدا کی راہ پر چلنے سے مت روکو۔	ایضاً
	5۔اس کی نعمت کو یاد کرو کہ پہلے تھوڑے تھے۔اس نے تمھاری تعداد بڑھادی۔	181:26 تا 183 – 36:29
	6۔خدا سے ڈرو۔	177:26 تا 179، 184
	7۔میری اطاعت اختیار کرو۔	ایضاً
	8۔ خدا کے دیئے کو بہتر جانو۔	86:7
	9۔اللہ کو کثر سے یاد کرو۔	ایضاً
	10۔مفسدوں کے انجام کو یاد کرو۔	ایضاً
3	میں تمھاری طرف خدا کا امانت دار رسول ہوں۔	178:26
4	اس خدا سے ڈرو جس نے تمھیں اور تم سے پہلی مخلوق کو پیدا کیا۔	184:26
5	میری ضد میں آ کر پہلی قوموں کے سے عذاب کو دعوت نہ دو بلکہ خدا سے معافی مانگو۔	89:11، 90
6	اللہ تعالیٰ نے مجھے سوجھ دی ہے اچھا رزق دیا ہے۔میرے قول وفعل میں تضاد بھی نہیں اور میرا مقصد توفیق بھر اصلاح ہے اور میرا بھروسہ و رجوع خدا پر ہے۔	88:11

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
7	میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا۔ میرا اجر اللہ کے پاس ہے۔	180:26
8	میں تم پر داروغہ نہیں۔	86:11
	قوم کا جواب	
9	قوم نے کہا : تیری باتیں ہماری سمجھ سے باہر ہیں، کمزور سے ہو۔ اگر تمھاری برادری نہ ہوتی تو تمھیں پتھر مار مار کر ہلاک کر دیتے۔	91:11
10	تیری نماز کا ہمارے معبودوں اور کاروبار سے کیا واسطہ؟ تم تو بڑے عقل منداور نیک لگتے تھے۔	87:11
11	تم پر جادو ہو گیا ہے۔	185:26
12	آخری دن کی امید رکھو۔	36:29
13	تم تو ہماری طرح کے انسان ہو۔	186:26
14	ہم تمھیں جھوٹا خیال کرتے ہیں۔	186:26–42:22
15	اگر تم سچے ہو تو آسمان کا کوئی ٹکڑا ہم پر گرادو۔	187:26
16	وہ بڑے ظالم تھے۔	79:15
17	بڑوں نے عوام سے کہا :اگر تم شعیب کے پیچھے چلے تو گھاٹے میں رہو گے۔	90:7
18	بڑوں نے عوام سے کہا : ہمارے دین کی طرف لوٹ آؤ ورنہ بستی سے نکال دیا جائے گا۔	88:7
19	انھوں نے حضرت شعیب کو جھٹلایا۔	92:7– 176:26 37:29
20	ایکہ والے بڑے ظالم تھے، ان کی بستی ایک کھلے راستے پر واقع ہے جس کے باسی انتقام خداوندی کا نشانہ بنے۔	79،78:15

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	شعیب علیہ السلام کا جواب	
21	میری برادری کی نسبت خدا سے زیادہ ڈرو۔ جسے تم نے پس پشت ڈال رکھا ہے۔ تم اپنا کام کرو، میں اپنا، میں خدا کے فیصلے کا منتظر ہوں۔ جلد معلوم ہو جائے گا کہ کون جھوٹا اور کون سچا ہے اور کس پر رسوا کن عذاب آتا ہے۔	93،92:11
22	تمھارے دین کی طرف لوٹنا کیسے ممکن ہے جب کہ ہم اسے پسند نہیں کرتے اور اللہ نے اس سے بچا بھی لیا ہے۔ انھوں نے خدا سے فیصلے کے لیے دعا کی۔	89،88:7
23	جس قوم نے میرے خیر خواہی کے پیغام کو قبول نہیں کیا، اس پر اظہار غم کیسے کیا جائے۔	93:7
24	جس عذاب کا مطالبہ کر رہے ہو اس کا حال اللہ ہی کو معلوم ہے۔	188:26
25	میرا تو صرف خدا پر بھروسہ ہے۔	89:7
	انجام	
26	آخر چیخ، زلزلے اور آگ نے ان کو اس طرح تباہ کیا گویا آباد ہی نہ تھے۔	91:7، 92– 70:9– 94:11، 95– 79:15– 176:26، 44:22– 189– 37:29، 40– 14:50–14،13:38–
27	اصحاب ایکہ اور آل لوط کے مساکن کھلی راہ پر واقع ہیں اور اہل مکہ سے دور نہیں۔	79:15
28	صرف حضرت شعیبؑ اور ان کے اہل ایمان ساتھی اللہ کی رحمت سے بچ سکے۔	94:11

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
29	اس واقعہ میں بہت بڑا نشان ہے مگر اکثر لوگ نہیں مانتے۔	19:26

حضرت ہود علیہ السلام

مقام و مرتبہ

1	انھیں احقاف میں قوم عاد کی طرف بھیجا گیا اور ان سے پہلے بھی اور بعد میں بھی کئی ڈرانے والے آئے۔	21:46–50:11–65:7
2	انھوں نے کہا : میں تمھارا خیر خواہ اور رسولِ خدا ہوں۔	68،67:7

دعوت و تبلیغ

3	انھوں نے کہا : اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ تم اس پر افترا باندھتے ہو۔	65:7، 71– 50:11– 21:46
4	انھوں نے کہا : تقویٰ اختیار کرو، استغفار کرو۔ میری اطاعت کرو۔ مجرم نہ بنو۔ اللہ تعالیٰ بارشیں برسائے گا اور تمھاری قوت میں اضافہ کرے گا۔	60:7– 52:11– 124:26 تا126، 131 تا 134
5	میں تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتا۔ میرا اجر میرے اللہ کے ذمہ ہے۔	127:26–51:11
6	عذاب کب آئے گا اس کا علم تو صرف اللہ کے پاس ہے۔ میں تو تمھیں اللہ کا پیغام پہنچا رہا ہوں۔ لیکن تم مجھے ایک جاہل قوم نظر آتے ہو۔	23:46
7	جس اللہ نے تمھیں مویشی، اولاد، باغات، چشمے اور مال و دولت دیا ہے۔ اس کے عذاب عظیم سے ڈرو۔	69:7– 131:26 تا 135–21:46–

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
8	میں تمھارے معبودوں سے اظہار بیزاری کرتا ہوں۔تم سب مل کر میرے خلاف تدبیر کر دیکھو۔اور مجھے مہلت بھی نہ دو۔میرا بھروسہ اللہ پر ہے۔جس کے اختیار میں ہر چیز ہے اگر تم نہیں مانتے تو اللہ تمھاری جگہ کوئی اور قوم لے آئے گا۔میرا کام تبلیغ تھا سو میں نے کر دیا۔	54:1 تا 57
9	تمھیں اس پر کیوں تعجب ہے کہ ایک انسان پر وحی نازل ہوئی۔	10:14–69:7
10	میں بے وقوف نہیں ہوں۔	67:7
11	تمھارے یہ معبود تمھارے گھڑے ہوئے محض بے دلیل نام ہیں۔	61:7
12	تم کدا کے عذاب وغضب کے مستحق ہو چکے۔اب میرے ساتھ انتظار کرو۔	71:7
	قوم اور اس کا جواب	
13	تمھارے پاس کوئی سند (دلیل) نہیں، تیرے کہنے پر نہ ہم ایمان لائیں گے نہ ہی اپنے معبودوں کو ترک کریں گے۔	53:11– 70:7 –10:14
14	کیا تم ہمیں ہمارے معبودوں سے ہٹانا چاہتے ہو۔	22:46
15	تمھیں ہمارے معبودوں میں سے کسی کی بددعا لگ گئی ہے۔	54:11
16	ہمارے خیال میں تم احمق اور جھوٹے ہو۔	66:7
17	کوئی عذاب وزاب نہیں، یہ سب پہلے لوگوں کے قصے ہیں، تمھارا وعظ بیکار ہے، اگر کوئی عذاب ہے تو جاؤ لے آؤ!	136:26 تا 70:7– 22:46–138
18	یہ قوم بڑی جابر وسخت گیر تھی۔	130:26
19	یہ قوم عبث یادگاریں اور صنعت گاہیں قائم کرنے میں اس طرح محو تھی گویا اسے مرنا ہی نہیں۔	129:26
20	وہ بڑے دوربین، دور اندیش اور عقل مند تھے اور جو اقتدار انھیں ملا تھا۔کسی کو نہ ملا تھا مگر کسی کام نہ آیا۔	26:46– 38:29 8:89

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
21	انھوں نے کہا! ہم سے طاقت میں کون بڑا ہے، اللہ نے کہا : وہ اللہ جس نے تمھیں پیدا کیا۔	15:41
22	وہ دنیا میں ناحق بڑے بنے۔	15:41
23	انھوں نے حضرت ہودؑ کو جھٹلایا۔	70:9 – 9:14 – 42:22 – 123:26، 139 – 12:38 تا 14 – 14:50 – 18:54
24	انھوں نے قیامت کو جھٹلایا۔	4:69
25	ان اکثریت ایمان نہ لائی سرکشی کی اور فساد پھیلایا۔	139:26 – 11:89، 12
26	اس قوم کو ارم بھی کہا گیا اور ذات العماد بھی کیونکہ یہ ستونوں والی عمارتیں بناتے تھے۔	6:89، 7
27	خدا نے انھیں غیر معمولی طاقت دے رکھی تھی، عقل سمجھ بھی دی تھی مگر آیات کے انکار و استہزا پر عذاب آیا تو نہ طاقت کام آئی نہ عقل سمجھ۔	26:46 – 8:89 –
	انجام	
28	انھوں نے بادل آتا دیکھا تو اسے بارش خیال کیا مگر وہ درحقیقت آندھی کی صورت میں ایک عذاب تھا جس کی انھیں جلدی تھی اور جو مسلسل سات رات اور آٹھ دن چلتی رہی اور اس نے ہر چیز کو پیس کر رکھ دیا اور انھیں کھجور کے کھوکھلے تنوں کی طرح بچھا دیا کوئی نشان باقی نہ رہا۔	16:41 – 24:46 – 41:51، 42 – 19:54، 21،20 – 6:69 تا 9 –

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
29	قوم عاد نے پیغمبر کی بجائے جابروں اور سرکشوں کی پیروی کی اور آخر ملعون ٹھہرے اور اس طرح تباہ کر دیئے گئے گویا کبھی آباد ہی نہ تھے۔ جڑ کٹ گئی۔ ہر چیز تباہ ہو گئی۔ صرف جائے رہائش نظر آتی ہے۔	7:72–9:70، 11:59–25:46، 29:38، 40–31:40، 39–26:139، 140–22:44، 60–25:38، 14:50–20:54، 42:51–53:50، 69:6 تا 8–69:6، 13
30	صرف حضرت ہودؑ اور ایمان لانے والے بچ سکے۔	7:72–11:58
31	دیکھو میرا عذاب اور ڈراوا کیسا ہوتا ہے۔ اس واقعہ میں بہت بڑا نشان ہے مگر اکثر لوگ مانتے نہیں۔	26:139–54:21
32	ان کا حال ان کی بستیوں سے ظاہر ہے۔	29:38
33	شیطان نے ان کے اعمال کو ان کی نظروں میں بڑا اچھا بنا دیا تھا اور اس طرح انھیں سیدھی راہ سے روک رکھا تھا۔	29:38
34	آندھی تو دنیا میں ذلت و رسوائی کا عذاب تھا۔ آخرت کا عذاب اس سے بھی زیادہ رسوا کن ہوگا جس سے کوئی چھڑا نہ سکے گا۔	41:16

حضرت صالح علیہ السلام

مقام و مرتبہ اور دعوت

1	ان کو اللہ تعالیٰ نے نوح کے بعد ملک حجر میں قوم ثمود کی طرف مبعود فرمایا۔	7:73–11:61، 27:45–23:31، 32–26:143

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
2	میں تمھاری طرف خدا کا امانتدار پیغمبر ہوں۔	143:26
3	اللہ جس نے تمھیں زمین سے پیدا کیا اور اس میں آباد کیا۔ اس کی بندگی کرو، اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ کچھ مدت کے لیے فائدہ اٹھا لو۔ فساد نہ کرو۔ توبہ اختیار کرو، استغفار کرو۔ میری اطاعت کرو، اور خدا سے ڈرو۔	73:7، 74– 61:11– 150،142:26 –, 144 43:51–46،45:27
4	ان بے باک لوگوں کا کہا نہ مانو جو اصلاح کی بجائے فساد پھیلاتے ہیں۔	152،151:26
5	تمھیں ان باغات، چشموں، کھیتوں اور نخلستانوں میں عیش مناتے یونہی نہیں چھوڑ دیا جائے گا۔ فساد نہ پھیلاؤ۔	74:7– 146:26 تا149
6	میں تم سے کچھ اجر نہیں مانگتا، میرا اجر میرے اللہ کے ذمہ ہے۔	145:26
	قوم اور اس کا جواب	
7	بڑی دانا قوم تھی۔	38:29
8	دنیاوی زندگی میں اللہ تعالیٰ نے انھیں بڑا آسودہ حال بنایا تھا۔	33:23
9	یہ قوم رہنے کے لیے بڑے بڑے محلات اور پہاڑوں کو تراش کر گھر بناتی تھی۔	82:15 -74:7 - 149:26 9:89
10	قوم نے کہا! صالح تم سے تو بڑی امیدیں وابستہ تھیں۔ تو ہمیں ہمارے معبودوں سے روکتا ہے۔ تم غلط ہو۔	10:1462:11 -
11	تم ہماری طرح کے انسان ہو اور ہماری طرح کھاتے پیتے ہو۔ اگر ہم نے تمھاری پیروی کی تو ہم بڑے ہی غلط کار ہوں گے۔	33:23 10:14 - 154:26 24:54-
12	تم پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔	153:26

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
13	انھوں نے سرکشی کی اور رسولوں کو جھٹلایا اور واضح آیات ونشانات کے باوجود اعراض سے کام لیا۔فساد کیا اور انھیں جھٹلایا۔	59:17 -81 -80،45 -141:26 -33:23 -23:54 -44:51 -12 -11:89، 14،11:91
14	اگر تم نے اپنے جیسے ایک انسان کی اطاعت کی تو نقصان میں رہو گے۔	24:5434:23 -
15	کیا عجیب بات ہے کہ مٹی ہو جانے اور ہڈیاں بن جانے کے بعد یہ دوبارہ اٹھائے جانے کا وعدہ کرتا ہے۔	36،35:23
16	ہم کوئی دوبارہ نہیں اٹھیں گے۔ دنیا میں یہ زندگی وموت کا سلسلہ اسی طرح رواں دواں ہے۔	37:23
17	قوم کے سردار،ضعیف اہل ایمان سے کہنے لگے : تم اسے کیوں مانتے ہو۔ہم تو نہیں مانتے۔	62:11 -76 -75:7، 44:2210 -9:14،
18	کیا ہم میں سے صرف اسی پر وحی نازل ہونا تھی۔نہیں یہ جھوٹا اور مغرور ہے۔	25:54
19	تم اور تمھارے ساتھی منحوس ہو۔	47:27
20	انھوں نے نشانی مانگی۔	154:26
21	قوم دو گروہوں میں بٹ گئی۔	45:27
22	شہر میں نو فسادی قسم کے آدمی تھے جنھوں نے آپ کو خاندان سمیت رات کے وقت قتل کرنے کی سازش کی مگر ناکام رہے۔	48:27تا51
23	ان کے پاس ہدایت آئی مگر انھوں نے ہدایت کے مقابلہ میں اندھے پن (گمراہی) کو ترجیح دی۔	17:41
24	یہ شخص خدا پر جھوٹ باندھتا ہے۔ہم اسے نہیں مانیں گے۔	25:5438:23 -

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	حضرت صالح علیہ السلام کا جواب	
25	اگر خدا نے مجھے اپنی رحمت اور نشانی عطا کی ہو تو میں (انکار کر کے) کیوں اس کی نافرمانی کروں اور خسارے میں رہوں۔ پھر میری کون مدد کرے گا۔	63:11
26	تم نے نہ میرا پیغام سنا اور نہ میری خیر خواہی کو قبول کیا۔	79:7
27	نشانی کے طور پر اونٹنی پیش کر دی گئی، اس کی باری مقرر کر دی گئی اور کہہ دیا گیا کہ یہ اللہ کی نشانی ہے اسے آزاد چھوڑ دینا، اسے دکھ نہ دینا ورنہ عذاب کا خطرہ ہے۔	59:1764:11 -37:7 - 156 -،155:26 - 13:9128 -،27:54
28	تمھاری نحوست تمھارے اپنے ساتھ ہے۔	47:37
29	میرے مولا! انھوں نے مجھے جھٹلایا میری مدد فرما۔	39:23
30	اللہ تعالیٰ نے جواب میں کہا : جلد ہی یہ لوگ اپنے کیے پر پشیمان ہوں گے۔ انھیں جلد ہی پتہ چل جائے گا کہ کذاب و مغرور کون ہے۔	26:5440:23 -
	انجام	
31	انھوں نے اونٹنی کو ایک بدبخت کے ذریعے زخمی کر دیا اور کہا :لاؤ وہ عذاب جس کی تم دھمکی دیتے رہے ہو۔	157:2665:11 -77:7 - 14،12:9129:54 –
32	حضرت صالح نے اونٹنی زخمی کر دینے پر قلیل عرصے ۔ تین دن کی مہلت بتائی۔	65:11
33	چنانچہ ایک سخت کڑک اور زلزلے نے انھیں ان کے آنکھوں دیکھتے اس طرح الٹا کر رکھ دیا گویا کبھی آباد ہی نہ تھے اور ان کی کمائی نے کوئی فائدہ نہ دیا۔ نہ ٹھہر سکے اور نہ ہی کہیں سے مدد ملی۔	70:9 - 78:7 - 84،83:1568 -،67:11 -- 41:23 -44:22

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت)
		6:26، 36- 39- 158:26
		14:38 -40 -،38:29
		17:41 - 31:40 -
		14:50 -17 -،13:49
		51:53 -45 -،44:51
		5:69 -30 -،29:54
		13:89 -20- تا 17:85
		14:91
34	صرف حضرت صالحؑ اور اہلِ ایمان متقی بچ گئے۔	53:27 -66:11 -
		18:41
35	ان کے بعد کئی اور قوموں کو پیدا کیا۔ اور ان میں مسلسل رسول بھیجے، ہر ایک نے انھیں جھٹلایا جس کے نتیجہ میں تباہ ہو کر ان کی داستانیں بن گئیں۔ کوئی قوم اپنے مقررہ وقت سے آگے پیچھے نہیں ہو سکتی۔	44 - 42:23 تا 39،38:25
36	دیکھو ہمارا عذاب اور ڈراوا کیسا ہوتا ہے۔ اس واقعہ میں بہت بڑا نشان ہے مگر اکثر لوگ مانتے نہیں۔	52:27 - 158:26 - 30:54
37	ان کا حال ان کی بستیوں سے ظاہر ہے۔	38:29
38	شیطان نے ان کے اعمال کو ان کی نظروں میں بڑا اچھا بنا دیا تھا اور اس طرح انھیں سیدھی راہ سے روکے رکھا تھا۔	38:29

قصۂ طالوت

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
1	بنی اسرائیل نے اپنے نبی سے اپنے لیے ایک بادشاہ مقرر کرنے کی درخواست کی جس کی ماتحتی میں وہ دشمن سے لڑیں جنھوں نے ان کو ان کے گھر بار سے نکال دیا۔ پیغمبر کے منع کرنے پر بھی انھوں نے لڑنے پر اصرار کیا مگر جب انھوں نے طالوت کو مقرر کیا تو اسے غریب کہہ کر اعتراض کیا مگر انھیں بتایا گیا کہ ان کی نامزدگی جسمانی و علمی صلاحیتوں کی وجہ سے ہوئی ہے۔ تابوت اور سکینہ کو بادشاہ ہونے کی علامت قرار دیا۔ جو فرشتے ان کے پاس اٹھالائیں گے۔ اب کچھ تو جنگ کے نام سے ڈر گئے، کچھ راستے کی نہر سے زیادہ پانی پینے کی پابندی پر رہ گئے تاہم ان کی ڈھارس بندھائی گئی۔ جالوت کے لشکر سے مقابلہ ہوا۔ خدا تعالیٰ سے نصرت کی دعا کی گئی۔ چنانچہ حضرت داؤد کے ہاتھوں جالوت مارا گیا۔ اس کے لشکر کو شکست ہوئی۔ طالوت کے بعد داؤد اس کے جانشیں ہوئے۔	2:246 تا 251

حضرت داؤد علیہ السلام

مقام و مرتبہ

1	وہ خدا کے مقرب اور بہترین انجام والے ہیں۔	25:38
2	وہ ہدایت یافتہ و برگزیدۂ خدا، صالح، نیکوکار اور اہل عالم پر فضیلت یافتہ انبیاء میں سے تھے۔	85:6 تا 91
3	وہ خدا کی طرف رجوع کرنے والے تھے۔	17:38
4	وہ ہاتھوں (طاقت) والے تھے۔	17:38
5	اللہ نے انھیں مضبوط حکومت، حکمت اور فضیلت عطا کی تھی۔	10:34 - 15:27

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
6	اللہ نے انھیں فصل الخطاب کی خوبی عطا کی تھی۔	20:38
7	اللہ نے انھیں ڈھلائی اور زرہ گری کی صنعت عطا کی تھی۔	21:80 - 10،11
8	انھوں نے جالوت کو ایک جنگ میں قتل کیا تھا اور اللہ نے انھیں سلطنت حکومت اور علم عطا کیا تھا۔	2:251 - 2:251 - 27:15 - 38:20
9	اللہ تعالیٰ نے انھیں کتاب، نبوت اور شریعت عطا کی تھی۔	6:90
10	اللہ تعالیٰ نے انھیں زبور عطا کی۔	4:163 - 17:55
11	پہاڑ اور پرندے بھی ان کے ساتھ تسبیح کہا کرتے تھے۔	21:79 - 34:10 - 38:18، 19
12	اللہ تعالیٰ نے انھیں زمین پر خلیفۃ بنایا تھا اور انھیں اتباع ہویٰ کے بغیر عدل کے ساتھ فیصلے کرنے کا حکم دیا تھا۔	38:26
13	ان کے سامنے دو شریک تجارت بھائیوں کا مقدمہ پیش ہوا جس میں کم حصہ والے نے دوسرے کی شکایت کی تھی۔ آپ نے اس کے حق میں فیصلہ دیا۔	38:22 تا 24
14	انھوں نے کہا : مومنین صالحین کو چھوڑ کر جو بہت کم ہیں اکثر شرکا ایک دوسرے سے ناانصافی کرتے ہیں۔	38:24
15	انھوں نے انتہائی عاجزی سے مغفرت مانگی جو عطا ہوئی۔	38:24، 25
16	اللہ تعالیٰ نے انھیں سلیمان علیہ السلام جیسا فرماں بردار، عبادت گزار اور خدا کی طرف رجوع کرنے والا بیٹا عطا کیا۔	38:30
17	ان کی زبان سے بنی اسرائیل پر لعنت بھیجی گئی۔	5:78
18	اللہ تعالیٰ نے انھیں حکومت، حکمت اور علم عطا کیا تھا۔	2:251 - 27:15
19	بکریوں کے کھیت چر جانے پر انھوں نے بھی ایک فیصلہ کیا اور حضرت سلیمان نے بھی۔	21:78

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
20	زبور میں کچھ نصائح کے بعد یہ لکھ دیا گیا کہ زمین کے وارث میرے نیک بندے ہوں گے۔ اور اس میں عبادت گزار قوم کے لیے ایک پیغام ہے۔	6،21:105
21	آل داؤد کو عمل صالح اور شکر گزاری کا حکم ہوا۔	13،11:34

حضرت سلیمان علیہ السلام

مقام و مرتبہ

1	وہ خدا کی طرف رجوع کرنے والے بندے تھے۔	30:38
2	وہ خدا کے مقرب اور احسن انجام والے تھے۔	40:38
3	اللہ تعالیٰ نے انھیں علم و حکمت سے بہرہ ور کیا تھا۔	15:27 - 79:21
4	وہ ہدایت یافتہ و برگزیدۂ خدا، محسن، صالح اور اہل عالم پر فضیلت یافتہ انبیاء میں سے تھے۔	85:6 تا 91
5	ان کی طرف وحی ہوتی تھی۔	163:4
6	اللہ تعالیٰ نے انھیں کتاب، نبوت اور شریعت عطا کی تھی۔	90:6
7	اللہ تعالیٰ نے انھیں بیشتر اہل ایمان پر فضیلت عطا کی تھی۔	16،15:27
8	وہ حضرت داؤد کے وارث تھے۔	16:27
9	انھوں نے اللہ تعالیٰ سے ایسی سلطنت مانگی جو کسی دوسرے کو نہ مل سکے۔	35:38
10	اللہ تعالیٰ نے انھیں ہر چیز عطا کر رکھی تھی۔	16:27
11	اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے تانبے کے چشمے بہا دیئے۔	12:34
12	اللہ تعالیٰ نے اپنے حکم سے انسانوں، جنّوں، پرندوں اور ہوا کو ان کے تابع کر دیا تھا۔ جن غوطہ زنی اور دوسرے کام کرتے تھے۔	81:21، 82 - 17:27 - 36:38 تا 38 - 13:34

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
13	اللہ تعالیٰ نے انھیں پرندوں اور جانوروں کی بولی کا علم دیا تھا۔	16،27
14	جنوں سے وہ بحکم خداوندی غوطہ خوری، قلعوں، مجسموں، تالابوں جیسے بڑے لگنوں کی تعمیر کے اور دوسرے کام لیتے تھے۔	13:3482:21 -
15	ان پر جب اعلیٰ درجے کے گھوڑے غروب آفتاب تک پیش کیے جاتے رہے اور وہ ذکر الٰہی کی غرض سے ان کو دوبارہ منگوا کر پیار کرنے لگے۔	30:38 تا 32
16	وہ صبح و شام، ایک ایک ماہ کی مسافت تک ارض مبارک کی طرف ہوا کے دوش پر پرواز کرتے۔	12:34 -81:21 - 36:38
17	بکریوں کے کھیت اجاڑنے کے تصفیہ کے بارے میں زیادہ صحیح فیصلہ انھی کا تھا۔	79،78:21
18	یہودیوں نے آپ کے زمانہ میں جادو کی پیروی کی۔	102:2
19	یہ کفر (جادو) حضرت سلیمان سے سرزد نہیں ہوا بلکہ شیطانوں کا پھیلایا ہوا تھا۔	102:2
20	اللہ تعالیٰ نے ان کی کرسی پر ایک جسم ڈال دیا تو انھوں نے خدا کی طرف رجوع کیا اور مغفرت کے لیے دعا کی۔	34:38
21	چیونٹیوں کی باہمی گفتگو کہ بلوں میں گھس جاؤ کہیں سلیمان اور اس کا لشکر بے خبری میں تمھیں کچل نہ دے، سن کر مسکرائے اور خدا کے احسانات کا شکریہ ادا کیا۔	19،18:27
22	جب وہ فوت ہوئے تو جنّوں کو اس وقت تک پتہ نہ چلا جب تک ان کے عصا کو گھن نے نہ کھالیا۔	14:34
23	جنوں نے کہا :اگر ہم عالم الغیب ہوتے تو اس ذلت والے عذاب میں نہ پڑے رہتے۔	14:34

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	دعوت و تبلیغ	
24	ہدہد سے بلا اجازت غیر حاضری کی وجہ بتانے کو کہا، ورنہ ذبح یا عذاب شدید کی دھمکی دی۔	21،20:27
25	جلد ہی واپس آ کر اس نے کہا : میں ایسی خبر لایا ہوں کہ تجھے معلوم نہیں۔ چنانچہ اس سبا کا حال بیان کیا کہ وہاں ایک عورت حاکم ہے، اسے ہر چیز ملی ہے، اس کے پاس ایک عظیم تخت ہے۔ وہ اور اس کی قوم اللہ کی بجائے سورج کو سجدہ کرتی ہے۔	26تا22:27
26	حضرت سلیمان نے اس اطلاع کو معلوم کرنے کے لیے ملکۂ سبا کے نام ایک خط اسی ہدہد کے ذریعے بھیجا۔ جس میں اسلام کی دعوت دی گئی تھی اور سرکشی و انکار سے روکا گیا تھا۔	31تا27:27
27	ملکۂ سبا نے اہل دربار سے مشورہ کیا۔ انھوں نے کہا : ہم پورے طاقت ور ہیں تاہم معاملے کا دارومدار آپ ہی پر ہے۔	33،32:27
28	ملکہ نے کہا : بادشاہوں کا دستور ہے کہ وہ بستیوں میں گھس کر انھیں اجاڑتے اور عزت والوں کو ذلیل کرتے ہیں۔	34:27
29	تاہم میں تحفہ بھیج کر اندازہ لگاتی ہوں۔	35:27
30	حضرت سلیمان نے تحفہ لینے سے انکار کر دیا اور اسلام نہ لانے کی صورت میں بھرپور حملے کی دھمکی دی۔	37:27
31	درباریوں سے اس کا تخت اٹھا لانے کو کہا : تو ایک بہت بڑے جن نے دربار برخواست ہونے تک مگر ایک علم الکتاب والے (آصف) نے آنکھ جھپکنے سے پہلے حاضر کر دینے کی پیش کش کی چنانچہ اسے اپنے سامنے پا کر خدا کا شکر بجا لائے۔	40تا38:27

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
32	حضرت سلیمان نے تخت میں کچھ تبدیلیاں کر دینے کے لیے کہا تا کہ ملکۂ سبا کی سمجھ بوجھ کا امتحان ہو سکے۔	27:41
33	غیر اللہ کی پرستش نے اسے راہ حق سے روک رکھا تھا اور وہ کافروں میں شامل تھی۔	27:43
34	جب وہ آئی تو اس نے اپنا تخت پہچان لیا اور قوم سمیت فرماں برداری (اسلام) کا اعلان کر دیا۔	27:42
35	پھر جب وہ سلیمان علیہ السلام کے کہنے پر شیش محل میں داخل ہونے لگی تو پائنچے اوپر اٹھا لیے۔ جب حضرت سلیمان علیہ السلام نے بتایا کہ یہ پانی نہیں، شیشہ ہے تو اپنی گمراہی کا اعتراف کیا اور اسلام لانے کا اعلان کر دیا۔	27:44

حضرت موسیٰ علیہ السلام

مقام و مرتبہ

1	وہ ہدایت یافتہ، برگزیدۂ خدا، مومن، محسن، صالح، اہل عالم پر فضیلت یافتہ اور معزز انبیاء و رسل میں سے تھے۔	6:85 تا 91- 7:144 - 19:51، 20:14- 41 - 37:121، 122 -40:53 44:17-
2	اللہ تعالیٰ نے انھیں بلوغت ہی سے حکم و علم عطا کیا تھا۔	28:14

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
3	وہ خدا کے ہاں بڑی آبرو والے تھے، اللہ تعالیٰ نے انھیں لوگوں کی تہمتوں سے بری کر دیا تھا۔	69:33
4	ان پر اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان تھا۔ انھیں ایک واضح کتاب دی، سیدھی راہ دکھائی، ان کو اور ان کی قوم کو کرب عظیم سے نجات دلائی، مدد فرمائی، پچھلوں میں ذکرِ خیر جاری کیا۔	114:37 تا122
5	وہ اللہ تعالیٰ کے شکر گزار بندے تھے۔	3:17
6	اللہ تعالیٰ نے انھیں اپنی معیت، غلبے اور نصرت کا یقین دلایا۔	35:2815:26 -
7	وہ وادیٔ مقدس میں کوہِ طور پر اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہوئے۔	143:7 - 164:4 - 18:20 تا83،47 تا- 85 19تا15:79
8	اللہ تعالیٰ نے ان کو کتاب، نبوت اور شریعت سے نوازا۔	35:25 -2:17 -90:6 - 33:32
9	اللہ تعالیٰ نے ان کو کتاب دی جو امام، نور، ہدایت، رحمت، بصائر، فرقان، ضیا، ذکر اور ہر چیز کی تفصیل پر مشتمل تھی تا کہ لوگ آخرت کو مانیں اور جس کے مطابق انبیاء وعلماء ربانی جو اس کے محافظ بنائے گئے تھے، فیصلے کرتے رہے۔	4:3 –136،87،53:2، 84-- 44:5 92:16، 54،- 145:7155،154 -110 -17:11، 2:17 48:21،- 49- 49:23 - 25:25 - 43:28 - 23:32 - 54:40 12:4645:41 -
10	وادیٔ مقدس (طویٰ) میں ان کو سلطان مبین اور نو واضح نشانیاں دے کر فرعون، ہامان اور بنی اسرائیل کی طرف بھیجا گیا تا کہ وہ اپنی قوم کو اندھیروں سے نور کی طرف نکالیں اور انھیں اللہ کے دنوں کی یاد لائیں اور پاکیزہ بنائیں۔	5:14 - 96:11 - 42:20 - 101:17 - 23:40 - 45:23 - 38:51 -47 -،46:43 41:54
11	موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے خاص اپنے لیے بنایا تھا۔	41:20

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
12	اللہ تعالیٰ نے انھیں پیدائش کے وقت قتلِ اولاد کے فرعونی عمل سے بچا کر اپنی ہی ماں کے دودھ پر فرعون کے گھر میں پالا۔ اور رسول بنانے کا وعدہ کیا۔	37:20 تا- 7:2840 تا13
13	انھوں نے اپنے ہم قوم کی حمایت کی ایک فرعونی کو قتل کر دیا۔ مگر اللہ تعالیٰ نے ایک خیر خواہ کے ذریعے بروقت خبر دے کر قصاص سے بچا لیا۔	- 15:2840:20 تا21
14	قصاص کے ڈر سے مدین پہنچے تو دو لڑکیوں کو، مویشیوں کے پانی پلانے میں مدد دی۔	23:28 تا25
15	لڑکیوں کے والد نے آٹھ یا دس سال تک خدمت کرنے پر ایک بیٹی سے نکاح کر دینے کا وعدہ کیا۔	25:28
16	وادیٔ ایمن میں انھوں نے خدا سے کلام کیا جہاں وہ آگ لینے گئے تھے مگر اللہ تعالیٰ نے عصا، ید بیضا، نبوت، فصاحت اور حضرت ہارون بطور وزیر عطا کیے۔	- 10:2052:19 تا- 36 7:27 تا- 29:2812 تا32 16،15:79-
17	موسیٰ علیہ السلام نے تکذیب، سرکشی، انتقام اور عدم فصاحت کا عذر پیش کیا۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اپنی معیت کا یقین دلایا۔ پھر انھوں نے زبان کی فصاحت اور بھائی کے لیے وزارت کی دعا کی جو قبول ہوئی۔	-،46،36:20 47 12:26 تا- 33:2816 تا35
18	اللہ تعالیٰ نے، دوسرے پیغمبروں کی طرح ان سے (نصرت کا) پختہ وعدہ کیا۔	7:33

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
19	اللہ تعالیٰ نے انھیں رسول بنا کر فرعون اور اس کی قوم کی طرف آیات کے ساتھ مبعوث فرمایا اور اس سے نرم گوئی کی تاکید کی اور کہا کہ اسے بنی اسرائیل پر ظلم نہ ڈھانے، انھیں آزاد کرنے، جھٹلانے والوں کے لیے عذاب کی دھمکی اور سیدھی راہ پر چلنے والوں کو سلامتی کی خبر دیں۔	7:103، 104- 75:10 - 51:19 - 96:11 - 24:20، 42 تا 48 - 23:45، 46- 25:36 - 26,11 , 10:26 - 32:28 - 46:43 - 38:51 - 17:79
20	خدا کے حکم پر عصا ڈالا تو وہ لہراتا ہوا سانپ نظر آنے لگا، یہ ڈر کر مڑے مگر خدا نے کہا ڈریئے نہیں۔ میرے ہاں پیغمبر نہیں ظالم لوگ ڈرا کرتے ہیں۔	27:10، 11

دعوت وتبلیغ

1	میں رب العالمین کی طرف سے رسول امین ہوں۔	46:43 - 104:7 - 18:44
2	انھوں نے فرعون سے کہا : ہم سب کا رب وہ اللہ رب العالمین ہے جس نے پیدا کیا اور ہدایت دی۔	50:20
3	رب العالمین وہ ہے جو تمھارا، تمھارے آباؤ اجداد اور مشرق ومغرب کا رب ہے۔	26:24 تا 28
4	کیا تیری خواہش ہے کہ تو سنور جائے، ہدایت پائے اور خوفِ خدا ہو۔	79:18، 19
5	بنی اسرائیل کو عذاب دینا بند کر دو اور انھیں میرے ساتھ بھیج دو۔	7:105 - 20:47

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
6	حضرت ابراہیمؑ اوران کے صحیفوں میں یہ تعلیمات تھیں :	53:36-54
	''کوئی کسی کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ انسان کو صرف اس کی اپنی کوشش کا پھل ملتا ہے۔ آخر کو خدا کے ہاں جانا ہے۔ ہنسانے، رلانے، مارنے، جلانے نطفہ سے پیدا کرنے، دوبارہ اٹھانے، دولت عطا کرنے، عاد، ثمود، قوم نوح اور الٹی ہوئی بستیوں کو ہلاک کرنے والا اور شعریٰ ستارے کا رب اللہ ہی ہے''۔	
	خدا کے معاملہ میں زیادتی نہ کی جائے، اس کے سوا کسی کو کارساز نہ بنایا جائے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اس لیے اسی کی عبادت کی جائے اور اس کی یاد کے لیے نماز قائم کی جائے۔	19:44-14:20 -2:17 -
7	انھیں حکم ہوا کہ مصر میں گھروں کو قبلہ رخ بنایا جائے۔ نماز کی پابندی کی جائے اور اہل ایمان کو بشارت دی جائے۔	87:10
8	تمھیں دین کو قائم کرنے اور باقی انبیاء کی طرح تفرقہ سے علیحدہ رہنے کی تاکید کی جاتی ہے۔	13:42
9	لوگوں کے ایمان نہ لانے اور خواہشات کے پیچھے لگنے کی وجہ سے تجھے تبلیغ سے باز نہ آنا چاہیے۔	
	فرعون اور اس کی قوم کا جواب	
10	فرعون نے کہا :	
	1۔تم پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔	101:17
	2۔یہ تمھارا رب العالمین کون اور کیا ہے۔ میرے سوا تمھارا کوئی رب نہیں۔	23:26 - 49:20 - 38:28
	3۔موسیٰ دیوانہ ہے۔	39:51-27:26 -

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	4۔ہم نے تجھے پالا، تو کئی سال تک ہمارے پاس رہا۔ایک جرم بھی کیا تھا اب تم ناشکری کرتے ہو۔	19،18/26
	5۔(لوگو) یہ تمھارے آباء کے دین کو بدلنا یا زمین میں فساد پھیلانا چاہتا ہے۔	26:4078:10 -
	6۔یہ ہماری طرح کا انسان ہے اور اس کی قوم ہماری غلام ہے۔	47:23
	7۔یہ تمھارے بہترین طریقے کو مٹانا چاہتا ہے۔	63:20
	8۔یہ معجزے جادو ہیں اور یہ شخص بڑا جھوٹا جادوگر ہے۔ہم انکار کرتے ہیں۔	109:7، 76:10132 تا 48 -، 36:28 78 - 39:5124:40 -
	9۔(اگر رب وہ ہے جو تم بتاتے ہو) تو پھر پہلوں کا کیا حال ہو گا۔	51:20
	10۔تم دونوں (بھائی) زمین میں بڑا بننا چاہتے ہو۔	78:10
	11۔ایک حقیر سی جماعت ہمیں اشتعال دلا رہی ہے۔ہم ان کے خلاف اپنا بچاؤ کریں گے چنانچہ لوگوں کو جمع کر کے ان کا پیچھا کیا گیا۔	56،53:26
	12۔یہ تمھیں تمھارے ملک سے نکالنا چاہتا ہے۔	110:7 - 63 -،57:20 35:26
	13۔مجھے اجازت دو کہ اسے قتل کر دوں پھر یہ اپنے رب کو بلا لے۔	26:40
	14۔اگر تم نے میرے سوا کسی اور کو رب مانا تو قید کر دیئے جاؤ گے۔	29:26
	15۔اے ہامان! میرے لیے ایک محل بناؤ جس پر چڑھ کر اس جھوٹے موسیٰ کا رب تو دیکھوں۔	377،36:40

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	16۔لوگوں کے سامنے موسیٰ علیہ السلام کی تضحیک کی۔	47:4325 - 26
	17۔اگر سچے ہوتو کوئی دلیل پیش کرو۔	31:26
	18۔یہ فرد مایہ ہے، اچھی طرح بول بھی نہیں سکتا۔ جب کہ میرے پاس مصر کی بادشاہی ہے جہاں نہریں بہ رہی ہیں۔اس پر سونے کے کڑے کیوں نہیں گرائے جاتے یا اس کے ساتھ فرشتے کیوں نہیں آتے۔میں اس سے کہیں بہتر ہوں۔	52:43 تا 54
	19۔میں بھی تمھیں اپنی صوابدید کے مطابق بھلائی کی راہ پر چلانا چاہتا ہوں۔	49:4329:40 -
11	قوم نے فرعون کے حکم کی پیروی کی جو غیر صالح ہے۔	97:11
12	انھوں نے موسیٰ علیہ السلام کو اذیت دینا چاہی مگر اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھا۔	5:6169:33 -
13	انھوں نے کہا : ہم نے ایسا پہلے لوگوں میں نہیں سنا۔	36:28
14	انھوں نے مشورہ دیا کہ موسیٰ اور اس کے ساتھیوں کو زمین میں فساد پھیلانے اور اپنے معبودوں کے مقاطعہ کی مہلت نہ دی جائے۔	127:7
15	آل فرعون میں اپنے ایمان کو چھپانے والے شخص نے کہا کہ کیا تم ایک آدمی محض اس لیے قتل کرتے ہو کہ وہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے اور جو تمھارے سامنے دلائل رکھ چکا ہے۔وہ جھوٹا ہے تو اس کا اس پر وبال ہوگا۔ ورنہ تم پر عذاب۔آج تم غالب ہو کل عذاب سے جس کا مجھے خدشہ ہے تمھیں کون بچائے گا۔	28:40 تا 39
15 (الف)	فرعون نے مردوں کو قتل اور عورتوں کو زندہ رکھنا شروع کر دیا۔	25:40127:7 -

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
16	مگر جب کبھی کوئی عذاب آتا تو موسیٰ علیہ السلام سے دعا کرنے کے لیے کہتے اور ایمان لانے کا وعدہ کرتے مگر پھر انکار کر دیتے۔	7:134، 135 - 43:49، 50
17	فرعون نے موسیٰ علیہ السلام کو ملک سے نکالنا چاہا۔	7:103
18	موسیٰ علیہ السلام نے عصا کو سانپ بنا دینے اور ید بیضا کے معجزے دکھائے تو انھوں نے محض سرکشی کی وجہ سے، دلوں میں یقین آ جانے کے باوجود انھیں جادوگر کہا۔	7:108، 109 - 20:57 تا 20:32 - 34 تا 27:13، 14
19	آخر باہمی خفیہ مشورے سے ملک کے ماہر جادوگروں سے مقابلہ کروانے کے دن اور ان سے انعام وتقرب کا وعدہ ہوا۔	7:12، 111 تا 114 - 20:58 تا 20:79 - 26:35 تا 26:64 - 28:62، 42
20	موسیٰ علیہ السلام اور ان کی آیات کو جھٹلایا گیا اور انکار کیا گیا۔	8:54 - 22:44 - 23:48 - 10:69 --
21	یہ قوم بڑی سرکش تھی اور متکبر۔	23:46 - 27:12
22	کہنے لگے! ہم اپنے جیسے دو انسانوں کو کیسے مان لیں جن کی قوم ہماری غلام ہے۔	23:47
23	فرعون نے اپنی قوم کو سیدھی راہ پر لانے کی بجائے گمراہ کیا۔	20:79 - 40:28
24	فرعون کے اعمال اسے خوب صورت نظر آتے تھے، اس طرح وہ سیدھی راہ سے رک گیا اور اس کی تدبیر ناکام ہونے والی تھی۔	40:37
	موسیٰ علیہ السلام کا جواب	
25	تمھیں خدا کی مار! خدا پر جھوٹ نہ باندھو، اس پر افترا کرنے والے ناکام رہتے ہیں، خدا تمھیں بھی پیس ڈالے گا۔	20:61
26	میرا رب ہدایت یافتہ اور اچھے انجام والے لوگوں سے خوب واقف ہے۔	28:37

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
27	تمھاری سنگساری کی دھمکی کے مقابلہ میں خدا کی پناہ لیتا ہوں۔	20:44
28	اگر تم ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے علیحدہ ہو جاؤ۔	21:44
29	پہلوں کا حال اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے جو نہ بھٹکتا ہے نہ بھولتا ہے۔	52،51:20
30	ہم نے خدا کی طرف سے کھلی دلیل اور نشانی تمھیں پیش کر دی ہے لیکن میں تمھیں (ایمان نہ لانے کی وجہ سے) قریب الہلاک خیال کرتا ہوں۔	108:7-، 102:17 109 -32:26 تا- 13:2734، 19:4414 -
31	حق کو جادو کہتے ہو۔ جادوگر کبھی کامیاب نہیں ہوا کرتے۔	77:10-، 69:2081
32	میری پرورش اور جرمِ قتل پر معافی کا احسان جتا کر بنی اسرائیل کو غلام رکھنا روا نہیں۔	22:26
33	یہ واقعات میری نادانی کے دور کے ہیں۔	21،20:26
34	میں ایک منکرِ قیامت متکبر سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں۔	27:40
35	مقابلہ میں موسیٰ علیہ السلام نے پہل فرعونیوں سے کروائی۔	- 116:7 - 80:10 66 -65:20، 44،43:26
36	موسیٰ علیہ السلام پہلے تو ڈرے مگر اللہ تعالیٰ نے تسلی دی۔ آخر بحکم خدا عصا ڈالنے پر وہ سانپ بن کر سپنولیوں جیسی رسیوں کو نگل گیا۔	69:20117:7 -
37	موسیٰ علیہ السلام غالب رہے، جادوگر سجدہ میں گر گئے اور ایمان لے آئے۔	117:7 تا- 122 80:10-، 81- 70:20 48تا46:26

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
38	فرعون نے جادوگروں پر اہل مصر کو ملک بدر کرنے کی سازش کا الزام لگا کر کہا کہ تم میری اجازت بغیر ایمان کیسے لائے ہو، میں تمھیں پھانسی پر لٹکا دوں گا اور ہاتھ پاؤں کاٹ دوں گا۔ انھوں نے کہا جو چاہے کر گزر ہم حق کے مقابلہ میں تمھیں ترجیح نہیں دیں گے۔ ہم اللہ تعالیٰ پر ایمان لا چکے تا کہ ہماری خطائیں اور اس جرأت مقابلہ کو معاف فرمائے۔	7:123 تا 126:20- 71 تا 51
39	اللہ تعالیٰ ہر بار پہلی سے بڑی نشانی دکھاتا اور عذاب میں مبتلا کرتا تا کہ باز آ جائیں اور ہر بار وہ کہتے کہ اے موسیٰ! اگر تمھاری دعا سے یہ عذاب ٹل گیا تو ہم مان لیں گے۔ مگر جب ٹل جاتا تو پھر اپنا وعدہ توڑ دیتے۔	43:48 تا 50
40	موسیٰ علیہ السلام نے مجرم فرعونیوں کے مال و متاع کی بربادی کی دعا مانگی جو مقبول ہوئی۔	10:88، 4489:22-
41	موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوا کہ میرے بندوں کو راتوں رات لے کر نکل جاؤ، تمھارا پیچھا کیا جائے گا مگر سمندر کو ساکن اور انھیں غرق کر دیا جائے گا۔	44:23، 24
42	موسیٰ علیہ السلام بامر الٰہی بنی اسرائیل کو لے کر رات کو نکل کھڑے ہوئے اور سمندر میں ایک خشک راستہ ضرب عصا سے بنا کر بے خطر داخل ہو گئے اور محفوظ رہے۔	20:77 - 26:52، 64- 65 44:23
43	فرعون کے ڈر کے مارے سوائے چند نوجوانوں کے کوئی ایمان نہ لایا۔	54:42

انجام

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
44	فرعون نے لوگوں کو جمع کر کے پیچھا کیا اور فوج سمیت اپنے آپ کو ملامت کرتا ہوا ہلاک وغرق ہوا۔ سب باغات ومحلات اور عیش وآرام دھرے رہ گئے۔ نہ ان پر زمین وآسمان روئے، نہ انھیں مہلت ملی اور پھر بنی اسرائیل ان کے وارث بنے۔	137:7 -54:8 -1 - 78:20 - 103:17 - 48:23 - 44:22 - 69 -53:2636:25 تا- 29 -25:4440:28 تا- 10:69 - 40:51 - 11:8920 تا- 17:85 تا 13
45	فرعون ڈوبنے لگا تو موسیٰ وہارون علیہما السلام کے رب پر ایمان کا اظہار کیا مگر یہ ایمان قبول نہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے جسم ہمیشہ کے لیے بچا کر بطور عبرت محفوظ کر دیا۔	92تا90:10
46	خدا نے بری طرح پکڑا۔	.....
47	قوم فرعون دنیا وآخرت میں ملعون ومذموم ہوئی۔	98:11،- 99- 42:28 14:38
48	انھوں نے ہمیں غصہ دلایا تو ہم نے انتقام لیا اور سب کو غرق کر کے داستان عبرت بنا دیا۔	56،55:43
49	ہم نے انھیں ایسا پکڑا جیسے کوئی طاقت ور شخصیت پکڑتی ہے۔	42:54
50	فرعون اور اس کے ساتھی صبح وشام آگ پر پیش کیے جاتے ہیں اور قیامت کیدن اس سے بھی سخت عذاب میں ڈالے جائیں گے۔	46،45:40
51	فرعون قیامت کو انھیں اپنی زیر قیادت جہنم میں لے جائے گا۔	98:11
52	فرعون کی بیوی ___ اس سرکش کے گھر میں رہ کر بھی ___ جنت میں گئی کیونکر وہ ہمیشہ اس کے طرزِ عمل سے بیزار اور نجات کی طالب رہی۔	11:66
53	اس واقعہ آخرت سے ڈرنے والے کے لیے بڑی عبرت ہے۔	103:11
54	بنی اسرائیل حضرت نوح کے ساتھ سوار ہونے والوں کی اولاد میں سے تھے۔	3:17

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)

موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل

55	فرعون کے بعد بنی اسرائیل سے کہا گیا کہ اس سرزمین پر رہو۔ جب آخرت کا وعدہ آئے گا تو سب کو اکٹھا کیا جائے گا۔	104:17
56	موسیٰ علیہ السلام نے بحکم الٰہی پانی پر لاٹھی ماری، راستے بن گئے اور اس طرح بنی اسرائیل سمندر سے بچ کر نکل گئے جب کہ ان کے دشمن ان کی آنکھوں کے سامنے اسی پانی میں غرق ہو گئے۔ حالانکہ بنی اسرائیل دشمن کو دیکھ کر پکارنے لگے تھے کہ بس پکڑے گئے مگر موسیٰ علیہ السلام نے خدا کی معیت و نصرت کا یقین دلایا۔	50:2 - 90:10 61:26تا65
57	موسیٰ علیہ السلام نے قوم کو فرعون کے مظالم سے نجات یاد دلا کر شکر کی تلقین کی اور بتایا کہ اگر اس کی ناشکری کرو گے تو اس کا کچھ نہیں بگڑے گا۔	6:14تا8
58	اللہ تعالیٰ نے رہنے کے لیے بہترین جگہ دی اور کھانے کو پاکیزہ چیزیں مگر انھوں نے علم ہوتے ہوئے باہم اختلاف کیا۔	93:10
59	بنی اسرائیل سے کہہ دیا گیا تھا کہ وہ دوبارہ خدا کی سرزمین پر فساد و سرکشی کریں گے اور دونوں بار خدا کے کچھ طاقت ور بندے ان کے گھروں اور معابد میں گھس کر انھیں سزا دیں گے اور ہر چیز تباہ کر دیں گے ہوسکتا ہے کہ خدا تم پر رحم کرے لیکن اگر تم نے پھر وہی حرکت کی تو ایسی ہی سزا ملے گی۔	4:17تا8
60	قوم نے کہا اے موسیٰ! تجھ سے پہلے بھی اور تیرے آنے کے بعد بھی ہم ایذا رسانیوں کا نشانہ بنے رہے۔	129:7
61	بنی اسرائیل حضرت موسیٰ علیہ السلام کو رسول جانتے ہوئے بھی تکلیف دیتے رہے جس سے ان کے دل ٹیڑھے ہو گئے۔	5:61
62	وہ اپنی بدشگونیوں کا باعث بھی صرف موسیٰؑ کو سمجھتے تھے۔	131:7

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
63	حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا : صبر سے کام لو، زمین کا مالک اللہ تعالیٰ ہے۔ وہ جسے چاہے اس کا وارث بنائے۔	7:128-129، 10:84تا86
64	حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا : ہوسکتا ہے، اللہ تعالیٰ تمھارے دشمن کو ہلاک کر کے تمھیں زمین کا وارث بنا دے تا کہ تمھارے عمل دیکھے۔	7:129-5:28
65	سمندر سے پار ہو کر بنی اسرائیل نے مشرکوں کی دیکھا دیکھی خدا کو چھوڑ کر بت بنانے کا مطالبہ کیا تو موسیٰ علیہ السلام نے انھیں جاہل قرار دیا اور کہا کیا تم اس خدا کے سوا کوئی معبود چاہتے ہو جس نے تمھیں اہل عالم پر فضیلت بخشی ہے۔	7:138تا140
66	موسیٰ علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ نے چالیس رات کے لیے کوہ طور پر رہنے کا وعدہ لیا۔ اس عرصہ میں قوم نے گوسالہ پرستی اختیار کر لی اور زیورات سے بنائے ہوئے ایک آواز دیتے ہوئے ڈھانچے کی پوجا کرنے لگے۔	7:142، 148، 149- 20:85تا91، 2:51
67	موسیٰ علیہ السلام خدا کی رضا کی خاطر جلدی کوہ طور پر پہنچ گئے۔	20:84
68	کوہ طور پر جاتے وقت انھوں نے حضرت ہارون کو اپنا جانشین بنایا اور انھیں مفسدوں کی پیروی نہ کرنے کی تاکید کی۔	7:142
69	جب قوم کی گوسالہ پرستی کی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اطلاع ملی تو غصے میں واپس لوٹے اور تختیاں پھینک کر حضرت ہارونؑ کو ڈاڑھی اور سر سے پکڑ کر سرزنش کی۔	7:150- 20:85، 86، 94، 95
70	قوم نے بتایا کہ کس طرح سامری نے زیورات سے بچھڑا بنایا اور اسے موسیٰ کا خدا بتا کر پجوایا۔	20:87، 88

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
71	سامری سے پوچھا تو اس نے غیر معمولی کرشمہ دیکھنے اور مٹھی بھر خاک جمع کرنے کا قصہ سنایا۔	96،95:20
72	موسیٰ علیہ السلام نے بچھڑے کو توڑ پھوڑ کر سمندر میں پھینک دیا اور سامری کو چھوت کی بیماری لگ جانے کی بددعا دی۔	97:20
73	بعد میں بنی اسرائیل اپنی اس گمراہی پر پریشان بھی ہوئے اور کہا کہ اگر اللہ تعالیٰ نے رحمت سے نہ بخشا تو ہم خسارہ اٹھائیں گے۔	148،147:7
74	موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا : تمھارا معبود وہ اللہ ہے جس کا کوئی شریک نہیں اور جس کا علم بہت وسیع ہے۔	98:20
75	موسیٰ علیہ السلام نے گوسالہ پرستی کے کفارہ میں بنی اسرائیل کو اپنے آپ کو قتل کرنے کا حکم دیا۔	54:2
76	بنی اسرائیل نے، خدا کو سر کی آنکھوں سے دیکھنے کا مطالبہ کیا تو زلزلے اور بجلی نے آدبوچا۔	155:7153:4 -55:2 -
77	انھوں نے پانی طلب کیا تو موسیٰ علیہ السلام کے پتھر پر لاٹھی مارنے سے بارہ چشمے ابل پڑے۔	160:760:2 -
78	من وسلویٰ سے اکتا کر، متنوع کھانے طلب کیے تو کسی شہر میں داخل ہونے کا حکم دیا۔	61:2
79	جب ان سے گائے ذبح کرنے کے لیے کہا گیا تو کبھی رنگت، کبھی عمر اور کبھی اس کی حالت کے متعلق سوالات کی بوچھاڑ کر دی اور آخر بڑی پس وپیش کے بعد آمادہ ہوئے۔	71تا67:2
80	یہ اکثر موسیٰ علیہ السلام سے لایعنی سوالات کرتے رہتے تھے۔	108:2

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
81	موسیٰ علیہ السلام نے انھیں نبوت اور حکومت کی خداداد نعمتیں یاد دلائیں اور ارض موعود میں داخلے کا حکم دیا تو اصل باشندوں کے ڈر سے کہنے لگے کہ جب تک وہ وہاں سے نکل نہ جائیں ہم وہاں نہیں جائیں گے۔تم اور تمھارا رب ان سے جا کر لڑو۔ہم تو یہاں بیٹھے ہیں۔	20:5 تا 26
82	زمین میں ان کے کئی گروہ بن گئے۔جن میں سے کچھ نیک تھے اور کچھ بد۔ ہم نے انھیں اچھے اور بُرے دونوں حالات سے آزمایا تا کہ وہ باز آ جائیں۔	168:7
83	ان میں ایک قوم ایسی بھی تھی جو حق پر گامزن تھی اور انصاف سے کام لیتی تھی۔	159:7
84	یہودیوں کی سرکشی کی وجہ سے ہر ناخن والا جانور، بھیڑ، بکریوں اور گایوں کی چربی ان پر حرام کر دی گئی۔	147:6
85	سبت کا وبال ان لوگوں پر پڑا جنھوں نے اس میں اختلاف کیا۔	124:16
86	ان کے بعد ایسے لوگ آئے جو کتاب کے بدلے دنیا کا ساز و سامان لے لیتے ہیں پھر اس پر بھی بخشش کی امید رکھتے ہیں۔	169:7
87	جو لوگ اللہ کی کتاب کو مضبوطی سے پکڑتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ایسے نیکو کاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔	170:7
88	انھیں اس آدمی کا قصہ سنائیے جسے ہم نے نشانیاں دیں مگر وہ ان سے نکل گیا۔شیطان نے اس کا پیچھا کیا اور وہ گمراہ ہو گیا۔	175:7
89	اگر ہم چاہتے تو اسے اونچا کر دیتے مگر وہ خواہشات کی پیروی میں زمین سے لگ گیا۔	177:7
90	اس کی مثال کتے کی سی ہے کہ اس پر بوجھ لاد دیئے تو بھی ہانپے نہ لاد دیے تو بھی ہانپے۔	177:7

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
91	یہی بری مثال ان لوگوں کی ہے جو ہماری آیات کو جھٹلا کر اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں۔	7:177، 10:46

موسیٰ وخضر علیہ السلام

1	موسیٰ علیہ السلام نے اپنے نوجوان (رفیق) سے کہا کہ میں دونوں سمندروں کے مقام اجتماع تک پہنچ کر رہوں گا چاہے مجھے مدتوں چلنا پڑے۔	60:18
2	جب وہاں پہنچے تو اپنی مچھلی بھول گئے۔ جو سمندر میں راہ بناتی گھس گئی۔	61:18
3	آگے بڑھ کر موسیٰ علیہ السلام نے کہا ناشتہ لاؤ ہم اس سفر سے تھک گئے ہیں۔	62:18
4	نوجوان نے کہا : جب ہم چٹان کے پاس ٹھہرے تھے تو میں مچھلی وہاں بھول گیا تھا۔ جو سمندر میں چلی گئی۔	63:18
5	اور یہ بھول شیطان ہی کی کارستانی ہے۔	63:18
6	موسیٰ علیہ السلام نے کہا : وہی ہمارا مطلوبہ مقام تھا چنانچہ پچھلے قدموں لوٹے۔	64:18
7	وہاں انھیں خدا کا ایک بندہ ملا جسے اس نے خاص رحمت وعلم سے نوازا تھا۔	65:18
8	موسیٰ علیہ السلام نے کہا : اگر مجھے آپ اپنے خداداد علم رشد و ہدایت میں سے کچھ سکھائیں تو میں آپ کے ساتھ چلوں۔	66:18

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
9	انھوں نے جواب دیا تم صبر نہیں کرسکو گے کیونکہ ان باتوں کا تمھیں پورا علم نہ ہوگا۔	68،67:18
10	موسیٰ علیہ السلام نے کہا :انشاء اللہ آپ مجھے صابر پائیں گے اور آپ کی حکم عدولی نہیں کروں گا۔	69:18
11	انھوں نے جواب دیا :لہٰذا آپ میرے ذکر کرنے سے پہلے کسی بات کے متعلق مجھ سے کوئی سوال نہ کریں۔	70:18
12	آگے بڑھے اور کشتی میں سوار ہوئے تو انھوں نے اس میں شگاف کر دیا۔	71:18
13	موسیٰ علیہ السلام نے کہا :آپ نے عجیب کام کیا، کیا کشتی والوں کو ڈبونا تھا۔	71:18
14	حضرت خضرؑ نے کہا : کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ تم میرے ساتھ رہ کر صبر نہ کرسکو گے۔	72:18
15	موسیٰ علیہ السلام نے کہا :میں بھول گیا اس لیے آپ مواخذہ نہ فرمائیں اور سختی سے کام نہ لیں۔	73:18
16	آگے چل کر انھوں نے ایک بچے کو قتل کر دیا تو موسیٰ علیہ السلام کہہ اُٹھے کہ آپ نے ایک معصوم کو بلاوجہ قتل کر دیا :بڑا بُرا کام ہے۔	74:18
17	حضرت خضرؑ کہنے لگے :میں نے کہا نہ تھا کہ تم میرے ساتھ صبر سے کام نہ لے سکو گے۔	75:18
18	حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا :اب کے پوچھا تو آپ مجھے ساتھ نہ لے جانے میں معذور ہوں گے۔	76:18

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
19	وہاں سے چلے تو ایسی بستی میں پہنچے جنھوں نے انھیں بطور مہمان کھانا دینے سے انکار کر دیا وہاں انھوں نے ایک گرتی دیوار کو کھڑا کر دیا تو موسیٰ علیہ السلام نے کہا اگر آپ چاہتے تو اس کی اجرت لیتے۔	18:77
20	حضرت خضر نے کہا :بس! اب ہم ایک دوسرے سے جدا ہوتے ہیں لیکن میں تمھیں ان باتوں کی حقیقت سمجھائے دیتا ہوں جن پر تم سے صبر نہ ہوسکا۔	18:78
21	کشتی سمندر میں کام کرنے والے کچھ غریب لوگوں کی تھی، ایک بادشاہ ظلماً ہر کشتی چھین لیتا تھا۔ اس لیے میں نے اسے عیب دار بنا دیا، لڑکے کے والدین مومن تھے ہمیں خدشہ تھا کہ وہ سرکشی و کفر کر کے ان پر زیادتی کرے گا۔ ہمارا خیال تھا کہ اللہ اس سے کہیں نیک و رحم دل بیٹا دے۔ دیوار شہر کے دو یتیم بچوں کی تھی جس کے نیچے ان کا دفینہ تھا، ان کا والد نیکو کار تھا۔ اللہ کی رحمت کا تقاضا ہوا کہ بڑے ہو کر وہ خود یہ خزانہ حاصل کریں۔ میں نے یہ کام اپنی مرضی سے نہیں کیا۔	18:79 تا 82

حضرت مریم علیہا السلام

1	عمران کی عورت نے اپنے ہونے والے بچے کو خدا کی راہ میں وقف کر دینے کی نذر مانی۔	3:35
2	جب بچی پیدا ہوئی تو اس کا نام مریم رکھا اور خدا سے دعا مانگی کہ وہ اسے اور اس کی اولاد کو شیطان سے محفوظ رکھے۔	3:36

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
3	اللہ تعالیٰ نے انھیں قبول فرمایا، اسے عمدہ طریقے سے پروان چڑھایا اور بطریقۂ قرعہ حضرت زکریاؑ کو ان کا کفیل فرمایا۔	37:3
4	حضرت زکریا جب بھی حجرے میں ان کے پاس جاتے تو وہاں کھانے کی چیزیں پاتے۔	37:3
5	ایک دفعہ جب پوچھنے پر بتایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو حضرت زکریاؑ نے وہیں اپنے لیے پاک اولاد کی دعا مانگی۔	38،37:3
6	حضرت مریمؑ کو اللہ تعالیٰ نے پاک کیا، انھیں سارے عالم کی عورتوں میں سے برگزیدہ فرمایا (ایک خاص شخصیت کو جنم دینے کے لیے) چنا۔	42:3
7	اللہ تعالیٰ نے انھیں فرماں برداری اور ادائے نماز کا حکم دیا۔	43:3
8	یہودیوں نے حضرت مریم پر بہتان عظیم باندھا۔	156:4
9	اگر اللہ تعالیٰ مریم، ان کے بیٹے مسیح بلکہ تمام اہل زمین کو ہلاک کرنا چاہے تو کوئی اسے روک نہیں سکتا۔	17:5
10	حضرت مریم صدیقہ تھیں۔	75:5
11	حضرت مریم اور ان کے بیٹے حضرت مسیح کھانے کے محتاج تھے۔	75:5
12	حضرت مریم، خدا کی منعم علیہا تھیں۔	110:5
13	لوگوں نے حضرت مریم اور حضرت عیسیٰ کو معبود بنالیا تھا جس پر قیامت کو حضرت عیسیٰ سے سوال بھی کیا جائے گا۔	116:5
14	حضرت مریم نے کسی غرض سے اپنے رشتہ داروں سے دور مشرقی جانب جا کر پردہ کرلیا۔	17،16:19
15	وہاں اللہ تعالیٰ نے اپنا فرشتہ ایک صحت مند انسان کی شکل میں بھیج دیا۔	17:19
16	حضرت مریم نے اسے خدا کا خوف یاد دلایا اور خدا کی پناہ مانگی۔	18:19

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
17	فرشتہ نے کہا : میں تو خدا کا فرستادہ ہوں اور تمھیں ایک پاک لڑکا دینے آیا ہوں۔	19:19
18	انھوں نے کہا : وہ کیسے جب کہ میں بدکار بھی نہیں اور نہ مجھے کسی انسان نے ہاتھ لگایا ہے۔	20:19
19	فرشتہ نے کہا : اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ یہ کام اس کے لیے آسان ہے۔ اللہ اسے اپنی رحمت اور نشانی بنانا چاہتا ہے اور ایسا ہو کر رہے گا۔	21:19
20	چنانچہ وہ حاملہ ہو گئیں اور دور چلی گئیں۔	22:19
21	دردزہ سے مجبور ہو کر وہ کھجور کے تنے سے لگ گئیں اور کہا کاش! میں مر کر بے نام ونشان ہو چکی ہوتی۔	23:19
22	(فرشتہ نے) آواز دی، غم نہ کر! اللہ تعالیٰ نے تمھارے نیچے ایک چشمہ بنایا ہے کھجور کے تنے کو ہلاؤ، تازہ بتازہ کھجوریں گریں گی، کھاؤ، پیو اور آنکھیں ٹھنڈی کرو اور اگر کوئی مرد ملے تو کہنا کہ میں نے خدا کے لیے نذر مان رکھی ہے، اس لیے میں آج کسی سے بات نہیں کروں گی۔	24:19 تا 26
23	جب بچے کو اٹھائے قوم کے پاس لائیں تو وہ کہنے لگی : مریم! تم نے بہت بُرا کام کیا۔ تیرے ماں باپ تو بدکار نہ تھے۔	27:19، 28
24	حضرت مریم نے لڑکے کی طرف اشارہ کیا تو کہنے لگے : پنگھوڑے میں جھولتے بچے سے ہم کیسے باتیں کریں۔	28:19، 29
25	حضرت عیسیٰؑ بول اٹھے : میں اللہ کا بندہ، صاحب کتاب نبی، بابرکت اور تا زندگی نماز وزکوٰۃ کی ادائیگی کے لیے مامور ہوں، پیدائش، موت اور دوبارہ جی اٹھنے کے دن مجھ پر سلامتی ہی سلامتی نازل ہے۔ میں ظالم وبدبخت نہیں، اپنی ماں کا اطاعت گزار ہوں۔	30:19 تا 33
26	یہ ہے حضرت عیسیٰؑ کی حقیقت جس میں انھیں شک وشبہ ہے۔	34:19

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
27	حضرت مریم اور حضرت عیسیٰ کو اللہ تعالیٰ نے ایک نشانی بنایا اور انھیں ایک چشمہ دار اونچی جگہ پر ٹھہرایا۔	50:23
28	مریم بنت عمران پاک دامن، خدا کی باتوں اور کتابوں کو سچا جاننے والی اور فرماں برداروں میں سے تھی۔	12:66
29	انھوں نے اپنے ناموس کی حفاظت کی، تو اللہ نے ان میں اپنی روح پھونک دی۔	91:21
30	وہ اور ان کا بیٹا اہل عالم کے لیے ایک نشانی ہیں۔	50:2391:21 -
31	حضرت مریم اور ان کے بیٹے کو چشمہ دار قابل رہائش ٹیلے پر جگہ دی گئی۔	50:23

حضرت عیسیٰ علیہ السلام

مقام و مرتبہ

1	وہ ہدایت یافتہ، برگزیدۂ خدا، اہل عالم پر فضیلت یافتہ انبیاء میں سے صالح منعم علیہ اور نیکوکار تھے۔	91تا85:6110:5 -
2	وہ بابرکت، والدہ کے فرماں بردار تھے، جابر اور شقی نہ تھے۔	36،31:19
3	ان کی طرف وحی ہوتی تھی۔	163:4
4	اللہ تعالیٰ نے ان کی پیدائش موت اور دوبارہ زندگی پر سلامتی بھیجی۔	33:19
5	اللہ تعالیٰ نے اپنے اذن سے انھیں مردوں کو زندہ، کوڑھیوں اور اندھوں کو تندرست اور زندہ پرندوں کی تخلیق اور لوگوں کو ان کے خوردہ و پس انداز کی خبر دینے کے معجزات اور روح القدس کی تائید سے نوازا تھا۔	49:3 -253 -،87:2 110:5

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
6	لوگوں کی ہدایت کے لیے ان کی طرف کتاب ___ انجیل ___ اتاری گئی۔	3:4، 136:5- 84 - 5:46- 27:5730:19
7	وہ تورات کی تصدیق کرنے والے تھے۔	3:50- 5:6146:6
8	حضرت مریم کو آپ کی پیدائش کی خوش خبری دے دی گئی تھی۔	3:45
9	آپ کو خدا کا کلمہ اور روح کہا گیا۔	3:4145:17 -
10	آپ دنیا میں آخرت میں با مرتبہ، خدا کے مقرب اور صالحین میں سے تھے۔	3:46
11	آپ کو اللہ تعالیٰ نے آدم کی طرح بغیر باپ کے پیدا کیا۔	3:59
12	وہ بطن مادر سے بغیر کسی مرد کے مس کیے پیدا ہوئے۔	3:1947:16 تا24 -
13	نبی علیہ السلام کو آپ کی اس حیثیت پر مباہلہ کرنے کا حکم دیا گیا۔	3:60، 61
14	وہ قیامت کا نشان ہیں۔	43:61
15	آپ گہوارے اور زمانۂ کہولت میں لوگوں سے باتیں کریں گے۔	3:46- 5:110- 19:29 -
16	اللہ تعالیٰ نے انھیں کتاب، حکمت، توراۃ اور انجیل کا علم دیا تھا۔	3:548:110 -
17	جب ابن مریم کا واقعہ بیان کیا جاتا ہے تو آپ کی قوم شور مچانے لگتی ہے اور کہتی ہے کہ ہمارے معبود اچھے ہیں یا وہ..... یہ بڑی جھگڑالو قوم ہے۔	43:57، 58
18	اللہ تعالیٰ نے ان سے وعدہ کیا کہ وہ ان کو اپنی طرف اٹھائے گا، کافروں کے الزامات سے پاک کرے گا، ان کے متبعین کو کافروں پر قیامت تک غالب رکھے گا پھر اپنے پاس لوٹا کر اختلافی امور کا فیصلہ کرے گا۔	3:55
19	اگر اللہ تعالیٰ حضرت مسیح ابن مریم، ان کی والدہ بلکہ تمام اہل عالم کو ہلاک کرنا چاہے تو کسی کو کیا اختیار ہے۔	5:17

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
20	ان کے انکار کرنے والوں کو دنیا و آخرت میں ایسے سخت عذاب میں مبتلا کرے گا کہ کوئی مدد کرنے ولا بھی نہ ہوگا اور ان کے ماننے والوں کو پورا پورا اجر دے گا۔	57،56:3
21	وہ خدا کے بیٹے نہیں بلکہ خدا کے انعام یافتہ بندے ہیں، خود انھیں خدا کی بندگی سے انکار نہیں۔ وہ بنی اسرائیل کے لیے باعث عبرت ہیں۔	30 -،20:19172:4 - 59:43
22	وہ صرف رسول ہیں، پہلے رسولوں کی طرح، ان کی والدہ صدیقہ تھیں اور دونوں کھانے کے محتاج۔	75:5
23	نصاریٰ نے اپنے علماء وفقرا کی طرح مسیح ابن مریم کو بھی الٰہ ٹھہرالیا ہے۔	31:9
24	آپ کو خدا کا بیٹا کہنے والے نصاریٰ، کافروں کی سی باتیں کرتے ہیں۔	30:9
25	انھیں خدا کہنے والے کافر ہیں۔	72،17،7:5
26	ثلیث کے قائل بھی کافر ہیں۔	73:5171:4 -
27	قیامت کے روز وہ ان لوگوں سے اظہار بیزاری کریں گے جو انھیں اور ان کی والدہ کو الٰہ بنا بیٹھے ہیں۔	118تا116:5
28	آپ نے بنی اسرائیل کی درخواست پر آسمان سے مائدہ نازل کرنے کی دعا مانگی جو قبول ہوئی۔	115تا112:5
29	وہ قیامت کو کہیں گے :اے اللہ! جب تک میں ان میں رہا، نگرانی کرتا رہا۔ میرے بعد تو نگران تھا۔ اس لیے معاملہ تیرے حوالے ہے۔ عذاب دے تو تیرے بندے ہیں، بخشے تو تو غالب حکمت والا ہے۔	118،117:5
30	حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قتل نہیں کیا گیا نہ ہی پھانسی پر لٹکایا گیا یہ سب شک وشبہات ہیں۔ انھیں اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف اٹھالیا۔	158،157:4

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
31	مخالفین نے ان کے خلاف، خفیہ تدبیر کی، اللہ نے بھی کی اور اللہ بہتر تدبیر کرنے والا ہے۔	54:3
32	حقیقت یہ ہے کہ عیسیٰ کی مثال آدمؑ کی سی ہے جنھیں اللہ نے مٹی سے بنایا اور پھر بامر کن وجود میں لے آیا۔	60،59:3
33	نبی علیہ السلام نے اس بات پر نصاریٰ سے مباہلہ کی اجازت دی۔	61:3
	دعوت وتبلیغ	
34	وہ بنی اسرائیل کی طرف رسول تھے۔	- 6:6149:3
35	وہ بنی اسرائیل کی بعض حرام کردہ اشیاء کو حلال کرنے اور اختلافی امور کی وضاحت کے لیے آئے تھے۔	- 63:4350:3
36	انھوں نے کہا :اللہ کی عبادت کرو، جو میرا اور تمھارا رب ہے، اس سے ڈرو اور میری اطاعت اختیار کرو۔ یہی سیدھی راہ ہے۔	50:3-، 51 - 72:5 63:43
37	وہ لوگوں کو کتاب، حکمت، تورات اور انجیل سکھانے کے لیے مبعوث ہوئے۔	- 48:3- 110:5- 90:6 63:43
38	اللہ تعالیٰ نے دوسرے انبیاء کی طرح ان سے بھی پکا عہد لے رکھا تھا۔	7:33
39	دوسرے انبیاء کی طرح انھیں بھی دین کو قائم رکھنے اور پھوٹ میں نہ پڑنے کی تاکید تھی۔	13:42
40	انھوں نے اپنے بعد آنے والے ایک رسول کی خوشخبری دی جن کا نام احمد ہوگا۔	6:61
41	خدا نے انھیں، جب تک زندہ رہیں نماز وزکوٰۃ کی پابندی کا حکم دے رکھا تھا۔	31:19
42	میرا اور تمھارا رب اللہ ہے، اس کی عبادت کرو یہی سیدھی راہ ہے۔	- 64:4336:19

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
43	انھوں نے کہا میں توراہ کی تصدیق کرنے کے لیے آیا ہوں۔	6:61
44	انھوں نے واضح دلائل بھی پیش کیے۔	
	قوم اوراس کا ردعمل	
45	حقیقت واضح ہوجانے کے بعد بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیم توحید کے باوجود انھوں نے باہم اختلاف کیا۔	37:19
46	جب لوگوں کی طرف سے کفر کا احساس کرتے ہوئے انھوں نے خدا کی راہ میں مدد کے لیے پکارا تو حواریوں نے لبیک کہا۔	14:61111:5 -52:3 -
47	ان حواریوں نے اللہ تبارک وتعالیٰ و کتاب پر ایمان لانے اور اتباع رسول کا اعلان کیا۔	53،52:3
48	عیسیٰ علیہ السلام کے پیروؤں کے دل میں نرمی ورحمت بھر دی۔ انھوں نے رہبانیت اختیار کی مگر اسے نبھا نہ سکے۔	27:57
49	حضرت عیسیٰ نے بنی اسرائیل پر لعنت بھیجی۔	78:5
50	وہ قیامت کے دن ان کے خلاف شہادت دیں گے۔	159:4
51	عیسیٰ علیہ السلام کے قتل کی تدبیر کی گئی۔	54:3
52	اللہ تعالیٰ نے کہا : میں تمھیں اپنی طرف اٹھالوں گا، کافروں سے پاک کردوں گا تجھے قیض کرلوں گا اور تیرے مخالفوں پر قیامت تک غالب کروں گا اور انھیں عذاب دوں گا۔	57،56،55:3
53	اللہ تعالیٰ نے آپ کو بنی اسرائیل سے بچالیا۔	110:5
54	ہر اہل کتاب ____ موت سے پہلے _____ ان پر ایمان لائے گا۔	159:4
55	جماعتوں نے باہم اختلاف کیا، ان میں سے ظلم کرنے والوں کے لیے دردناک دن کا عذاب ہوگا۔	65:43

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
56	حضرت عیسیٰ کی امت میں سے جولوگ ایمان لائے انھوں نے اپنا اجر پایا مگر بہت بڑی تعداد نافرمانوں کی ہے۔	27:57
57	قوم نے ان کے معجزات کو کھلا جادو قرار دیا۔	6:61
58	بنی اسرائیل میں دو جماعتیں بن گئیں ___ مومن و کافر ___ تو اللہ نے مومنوں کو کافروں پر مدد دی اور وہ غالب ہو گئے۔	14:61

حضرت محمد علیہ السلام

مقام و مرتبہ

1	حضرت ابراہیم علیہ السلام و حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے دعا کی اے پروردگار! ہماری اولاد میں سے امت مسلمہ بنا اور ان میں ایک ایسا رسول مبعوث فرما جو انھیں تیری آیات پڑھ کر سنائے اور کتاب و حکمت سکھائے اور انھیں پاکیزہ بنائے۔	129:2
2	اللہ تعالیٰ نے تمام انبیاء سے ایک تصدیق کنندہ رسول آنے کی صورت میں اس پر ایمان لانے اور اس کی مدد کرنے کا وعدہ لیا۔	81:3
3	ہدایت واضح ہو جانے کے بعد جو بھی اس رسول کی مخالفت کرے گا جہنمی ہوگا۔	115:4
4	آپ کا ذکر تورات و انجیل میں موجود ہے۔	157:7
5	اللہ تعالیٰ نے امیین میں اور ان کے بعد آنے والوں میں انھی میں سے ایک ایسا ہی رسول مبعوث فرمایا کیونکہ وہ کھلی گمراہی میں مبتلا تھے۔	3،2:62
6	آپ کی بعثت اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔	4:62

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
7	اللہ تعالیٰ کا اہل ایمان پر بڑا احسان ہے کہ اس نے ان کے لیے انھی میں سے ایک صفات بالا کا رسول مبعوث فرمایا۔	164:3151:2 -
8	حضرت عیسیٰ نے اپنے بعد آنے والے ایک ایسے رسول کی بشارت دی جن کا نام نامی احمد ہوگا۔	6:61
9	آپ بلاشبہ اللہ کے رسول ہیں۔	129:10 - 252:2 - 29:484:36 -
10	آپ پر سلسلۂ رسالت ونبوت ختم کر دیا گیا۔	40:33
11	آپ خلق عظیم کے مالک ہیں۔	4:68
12	آپ کو مومنین اور اہل عالم کے لیے رحمت بنا کر بھیجا گیا۔	107:2161:9 -
13	آپ پر اللہ تعالیٰ کا فضل عظیم ہے۔	87:17113:4 -
14	اللہ تعالیٰ نے آپ کو وہ کچھ بتایا جو آپ نہیں جانتے تھے۔	113:4
15	آپ یتیم تھے تو جگہ دی، بے خبر تھے تو راہ بتائی، تنگدست تھے تو غنی کر دیا۔	6:93تا8
16	شرح صدر کیا، کمر شکن بوجھ اتار دیا، نام بلند کیا۔	1:94تا4
17	آپ پر بھاری کلام نازل ہونے والا تھا اس لیے راتوں کو اٹھ کر خدا کو یاد کرنے کا حکم دیا۔	5:72تا8
18	آپ کو شاہد، نذیر، داعی الی اللہ اور سراجاً منیراً کہا گیا۔	45:33،- 15:7346 -
19	آپ اکھڑ یا سخت دل نہ تھے، بلکہ نرم دل اور شفیق تھے۔	10:48
20	آپ کے ہاتھ کو اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ قرار دیا۔	10:48
21	آپ کی رمی (کنکر پھینکنے) کو اپنی رمی قرار دیا۔	17:8
22	آپ کی بیعت کو اپنی بیعت اور بیعت کرنے والوں پر خدا کا ہاتھ بتایا۔	10:48
23	اللہ تعالیٰ نے آپ سے پہلے لوگوں کی خبریں بیان کیں۔	99:20
24	امید ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو مقام محمود عطا کرے گا۔	79:17

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
25	آپ کی اطاعت خدا کی اطاعت ہے۔	80:4
26	محبوب خدا بننے کے لیے آپ کی اطاعت واتباع شرط ہے۔	32،31:3
27	آپ کی زندگی مسلمانوں کے لیے بہترین نمونہ ہے۔	21:33
28	آپ کو جھٹلانا، آیات الٰہی کو جھٹلانا ہے۔	33:6
29	آپ کی دعا، اہل ایمان کے لیے قرب الٰہی اور سکون و اطمینان کا موجب ہے۔	103،99:9
30	آپ جو کہتے ہیں اس میں ہوائے نفس کا دخل نہیں ہوتا بلکہ وہ وحی ہوتی ہے۔	4،3:53
31	آپ جو کچھ دیں، اسے قبول کرو اور جس سے روکیں، اس سے رک جاؤ۔	7:59
32	اللہ تعالیٰ نے آپ کو کوثر عطا کیا اور شکرانے میں نماز اور قربانی کا حکم دیا۔	2،1:108
33	آپ کے دشمن بے نسل رہیں گے۔	3:108
34	اللہ تعالیٰ نے آپ کی عصمت وحفاظت کا ذمہ لیا۔	67 -،42:5 113:4 - 95:15 -62 -،30:8 48:5236:39 -
35	آپ کی مخالفت پر ابولہب اور اس کی بیوی کو برے انجام اور جہنم کی وعید سنائی۔	5تا1:111
36	آپ کو غیر متناہی اجر ملے گا۔	3:68
37	آپ کا اتباع ہی سیدھی راہ ہے۔	61:43
38	آپ نے اپنے رب کی بڑی نشانیاں دیکھیں، نہ نگاہ میں کجی آئی نہ وہ حد سے بڑھی۔	18،17:53

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
39	آپ کو ایک رات مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک سیر کرائی اور بہت سی نشانیاں دکھائی گئیں۔	7:17
40	آپ شاہد، مبشر اور نذیر ہیں۔	19:5 - 119:2 - 184:7، -188 - 2:11 - 89:15 - 105:17 - 56:25 - 94:26 - 92:28 - 28:34 - 24:35 - 8:489:46
41	آپ سیدھی راہ پر اور واضح حق پر ہیں اور سیدھی راہ کی طرف دعوت دیتے ہیں۔	67:22 - 73:23 - 79:27 - 52:424:36 - 43:43
42	اللہ تعالیٰ نے آپ پر کتاب اور حکمت اتاری۔	1:25113:4
43	آپ کے دل نے جو کچھ دیکھا غلط نہیں دیکھا۔	11:53
44	آپ کا اور آپ کے صحابہ کا ذکر پہلی کتابوں میں موجود ہے۔	29:48157:7
45	اللہ تعالیٰ نے جبریل، ملائکہ اور صالح مومن آپ کے رفیق اور پشت پناہ ہیں۔	4:66
46	آپ پاکیزہ اشیاء کو حلال، ناپاک چیزوں کو حرام اور انسانوں کے بوجھ اور طوق دور کرنے والے ہیں۔	157:7
47	جب تک آپ کو حاکم بنا کر آپ کے فیصلوں کو بلا چون و چرا اور برضا ورغبت تسلیم نہ کیا جائے کوئی شخص مومن نہیں ہوسکتا۔	65:4
48	اللہ تعالیٰ نے آپ کے دل پر قرآن نازل کیا۔	94:2697:2
49	آپ کو لوگوں کے ایمان لانے کی بڑی حرص ہے۔	129:10

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
50	آپ اس فکر میں گھلے جاتے کہ لوگ ایمان کیوں نہیں لاتے۔	12:11 -2:7 -33:6 - 127:16 -97:15 - 6:18 8:3570:27 -3:26 -
51	آپ مسلمانوں پر مہربان ہیں اور ان کی تکالیف آپ پر بڑی شاق گذرتی ہیں۔	129:10128:9 -
52	اللہ تعالیٰ نے بتایا کہ آپ کی پچھلی زندگی، پہلی زندگی سے بہتر ہوگی۔	4:93
53	اللہ تعالیٰ نے آپ کی خوشی و پسند کی حد تک آپ پر عطائے عظیم کا وعدہ فرمایا۔	5:93
54	آپ سے گفتگو کرنے سے پہلے صدقہ کرنے کا حکم دیا گیا۔	13،12:58
55	آپ کے سامنے زور سے بولنا، اعمال کے ضائع ہونے کا موجب ہے۔	2:49
56	جب کہ آپ کے سامنے مدھم آواز میں بولنا باعث اجر عظیم، بخشش اور علامت تقویٰ ہے۔	3:49
57	آپ کو دوسرے لوگوں کی طرح پکار کر بلانے سے منع کر دیا گیا۔	2:4963:24 -
58	آپ کو اہل ایمان سے خود ان سے بھی زیادہ لگاؤ ہے۔	6:33
59	اللہ تعالیٰ آپ پر صلوٰۃ و سلام نازل کرتا ہے اور ملائکہ دعائیں کرتے ہیں۔	56:33
60	اہل ایمان کو آپ پر صلوٰۃ وسلام کہنے کا حکم دیا گیا۔	56:33
61	آپ اور آپ کے متبعین ابراہیم کے زیادہ قریب ہیں۔	68:3
62	نہ آپ بہکے نہ بے راہ ہوئے۔	2:53
63	مسلمانوں کو اللہ اور اس کے رسول سے آگے بڑھنے سے منع کر دیا گیا۔	1:49

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
64	آپ کو باہر سے آواز دے کر بلانا حماقت ہے آپ کی آمد کے لیے صبر و انتظار کا حکم دیا گیا۔	5،4:49
65	آپ کے گھر میں بلا ضرورت بیٹھنے سے منع کر دیا گیا اور جلد چلے جانے کا حکم دیا گیا۔	53:33
66	آپ کے لیے آسانیاں کر دینے کا وعدہ کیا گیا۔	8:87
67	آپ کو سبع مثانی اور قرآن مجید عطا کیا گیا۔	87:15
68	آپ کے ہوتے ہوئے اللہ تعالیٰ کفار کو عذاب نہیں دیتا۔	33:8
69	آپ کی خواہش پر قبلہ تبدیل کر دیا گیا۔	144:2
70	آپ کے آگے پیچھے حفاظت کی غرض سے محافظ مقرر کر دیے گئے۔	11:13
71	کافر آپ کی طرف تکتے تو ہیں مگر دیکھتے نہیں۔	43:10198:7 -
72	آپ کی شاہد و مبشر اور نذیر مقرر کیا گیا تا کہ لوگ ایمان لائیں اور آپ کی مدد و توقیر کریں۔	9،8:48
73	اللہ تعالیٰ نے آپ کو مکہ واپس لانے کا وعدہ فرمایا۔	85:28
74	آپ پہلے رسولوں کی تصدیق کرنے والے تھے۔	37:37
75	آپ کو ایذا دینے والے لعنت و عذاب کے مستحق ہیں۔	57:3361:9 -
76	آپ بلا مہر نکاح کر سکتے ہیں دوسرے اہل ایمان نہیں۔	50:33
77	اگر آپ اپنی سابق ازواج کو طلاق دے دیں تو اللہ ان سے بہتر عورتیں آپ کے نکاح میں دے دے گا۔	5:66
78	اللہ تعالیٰ نے آپ کو فتح مبیں عطا کی تا کہ تمھارے اگلے پچھلے گناہ معاف کر دے، آپ پر اپنی نعمت مکمل کرے اور آپ کو زبردست مدد دے۔	3،2،1:48

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
79	آپ کے احکام کی مخالفت کرنے والے، کسی فتنے یا عذاب الیم سے بچیں۔	63:24
80	آپ صرف وحی الٰہی کا اتباع کرتے ہیں۔	15:10203:7 -50:6 - 9:46-
81	آپ کو اس امت پر بطور گواہ لایا جائے گا۔	89:1641:4 -
82	آپ کو اپنی بیویوں کے بارے میں ہر طرح کا اختیار دے دیا گیا۔	51:33
83	آپ کی ازواج اہل ایمان کی مائیں ہیں جن کے ساتھ نکاح حرام اور گناہ عظیم ہے۔	53،6:33
84	اصحاب فیل کا ذکر کر کے بے سروسامانی میں آپ کی مدد اور نصرت کا وعدہ کیا۔	5تا1:105
85	اجتماعی معاملات میں مخلص اہل ایمان کو عدم شرکت کی اجازت دینے کا اختیار دے دیا گیا۔	62:24
86	اللہ تعالیٰ نے آپ کو بیوی کے افشائے راز سے مطلع کر دیا۔	3:66
87	آپ بفضلہ تعالیٰ نہ مجنون ہیں نہ کاہن۔	46:34 -184:7 - 29:52 22:8142:69 -2:68 -
88	آپ شاعر نہیں۔	30:52 37 -،36:27 31، 41:69
89	آپ کو شعر نہیں سکھایا گیا کیونکہ یہ آپ کے شایاں شان نہیں۔	69:36
90	اللہ تعالیٰ نے قسم کھا کر کہا کہ نہ اس نے آپ کو چھوڑا نہ وہ ناراض ہوا۔	3تا1:93
91	جب امور غائبہ کی آپ کو اطلاع دی جاتی ہے آپ ان کے اظہار میں بخل نہیں کرتے۔	24:81

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
92	آپ دوسرے انسانوں کی طرح انسان ہیں۔	110:18
93	مجھے عالم الغیب ہونے کا دعویٰ نہیں۔	188،187:750:6 -
94	اپنی ازواج کی رضا جوئی کے لیے اللہ تعالیٰ کی حلال کردہ اشیاء کو آپ حرام نہیں کر سکتے۔	1:66
95	اگر میں عالم الغیب ہوتا تو ہر طرح کی بھلائیاں جمع کر لیتا اور مجھے کوئی دکھ نہ پہنچتا۔	188:7
96	آپ بعثت سے پہلے نہیں جانتے تھے کہ کتاب کیا ہوتی ہے اور ایمان کیا۔	52:433:12 -
97	آپ خدا کی حلال کردہ اشیاء کو حرام نہیں کر سکتے۔	2،1:66
98	کچھ رسولوں کی خبر آپ کو دی گئی ہے اور کچھ کی نہیں۔	78:40164:4 -
99	آپ کو احسن القصص سے بذریعہ وحی آگاہ کیا گیا اس سے پہلے آپ بے خبر تھے۔	3:12
100	آپ کو اس کتاب کے ملنے کی کوئی توقع نہ تھی اللہ نے محض اپنے حکم اور رحمت سے عطا کی۔	86:28
101	اس سے پہلے آپ نہ کوئی کتاب پڑھتے تھے نہ لکھتے تھے۔	48:29
102	نوح علیہ السلام کے واقعات کو آپ نہ جانتے تھے بذریعہ وحی آپ کو آگاہ کیا گیا۔	49:11
103	جب حضرت مریم کی کفالت کے لیے قلمیں پانی میں ڈالی جا رہی تھیں آپ اس وقت وہاں موجود نہ تھے۔	44:3
104	واقعات یوسف، بعثت موسیٰ، واقعات طور و مدین کے وقت بھی آپ موجود نہ تھے غیب کے واقعات اللہ نے آپ کی طرف وحی کئے۔	46تا44:28102:12 -

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
105	آپ نہ خدائی خزانوں کے مالک ہیں نہ عالم الغیب نہ فرشتہ۔	- 188:79:46 -50:6
106	آپ کسی نفع ونقصان یا ہدایت کے مالک نہیں الا ماشاء اللہ اور بغرض عذاب کوئی اللہ سے بچانے والا ہوگا نہ کوئی ٹھکانہ۔	- 49:10 -188:7 21:72 22
107	آپ نہ مردوں کو سنا سکتے ہیں نہ بہروں کو جب وہ روگردانی اختیار کر لیں۔	- 52:30 -80:27 22:35 40:43
108	آپ اندھوں کو سیدھی راہ نہیں دکھا سکتے۔	- 53:30 -81:27 40:43
109	آپ جسے چاہیں ہدایت نہیں دے سکتے۔	- 56:2837:16
110	کیا آپ اس کو بچائیں گے جو آگ میں پڑنے والا ہے۔	19:39
111	آپ صرف اہل ایمان خداترس، نصیحت پذیر لوگوں کو سنا سکتے ہیں۔	- 53:3081:27 -51:6 - 17:47 -11:36 45:50 45:79
112	آپ کو قرآن بدلنے کا کوئی اختیار نہیں۔	15:10
113	اگر آپ پر اللہ تعالیٰ کا فضل نہ ہوتا تو ایک جماعت آپ کو بہکانے پر تلی بیٹھی تھی۔	113:4
114	اگر اللہ تعالیٰ آپ کو ثابت قدم نہ رکھتا تو آپ کچھ نہ کچھ ضرور جھک جاتے اور دگنا عذاب پاتے۔	75:17
115	آپ بھی اگر خدا کی نافرمانی کریں تو ایک بڑے دن کے عذاب کا ڈر ہے۔	- 13:3915:6

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
116	آپ سے اہل دوزخ کے متعلق باز پرس نہ ہوگی۔	119:2
117	آپ کے ذمہ انھیں ہدایت یافتہ بنانا نہیں۔	272:2
118	آپ منافقین کے لیے ستر بار بھی استغفار کریں تو بھی اللہ انھیں معاف نہیں کرے گا۔	6:6380:9 -
119	آپ نے منافقین کے جھوٹے بہانے سن کر انھیں جنگ (تبوک) یں عدم شرکت کی اجازت دے دی اللہ معاف کرتا ہے مگر کیوں دی؟۔	43:9
120	غیب کی خبریں اس سے پہلے نہ آپ جانتے تھے نہ آپ کی قوم۔	49:11
121	آپ سے پہلے بھی کوئی ہمیشہ رہنے والا نہیں ہوا اگر آپ نے وفات پائی تو کیا آپ کے مخالف ہمیشہ رہنے والے ہیں۔	34:21
122	آپ بھی مرنے والے ہیں اور یہ (آپ کے مخالف) بھی۔	30:39
123	موجودہ ازواج کے بعد آپ کو نہ کسی اور سے نکاح کی اجازت ہے نہ طلاق دے کر متبادل نکاح کی۔	52:33
124	لوگ آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں آپ کو اس کا کیا پتہ۔	63:33187:7 -
125	آپ کو کچھ پتہ نہ تھا کہ آپ کے اور مخالفوں کے ساتھ کیا ہونے والا ہے۔	9:46
126	آپ کو نہیں معلوم تھا کہ جس چیز کا لوگوں سے وعدہ کیا گیا تھا وہ دور ہے یا نزدیک کیونکہ عالم الغیب تو اللہ ہی ہے۔	25:72
127	(اگر اللہ تعالیٰ آپ پر گرفت کرنا چاہے تو) کوئی بچانے والا یا کوئی جائے پناہ نہیں۔	22:72

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
128	اگر آپ ے اختیار میں کچھ ہوتا تو فیصلہ کب کا ہو چکا ہوتا۔	58:6
129	اگر پیغمبر نے کچھ بھی اپنی طرف سے گھڑا ہوتا تو اللہ اس کی شاہ رگ کاٹ ڈالتا۔	44:69تا47
130	آپ نے ایک لاابالی شخص کی خاطر، ایک خداترس اندھے کی آمد پر تیوری کیوں چڑھائی۔	1:80تا10
131	آپ کو اس معاملہ میں کوئی اختیار نہیں اللہ ان ظالموں کو چاہے عذاب دے یا معاف کرے۔	128:3
132	اگر آپ نے ان کی خواہشات کی پیروی کی تو ظالم ٹھہریں گے اور کوئی اللہ سے بچا نہیں سکے گا۔	120:2، 37:13145 - 18:45
133	جسے اللہ تعالیٰ فتنہ میں مبتلا کرنا چاہے آپ کو اس کے بارے میں کچھ اختیار نہیں۔	41:5
134	مجھے ملاء اعلیٰ کے باہمی جھگڑے کا کچھ علم نہیں۔	69:30
135	محمدؐ اللہ کے رسول ہیں ان سے پہلے بہت سے رسول گذر چکے اگر وہ فوت یا قتل ہو جائیں تو کیا تم دین سے پھر جاؤ گے۔	145،144:3
136	اگر آپ پر ان کا اعراض گراں گذرتا ہے تو زمین و آسمان سے ان کے لیے کوئی نشانی لا دکھائیے نادان نہ بنیں۔	35:6
137	صبح و شام خدا کو یاد کرنے والوں کو مت نکالیں ورنہ ظالم ٹھہریں گے ان کا حساب آپ کے ذمے اور آپ کا ان کے ذمے نہیں۔	52:6
	دعوت و تبلیغ	
138	آپ کو ام القریٰ اور اس کے گرد نواح والوں اور جن دوسرے لوگوں تک یہ پیغام پہنچے، کو ڈرانے کے لیے بھیجا گیا ہے۔	19:6، 9:3693 -108، 7:42-
139	آپ کو تمام اہل عالم کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا۔	158:779:4 -

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
140	آپ کو کتاب پڑھ کر سنانے اور وحی کھول کر بیان کرنے کا حکم دیا گیا۔	45:2994:15 -
141	جو کچھ بھی آپ پر اتارا گیا ہے اسے لوگوں تک پہنچائیے ورنہ رسالت کا حق ادا نہ ہوگا۔	67:5
142	آپ کو بعثت تمام انسانوں کے لیے ہے۔	28:3449:22 -79:4 -
143	آپ کوئی نئے رسول نہ تھے بلکہ دوسرے رسولوں کی طرح ہی آپ پر وحی نازل ہوئی۔	9:46163:4 -
144	آپ نیکی کا حکم کرتے برائی سے روکتے، طیبات کو حلال اور خبائث کو حرام ٹھہراتے بوجھوں اور پھانسیوں کو دور کرتے ہیں۔	157:7
145	آپ کا کام آیات الٰہی کا سنانا کتاب وحکمت کی تعلیم اور تزکیہ ہے۔	151:2
146	آپ اہل کتاب کی چھپائی ہوئی بہت سی باتوں کو ظاہر کرتے اور بہت سی باتوں سے درگذر کرتے ہیں۔	15:5
147	آپ کو پہلے انبیاء کی اقتدا کا حکم دیا گیا۔	91:6
148	آپ کو مسلمانوں پر شاہد وشہید بنایا گیا۔	41:4143:2 -
149	آپ ایک عذاب شدید سے ڈرانے والے بن کر آئے۔	46:34
150	میں نہ تو تکلف سے کام لے رہا ہوں، نہ کوئی اجر مانگتا ہوں البتہ ناتے کی دوستی کا لحاظ ضرور چاہیے۔	72:23 - 104:12 - -86:38 47:34 - -23:42

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
151	آپ لوگوں پر داروغہ نہیں ہیں آپ کے ذمہ صرف پہنچانا ہے۔	80:4 - 119:2 -، 92:5 -، 99 -، 105، 66:6 108 - 54:17 - 54:24 43:25 - 92:27 -41:39 6:42 - 48 --45:50 12:64 - 7:80 23:72 214:26
152	اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرائیے۔	
153	خدا کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں لہٰذا اس کی پوجا نہ کی جائے۔	14 -، 2:11 56:6 - 37 -، 30:13 108:12 - 2:39 - 108:21 - 66:40 20:72
154	اللہ کی بڑائی بیان کی جائے۔	111:17
155	مجھے حکم ہے کہ صرف خدائے واحد، کی عبادت کروں، اسی کو پکاروں، اس کا اولیں فرماں بردار بنوں، شکر بجا لاؤں، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کروں اور تمھیں قرآن پڑھ کر سناؤں۔	104:10 14:6 - 106 تا 36:13 - 108:12 -- 91:27 - 110:18 - 88 -، 87:28 66:14 - 12 -، 11:39 20:72 - 66:40
156	اللہ تعالیٰ نے مجھے سیدھی راہ، دین صحیح اور ملت ابراہیم حنیف کی ہدایت دی ہے میری نماز، قربانی، زندگی اور موت سب اللہ رب العالمین کے لیے ہے، میں اس کا پہلا فرماں بردار ہوں، اب سب کے رب کو چھوڑ کر کسی اور کو رب کیسے بناؤں۔	162:6 تا 108:12 165 - 91:28 - 36:13 - 66:40

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
157	میری یہ راہ ہی سیدھی ہے، اس پر چلو، دوسرے راستوں پر نہ چلو ورنہ بھٹک جاؤ گے۔	43:30154,6
158	اہل کتاب کو دعوت دی جائے کہ وہ خدا کی توحید، اس کے ساتھ شرک نہ کرنے اور ایک دوسرے کو رب من دون اللہ نہ بنانے پر متفق ہو جائیں اگر وہ نہ مانیں تو اپنی فرماں برداری پر ان کو گواہ بنالیا جائے۔	64:3
159	اہل کتاب سے کہہ دیجئے کہ میں اور میرے پیرو تو خدا کے فرماں بردار بن چکے، تم بھی اسی طرح بن جاؤ تو ہدایت پاؤ گے ورنہ خدا دیکھ رہا ہے۔	20:3
160	خدا کے اہل ایمان بندوں سے کہہ دیا جائے کہ قیامت سے پہلے نماز کی پابندی اختیار کریں اور کھلے چھپے اس کی راہ میں خرچ کریں۔	31:14
161	اللہ کی طرف بھاگو میں تمھیں ڈرانے آیا ہوں اس کے ساتھ کسی شریک نہ کرو۔	51،50:51
162	ان سے کہنا کہ میں تمہاری ہی طرح کا انسان ہوں البتہ میری طرف وحی ہوتی ہے کہ تمھارا معبود ایک ہے لہٰذا خدا کی رحمت کے امیدوار کو نیک عمل کرنا چاہیے اور اس کی عبادت میں کسی کو شریک نہیں بنانا چاہیے اسی بات پر جمے رہنا چاہیے اور استغفار کرتے رہنا چاہیے۔	6:41110:18 -
163	آپ کچھ عرصہ تک انقطاع رسالت کے بعد بیان حق کے لیے آئے ہیں تا کہ کسی بشیر و نذیر کے نہ آنے کا عذر نہ کیا جا سکے۔	19:5
164	اللہ تعالیٰ نے لوگوں کی یاد دہانی کے لیے ایک رسول بھیجا جو اس کی واضح آیات سناتا ہے تا کہ صالح اہل ایمان کو اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لے جائے۔	11،10:65
165	اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ جب کہ وہ تمھیں اپنے رب پر ایمان لانے کو کہتا ہے جس کا تم سے وعدہ لیا جا چکا ہے۔	7:57

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
166	انشاء اللہ کہے بغیر کسی کام کو مستقبل میں کرنے ارادہ نہ کریں بھول جائیں تو پھر اللہ کو یاد کرلیں۔	18:23
167	(اپنے خدا کے سامنے) سجدے کرو اور اس کے قریب ہونے کی کوشش کرو۔	19:96
168	نصیحت کرتے جائیے آپ صرف نصیحت کرنے والے ہیں۔	21:88
169	ان سے کہو :میں نے تو اللہ کی فرمانبرداری اختیار کر لی ہے تم بھی کرتے ہو یا نہیں، اگر کرلیں تو ہدایت یافتہ ہوں گے ورنہ آپ کا کام صرف تبلیغ کرنا ہے۔	20:3
170	فتح ونصرت حاصل ہونے اور لوگوں کے دھڑا دھڑ اداخل اسلام ہونے پر خدا کی تسبیح وتحمید اور استغفار کریں۔	1:108 تا 3
171	نماز وزکوٰۃ کی پابندی کرو اور اللہ کے رسول کی اطاعت اختیار کروتا کہ تم پر رحم کرے۔	56:24
172	خدا سے استغفار کرو اور اس کی طرف باز آؤ، تمھیں مقررہ مدت تک متاع حسن ملے گا اور فضیلت والے کو اس کی فضیلت کے مطابق دے گا اور روگردانی کی تو مجھے عذاب الیم کا ڈر ہے۔	3:11
173	اپنے گھر والوں کو نماز کی تلقین کریں، اس پر صبر سے کام لیں، ہم تم سے رزق نہیں چاہتے، رازق ہم خود ہیں۔	132:20
174	یہ ظالم صرف ایک دوسرے کے دوست ہیں اللہ کے مقابلہ میں یہ آپ کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتے ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں۔	19:45
175	پہلے پیغمبروں کے حالات آپ کے دل کی مضبوطی اور اہل ایمان کی نصیحت کے لیے سنائے جاتے ہیں۔	120:11

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
176	اگر ہم آپ کو ثابت قدم نہ رکھتے تو آپ کسی قدر ان کی طرف جھک جاتے اس صورت میں ہم دنیا و آخرت میں آپ کو عذاب دیتے اور آپ کو کوئی مددگار نہ ملتا۔	17:74،75
177	اپنے رب کے حکم کی خاطر صبر جمیل سے کام لیں، ان سے شریفانہ طریقہ سے الگ رہیں اور دن رات خدا کی تسبیح و تحمید کرتے رہیں۔	17:38 - 130:20 - 40 -،39:50 5:70 - 49 -،48:52 10:73 - 48:52 - 24:76
178	ان سے کہیں :اللہ و رسول کی اطاعت اختیار کرو یہی سیدھی راہ ہے اور اگر وہ گریز کریں تو (متفکر نہ ہوں) آپ کے ذمہ صرف آپ کا کام ہے ،ان کے ذمہ ان کا۔	54:24
179	اپنی لغزشوں اور مومن مردوں اور عورتوں کے لیے استغفار کیجئے۔	19:47
180	آپ نصیحت کرتے رہیں کیونکہ اس سے اہل ایمان کو فائدہ پہنچتا ہے۔	29:5255:51 -
181	کہو :مجھے اللہ کافی ہے اور ہر بھروسہ کرنے والے کو اسی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔	5:7038:39 -
182	خدا کا وعدۂ نصرت سچا ہے صبر جمیل سے کام لیں اور یقین نہ کرنے والے کی حرکات سے آپ خفیف نہ ہوں صبح و شام تسبیح و تحمید و استغفار کریں۔	17:38 -60:30 - 55:40 56
183	اگر کوئی شخص اخلاص و احسان کے ساتھ اپنے آپ کو خدا کے حوالے کرتا ہے تو وہ ایک مضبوط رسی کو تھامتا ہے اور اگر کفر اختیار کرتا ہے تو آپ کو اس پر رنج نہیں ہونا چاہیے۔	23،22:31

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
184	جس شخص کو خدا کی طرف سے دلیل ملی ہو، اس پر مزید شواہد بھی ہوں اور موسیٰ کی کتاب کی تصدیق بھی کرے وہ تو ضرور قرآن کو مانے گا اور جو انکار کرے گا اس کا ٹھکانہ جہنم ہے لہٰذا تمھیں خدا کی سچائی میں شک نہ لانا چاہیے۔	16:17
185	آپ صبح و شام رضائے الٰہی کی خاطر یاد کرنے والوں کے ساتھ رہیں دنیوی زینت کی خاطر ان سے آنکھیں نہ پھیریں۔	28:18
186	ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں، حکم خداوندی کے مطابق استقامت سے کام لیں اور دین کی دعوت دیتے رہیں اور کہیں کہ میں تو اللہ کی نازل کردہ کتاب پر ایمان رکھتا ہوں۔	15:42
187	ان سے کہیے : کہ میں تو اپنے رب پر ہی بھروسہ کرتا ہوں اور اسی کی طرف جھکتا ہوں وہی مجھے کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔	10:42129:9 -
188	میں تو یہ شہادت نہیں دیتا کہ خدا کے ساتھ کوئی اور بھی معبود ہے۔	19:6
189	اللہ اس کے رسول اور اس نور پر ایمان لاؤ جو ہم نے اتارا ہے۔	8:64
190	اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت اختیار کرو اگر روگردانی کرو گے تو رسول کے ذمہ صرف پیغام پہنچانا ہے۔	12:64
191	خدائے حی ولایموت کی عبادت کیجئے اور اسی پر بھروسہ رکھیے۔	58:25 - 123:11 - 79:27
192	اگر ہم چاہیں تو جو کچھ تم پر نازل کیا اسے اٹھا لیں اور تمھیں ہمارے خلاف کوئی کارساز نہ ملے۔	86:17
193	کافروں کی بات نہ مانیں بلکہ ان کے خلاف قرآن کے ذریعے سخت جدوجہد کریں۔	52:25

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	اعتراضات	
	قوم اور اس کا ردعمل	
194	یہ شاعر ہے اور ہم اس کی گردش حالات کے منتظر ہیں۔	30:525:21 -
195	تم رسول نہیں ہو۔	43:13
196	اس نے افترا باندھا ہے جس میں کچھ لوگ اس کے ساتھ ہو گئے ہیں۔	101:16 -13:11 - 5:21 - 43:34 -3:32 -4:25 - 33:528:46 -24:42 -
197	یہ کھلا جھوٹا جادوگر ہے کیا تم آنکھوں دیکھتے جادوگر کو مانو گے۔	4:383:21 -2:10 -
198	نصیحت پکڑنے کی بجائے وہ مذاق اڑاتے، نشانیوں کو ہنس کر ٹال دیتے اور کہتے ہیں کہ یہ تو صرف جادو ہے۔	43:34 -41:25 - 12:37 تا- 61:5415
199	ہم اپنے معبودوں کو ایک شاعر و مجنون کی وجہ سے کیسے چھوڑ دیں۔	30:5236:37 -
200	اس نے اتنے خداؤں کی جگہ ایک ہی خدا بنا دیا یہ عجیب بات ہے۔	5:38
201	ہم نے پہلے اپنے آباء میں کبھی ایسا نہیں سنا یہ بہتان ہے۔	7:38
202	ہم تو اپنے باپ دادا کے طریقے پر چلیں گے۔	23:43
203	یہ جھوٹے خواب ہیں۔	5:21
204	اگر یہ قرآن کوئی اچھی چیز ہوتا تو یہ مومن ہم پر سبقت نہ لے جاتے یہ ایک پرانا جھوٹ ہے۔	11:46
205	اگر ہم نے اپنے معبودوں کے بارے میں ثابت قدمی نہ دکھائی ہوتی تو یہ شخص ہمیں بدراہ کر دیتا۔	42:25
206	انھیں یہ بات عجیب لگتی ہے کہ انہی میں سے ایک آدمی انھیں ڈرانے آئے۔	3:21 -94:17 -2:10 - 4:382:50 -

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
207	آپ کو دیوانہ اور کاہن کہا گیا۔	26:3770:23 -6:91 -- 29:52 -14:44 51:68
208	اسے ایک شخص صبح وشام سکھاتا اور لکھواتا ہے۔	5:25 -103:16 - 14:44
209	یہ انسانی کلام ہے۔	25:74
210	اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو (انسان کی بجائے) فرشتے اتارتا۔ اس لیے ہم انکار کرتے ہیں۔	14:41
211	یہ کتاب ان دو بستیوں میں سے کسی بڑے آدمی پر کیوں نازل نہیں ہوئی۔	31:438:38 -
212	اس کے پاس باغات کیوں نہیں۔	28:25
213	یہ پیغمبر کھانا کھاتا اور بازاروں میں گھومتا پھرتا ہے۔	9،7:25
214	اہل ایمان سے کہتے ہیں تم محض ایک سحر زدہ انسان کی پیروی کر رہے ہو۔	8:2548 -،47:17
215	یہ شخص تمھیں اپنے باپ دادا کے معبودوں سے ہٹانا چاہتا ہے ان پر جمے رہو۔	6:3843:34 -
216	اس کا رب خود کیوں نہیں آتا۔	159:6
217	اس پر فرشتہ کیوں نازل نہیں ہوتا یا اس کے پاس باغات اور خزانے کیوں نہیں۔	7:1412:11 -159:6 - 21:87:25 -7:15 -
218	اس پر پہلے پیغمبروں کی طرح کوئی نشانی کیوں نہیں اترتی۔	159 -،110،37:6 27 -،7:1320:10 - 5:21 - 133:20 - 48:28 50:29

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
219	ہمارے کان بہرے ہیں، تیری دعوت ہماری سمجھ میں نہیں آتی، تم اپنا کام کرو ہم اپنا۔	41:5
220	اگر ہم نے ہدایت اختیار کرلی تو ہمیں ملک سے اچک لیا جائے گا۔	57:28
221	اس پر قرآن ایک ہی دفعہ نازل کیوں نہیں ہوا۔	32:25
222	کوئی اور قرآن لے آؤ یا اسے تبدیل کردو۔	15:10
223	اس قرآن کو مت سنو، شور مچاؤ تا کہ تم غالب آسکو۔	26:41
224	آپ کو دیکھ کر کہتے ہیں وہ شخص جو تمھارے معبودوں کا ذکر کرتا ہے اور خود رحمن کے ذکر کے منکر ہیں۔	36:21
225	جب خدا کی وحدانیت کا ذکر ہو تو ان کے دل سکڑنے لگتے ہیں لیکن غیر اللہ کا ذکر ہو تو خوش ہوتے ہیں۔	45:39
226	پہلے کہتے تھے کہ اگر کوئی ڈرانے والا آیا تو ہم سب سے پہلے ہدایت یافتہ ہوں گے لیکن اس کے آنے پر ان کی نفرت اور استکبار میں اضافہ ہو گیا۔	43:35
227	پہلے انبیاء کی طرح آپ کا بھی استہزا کرتے ہیں۔	41،36:21
228	نصیحت سے اس طرح بھاگتے ہیں جس طرح شیر سے گدھے۔	49:74تا51
229	قسم کھا کر کہتے ہیں کہ اگر ان کے پاس کوئی نشانی آجائے تو وہ ضرور ایمان لے آئیں گے مگر یہ پھر بھی ایمان نہیں لائیں گے اور بدستور سرکش رہیں گے۔	110،109:6
230	کفار خود بھی اس قرآن سے دور رہتے ہیں اور دوسروں کو بھی روکتے ہیں۔	26:6
231	قرآن مجید کو پہلوں کی کہانیاں اور کلام مہجور (جھک جھک) بتایا اور کہا کہ اگر ہم چاہیں تو ہم بھی ایسا پیش کردیں۔	24:16 -31:8 -25:6 - 30،5:25

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
232	آیات الٰہی کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ کھلا ہوا جادو ہے۔	3:21 -7:11 -2: - 15:37 - 43:34 - 30:43 - 24:747:46 -
233	اگر اللہ کو منظور ہوتا تو ہمارے آباء یا ہم شرک نہ کرتے۔	149:6
234	قوم نے آپ کو اور حق کو جھٹلایا۔	66:6
235	جب خدا کی توحید بیان کی جاتی ہے تو تکبر سے انکار کر دیتے ہیں۔	35:37
236	اگر یہ دین حق ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسیں کوئی اور دردناک عذاب لے آؤ۔	32:8
237	اہل کتاب کا مطالبہ ہے کہ ہمارے سامنے آسمان سے کوئی کتاب اتارو۔	153:4
238	اہل کتاب اپنے ساتھیوں کو صبح کو ایمان لانے اور شام کو انکار کر دینے کی تلقین کرتے ہیں تا کہ اہل ایمان سے ان کا دین چھڑایا جائے۔	72:3
239	اکثر اہل کتاب حسد کی وجہ سے تمھیں بھی اپنی طرح کافر بنا دینا چاہتے ہیں۔	- 76:3109:2
240	اس کتاب کے لانے والے جبریل کی دشمنی میں اہل کتاب نے اس کتاب ہی کا انکار کر دیا۔	97:2
241	اہل کتاب اور مشرک نہیں چاہتے کہ تم پر عقل کی بات نازل ہو۔	105:2
242	احمق لوگ قبلہ کی تبدیلی پر اعتراض کرتے ہیں۔	42:2
243	اہل کتاب اسے بیٹوں کی طرح پہچانتے ہوئے ایمان نہیں لاتے۔	- 20:6146:2
244	منافق کہتے ہیں کہ یہ نبی تو صرف کان ہے (سنی سنائی باتوں پر یقین کرنیوالا)	61:9
245	کچھ لوگ آپ کو زبان کے ہیر پھیر سے راعنا (تحقیراً) کہتے ہیں۔	46:4

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
246	آپ سے روح کے بارے میں پوچھتے ہیں روح امر الٰہی ہے اور انسان کو بہت کم علم ملا ہے۔	17:85
247	کافر کہتے ہیں ایسی حقیر مثالوں سے اللہ کا کیا مقصود ہے۔	26:2
248	جب آیات پڑھی جاتی ہیں تو کفار کے چہرے برے ہوجاتے ہیں اور مارنے کو دوڑتے ہیں۔	72:22
249	یہ لوگ آپ کو وحی سے پھیرنا چاہتے ہیں۔	49:5
250	بعض خواہشات کے پیرو لوگ آپ کی باتوں پر کان تو دھرتے ہیں مگر بہرے اور لایعقل ہیں، ان کی سمجھ میں کچھ نہیں آتا۔	16:47 - 42:10
251	جب ایک آیت کی جگہ دوسری آیت لائی جاتی ہے تو نادانی سے اسے افترا بتاتے ہیں۔	101:16
252	وہی شیطان آج ان کا دوست ہے جس نے پہلی امتوں کے برے اعمال کو ان کی نگاہ میں اچھا بنا دیا تھا۔	63:16
253	قریب تھا کہ یہ لوگ آپ کو خدا پر افترا کے فتنہ میں ڈال دیتے اور پھر آپ کو اپنا دوست بنا لیتے۔	73:17
254	کفار کہتے ہیں کہ اگر پہلے لوگوں کی طرح ہمارے پاس کوئی نصیحت آتی تو ہم اللہ کے مخلص بندے ہوتے مگر اب جب آچکی ہے تو انکار کر دیا ہے۔	167:37 تا 170
255	جب آپ قرآن مجید پڑھتے ہیں تو آپ کے اور ان کے درمیان ایک پردہ حائل ہوجاتا ہے، دلوں پر پردے پڑ جاتے ہیں اور کانوں میں بہرہ پن آجاتا ہے اس لیے سمجھ نہیں پاتے۔	46،45:17
256	کفار (حق کو دبانے کے لیے) تدبیریں کرتے ہیں۔	15:86
257	آپ کو قید، قتل یا جلاوطن کرنے کے درپے ہیں۔	76:17 - 30:8

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
258	آخر آپ کو اپنی بستی سے نکال دیا۔	1:6013
259	یہ لوگ جلدی عذاب یا قیامت کا مطالبہ کرتے ہیں مگر انھوں نے ابھی خدا کا عذاب چکھا نہیں۔	–6:13 –27:21 –47:22–204:26 –72,71:27 –54,53:29–176:37 –16,15,8:38 3:50–15:42
260	آپ کی زندگی کی قسم! یہ اپنی بدمستی میں اندھے ہو رہے ہیں–	72:15
261	یہ لوگ ایک شک واضطراب میں مبتلا کھیل میں محو ہیں۔	9:44–110:11
262	آپ ان کے معبودوں کے بارے میں شک میں نہ پڑیں۔ یہ انھیں اپنے باپ دادا کی طرح پوجے جا رہے ہیں۔	110:11
263	ہدایت آ چکنے کے بعد بھی ایمان نہ لانے والے شاید پہلوں کی سنت یا اپنے سامنے عذاب آتا دیکھنا چاہتے ہیں۔	55:18
264	کفار لوگوں کو مسجد حرام سے روکتے ہیں اور ان کی نماز مسجد حرام کے قریب تالیاں اور سیٹیاں بجانا ہے۔	35,34:8
265	مسلمانوں کو ان کافروں سے مایوس ہو جانا چاہیے۔ خدا کا وعدہ آنے تک ان کے بڑوں پر عذاب آتا رہے گا۔	3:13
266	عذاب آنے پر یہ آپ کی دعوت کو قبول اور پیغمبروں کی اتباع اختیار کرنے کی مہلت مانگیں گے حالانکہ آج وہ اپنے آپ کو لازوال سمجھ رہے ہیں۔	44:14
267	ان کافروں کو کھانے پینے فائدے اٹھانے اور لمبی آرزوؤں میں پڑا رہنے دے۔ جلدی انھیں حقیقت حال معلوم ہو جائے گی۔	88:38–3:15
268	اگر ان پر آسمان کا کوئی دروازہ کھول دیا جاتا اور یہ اس میں چڑھنے لگتے تو بھی یہ کہتے کہ ہم پر جادو کر دیا گیا ہے اور ہماری نظروں پر مدہوشی طاری کر دی گئی ہے۔	15,14:15

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
269	یہ لوگ خطا کار جھوٹے، یاد خدا سے غافل، خواہشات کے پیرو اور حدیں توڑنے والے ہیں۔	19:96–28,78
270	قریب تھا کہ کافر تجھے نظروں ہی سے پھسلا دیتے۔	51:68
271	ہر شخص چاہتا ہے کہ اس کے ہاتھ میں کھلے صحیفے دیئے جائیں۔ دراصل انھیں آخرت کا خوف نہیں۔	53,52:74
272	تکبر میں آ کر خدا کے پیغمبر کو جھٹلانے والوں کی موت کے وقت کی بے بسی دیدنی ہوتی ہے۔	35تا31:75
273	پہلے لوگوں نے جب بھی ایک دفعہ انکار کیا تو پھر ضد میں اپنے پیغمبروں کی پیش کردہ آیات پر ایمان نہ لائے کیونکہ اللہ تعالیٰ حد سے بڑھنے والوں کے دلوں پر مہر کر دیتا ہے۔	74:10
274	ان کو اگر کوئی نشانی دکھائی جائے تو کہہ دیتے ہیں کہ یہ تو پرانا جادو ہے۔	2:54
275	بعض کفار آپ کی باتیں تو سنتے ہیں مگر ان کی سمجھنے سوچنے کی صلاحیت ماؤف ہو چکی ہے۔	25:6
276	ان کے اکثر مشوروں میں کوئی بھلائی نہیں ہوتی۔	114:4
277	خدا کا بندہ جب دعوت حق کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو لوگ اس پر جھپٹ پڑتے ہیں۔	19:72
278	کوئی چشمہ بہائیے، اپنے باغات دکھائیے، آسمان کا کوئی ٹکڑا گرا دیجئے۔ اللہ اور فرشتوں کو ہمارے سامنے لا کھڑا کیجئے، اپنے لیے سونے کا گھر بنائیے آسمان پر چڑھ کر کوئی نوشتہ ہمارے سامنے لائیے تب مانیں گے۔	2:25 – 90:17
279	آپ نہ شاعر ہیں نہ شاعری آپ کے شایان شان ہے۔	–69:36–37,36:27 41:69–31,30:52

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
280	شاعر ہر وادی میں گھومتے ہیں اور سوائے مومنین صالحین کے ان کے قول و عمل میں تضاد ہوتا ہے اور ان کی پیروی بھی صرف کج رو لوگ ہی کرتے ہیں۔	4,26:224تا227
281	آپ اللہ کے فضل سے نہ کاہن ہیں نہ مجنون۔ وہ اکیلے یا مل کر غور تو کریں۔	46:34–184:7 29:52
282	اگر تمھیں کتاب الٰہی میں کچھ شک ہے تو تمام جن و انس مل کر اپنے معبودوں کی مدد سے اس جیسی ایک کتاب' یا صرف دس سورتیں بلکہ ایک ہی سورت پیش کر دکھائیں۔ وہ ہرگز ایسا نہیں کر سکیں گے۔	38:10–24,23:2 88:17–14,13:11 34:52
283	(اس کتاب کی صداقت پر) اللہ تعالیٰ' اہل کتاب اور ملائکہ کی شہادت کافی ہے۔	19:6–166:4 52:29–43:13 8:46
284	اللہ تعالیٰ اپنے علم کے ساتھ اس کتاب الٰہی پر شاہد ہے۔	166:4
285	آپ بے شک وشبہ اللہ کے رسول ہیں۔	129:10–252:2 29:48–3:36
286	(مشیت الٰہی کا بہانہ) محض اتباع ظن ہے نہ کہ علم۔	137:6
287	میں تمھاری طرح کا ایک انسان ہوں مگر میری طرف وحی آتی ہے۔	110:18
288	آپ سے پہلے بھی ہم نے مردوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا جو کھانا کھاتے اور بازاروں میں پھرتے تھے۔	44,43:16–109:22 20:25–7:21
289	یہ پہلے رسول بھی ایسے جسم نہ رکھتے تھے جو کھاتے پیتے نہ ہوں اور نہ ہی وہ ہمیشہ رہنے والے ہوں۔	8:21
290	(مطالبہ آیات کے بارے میں) ان سے کہئے کہ سبحان اللہ! میں تو صرف اللہ کا فرستادہ ایک بشر ہوں۔	93:17

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
291	یہ نشانیاں اللہ کے اختیار میں ہیں۔ میں تو صرف کھلا ڈرانے والا ہوں۔	9:22–49:29–50:29–70:38–24:35–9:46
292	اگر زمین پر فرشتے بستے ہوتے تو نازل بھی فرشتہ ہوتا۔	95:17
293	اگر ہم چاہتے تو تم میں سے بعض کو ملائکہ بنا دیتے جو زمین پر تمھارے جانشین ہوتے۔	60:43
294	(تھوڑا تھوڑا کر کے نازل کرنے کے جواب میں کہو) کہ اس صورت میں نازل کرنے کی حکمت یہ ہے کہ پیغمبر کا دل جما رہے اور اسے آہستہ آہستہ سنایا جائے۔	33:25
295	میرے لیے (اس قرآن کو بدلنا یا اس کی جگہ دوسرا لانا) ممکن نہیں۔	15:10
296	اگر اس پر قرآن عجمی زبان میں نازل کیا جاتا تو کہتے کہ اس کی باتیں واضح نہیں۔ زبان عجمی اور رسول عربی؟۔	199,198:26–44:41
297	جس آدمی کی طرف آپ کو سکھانے کی نسبت کرتے ہیں وہ تو عجمی ہے جب کہ قرآن فصیح عربی زبان میں ہے۔	103:16
298	کیا رحمت خداوندی کے خزانے ان کے پاس ہیں جن کو یہ لوگ تقسیم کرتے ہیں یا یہ داروغے ہیں کہ ان کی مرضی کے آدمی پر قرآن نازل ہوتا یا یہ زمین و آسمان کے مالک ہیں کہ ان کا حکم چلتا ہو اور کسی کو کچھ نہ دیں۔	10,9:38–53:4–37:52–32:43
299	اگر ان پر آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے اور وہ چڑھنے لگتے تو بھی کہتے کہ ہم پر جادو ہو گیا۔	15:15

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
300	اہل کتاب جانتے ہیں کہ یہ اللہ کی کتاب ہے اور ان کتابوں کے مطابق ہے، کافروں کو بتایا بھی کرتے تھے مگر آنے پر منکر ہو گئے اور شک میں مبتلا ہو گئے۔	6:20–14:42
301	یہود و نصاریٰ اس وقت تک آپ کو نہیں مانیں گے جب تک آپ ان کی راہ پر نہیں چلیں گے یا ان کے قبلہ کی پیروی نہیں کریں گے۔	12:2
302	اہل کتاب کو سو نشانیاں بھی پیش کرو گے تو بھی وہ نہیں مانیں گے۔	25:6–149:2–31:13–97:10
303	اگر انھوں نے آپ کو جھٹلایا یا آپ کا استہزاء کیا ہے یا حق کو دبانے کی کوشش کی ہے تو ایسا پہلے پیغمبروں سے بھی ہو چکا ہے۔ اس لیے صبر اختیار کریں۔	34,33:6–184:3–32:13–39:10–41;21–42:22تا44–4:35–4:25–26:25–5:40–43:41–12:38تا14
304	اگر اللہ تعالیٰ کوئی آیت منسوخ کرتا یا بھلاتا ہے تو اس جیسی یا اس سے بہتر لاتا بھی ہے۔	106:2
305	بہت سے اہل کتاب، کتاب الٰہی کی وجہ سے اور زیادہ کافر و سرکش ہو جائیں گے۔	68:5
306	اگر فرشتہ اتارا جاتا تو اسے بھی انسانی صورت میں بھیجنا پڑتا۔	9:6
307	اگر یہ قرآن مجید، غیر اللہ کا ہوتا تو اس میں اختلاف کثیر ہوتا۔	82:4
308	اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو اس سے بہتر باغات اور محلات آپ کو دے دے۔	10:25
309	کوئی ایسی کتاب لا دکھائیں جو اس کتاب سے زیادہ بہتر راہ نما ہو۔	50,49:28
310	آپ نے زندگی کا معتد بہ حصہ انہی میں گذارا ہے جو آپ کی صداقت کا شاہد ہے۔	16:10

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
311	کافروں کے لیے ڈرانا نہ ڈرانا برابر ہے۔ ان کے دل و دماغ، آنکھیں اور کان ماؤف ہو چکے ہیں۔	7:2
312	آپ ان کی کافرانہ سرگرمیوں پر پریشان نہ ہوں۔ ان کو مہلت دی گئی ہے۔	24:31–41:5
313	کفار کی شہروں میں آمدورفت سے دھوکہ نہ کھائیں۔	4:40–196:3
314	اللہ تعالیٰ (مطلوبہ) آیات نازل کرسکتا ہے مگر اکثر لوگوں کو علم نہیں۔	110,37:6
315	اگر ان پر فرشتے بھی نازل ہوتے اور مردے ہم کلام ہوتے تو بھی یہ ماننے والے نہ تھے۔	112:6
316	اگر تجھ پر کاغذ پر لکھی ہوئی کتاب نازل کریں اور یہ اسے ہاتھوں سے ٹٹول کر دیکھ بھی لیں تو بھی یہ کہہ دیں کہ یہ کھلا جادو ہے۔	8:6
317	اگر ہم فرشتہ نازل کرتے تو فیصلہ بھی ہو جاتا اور انھیں مہلت نہ ملتی۔	8:6
318	اگر مدت مقرر نہ ہوتی تو عذاب (ان کی خواہش کے مطابق) جلدی آجاتا۔	53:29
319	ان کے پہلے ساتھیوں کی طرح ان کی بھی باری مقرر ہے اور پھر اس روز بربادی ہی بربادی ہے۔	60,59:51
320	ان سے کہیے! میرے اور تمھارے درمیان اللہ گواہ ہے جس سے بڑی کسی کی گواہی نہیں۔	19:6
321	آپ کی حرص کے باوجود اکثر لوگ ایمان نہیں لانے کے۔	103:12
322	ماننا سننے والوں کا کام ہے جب کہ یہ مردہ ہیں جو قیامت ہی کو زندہ ہوں گے۔	36:6
323	یہ لوگ انکار کر کے اپنے آپ کو ہلاک کر رہے ہیں۔	26:6
324	بے شک پیغمبر کان تو ہے مگر تمھاری بھلائی کا۔	61:9
325	یہ تمھیں غیر اللہ سے ڈراتے ہیں۔ کیا اللہ اپنے بندے کو کافی نہیں۔	36:39

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
326	ان سے بچ کر رہیں کہیں یہ آپ کو احکام الٰہی کے بارہ میں فتنہ میں نہ ڈال دیں۔	4:95
327	جو باتیں پیغمبر نے اپنی آنکھوں سے دیکھیں کیا یہ ان کے متعلق بن دیکھے جھگڑتے ہیں۔	12:53
328	آپ سے پہلے انھیں نہ کوئی کتاب ملی نہ کوئی ڈرانے والا آیا۔	44:34
329	ان کی باتوں سے غمزدہ نہ ہو جئے۔ اللہ تعالیٰ ان کے ظاہر و باطن کو خوب جانتا ہے۔	76:36
330	اللہ تعالیٰ ہرگز وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتا مگر اس کے ہاں ایک دن ہزار سال کا ہے۔	47:22
331	اگر یہ لوگ جھگڑا کریں تو انھیں مباہلہ کی دعوت دے دو۔	61:3
332	تیرے ذمے ان کی ہدایت نہیں۔	272:2
333	اگر یہ اعراض کریں تو آپ ان پر داروغہ نہیں۔ آپ کے ذمہ صرف پیغام پہنچانا ہے۔	108:10–66:6 22:88–48:42
334	ان کے عذاب کے لیے جلدی کرنے والوں کو جہنم گھیرے ہوئے ہے۔	54:29
335	ان سے کہیے! میں اپنے رب کی طرف سے دلیل پر ہوں۔ تم نے جھٹلایا ہے۔ جن نشانیوں کی تمہیں جلدی ہے وہ میرے پاس نہیں ورنہ کب کا فیصلہ ہو چکا ہوتا۔	57:6
336	آپ ان کو سیدھی راہ کی طرف بلاتے ہیں مگر یہ آخرت کے منکر اس سے روگرداں ہیں۔	74,73:23
337	حق آ چکا' باطل (حملے میں) نہ پہل کر سکتا ہے نہ اعادہ۔	49:34

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
338	جب اللہ کے گھر کی بدولت انھیں عزت، امن اور آسودگی حاصل ہے تو پھر چاہیے کہ باطل پر ایمان لانے اور کفران نعمت کی بجائے اس حرمت والے گھر کے مالک کی عبادت کریں۔	67:29–51:28 1:106 تا4
339	کیا ہم نے انھیں ایسا پرامن حرم نہیں دیا جہاں ہر طرف سے پھل کھنچے چلے آتے ہیں (پھر انھیں اچک لیے جانے کا خطرہ کیوں ہو)۔	57:28
340	اہل کتاب آپ کو اپنے بیٹوں کی طرح پہچانتے ہیں۔	146:2
341	آپ اہل کتاب کی بہت سی چھپائی ہوئی باتوں کو ظاہر کرتے ہیں اور بہت سی باتوں کو نظرانداز کرتے ہیں۔	16:5
342	لوگو! یہ رسول تمھارے پاس حق لے کر آچکا ہے۔ پس مان لو تو بہتر ہے۔	170:4
343	جھٹلانے والے بہرے، گونگے اور اندھیروں میں ہیں۔	39:6
344	اگر ان کے سامنے کوئی نشانی پیش کر بھی دی جائے تو بھی یہ کہیں گے کہ تم جھوٹے ہو۔ ان کے دلوں پر مہر لگ چکی ہے۔	59,58:3
345	ان سے پوچھیے : چاہے تمھارے پاس ان سے بہتر راہ آجائے (تو بھی باپ دادا کی ہی پیروی کرو گے)۔	24:43
346	جس دن نشانیاں آ گئیں پھر کسی کو ایمان نفع نہ دے گا۔	159:6
347	قرآن کو افترا بنا کر ان لوگوں نے ظلم کیا اور بہت بڑا جھوٹ بولا۔	4:25
348	تو خیال کرتا ہے کہ یہ سمجھتے سنتے نہیں۔ نہیں، یہ جانوروں کی طرح بلکہ ان سے بدتر ہیں۔	44:25
349	ان ظالموں نے نادانی میں خواہشات کی پیروی اختیار کر لی۔	29:30
350	آپ کی طرح ہر پہلے پیغمبر کو بھی جادوگر اور دیوانہ کہا گیا، کیا یہ ایک دوسرے کو وصیت کر گئے، نہیں بلکہ یہ سب سرکش ہیں۔	53:51

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
351	اگر ہم چاہیں تو آسمان سے ایک نشانی اتاریں جس کے سامنے ان کی گردنیں جھک جائیں۔	4,26
352	کیا پہلے صحیفوں کے واضح نشانات ان کو نہیں مل چکے۔	133:20
353	اگر میں نے افترا کیا ہے تو تم مجھے خدا کے عذاب سے بچا نہیں سکو گے۔ نیز اللہ میرے دل پر مہر لگا دیتا۔ یہ افترا نہیں بلکہ تم ایمان نہیں لا رہے۔	8:46–24:42–33:52
354	حق و باطل کی یہ کش مکش پہلے انبیاء کی سنت ہے اور سنت الٰہی میں کوئی فرق نہیں آیا کرتا۔	23:48–77:17
355	کیا ان کے پاس غیب کا علم ہے جس کو یہ لکھتے جاتے ہیں۔	41:52
356	مجھے کچھ پتہ نہیں کہ وعدہ کا دن قریب ہے یا دور۔ میں نے تمھیں متنبہ کر دیا۔	26,25:72–109:21
357	شاید یہ تمھاری آزمائش ہو اور تمھیں ایک مقررہ مدت تک فائدہ اٹھانے کی مہلت ملی ہو۔	111:21
358	آپ ان سے معاوضہ تو نہیں مانگتے، جو ان کو بھاری لگ رہا ہے وہ تو آپ کے اللہ کے ذمہ ہے جو خیر الرازقین ہے۔	57:25–72:23–86:38–47:34–46:68–40:52
359	ظالموں کو جلدی پتہ چل جائے گا کہ وہ کدھر جا رہے ہیں۔	227:26
360	جن باتوں کا انھوں نے مذاق اڑایا ہے ان کی حقیقت جلد ہی معلوم ہو جائے گی۔	6:26
361	یہ بات ہم نے مجرموں کے دل میں ڈال دی ہے (کہ وہ کوئی نہ کوئی بہانہ بنا لیتے ہیں)۔	200:26
362	اللہ تعالیٰ جلد ہی تمھیں اپنے نشان دکھائے گا جنھیں تم پہچان جاؤ گے۔	93:27

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
363	کیا یہ ہمارعذاب جلدی مانگتے ہیں جب وہ اچانک آئے گا تو پھر نہ مہلت ملے گی نہ رک سکے گا' نہ مال ومتاع کام آئے گا۔اس عذاب الیم کو دیکھے بغیر وہ ایمان نہ لائیں گے۔	26:201تا207۔ 37:176,177۔ 70:1تا3،15تا18
364	آخرت کے عذاب سے پہلے بھی ان کے لیے ایک عذاب ہے۔	52:47
365	تم نے جھٹلایا بس اب عذاب لازمی ہے۔	25:77
366	کیا یہ کافر پہلوں سے زیادہ اچھے ہیں یا ان کے پاس (عذاب الٰہی سے محفوظ رہنے کی سند ہے)۔	54:43
367	اگر یہ جھگڑا کریں تو کہہ دیں کہ اللہ تمھارے اعمال سے خوب واقف ہے۔	22:68
368	انھیں ایک مدت تک غفلت میں مبتلا رہنے دیجئے۔	23:54,55,56۔ 70:42
369	ان کے بارے میں جلد بازی سے کام نہ لیں ہم ان کے دن گن رہے ہیں اللہ کا فیصلہ آچکا۔	16:1۔84:19
370	انھیں لہوولعب اور دوسری مصروفیات میں رہنے دیجئے تا آنکہ یہ قیامت سے دوچار ہوں۔	43:83
371	ان سے درگذر کیجئے۔سلام کہہ دیجئے' جلد ہی انھیں حقیقتِ حال کا علم ہو جائے گا۔	43:89
372	آیات بیّنات نازل کر دینے کے بعد مخالفت کرنے والے پہلوں کی طرح ذلیل ہوں گے۔	58:5
373	کیا آپ ان باتوں سے تنگ دل ہو کر وحی کا کچھ حصہ چھوڑ دیں گے۔	11:12
374	ہم نشانات صرف ڈرانے کے لیے بھیجتے ہیں اور نشانات نہ بھیجنے کی وجہ صرف یہ ہے کہ پہلی قوموں نے بھی انکار کیا تھا جیسے کہ قوم ثمود نے ناقہ کی واضح دلیل کو جھٹلایا۔	17:59

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
375	اگر یہ اعراض اختیار کریں (تو پریشاں نہ ہوں) آپ کے ذمے صرف کھول کر پہنچانا ہے۔	13:41–82:16
376	وہ ایک چیز کو جھٹلا رہے ہیں جس کا نہ انھیں پورا علم ہے نہ اس کی حقیقت ان پر ظاہر ہوتی ہے۔	39:10
377	میں نے تم میں زندگی کا ایک حصہ اس سے پہلے گذارا ہے، پھر تم عقل سے کیوں کام نہیں لیتے۔	16:10
378	اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو میں یہ کتاب تم کو پڑھ کر نہ سناتا۔	16:10
379	جلد ہی تم بھی اور یہ بھی دیکھ لیں گے کہ کون گمراہ ہے۔	6,5:68–29:67
380	اگر وہ جھٹلائیں تو ان سے کہہ دیں کہ میرا عمل میرے کام آئے گا اور تمھارا عمل تمھارے کام آئے گا، تم میرے عمل سے اور میں تمھارے عمل سے بری ہوں۔	41:10
381	ان سے کہہ دیں کہ ہر امت کے لیے ایک مہلت مقرر ہے جس میں ایک گھڑی کی بھی تقدیم و تاخیر نہیں ہوسکتی۔ انھیں دن یا رات کو کسی وقت بھی عذاب پہنچ سکتا ہے۔	49:10
382	چاہے ہم عذاب تمھارے سامنے ان پر نازل کریں یا تمھیں اس سے پہلے اٹھالیں۔ آخر کو انھیں ہمارے ہی پاس آنا ہے۔	–95:23–46:10 42,41:43–77:40
383	آپ اپنی جگہ کام اور انتظار کریں اور یہ لوگ اپنی جگہ پر۔ انھیں جلد ہی پتہ چل جائے گا کہ کامیاب اور ہدایت یافتہ کون ہے۔	–136:6 –122,121:11 135:20
384	اگر حق ان کی خواہشات کے تابع ہوجائے تو زمین و آسمان اور ان میں کی ہر چیز بگڑ جائے۔	71:23

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
385	اگر یہ وحی اللہ کی طرف سے ہوئی اور تم نے تکبر میں اس کا انکار کر دیا۔ حالانکہ بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ اس کی صداقت پر گواہی بھی دے چکا۔ (تو پھر؟)	10:46
386	جو شخص جھٹلاتا' منہ پھیر لیتا اور ایک بندۂ خدا کو نماز پڑھنے سے روکتا ہے کیا اچھا ہوتا کہ وہ سیدھی راہ اختیار کرتا اور تقویٰ کی تلقین کرتا۔	9:96 تا 13
387	انھیں موسیٰ علیہ السلام کے واقعات یاد دلاؤ۔ ان میں صابر و شاکر کے لیے نشانیاں ہیں۔	5:14
388	اس کتاب کی حقانیت کو جاننے والا اور اندھا برابر نہیں ہو سکتے۔	19:12
389	اگر یہ نہ مانیں تو بھی یقین رکھو کہ یہ کتاب خدائے واحد نے اپنے علم کے ساتھ اتاری ہے۔	14:11
390	کیا انھوں نے قرآن میں غور نہیں کیا یا ان کے پاس باپ دادا کے برخلاف کوئی بات ہے یا یہ اپنے رسول کو پہچانتے نہیں یا اسے دیوانہ سمجھتے ہیں حقیقت یہ ہے کہ ان کی اکثریت اس حق کو ناپسند کرتی ہے۔	68:23 تا 70–78:43
391	آپ ایک عرصہ کے لیے ان سے اعراض کر لیں اور انتظار کریں یہ بھی منتظر رہیں آپ کو اس اعراض پر ملامت نہیں کی جائے گی۔	–30:32 –174:37 تا 179– –59:44–135:39 –31:52–54:51 –29:53–45,40:39 6:54 تا 8
392	ان کے پاس ایسے حالات آ چکے جن میں حکمت بھی ہے اور تنبیہہ بھی مگر انھیں اس تنبیہہ کا کچھ فائدہ نہیں جنھوں نے پیغمبر کو جھٹلایا۔ خواہشات کی پیروی کی۔	3:54 تا 5
393	ان سے پہلے لوگوں نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا مگر دیکھ لو ان کا انجام کیا ہوا ان کی طاقت کا عشر عشیر بھی ان کو نہیں ملا۔	45:34

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
394	اگر میں گمراہ ہوں تو اس کا وبال مجھ پر ہوگا اور اگر سیدھی راہ پر ہوں تو محض اللہ کی وحی سے۔	50:34
395	ہم دونوں فریقوں میں سے کوئی ایک سیدھی راہ پر ہے یا گمراہ ہے (غور کرنا چاہیے)۔	24:34
396	انھیں بس قیامت کا انتظار ہے جو ان کی بے خبری کے عالم میں بالکل اچانک آئے گی۔	66:43
397	یہ لوگ خدا کے نور کو بجھانا چاہتے ہیں مگر اللہ اسے مکمل کر کے رہے گا اور اپنے پیغمبر کے دین کو سب ادیان پر غالب کر کے رہے گا چاہے کفار ومشرک ناپسند کریں۔	7:61 تا 9
398	رسول کے اپنے درمیان ہوتے اور آیات کے سنتے ہوئے تم کفر کیسے اختیار کر سکتے ہو۔	101:3
399	قرآن تو نصیحت کی کتاب ہے مگر کافر تکبر ومخالفت میں مبتلا ہیں۔	2:38
400	پاک و ناپاک کبھی برابر نہیں ہو سکتے۔ ناپاک کی کثرت پر تعجب نہ کیجئے۔	100:5
401	دلائل آ چکے۔ اب کسی نے بینائی سے کام لیا تو اپنے فائدے کو اور اندھا بنا تو اپنی شامت کو۔	104:6
402	کافروں کو بس اس کا انتظار ہے کہ اللہ بادلوں کے سائے میں اور فرشتے ان کے پاس آئیں اور معاملہ طے کر دیا جائے۔	33:16–210:2
403	جو لوگ ہماری آیات کو جھٹلاتے ہیں بتدریج اور غیر شعوری طور پر انھیں گھٹا رہے ہیں اور انھیں مہلت دی جا رہی ہے۔	41:13–183,182:7
404	کفار چاہتے ہیں کہ آپ کچھ نرمی کریں تو وہ بھی نرم ہو جائیں مگر آپ ایسے لوگوں کے کہنے میں نہ آئیں۔	9:68

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
405	کفار آپ سے نیکی سے پہلے برائی کا بدلہ جلد دلانے کا مطالبہ کرتے ہیں مگر اللہ شدید العقاب ہونے کے باوجود لوگوں کے ظلم کے ہوتے ہوئے بھی ان کی کوتاہیوں کو معاف کرنے والا ہے۔	6:13
406	آپ ان کی باتوں سے غم زدہ ہوتے ہیں لیکن یہ ظالم آپ کو نہیں' آیاتِ الٰہی کو جھٹلاتے ہیں۔	33:6
407	ان میں سے کچھ مانیں گے اور کچھ نہیں مانیں گے۔	40:10
408	اس بات (قیامت یا کتاب) کو جھٹلانے والے سرمایہ داروں کو مجھ پر چھوڑ دیجئے' انھیں تھوڑی سی مہلت دے دیں۔ میں بھی انھیں مہلت دے رہا ہوں اور انھیں غیر محسوس طریقے سے تباہی کی طرف لے جا رہا ہوں۔	11:73–44:68
409	اگر یہ لوگ سیدھی راہ پر قائم رہتے تو ہم انھیں آزمائش کی خاطر بافراغت پانی مہیا کرتے۔	16:72
410	تھوڑا سا عرصہ کھا پی لو اور فائدہ اٹھا لو' تم مجرم ہو۔	46:77
411	یہ لوگ کیوں منہ اٹھائے آپ کی طرف گروہ در گروہ بھاگے چلے آ رہے ہیں۔	37,36:70
412	یہ لوگ آپ کے خلاف تدبیریں کریں گے' میں ان کے خلاف تدبیر کروں گا۔ پہلے لوگوں نے بھی ایسی تدبیریں کیں مگر وہ الٹی ان پر پڑیں اور اس طرح عذاب آیا کہ انھیں پتہ ہی نہ چلا۔ لہٰذا ان کو مہلت دے دیجئے۔	15:86–26:16 تا 17

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
413	اس شخص کو مجھ پر چھوڑ دیجئے جو تن تنہا پیدا ہوا' اللہ نے اسے اولاد اور سازو سامان زندگی دیا' مزید کی امید رکھتا ہے پھر ظالم ہماری آیات کا دشمن نکلا۔ اللہ کے بارے میں سوچا تو یہ سوچا کہ تیوری چڑھائی اور کہہ دیا کہ یہ تو جادو اور انسانی کلام ہے۔	11:74 تا 25
414	کیا ان کافروں کے پاس اپنی پسند کا پھل ملنے کی سند میں پڑھی جانیوالی کوئی کتاب ہے' خدا کی طرف سے کوئی پختہ وعدہ ہے اس کا کوئی صامن ہے یا اگر ان کے شرکا ہوں تو انھیں پیش کریں۔	36:68 تا 41
415	اگر انھوں نے آپ کے خلاف کوئی فیصلہ کیا ہے تو ہم بھی ان کے خلاف فیصلہ کر چکے ہیں۔	42:52–79:43
416	یہ ایک ایسا لشکر ہے جو شکست کھائے گا۔	11:38
417	کیا یہ کلام الٰہی سے روگردانی کرنے اور خدا کی راہ میں خرچ کرنے سے دریغ کرنے والے علم غیب رکھتے ہیں جو اپنے انجام کے بخیر ہونے پر مطمئن ہیں۔	33:52 تا 35
418	آپ کسی قسمیں کھانے والے' جھٹلانے والے' ذلیل' طعنے دینے والے چغل خو' نیکی سے روکنے والے' زیادتی کرنے والے' گنہ گار' اکھڑ' بدنسل جو مال و اولاد کی وجہ سے آیات الٰہی کو پہلوں کی کہانیاں بتاتا ہے۔ اور دین میں خود بھی مداہنت کرتا اور آپ سے بھی کروانا چاہتا ہے' کا کہا نہ مانیں۔	8:68 تا 15
419	اگر ایک جماعت ایمان لائی اور دوسری نہیں تو پھر یہ صبر سے اللہ کے فیصلے کا انتظار کریں۔	87:7

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
420	میں تمھیں عزیز وغفار اللہ کی طرف دعوت دیتا ہوں اور راہ نجات کی طرف جب کہ تم مجھے' کفر' شرک' بے حقیقت شے کی طرف دعوت دیتے ہو۔ میرا معاملہ اللہ کے حوالے ہے۔ عنقریب تمھیں میری باتیں یاد آئیں گی۔	40:4 تا 44
421	جس نے روگردانی کو اختیار کیا۔ اسے بہت بڑا عذاب دیا جائے گا۔	24,23:88
422	خائنوں کی طرف سے مت جھگڑیئے۔ دنیا میں تو جھگڑ لیا' قیامت کے روز ان کی طرف سے کون جھگڑے یا وکالت کرے گا۔	105:4 تا 109
423	جس چیز کی طرف تم مجھے بلاتے ہو' دنیا و آخرت میں کہیں اس کی دعوت دیں۔	43:40
424	تیرا خواب اور لعنت زدہ درخت' لوگوں کے لیے آزمائش بن گیا۔	60:17
425	اس نبی کو مانو اور اس کی پیروی کرو جو اللہ اور اس کی باتوں پر ایمان رکھتا ہے۔	158:7
426	کیا ان کے پاس سیڑھیاں ہیں جن پر چڑھ کر یہ سنتے ہیں اگر ایسا ہو تو کوئی واضح دلیل پیش کریں۔	38:52
427	(ان کی کم عقلی وغفلت کا یہ عالم ہے کہ) اگر عذاب کے طور پر یہ آسمان کا ٹکڑا گرتے ہوئے دیکھیں تو سمجھیں کہ یہ کوئی گھنا بادل ہے۔	44:52
428	کیا انھیں یہ خیال ہے کہ ان کے پاس کوئی بدلہ لینے والی جماعت ہے، نہیں، بلکہ ان کی جمعیت کو شکست ہوگی اور وہ بھاگ کھڑے ہوں گے۔	45,44:54
429	ان سے کہیے کہ میں تو تمھیں وحی کے ذریعے متنبّہ کر رہا ہوں مگر بہروں کو یہ آواز سنائی ہی نہیں دیتی۔	45:21

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
430	اگر خدا کے عذاب کا ایک جھونکا ہی لگے تو پکار اٹھیں کہ بے شک ہم بڑے ظالم ہیں۔	6:21 46
431	اللہ تعالیٰ مجھے اور میرے ساتھیوں کو ہلاک کرے یا ہم پر رحم کرے کافروں کو عذاب الیم سے کون بچائے گا۔	28:67
432	پیغمبر پکار اٹھا کہ مولا! یہ قوم ایمان نہیں لائے گی۔	88:43
433	غیب کی باتیں صرف اللہ کو معلوم ہیں۔تم بھی (نزول نشانات) انتظار کرو۔میں بھی کرتا ہوں۔	102,20:10
434	(امم سابقہ کے یہ واقعات) غیب کی خبریں ہیں جو ہم تمیں سناتے ہیں ان میں سے کچھ مٹ چکی ہیں اور کچھ ابھی موجود ہیں۔	100:11

امہّات المومنین

1	پیغمبر کی بیویاں اہل ایمان کی مائیں ہیں۔	6:33
2	اگر وہ تقویٰ اختیار کریں تو وہ عام عورتوں کی طرح نہیں۔	32:33
3	اللہ تعالیٰ اہل بیت سے نجاست دور رکھنا اور انھیں پاکیزہ بنانا چاہتا ہے۔	33:33
4	پیغمبر کو حکم ہو کہ اگر انھیں دنیا اور اس کی زینت عزیز ہو تو انھیں اپنے سے علیحدہ کردے۔	28:33
5	اگر انھیں اللہ و رسول اور آخرت عزیز ہے تو نکوکار عورتوں کے لیے اجر عظیم ہے۔	29:33
6	اگر ان سے بے حیائی کا ارتکاب ہوگا تو انھیں دگنا عذاب ملے گا۔	30:33
7	اور اگر انھوں نے اللہ و رسول کی اطاعت میں نیک اعمال کئے تو باعزت رزق اور دہرا اجر ملے گا۔	31:33

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
8	انھیں چاہیے کہ نہ نرم لہجے میں بات کریں کہ مریض ذہنیت کے لوگوں کو غلط طمع پیدا نہ ہو، نہ زمانۂ جاہلیت کی سی آرائش کا اظہار کریں بلکہ گھروں میں بیٹھیں، نماز کی پابندی کریں، زکوٰۃ دیں، اللہ اور رسول کی اطاعت کریں، نیک بات کریں، ان کے گھروں میں جو آیات الٰہی اور حکمت کی باتیں سنائی جاتی ہیں، انھیں یاد رکھیں۔	33:32 تا 34
9	پیغمبر کو اختیار حاصل ہے جس بیوی کو چاہے رکھے، جسے چاہے طلاق دے یا دوبارہ نکاح میں لے آئے تاکہ وہ غمگین ہونے کی بجائے خوش ہوں، جو کچھ ملے اس پر راضی رہیں اور ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں۔	33:51

واقعہ افک

1	جن لوگوں نے بہت بڑا بہتان تراشا ہے وہ تمھیں میں سے ہیں۔	24:11
2	اس واقعہ کو اپنے لیے برا نہ خیال کیجئے یہ تمھارے لیے اچھا ہے۔	24:11
3	اس میں سے ہر آدمی کو جتنا اس نے گناہ کیا حصہ ملے گا۔	24:11
4	اس بہتان کے سرغنہ کے لیے عذاب الیم ہے۔	24:11
5	اہل ایمان کو چاہیے تھا کہ وہ اسے سن کر حسن ظن سے کام لیتے اسے بہتان قرار دیتے اور زبانیں بند رکھتے۔	24:12,16
6	اگر تم پر دنیا میں خدا کا فضل و رحمت نہ ہوتا تو اس کرتوت کی وجہ سے عذاب عظیم آتا۔	24:10,14,20
7	تم نے بغیر علم کے اسے پھیلانا شروع کر دیا۔ یہ معاملہ تمھارے لیے معمولی ہوگا مگر خدا کے نزدیک تو بہت بڑا ہے۔	24:15
8	اگر مومن ہو تو آئندہ ایسی حرکت نہ ہو۔	24:17,18

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
9	اہل ایمان میں بے حیائی پھیلانے کو پسند کرنے والے دنیا و آخرت میں دردناک عذاب کے مستحق ہیں۔	19:24
10	جولوگ پاک دامن اور بھولی بھالی عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں، وہ دنیا و آخرت میں ملعون اور عذاب عظیم کے مستحق ہیں۔	32:24

وہ کتب سماوی جن کا نام لیکر ذکر کیا گیا ہے

1	تورات جو موسیٰ علیہ السلام کو بنی اسرائیل کے لیے دی گئی	93،65،50،48،3:3 ،66 ،47،46،44،43:5 66، 68،- 110 - 157:7 -29:48 110:9 - 6:61 5:62-
2	زبور جو حضرت داؤد علیہ السلام کو دی گئی۔	55:17163:4 -
3	انجیل جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔	46:5 65 -،48،3:3 47، 157:7 110 -،68،66 29:48 - 110:9 - 27:57
4	قرآن مجید جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر سارے عالم کی ہدایت کے لیے نازل ہوا۔	110:97 -،3:3

معجزات انبیاء۔کرامات صلحاء

حضرت ابراہیم علیہ السلام

1	احیائے موتیٰ۔	260:2
2	کبر سنی میں اولاد	56تا52:15 39:14 - 28:51101 -،100:37 30،29

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	حضرت عزیر علیہ السلام	
1	احیائے موتیٰ کا۔	259:2
	حضرت صالح علیہ السلام	
1	پہاڑ سے زندہ اونٹنی نکالنے کا۔	59:1764:11 -73:3 - 27:54 - 155:26 - 13:91
	حضرت داؤد علیہ السلام	
1	پہاڑوں اور درندوں کا ان کے ساتھ مل کر ترانہ حمد گانا۔	10:34 - 79:21 - 19،18:38
	حضرت سلیمان علیہ السلام	
1	منطق الطیر ،جنّوں اور ہوا پر حکومت کا۔	81:21،- 82 16:27 تا 12:34 - 28 - 38،37،36:38
	حضرت یعقوب علیہ السلام	
1	حضرت یوسف علیہ السلام کی خوشبو محسوس کر لینے کا۔	94:12
	حضرت یوسف علیہ السلام	
1	ان کی قمیص سے حضرت یعقوبؑ کی بنیائی لوٹا لانے کا۔	93:12 تا96
	حضرت زکریا علیہ السلام	
1	کبر سنی میں اولاد کا۔	38:3 تا- 41 10،3:19
	حضرت عیسیٰ علیہ السلام	
1	احیائے موتیٰ، دفع امراض، تخلیق طیور، اخبار بالغیب اور گہوارے و کہولت میں گفتگو کرنے کا۔	110:549:3 -

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	حضرت موسیٰ علیہ السلام	
1	ید بیضا، عصا، من وسلویٰ، احیائے موتیٰ، سمندر پھاڑنے، پہاڑوں سے چشمے جاری کرنے کا۔	50:2، 60،57، 67تا 72 63:19تا - 68 33،32:26
	حضرت محمد ﷺ	
1	قرآن مجید کا۔	23:2-، 24- 14:11 88:17
	حضرت مریم علیہا السلام	
1	حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بلا والد پیدائش کا۔	16:19تا34
	آصف وزیر حضرت سلیمانؑ	
1	ملکہ سبا کے تخت کو پلک جھپکتے لے آنے کا۔	40،39:27
	تمام ادیان اصلاً ایک ہی وحدت ہیں	
1	کہو کہ ہم اللہ پر، جو ہم پر نازل ہوا اس پر اور جو ابراہیم، اسمعیل، اسحاق، یعقوب اور ان کی اولاد پر نازل ہوا اس پر اور جو حضرت موسیٰ و حضرت عیسیٰ اور دوسرے سب نبیوں کو ان کے رب کی طرف سے دیا گیا، اس پر ایمان لائے اور ہم ان میں سے کسی کے درمیان فرق نہیں کرتے۔	137،136:2

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
2	ہم نے تیری طرف وحی کی جس طرح نوح اس کے بعد کے انبیاء ابراہیم، اسمٰعیل، اسحاق یعقوب، ان کی اولاد عیسیٰ، ایوب، یونس، ہارون اور سلیمان کی طرف کی اور داؤد کو زبور دی۔	4:163
3	تمھارے لیے بھی وہ دین مشروع کیا جس کی نوح، ابراہیم، موسیٰ اور عیسیٰ کو وصیت کی۔	42:13
4	اللہ کے نزدیک دین صرف اسلام ہے۔ اہل کتاب نے علم ہونے کے باوجود محض باہمی ضد کی وجہ سے اختلاف کیا۔	3:19
5	گذشتہ انبیاء کو اللہ نے ہدایت سے نوازا تھا تو بھی انہی کی ہدایت کی پیروی کی۔	6:90

بنی اسرائیل پر ہونے والے انعامات

1	اہل عالم پر فضلیت بخشی۔	2:47، 122 - 5:20 - 7:140 - 44:32 - 45:16
2	فرعون کے عذاب مہین سے نجات دلائی۔	2:49 - 7:141 -20 - 44:30
3	انھیں سمندر سے صحیح وسالم نکالا جب کہ ان کے دشمن کو غرق کیا۔	2:50
4	گوسالہ پرستی کے باوجود ان سے درگذر کیا۔	2:51، 52
5	من وسلویٰ اتارا اور بادلوں کا سایہ کیا۔	2:57 - 7:160 - 20:80
6	ان کے لیے پتھروں سے بارہ چشمے جاری کر دیئے۔	2:60 - 7:160
7	ان کے مطالبہ پر متنوّع اجناس والی بستیوں میں بسنے کی اجازت دی۔	2:58، 61 – 7:160 - 20:80
8	احیائے موتیٰ کا معجزہ دکھایا۔	2:56، 73

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
9	ان میں نبوت وحکومت کا سلسلہ قائم کیا اور انھیں وہ کچھ دیا جو دوسروں کو نہیں دیا تھا۔	16:45137:7 -20
10	ضعف وغلامی میں خلافت ارضی وامانت اور تمکنت کا وعدہ کیا۔	6،5:28129:7 -
11	ارض مقدس کا وعدہ کیا۔	21:5
12	موسیٰ علیہ السلام کے ذریعے کتاب ہدایت سے نوازا۔	80:20 -2:17 -53:2 - 16:45
13	نزول تورات سے پہلے حضرت یعقوب کی حرام کردہ اشیاء کے سوا سب چیزیں حلال تھیں۔	93:3
14	ان میں بارہ سردار کھڑے کر کے اپنی معیت اور اقامت دین کی صورت میں مغفرت وجنت کا وعدہ ویقین دلایا۔	12:5
15	مشارق ومغارب زمین کا وارث بنا کر کمزور بنی اسرائیل سے ان کے صبر کی بدولت اپنا وعدہ پورا کر دیا۔	137:7
16	پاکیزہ رزق عطا کیا، مگر اس میں سرکشی وحکم عدولی کرنے پر عذاب کی دھمکی دی۔	16:4581:20 -
17	اللہ تعالیٰ نے ان میں ایسے، امام وپیشوا بنائے جو ہمارے حکم سے لوگوں کی راہ نمائی کرتے اور ہماری آیات پر یقین رکھتے تھے۔	24:32
18	ہدایت ونصیحت کے لیے انھیں (آسمانی) کتاب کا وارث بنایا۔	55،54:4
19	ان کو ایسے نشانات دیئے جن میں بڑی آزمائش تھی۔	17:4533:44 -

بنی اسرائیل کا کردار

1	دوسروں پر اللہ کے فضل کا حسد۔	54:4
2	خدا کے بیٹے اور محبوب ہونے کا ادعا۔	18:5
3	کافرانہ سرگرمیاں۔	41:5

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	عہد شکنی۔	2:40، 64، 84، 85، 100 155:4 - 187:3 - 70، 13:5
5	کتمان حق۔	2:42- ،576 :61، 140 187، 71:3-
6	تبلیس حق بالباطل۔	2:364 :71 -
7	دین فروشی۔	2:41، 79، 174، 175 - 44:5
8	احکام دین کی پابندی سے گریز۔	2:43، 83، 84، 85
9	دیگراں را نصیحت اور خود میاں فضیحت۔	2:44
10	قیامت کے بارہ میں جھوٹے مزعومات اور خوش فہمیاں۔	2:48، 78، 80، 94، 111 123، 135، 3141:24 -
11	اقامت نماز اور استقامت بالصبر کا فقدان۔	2:45
12	گوسالہ پرستی۔	2:51، 54، 92، 93 4:153 20:88 تا 91 --
13	سر کی آنکھوں سے خدا کو دیکھنے کا مطالبہ۔	2:455:153 -
14	آسمانی مائدہ سے اکتاہٹ۔	2:57 تا 61
15	استغفار کی جگہ دنیا طلبی۔	2:58، - 59 - 7:162 5:74
16	آیات الٰہی سے انکار۔	2:61، 73، 87، 99، 100 3:112 -، 71:112 - 4:155
17	قتل انبیاء۔	2:61، 87، 491:155 - 157 -، 3:112، 181 - 5:70

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
18	معجزات کا مشاہدہ اور پھر انکار۔	211،63،57،55،52:2 154:4
19	سبت کے بارہ میں حیلہ گری۔	65:2-، 66- 154:4 124:16163:7 -
20	ذبح بقرہ میں حیل وحجت۔	67:2تا71
21	پیغمبر سے بادشاہ مقرر کرنے کا مطالبہ مگر صاحب علم وجسم حضرت طالوت کے مقرر کئے جانے پر نسلی اور مالی اعتراضات۔	247:2
22	خوف وخشیت الٰہی کا فقدان۔	41،40:2
23	سرکشی ونافرمانی۔	46:4112:3 -61:2 -
24	لوگوں سے بدزبانی۔	83:2
25	قساوت قلبی۔	13:574:2 -
26	کتاب الٰہی میں تحریف وتشکیک۔	75:2،- 79- 78:3 46:4 45:4141 -،13:5
27	باہم قتل واخراج۔	85،84،59:2
28	برائی میں تعاون۔	85:2
29	دین میں میٹھا میٹھا ہپ اور کڑوا کڑوا تھو۔	85،84:2
30	نسلی تعصب میں کتاب الٰہی کا انکار۔	105،90،89،41:2
31	ہوا پرستی میں کتاب کی شہادت کے باوجود انبیاء کا انکار۔	76:2 تا- 70:587
32	مذہبی تعصب اور بے جا فتویٰ بازی۔	1 2 0 ،113،91،90:3 135 ،
33	پیغمبروں اور اہل ایمان سے استہزا۔	14:2
34	ملائکہ سے بغض وعناد۔	98،97:2
35	جادو سیکھنے کا شوق اور اس کا غلط استعمال۔	102:2

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
36	مساجد اللہ کی تخریب۔	114:2
37	باہمی حسد کی وجہ سے دوسروں کو قبول حق سے روکنا اور علم کے باوجود اختلاف۔	109:2 - 17:4571:3
38	کتاب الٰہی کو نظر انداز کر دینا۔	187101:2 -
39	اپنی بداعمالیوں کی وجہ سے موت کا اندرونی ڈر اور خواہش حیات۔	95:2 -، 8،7،9:6296
40	فروعی مسائل پر جھگڑے۔	177،115:2
41	مخلوق خدا کو خدا کا بیٹا قرار دینا۔	116:2
42	حضرت ابراہیم اور حضرت یعقوب کی راہ سے گریز مگر ان کی نام لیوائی پر اصرار۔	129:2 تا 140،133
43	فتنہ پروری اور فساد فی الارض۔	64:560:2 -
44	آخرت کے مقابلہ میں دنیا کو ترجیح۔	77:386:2 -
45	استکبار و جسارت	88،87:2 -، 155:493
46	کتاب الٰہی کی جگہ جادو کو ترجیح اور اس کا غلط استعمال۔	102:2
47	جہاد و قتال کا خود مطالبہ اور پھر اس سے بزدلانہ گریز۔	246:2 تا- 249 22:5 تا 24
48	جہاد کی پہلی آزمائش ___ نہر سے زیادہ پانی نہ پینے ___ میں ناکامی۔	249:2
49	آنکھوں دیکھتے آسمان سے اترتی کتاب کا مطالبہ۔	153:4
50	حضرت مریم پر بہتان تراشی۔	156:4
51	حضرت عیسیٰ کے قتل کا فخریہ دعویٰ۔	156:4
52	فسق و فجور۔	81،59:5
53	خدا اور رسول کے بارے میں بدزبانی۔	88:2 -، 104 155،46:4 181:364:5 -
54	کافر دوستی۔	81،80:5

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
55	سود وحرام خوری۔	62،46،42:516 -
56	خیانت کاری	13:575:3 -
57	تفریق بین الانبیاء	137،136:2
58	عرفان حق کے باوجود انکار وکتمان	146،144،90،89:2
59	خدا کی نعمتوں میں تبدیلی	211،61،60:2
60	علماء ومشائخ کا امر بالمعروف ونہی عن المنکر سے گریز۔	79،73،63:5
61	گناہ وظلم میں مستعدی	62:5
62	منافقت اور دوزخی پالیسی۔	61:576:2 -
63	اللہ کے ساتھ شرک	93،83:2
64	پیغمبروں کی طرف اپنے تعصّبات کی نسبت	66،65:3140:2 -
65	بے جا سوالات۔	153:4108:2 -
66	تحویل قبلہ پر احمقانہ اعتراضات اور ہر طرح کی دلیل کے باوجود ماننے سے انکار۔	145،142:2
67	کتاب الٰہی کے فیصلوں سے روگردانی۔	23:3
68	کذب پسندی	42،41:5
69	جاسوسی	41:5
70	مرضی کے فیصلے	41:5
71	تورات کے فیصلوں کے باوجود آپ کو حکم بنانا اور پھر اس سے روگردانی۔	43:5
72	مسلمانوں سے سخت دشمنی۔	82:5
73	عربوں (امیین) کے بارہ میں کھلی چھٹی کا ادعاء	75:3
74	خدا تعالیٰ پر افترأ۔	78،75:3
75	ایمان لا کر پھر انکار کر کے دوسروں کو دین سے پھیرنے کی کوشش۔	100،99،72:3

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
76	اللہ کے دوست ہونے کے دعویٰ کے باوجود موت کا خوف اور زندگی کی خواہش حالانکہ موت ناگریز ہے۔	62:6، 7، 8 - 6296

بنی اسرائیل پر نازل ہونے والے عذاب

1	بندر وخنزیر بنادیئے گئے۔	2:65، - 66 - 5:60 166:7
2	صاعقہ نے آلیا۔	2:455:153 -
3	دوسری اقوام نے پامال کردیا۔	2:49 5:17 تا 7 -
4	خدا کی لعنت وغضب کے مستحق ٹھہرے۔	2:88 تا - 590:60، 80 3:112 4:46، - 52 5:13 - 60، 64، 80
5	ہر جگہ ذلت ومسکنت کا شکار ہوئے جب تک اللہ یا لوگوں کی رسی نہ پکڑ لیں۔	3:112
6	چالیس سال تک صحرا میں بھٹکتے رہے۔	5:26
7	باہمی عداوت وپیکار میں مبتلا ہوئے۔	5:64
8	داؤد وعیسیٰ کی زبان سے ملعون ٹھہرے۔	5:78
9	دلوں پر مہر لگ گئی اور ان میں کجی آ گئی۔	2:74 - 4:155 5:61
10	پہاڑ ان پر گرنے لگے۔	2:63 - 4:154 7:171
11	آسمانی آفات نازل ہوئیں۔	2:59
12	ان کے لیے ناخن والا جانور اور چربی حرام کردی گئی۔	6:147
13	ان کے ظلم کی وجہ سے ان پر بعض طیبات حرام کردی گئیں۔	4:160 16:118 -
14	اللہ تعالیٰ نے ان سے کہا کہ تم دو دفعہ زمین میں فساد وسرکشی کرو گے اور دونوں بار ہمارے طاقتور بندے تمھارے ملک پر چڑھ دوڑیں گے اس کے بعد بھی اگر تم نے اسی غلطی کا اعادہ کیا تو پھر یہی سزا ملے گی۔	17:4 تا 7

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
15	اکثر خدا کے عذابوں کا شکار رہے۔	18:5
16	قیامت تک کے لیے عذاب دینے والے ان پر مسلط ہوتے رہیں گے۔	167:7

امت مسلمہ کی تشکیل اور غرض وغائیت

1	حضرت ابراہیم واسماعیل علیہ السلام نے دعا کی تھی کہ ہماری اولاد میں سے ایک امت مسلمہ بنا۔	129:2
2	ہم نے تمہیں امت وسط (معتدل) بنایا ہے تا کہ تم لوگوں کے نگران بنو۔	143:2
3	تم میں ایک ایسی امت ہونی چاہیے جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرے اور بھلائی کی طرف دعوت دے۔	104:3
4	تم بہترین امت ہو جسے لوگوں کے لیے بنایا گیا۔تمہارا کام ایمان باللہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ہے۔	110:3
5	اللہ تعالیٰ نے تمھیں ملت ابراہیم پر چنا ہے اور تمھارا نام مسلم رکھا ہے تا کہ رسول تم پر نگران ہو اور تم لوگوں پر۔	78:22
6	اے ایمان والو! اگر تم میں سے کوئی اپنے دین سے پھر جائے گا تو اللہ ایسے لوگ لے آئے گا جو اللہ تعالیٰ کے محبوب بھی ہوں گے اور محب بھی، وہ مسلمانوں کے لیے نرم دل مگر کفار کے لیے سخت دل ہوں گے اور جو بلا خوف ملامت، خدا کی راہ میں جدوجہد کریں گے۔	54:5
7	اہل ایمان مرد اور عورتیں ایک دوسرے کے مددگار ہیں جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے، نماز قائم کرتے، زکوٰۃ ادا کرتے اور خدا اور رسول کی اطاعت کرتے ہیں اللہ ان پر رحم کرے گا۔	71:9

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
8	اللہ نے تمھیں (اشاعت دین کے لیے) منتخب کیا ہے۔	78:22
9	اللہ تعالیٰ نے تمھاری طرف یہ کتاب وحی کی جو سچی اور پہلی کتابوں کی تصدیق ہے پھر کچھ ایسے بندے چنے جن کو اس کتاب کا وارث بنایا۔	22،31:35

امر بالمعروف ونہی عن المنکر

1	مسلمانوں کو بہترین امت بنایا گیا تا کہ وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کریں۔	110:3
2	مسلمانوں میں سے ایک جماعت کو تفقہ فی الدین اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا کام کرنا چاہیے۔	110،104:3
3	امر بالمعروف ونہی عن المنکر نبی علیہ السلام کی صفات میں سے ایک صفت ہے۔	157:7
4	آپ کو عفو و درگذر، امر بالمعروف اور جاہلوں سے اعراض کا حکم دیا گیا۔	199:7
5	مسلمانوں کی بعثت کی غرض وغائیت لوگوں کی نگرانی کرنا ہے۔	78:22143:2 -
6	بنی اسرائیل کے اکثر احبار و رہبان اس فرض سے غافل تھے۔	79،63:5
7	البتہ ایک جماعت ایسی تھی جو یہ فرض سرانجام دیتی تھی۔	114:3
8	بنی اسرائیل میں صرف وہی چند لوگ بچ سکے جنھوں نے یوم سبت توڑنے سے ان کو روکا۔	165:7
9	پہلی امتوں میں سے صرف وہی لوگ عذاب الٰہی سے محفوظ رہے جو فساد فی الارض سے روکتے تھے۔	116:11
10	اسلامی حکومت کے مقاصد میں سے ایک مقصد امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ہے۔	41:22
11	قول اور عمل میں تضاد خدا کو بہت زیادہ ناراض کرنے والا ہے۔	6:61
12	لوگوں کو نیکی کا حکم دینا اور اپنے آپ کو بھول جانا عقل و کتاب کے خلاف ہے۔	44:2

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
13	برائی کا حکم دینا اور نیکی سے روکنا منافقوں کا کام ہے۔	9:67
14	تبلیغ میں حکمت، موعظت اور بحث ومباحثہ میں احسن طریق سے کام لیا جائے۔	16:125 - 29:46
15	اس آدمی سے بڑھ کر کسی کی باتیں اچھی ہوسکتی ہیں جو اللہ کی طرف دعوت دیتا ہے اس کا فرماں بردار ہے اور نیک عمل کرتا ہے۔	41:33
16	تبلیغ میں نرم گفتاری سے کام لیا جائے اس سے اچھے نتائج کی توقع ہے۔	20:44
17	تبلیغ میں قبول کی صلاحیت وخواہش مدنظر رکھی جائے نہ کہ سماجی مقام۔	50:45 - 80:1 تا12
18	مبلغ کو مخالفین کی اذیتوں پر صبر وتقویٰ سے کام لینا چاہیے۔	3:186 - 10:109
19	ایمان والوں کو اپنا آپ بچانا چاہیے اگر وہ ہدایت یافتہ ہوں گے تو دوسروں کی گمراہی انھیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گی۔	5:105
20	ہماری مخلوق میں ایک جماعت ایسی ہے جو حق کے ساتھ رہنمائی کرتی ہے۔	7:181
21	آپ کے بعد جن منتخب لوگوں کو اس کتاب کا وارث بنایا ہے ان میں سے کچھ تو اپنی جان پر ظلم کرنے والے، کچھ میانہ رو اور کچھ اللہ کے حکم وفضل سے نیکیوں میں سبقت لے جانے والے ہیں۔	35:32
22	اس فکر میں نہ پڑا جائے کہ کون قبول کرتا ہے اور کون نہیں، اس کا حال اللہ ہی کو معلوم ہے۔	17:125
23	لوگ جھگڑا کریں تو معاملہ اللہ کے سپرد کر دیا جائے۔	23:68
24	دعوت دینے والوں کو مخالفوں کا اثر قبول نہیں کرنا چاہیے اور استقلال سے کام لینا چاہیے۔	28:87 - 30:186 - 42:15
25	شیطان صفت انسانوں کے افتراء کو نظر انداز کر دیا جائے۔	6:113، 138
26	تبلیغ بغیر کسی لگی لپٹی کے ہو اور مشرکوں سے اعراض اختیار کریں۔	6:106 - 15:94

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
27	اے مدثر! اٹھو اور ڈراؤ۔	2، 1:74
28	اگر کوئی ماننے پر آمادہ نہ بھی ہو تو بھی خدا کے ہاں مغفرت کے لیے تبلیغ جاری رکھی جائے۔	164:7
29	تبلیغ میں اس آدمی پر بجائے تیوری چڑھانے کے زیادہ توجہ دی جائے جو دین کی طرف راغب ہو اور جس کے استفادہ کی زیادہ توقع ہو بہ نسبت اس آدمی کے جو دین و آخرت سے لاپرواہی برتے۔	10تا1:80
30	منافقوں سے درگذر کرو اس طرح سے نصیحت کرو کہ ان کے دلوں میں اثر ہو۔ ان کے دل کا حال اللہ کو معلوم ہے۔	63:4
31	عمدہ طریقے سے درگذر سے کام لیا جائے۔	85:15
32	اگر نصیحت کارگر نظر آئے تو نصیحت کی جائے، جس کے دل میں خوف خدا ہوگا، قبول کرے گا، بدبخت گریز کرے گا۔	:87 11,10,9

نیکی و برائی میں امتیاز فطرت انسانی میں ودیعت کر دیا گیا

1	جان کی قسم اور اس کی قسم جس نے اسے متوازن بنایا اور پھر اس کی نیکی اور برائی کو اس کے جی میں ڈال دیا۔	8، 7:91
2	نیکی ایک جانی پہچانی چیز ہے۔	110، 104:3 263:2 -
		157:7 114 -، 19:4
		41:22 112 -، 67:9
		21:47 -، 17:31
		12:60
		6:65

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
3	برائی ایک مسلّمہ ناپسندیدہ عمل ہے۔	157:7 110 - ،104:3 -67:9، 90:16 112– 41:22– 21:24– 45،29:29–17:31–

مسلک میں صلابت

1	ان سے کہہ دو میں ہرگز تمھارے معبودوں کی عبادت نہیں کرنے کا۔	1:109 تا6
2	جس بات کا آپ کو حکم دیا جائے اسے کھول کر بیان کرو۔	94:15
3	حضرت ابراہیمؑ نے اور ان کے ماننے والوں نے فرمایا! ہم تمھارے معبودوں سے بیزار و لگ ہیں۔ ہماری تمھاری ابد تک دشمنی ہے اور اس میں اہل ایمان کے لیے بہترین نمونہ ہے۔	26:43 -79:6 - 6،4:60
4	نبی علیہ السلام کو کفار کے اعمال و شرک سے اظہار بیزاری کا حکم دیا گیا اور خدائے واحد پر ایمان اور اس کی عبادت پر استقلال کا اعلان کروایا گیا۔	41:103:9 -19:6 -، 106 -،105،104 216:2635:11 -
5	حضرت ہود نے مشرکوں کے شرک سے اظہار بیزاری کیا۔	55،54:11
6	کفار کی آرزو کے باوجود مداہنت سے کام نہیں لینا چاہیے۔	9:68
7	حضرت نوح نے کفار کو چیلنج کر دیا کہ جاؤ اپنے معبودوں سمیت جو چاہو کرلو۔	71:10

دین میں جبر و اکراہ نہیں

1	ہدایت واضح ہو چکی (اس لیے دین میں کوئی جبر و اکراہ نہیں۔	256:2
2	جس کا جی چاہے ایمان لائے جس کا جی چاہے کفر اختیار کرے۔	107،29:18
3	تمھاری اپنی راہ اور میری اپنی راہ۔	6:109
4	سمجھاتے رہیے آپ کا کام صرف سمجھانا ہے آپ ان پر داروغہ نہیں۔	22،21:88

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
5	تمھارے رب کی طرف سے حق آچکا ہے اب جو حق کو قبول کرے گا اپنے فائدے کے لیے اور گمراہی اختیار کرے گا تو اپنے نقصان کے لیے کرے گا۔	108:10
6	جو کچھ چاہو کرو۔ اللہ تمھارے اعمال دیکھ رہا ہے۔	40:41
7	ہمارے اور تمھارے درمیان کوئی جھگڑا نہیں۔ ہمارے اعمال ہمارے کام آئیں گے اور تمھارے اعمال تمھارے کام آئیں گے۔	15:42
8	یہ ہو کر رہنے والا ہے لہٰذا جس کا جی چاہے اپنے خدا کے ہاں اپنا ٹھکانہ بنالے۔	39:78
9	اہل عالم کے لیے یہ نصیحت ہے پس جس کا جی چاہے اس سے فائدہ اٹھائے اور سیدھی راہ پر چلے۔	54:74، -29:7655 –28:81 –19:73 –12،11:80
10	جس کا تم میں سے جی چاہے آگے بڑھے یا پیچھے ہٹے۔	37:7
11	ہم نے انسان کو راہ دکھادی اب وہ شکر گذار بنے یا نافرمان۔	3:76

ابتلاء و آزمائش

1	ہم تمھیں خوف، بھوک، مال، جانوں اور پھلوں کی کمی سے آزمائیں گے۔	155:2
2	ہم تمھارے حالات جاننے اور تم میں سے مجاہدین و صابرین دیکھنے کے لیے آزمائیں گے۔	31:473:29 -
3	ہم نے صالح اور غیر صالح ہر دو کو سیئات و خسات کے ساتھ آزمایا۔	168:7
4	ہم نے انھیں اس طرح آزمایا جس طرح باغ والوں کو۔	17:68
5	فرعون کے عذاب ___ قتل اولاد اور استیحائے نسا ___ سے نجات میں تمھارے لیے بڑی آزمائش تھی۔	6:14141:7 -49:2 -
6	یوں ہم نے بنی اسرائیل کو ان کی نافرمانیوں کی وجہ سے آزمانے لگے۔	163:7

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
7	یہود کو جو نشانیاں دی گئیں ان میں ان کی آزمائش تھی۔	17:8
8	پہلے لوگوں کو اس قدر تکلیف اور سختی پہنچی کہ پیغمبر اور مومن پکار اٹھے کہ خدا کی مدد کب آئے گی۔	214:2
9	ہم نے تم سے پہلوں کو سختی اور تکلیف میں ڈالا تا کہ وہ گڑ گڑائیں۔	3:2949:7 -42:2 -
10	اللہ تنگی کے بعد آسانی کر دے گا۔	7:65
11	تنگی کے ساتھ آسانی ہے۔	6،5:94
12	ابراہیم کو بذریعہ خواب بیٹے کے ذبح کرنے کا حکم کھلی ہوئی آزمائش تھی۔	104:37
13	جنگ احزاب میں کفار کا ہجوم مسلمانوں کی آزمائش تھی جس میں انھیں زور کا جھٹکا دیا گیا۔	11:33
14	ہم تمھیں برائی اور بھلائی (ہر دو) سے آزماتے ہیں۔	35:21
15	تمھیں تمھارے مال وجان میں بھی آزمایا جائے گا اور تمھیں اہل کتاب اور مشرکین سے تکلیف وہ باتیں سننی پڑیں گی۔	186:3
16	کیا لوگوں نے سمجھ لیا ہے کہ محض اظہار ایمان پر آزمائے بغیر انھیں چھوڑ دیا جائے گا۔	2:29
17	موسیٰ علیہ السلام کی قوم میں سے چند نوجوانوں کے سوا کوئی ایمان نہ لایا اس خوف سے کہ کہیں فرعون اسے آزمائش میں نہ ڈال دے۔	83:10
18	عسرۃ کی ساعت میں پیغمبر کی مدد کرنے والے مہاجرین وانصار پر اللہ بڑا مہربان ورحیم ہے۔	117:9
9	یہ وعدہ محض برائے خوش خبری واطمینان تھا ورنہ اصل مدد تو اللہ کی ہے۔	10:8
10	اللہ تعالیٰ نے تمھیں پاک کرنے شیطان کی نجاست دور کرنے' دلوں کو جمانے اور تمھیں ثابت قدم رکھنے کے لیے بارش برسائی اور تم پر اونگھ طاری کردی۔	11:8
11	اس جنگ کو قطعی بنانے کے لیے اللہ تعالیٰ نے تمھیں ان کی تعداد کم دکھائی ورنہ تم کمزوری دکھاتے۔	44,43:8
12	اللہ تعالیٰ نے ملائکہ سے کہا کہ کفار کے دل میں رعب ڈالیں اور ان کی گردنیں اور پور پور اڑادیں کہ وہ اس کے دشمن ہیں۔	14,12:8
13	نہ مسلمانوں نے کفار کو قتل کیا نہ تم نے خاک کی مٹھی پھینکی' دراصل یہ اللہ ہی کا کام تھا کیونکہ وہ کفار کی تدابیر کو ناکام بنانے والا ہے۔	18,17:8
14	کفار سے مڈبھیڑ کے وقت سوائے جنگی تدبیر کے' پیٹھ نہ پھیرنا ورنہ خدا کے غضب کے مستحق ہوگے۔	16,15:8
15	اچھی طرح خون بہائے بغیر نبی کو انھیں قیدی نہ بنانا چاہیے تھا۔	67:8
16	اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک بات پہلے طے نہ ہو چکی ہوتی تو فدیہ لینے پر عذاب عظیم نازل ہوتا۔	68:8
17	قیدیوں سے کہا جائے کہ اگر ان کے دل میں نیکی ہے تو جتنا مال ان سے لیا گیا ہے' اللہ تعالیٰ اس سے زیادہ دے گا۔	70:8

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
18	اگر خیانت کا ارادہ ہے تو وہ پہلے بھی کر چکے، مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر کو ان پر غلبہ دلا دیا۔	8:71
19	ان دو جماعتوں کے باہم ٹکراؤ میں تمھارے لیے ایک نمونہ ہے، ایک جماعت اللہ کی راہ میں لڑ رہی تھی اور دوسری کافر تھی۔	13:3
20	مسلمان اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے کہ کافر ان سے دگنے ہیں مگر اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے اپنی مدد سے نوازتا ہے۔	13:3
21	اس جنگ کا مقصد یہ تھا کہ ہر مرنے یا زندہ رہنے والے کو حق و باطل کا پتہ چل جائے۔	42:8
22	جنگ بدر نزول قرآن والے دن ہوئی۔	41:8

جنگ احد

1	نبی علیہ السلام نے صبح سویرے نکل کر مسلمانوں کو مورچوں میں بٹھانا شروع کر دیا۔	121:3
2	مسلمانوں میں سے دو جماعتوں نے نامردی دکھانے کا ارادہ کیا مگر اللہ تعالیٰ نے مدد فرمائی۔	122:3
3	آپ نے مسلمانوں کو تسلی دی کہ اللہ تعالیٰ تین ہزار اور اگر فوری حملہ ہو گیا تو پانچ ہزار فرشتوں سے مدد کرے گا۔	125,124:3
4	یہ محض خوشخبری اور اطمینان کے لیے تھا ورنہ اصل مدد اللہ کی طرف سے ہوتی ہے۔	126:3
5	یہ مدد اس لیے تھے کہ اللہ تعالیٰ کافروں کو کاٹ ڈالے یا ذلیل کرے۔	127:3
6	اللہ تعالیٰ ظالموں کو عذاب دے یا معاف کرے، آپ کا اس میں کچھ دخل نہیں کیونکہ ہر چیز کا مالک اللہ ہے۔	128:3
7	اگر تم مومن ہو تو تم ہی غالب رہو گے غم نہ کرو اور نہ ہی سستی دکھاؤ۔	139:3

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
8	اگر تمھیں زخم آیا ہے تو کافروں کو بھی تو آ چکا ہے یہ دن ہم بدلتے رہتے ہیں تا کہ پتہ چلے کہ کون مومن اور کون کافر ہے نیز کچھ کو شہادت کا مقام عطا کرے۔	144,142:3
9	مجاہدین اور صابرین کا جائزہ لیئے بغیر اللہ تعالیٰ ایسے ہی جنت میں داخل نہیں کر دیتا۔	142:3
10	تم اس سے پہلے موت کے آرزو مند تھے' اب موت تمھارے سامنے ہے۔	143:3
11	محمدؐ صرف اللہ کے رسول ہیں' ان کی موت یا شہادت پر تمھیں دین سے نہیں پھر جانا چاہیے۔ اگر پھر بھی جاؤ گے تو اللہ کا کیا بگڑے گا۔	144:3
12	کسی آدمی کو اللہ کے حکم کے بغیر موت نہیں آتی اور دنیا یا آخرت کا ثواب نیت کے مطابق ملتا ہے۔	145:3
13	پہلے بھی بہت سے اللہ والوں نے انبیاء کے ساتھ مل کر جنگیں لڑیں مگر تکلیفوں کی وجہ سے انھوں نے کمزوری ظاہر نہیں کی۔	146:3
14	انھوں نے گناہوں اور زیادتی کی معافی' ثابت قدمی اور کفار پر فتح کی دعا کی اور اللہ تعالیٰ نے انھیں دنیا و آخرت دونوں عطا کیں۔	148،147:3
15	اللہ تعالیٰ نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا اور تم انھیں کاٹنے لگے۔	152:3
16	مگر تم نے نامردی دکھائی' اختلاف کیا' نافرمانی کی اور آخرت کے مقابلہ میں دنیا چاہی۔	152:3
17	تم مڑ کر دیکھے بغیر اوپر چڑھے چلے جا رہے تھے جب کہ اللہ کا رسول تمھیں پکار رہا تھا۔	153:3
18	اس کے نتیجہ پر تم کو غم پر غم دیکھنا پڑا' پھر اللہ تعالیٰ نے تم پر اونگھ طاری کر دی تا کہ تم غم بھول جاؤ اور آئندہ کسی مصیبت پر غم نہ کرو۔	154,153:3

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
19	تم میں سے ایک جماعت اللہ تعالیٰ کے متعلق بدگمانی رکھتی تھی اور اس کا خیال تھا کہ کچھ اختیار ان کے ہاتھ میں بھی ہونا چاہیے تھا۔	154:3
20	وہ زبان سے کچھ کہتے ہیں مگر ان کے دلوں میں کچھ اور ہے' ان کا خیال ہے کہ اگر معاملہ ان کے اختیار میں ہوتا تو وہ یہاں نہ مرتے۔	154:3
21	حالانکہ وہ گھروں میں بھی ہوتے تو بھی اپنی قتل گاہوں کو نکلنا پڑتا۔ اس طرح اللہ تعالیٰ دلوں کی آزمائش کرتا ہے۔	154:3
22	جن لوگوں نے پیٹھ دکھائی' وہ شیطان کے بہکاوے میں آ گئے۔ اللہ تعالیٰ انھیں معاف کرتا ہے۔	155;3
23	اس روز تمھیں جو تکلیف پہنچی وہ اللہ تعالیٰ کے حکم اور مومنوں اور منافقوں کے درمیان امتیاز کے لیے تھی۔	167,166:3
24	کافروں کی اطاعت کرو گے تو وہ پھر بے دین بنا دیں گے' اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرو گے تو وہ بہترین مددگار ہے۔	149:3
25	اللہ تعالیٰ کفار و مشرکین کے دل میں رعب ڈال دے گا۔	151:3
26	اللہ تعالیٰ نے تمھاری غلطی معاف کر دی اور تمھیں ان سے ہٹا دیا تا کہ تمھیں آزمائے۔	152:3
27	اہل ایمان کو ان لوگوں کی طرح نہیں ہونا چاہیے جو اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں کہ اگر یہ مسلمان ہمارے پاس ہوتے تو نہ مرتے۔	156:3
28	زندگی اور موت خدا کے اختیار میں ہے اور آخر کو اسی کے ہاں جانا ہے۔	156:3
29	خدا کی راہ میں تمھیں موت آئے یا شہادت' اس کی مغفرت و رحمت دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔	158,157:3

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
30	اگر تمھیں کوئی دکھ پہنچا ہے تو اس سے دگنا تم کفار کو پہنچا چکے ہو۔ بہرحال یہ بھی تمھاری اپنی وجہ سے ہے۔	165:3
31	یہ منافق کہتے ہیں کہ اگر ہم لڑنا جانتے تو تمھارے ساتھ چلتے' آج یہ بات ایمان کی نسبت کفر کے زیادہ قریب ہے۔	167:3

جنگ خندق

1	دشمن اوپر اور نیچے سے اس کثرت سے آئے کہ دل گھبرا گئے' آنکھیں پتھرا گئیں' مسلمان شک و آزمائش میں مبتلا ہو گئے اور قدم لڑکھڑانے لگے۔	11,10:33
2	منافقوں نے کہنا شروع کر دیا کہ اللہ اور اس کے رسول نے ہم سے (فتح کا) جھوٹا وعدہ کیا تھا۔	12:33
3	ایک فریق نے مشورہ دیا کہ واپس لوٹ جاؤ تم میں ان کے مقابلہ کی تاب نہیں۔	13:33
4	ایک فریق اپنے گھروں کے غیر محفوظ ہونے کا بہانہ بنا کر اجازت لینے لگا حالانکہ ایسا نہیں تھا۔	13:33
5	یہ لوگ پہلے وعدہ کر چکے تھے کہ پیٹھ نہیں دکھائیں گے۔	15:33
6	بھاگنے سے موت یا قتل نہیں ٹل سکتے اگر ٹل بھی گئے تو کتنے دل۔	16:33
7	یہ لوگ بتائیں کہ اگر اللہ تعالیٰ انھیں کوئی دکھ پہنچانا چاہتا تو اسے کون ٹال سکتا ہے۔	17:33
8	وہ اللہ تعالیٰ کے علم میں ہیں جو نہ خود لڑتے ہیں نہ دوسروں کو لڑنے دیتے ہیں۔	18:33

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
9	ان بزدلوں کی مارے خوف کے جان نکلی جاتی ہے، ویسے بھی یہ مسلمانوں کے بارے میں بڑے بخیل ہیں۔ خطرہ ٹل جائے تو ان کی زبانیں قینچی کی طرح چلنے لگتی ہیں۔	19:33
10	وہ تم میں رہ کر لڑنا نہیں چاہتے۔ ان کی آرزو ہوتی ہے کہ کہ کاش وہ مقابلہ کی صورت میں دیہات میں ہوں۔	20:33
11	اس سلسلہ میں مسلمانوں کے لیے پیغمبر کے طرز عمل میں بہترین نمونہ ہے۔	21:33
12	منافقوں کے برخلاف دشمن کو دیکھ کر مسلمانوں کے ایمان و تسلیم میں اور اضافہ ہوتا ہے اور وہ خدا اور رسول کے وعدہ کی سچائی پر ایمان رکھتے ہیں۔	22:33
13	چنانچہ ان میں سے کچھ تو اپنا ارادہ پورا کر چکے (شہادت پا چکے) اور کچھ بدستور منتظر ہیں۔	23:33
14	اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ان کی سچائی کا اور منافقوں کو ان کے نفاق کا بدلہ دے گا۔	24:33
15	اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے کفار کے لشکروں کے خلاف ہَوا اور غیر مرئی لشکر بھیجے۔	9:33
16	کافر دانت پیستے ناکام لوٹے اور اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کو لڑائی سے بچا لیا۔	25:33

صلح حدیبیہ

1	اللہ تعالیٰ نے اسے فتح مبیں، فوز عظیم، اگلے پچھلے تمام گناہوں کی بخشش اجر عظیم اور دخول جنت، تکمیل نعمت، صراط مستقیم پر استقامت، نصر عزیز، اہل ایمان کے لیے نشانی اور فوری غنیمت کا ذریعہ قرار دیا۔	1:48 تا 20،4۔ 29,26,18,5:48
2	مشرکوں اور منافقوں کے لیے عذاب، غضب خداوندی، لعنت اور سزائے جہنم کا موجب ٹھہرایا۔	6:48

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
3	نبی علیہ السلام کو شاہد، مبشر اور نذیر قرار دے کر مسلمانوں کو ان کی مدد اور تسبیح خداوند کا حکم دیا۔	9,8:48
4	آپ کی بیعت کو اپنی بیعت قرار دیا اور بیعت کرنے والوں پر خدائی ہاتھ ہونے کا مژدہ سنایا۔ بیعت نبھانے والوں کو اجر عظیم کا وعدہ سنایا اور توڑنے والوں کو نقصان عظیم سے متنبہ کیا۔	10:48
5	اس موقع پر پیچھے رہ جانے والوں کے بہانوں کو مسترد کر دیا اور کہا کہ یہ لوگ سمجھے بیٹھے تھے کہ اب اللہ کا رسول اور اہل ایمان زندہ سلامت واپس نہیں آئیں گے۔	12,11:48
6	ان لوگوں کی آئندہ یقین دہانیوں کو جھوٹ قرار دیا تاہم بتایا کہ جلد ہی ایک طاقت ور قوم سے پالا پڑے گا تو تمھارے دعووں کا پول کھل جائے گا۔ اطاعت کی تو اجر ملے گا، ورنہ عذاب الیم۔ البتہ معذور مستثنیٰ ہیں۔	17تا15:48
7	درخت کے نیچے بیعت کرنے والوں کے دلوں میں جھانکتے ہوئے ان پر اپنی رضامندی کا اظہار کیا اور انھیں عنقریب ہونے والی ایک اور فتح کی خوشخبری دی۔	27,18:48
8	ان لوگوں سے آئندہ ہونے والی بے شمار غنیمتوں کا وعدہ فرمایا۔	21,20:48
9	اور کہا کہ اگر کفار بالفرض اس موقع پر مسلمانوں سے الجھ پڑتے تو فرار کیے بغیر چارہ نہ ہوتا اور کوئی مددگار نہ ملتا۔	22:48
10	کفار کے بہت سے آدمی ہاتھ لگ جانے کے باوجود مسلمانوں اور کفار کی آویزش نہ ہونے دی تاکہ مسلمان مردوں اور عورتوں کو بچایا جائے حالانکہ کفار مسلمانوں کو مسجد حرام کی زیارت اور وہاں قربانی دینے سے محض جاہلانہ ضد کی وجہ سے روکتے تھے۔	26تا24:48

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
11	مسلمانوں کو رسولؐ اللہ کے خواب کے مطابق امن و امان سے مکہ حج کرنے اور غلبہء دین کی خوشخبری دی۔	28,27:48

جنگ خیبر

1	صلح حدیبیہ میں شریک نہ ہونے والے (منافق) اب مال غنیمت کے لالچ میں ساتھ جانے کی اجازت طلب کرتے ہیں اور اجازت نہ دینے پر کم عقلی کی وجہ سے حسد کا طعنہ دیتے ہیں۔	15:48
2	آئندہ ایک طاقتور دشمن سے پالا پڑنے پر ان کا امتحان ہوگا۔ حکم مانا تو اجر ملے گا اور پیٹھ دکھائی تو عذاب۔	17,16:48
3	پہلی ہی جنگ میں اہل کتاب کو اپنے ان مضبوط قلعوں سے نکلنا پڑا جو مسلمانوں کے ہاتھوں برباد ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں مسلمانوں کا رعب ڈال دیا جو اہل بصیرت کے لیے باعث عبرت ہے۔	27,26:33–2:59
4	اگر ان کے لیے جلاوطنی مقدر نہ ہوتی تو خدا اور رسول کے ان مخالفوں کو دنیا وآخرت میں عذاب ملتا۔	4,3:59
5	جنگی مصلحت سے باغات کا کاٹنا' نہ کاٹنا مسلمانوں پر چھوڑ دیا۔	5:59
6	بغیر لڑائی حاصل ہونے والا مال' مال فے ہے۔	6:59
7	جو کچھ اللہ کا رسول دے' لے لو اور جس سے روکے' رکو اور خدا سے ڈرتے رہو۔	7:59

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
8	ان بستیوں سے حاصل ہونے والا مال حسب ذیل طریقے سے تقسیم ہوگا۔ 1۔ اللہ ورسول 2۔ ذوی القربیٰ 3۔ یتامیٰ 4۔ مساکین 5۔ مسافر 6۔ خدا اور رسول کی خاطر گھر سے بے گھر ہونے والے مہاجر 7۔ وہ ایثار پیشہ انصار جو مال کی بجائے اپنے مہاجر بھائیوں سے محبت رکھتے ہیں 8۔ وہ تابعین جو پہلے مسلمانوں کی مغفرت اور ان سے بغض نہ رکھنے کی دعا کرتے ہیں۔	7:59 تا 10
9	منافق اپنے ان کافر اہل کتاب بھائیوں سے جلا وطنی اور جنگ ہر دو صورتوں میں تعاون کے جھوٹے وعدے کرتے ہیں۔	12,11:59

جنگ حنین

1	دوسرے بہت سے مواقع کے علاوہ یوم حنین کو بھی اللہ تعالیٰ نے تمھیں فتح دی۔	25:9
2	اس روز تمھیں اپنی کثرت پر غرور ہوا مگر وہ کسی کام نہ آئی' زمین تم پر تنگ ہوگئی اور تم بھاگ کھڑے ہوئے۔	25:9
3	پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر پر سکون اور غیر مرئی لشکر نازل کیا اور کافروں کو عذاب دیا۔	26:9

فتح مکہ

1	جب اللہ تعالیٰ کی مدد اور فتح آ چکی اور تو لوگوں کو دھڑا دھڑ دین میں داخل ہوتے دیکھ رہا ہے تو اب اللہ کی تسبیح وتحمید اور اس سے استغفار کر۔	1:110 تا 3

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)

جنگ تبوک

1	جب تمھیں اللہ کی راہ میں کچھ کرنے کو کہا جاتا ہے تو زمین سے کیوں لگ جاتے ہو۔	38:9
2	کیا تم نے آخرت کے مقابلہ میں دنیوی زندگی کو پسند کر لیا ہے جو بہت قلیل ہے۔	38:9
3	اگر تم جنگ کو نہ نکلے تو اللہ تعالیٰ تمھیں سخت عذاب دے گا اور تمھاری جگہ کوئی دوسری قوم لے آئے گا۔	39:9
4	اگر تم نے پیغمبر کی مدد نہ کی تو کیا فرق پڑتا ہے وہ اس سے پہلے غار ثور میں اس کی مدد کر چکا ہے جب اس نے اپنے دوسرے ساتھی کو غم کھاتے دیکھ کر کہا غم نہ کرو، اللہ ہمارے ساتھ ہے۔	40:9
5	تمھارے لیے بہتر یہی ہے کہ جیسی بھی حالت ہو، نکلو اور مال و جان سے خدا کی راہ میں جہاد کرو۔	41:9
6	اگر ہلکا سفر اور آسانی سے دولت ملنے کا امکان ہوتا تو منافق ضرور چلتے مگر اب دور کے سفر کی وجہ سے عدم استطاعت کی جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں۔	42:9
7	اللہ تعالیٰ تجھے معاف کرے! ان کی صداقت معلوم کئے بغیر ان کو کیوں اجازت دی۔	43:9
8	اللہ و آخرت پر ایمان رکھنے والے نہیں، بلکہ منکر و متشکک ہی جہاد سے گریز کرتے ہیں۔	45,44:9
9	اگر ان کا ارادہ ہوتا تو تیاری بھی کرتے مگر اللہ کو ان کا جانا پسند نہیں تھا۔	46:9
10	اگر یہ ساتھ جاتے بھی تو کوئی نہ کوئی فتنہ اٹھاتے کیونکہ یہ دشمنوں کے جاسوس ہیں۔	47:9

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
11	اس سے پہلے بھی یہ لوگ ایسا فتنہ کر چکے اور حالات کو آپ کے خلاف کرنے کی کوشش کر چکے ہیں۔	48:9
12	ان میں سے کچھ فتنہ کے ڈر سے اجازت مانگتے ہیں وہ فتنہ میں تو پڑ چکے اور جہنمی بن چکے۔	49:9
13	اگر تمھیں کوئی بھلائی پہنچے تو انھیں بری لگتی ہے اور اگر تکلیف ہو تو خوش ہوتے ہیں کہ ہم نے پہلی ہی علیحدگی اختیار کر لی تھی۔	50:9
14	ان کا جواب یہ ہے کہ تکلیف وہی پہنچتی ہے جو تقدیر میں ہو۔ ہمارا بھروسہ اللہ پر ہے جو ہمارا آقا و مالک ہے۔	51:9
15	یہ تمھارے بارے میں جو بھی سوچیں گے تمھارے لیے بہتر ہی ہوگا۔ البتہ انھیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے یا تمھارے ہاتھوں عذاب ہو کر رہے گا۔	52:9
16	اللہ تعالیٰ نے ان تینوں مخلصین کی توبہ قبول کر لی جو غلطی سے پیچھے رہ گئے تھے مگر بڑی تنگی محسوس کر رہے تھے۔	118:9
17	اللہ تعالیٰ نے ان مہاجرین و انصار کی توبہ بھی قبول کر لی جو کسی قدر شک میں پڑ گئے تھے لیکن جنھوں نے عسرت کی گھڑی میں پیغمبر کی مدد کی تھی۔	117:9

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)

تیسرا باب

معاشرتی احکام وہدایت

والدین

1	والدین سے نیک سلوک کیا جائے۔ خدا نے تاکیداً حکم دیا ہے۔ کیونکہ والدہ نے بڑی تکلیف سے اسے اٹھائے رکھا اور جنا تھا۔	83:2–36:4–151:6–23:17–8:29–14:31–15:46

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
2	اگر مرنے والا کچھ مال چھوڑ رہا ہو تو والدین کے لیے وصیت کرنا لازم ہے۔	180:2
3	جو مال خرچ کرو اس میں والدین کو شامل کرو۔	215:2
4	والدین کا شکر گزار بن کر رہا جائے۔	14:31
5	والدین کے لیے مغفرت کی دعا کی جائے جس طرح حضرت نوحؑ اور حضرت ابراہیمؑ نے کی۔ بشرطیکہ وہ کافر و مشرک نہ ہوں۔	28:71–41:14
6	والدین پر اللہ تعالیٰ کے احسانات کا شکریہ بھی اولاد ادا کرے جس طرح حضرت سلیمانؑ نے کیا۔	15:46–19:27
7	اگر دونوں یا کوئی ایک عمر رسیدہ ہو جائے تو ان کو ہوں، تک نہ کہو، نہ جھڑکو، ادب سے بات کرو، پیار اور عاجزی کے ساتھ پیش آؤ اور دعا مانگو کہ اے اللہ! جس طرح انھوں نے بچپن میں میری پرورش کی تو بھی ان پر رحم فرما۔	24,23:17
8	حضرت یحییٰؑ اپنے والدین کے ساتھ نیکی سے پیش آنے والے تھے۔	14:19
9	حضرت عیسیٰؑ اپنی والدہ کے ساتھ حسن سلوک کرنے والے تھے۔	32:19
10	البتہ گواہی سچی دی جائے چاہے والدین کے خلاف ہی پڑے۔	135:4
11	اگر والدین خدا کے ساتھ شرک پر زور دیں تو ان کا کہنا نہ مانا جائے مگر دنیا میں ان سے عمدگی سے وقت گذارا جائے۔	15:31–8:29

رشتہ دار

1	رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے۔	90:16 –36:4–83:2
2	مال کی محبت کے باوجود قرابت داروں پر خرچ کیا جائے۔	177:2
3	رشتوں کے بارے میں ڈرتے رہو۔ خدا دیکھ رہا ہے۔	1:4

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	تقسیم وراثت کے وقت اگر قرابت دار موجود ہوں تو ان کو کچھ اس میں سے کھلا دو اور معقول طریقے سے ان سے بات کرو۔	8:4
5	ذوی القربیٰ کو ان کا حق دیا جائے۔	38:30–26:17
6	صاحب استطاعت، رشتہ داروں پر خرچ کرنے میں دریغ نہ کریں۔	22:24
7	اختلاف دین کے باوجود رشتہ داری میں دوستی ہونی چاہیے۔	23:42
8	مال فے میں قرابت داروں کا حصہ ہے۔	7:59
9	رشتہ داروں کے لیے ورثہ میں وصیت کی جائے۔	180:2
10	جو کچھ بھی خرچ کیا جائے اس میں رشتہ داروں کا حصہ ہونا چاہیے۔	215:2
11	تبلیغ کا آغاز اپنے قریبی رشتہ داروں سے ہونا چاہیے۔	214:26
12	مال غنیمت کے خمس میں رشتہ داروں کا حصہ ہے۔	41:8
13	شہادت سچی دو چاہے قرابت دار کے خلاف ہی پڑے۔	152:6–106:5–135:4
14	مشرک رشتہ داروں کے لیے دعائے مغفرت نہ کی جائے۔	113:9
15	اگر رضائے الٰہی کی خاطر ان سے اعراض کرنا پڑے تو بھی ان سے نرم لہجے میں بات کی جائے۔	28:17
16	اللہ تعالیٰ رشتہ داروں کو مالی امداد دینے کا حکم دیتا ہے۔	90:16

اولاد

1	کفار اور منافقین کی اولاد ان کے کسی کام نہ آئے گی۔	17:58–116,10:3
2	قتل اولاد کو شرکائے مشرکین نے ان کی نظروں میں اچھا بنا دیا ہے۔	137:6
3	کفار کی (کثرت) اولاد تمھیں تعجب میں نہ ڈالے۔	85,55:9
4	مفلسی کے ڈر سے اولاد کو قتل نہ کیا جائے۔ یہ بہت بڑا گناہ ہے تم سب کے رازق ہم ہیں۔	31:17–151:6

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
5	تمھاری اولاد تمھارے لیے فتنہ ہے۔	28:8
6	تمھاری بعض اولاد تمھاری دشمن ہے۔ان سے بچو۔	14:64
7	تمھاری اولاد تمھیں خدا کی یاد سے غافل نہ کردے۔	9:63
8	اولاد انسان کو خدا کے قریب نہیں کرتی سوائے اہل ایمان صالحین کے۔	37:34
9	اولاد قیامت کے دن کام نہیں آئے گی۔	3:60
10	خدا اور رسول کی دشمن اولاد سے محبت ایمان کے خلاف ہے۔	22:58
11	اولاد کے بارے میں کسی کو خدا کا ساجھی اور شریک ٹھہرانا شیطانی عمل ہے۔	64:17
12	اولاد واموال میں تکاثر دنیوی زندگی کا شعار ہے۔	20:57
13	اولاد ایسی ہو جو آنکھوں کی ٹھنڈک ہو۔	74:25
14	نیک لوگوں کا یہی شعار ہے کہ وہ نیک اولاد کے لیے دعا کرتے ہیں۔	15:46
15	مرتے وقت اولاد کو خدائے واحد کی عبادت و اطاعت کی وصیت کی جائے۔	133:2
16	حضرت ابراہیمؑ نے نیک بیٹے کی دعا کی جو مقبول ہوئی۔	101,100:37
17	حضرت ابراہیمؑ نے اپنی اولاد کے لیے امامت واقامت صلوٰۃ کی دعا کی۔	40:14–124:2
18	پیدائش سے پہلے ہی اولاد کے شیطان سے محفوظ رہنے کی دعا کی جائے۔	36:3
19	مومن عورتوں سے اس بات کا عہد لیا جائے کہ وہ اولاد کو قتل نہیں کریں گی۔	12:60

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
20	ایک اولاد وہ ہے کہ جوان ہونے پر ہمارے حکم کے مطابق ماں باپ کی تکالیف کو مدنظر رکھتے ہوئے خدا تعالیٰ سے اس کے اور والدین کے انعامات کا شکریہ ادا کرتی ہے اور نیک عمل کی توفیق مانگتی ہے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی فرمانبرداری کا اعلان کرتی ہے۔ اللہ ان کی غلطیوں سے درگذر کرے گا اور اہل جنت میں رکھے گا اور دوسری اولاد وہ ہے کہ والدین کی گستاخ قیامت کی منکر اور اسے پہلے لوگوں کی کہانیاں خیال کرتی ہے۔	17,16,15:46
21	لے پالگوں کو اللہ تعالیٰ نے تمھارے بیٹے نہیں بنا دیا یہ محض منہ کی باتیں ہیں۔	4:33
22	لے پالک بیٹوں کو ان کے باپوں کے نام پر پکارو یہی خدا کے ہاں انصاف کے مطابق ہے۔	5:33
23	اگر ان کے باپوں کا پتہ نہ ہو تو انھیں اپنا دینی بھائی اور دوست سمجھو خطاءً ایسا کہنا گناہ نہیں البتہ دل سے ایسا کرنا گناہ ہے۔	5:33

ہمسائے

1	ہمسایہ سے اچھا سلوک کیا جائے۔ اجنبی ہو یا رشتہ دار۔	36:4

رفیق

1	ساتھی کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے۔	36:4

مسافر

1	مسافر کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے۔	36:4
2	مسافر پر مال خرچ کیا جائے۔	215,177:2
3	مال غنیمت کے خمس میں مسافر کا حصہ ہے۔	41:8

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	صدقات میں مسافر کا حصہ ہے۔	60:9
5	مسافر کا حق ادا کرو۔	38:30–26:17
6	اگر رضائے الٰہی کی خاطر ان سے اعراض کرنا پڑے تو بھی ان سے نرم لہجے میں بات کی جائے۔	28:17

قیدی

1	قیدیوں کو محض لوجہ اللہ بغیر احسان و بدلے کے کھانا کھلانا ابرار کا شیوہ ہے۔	9,8:76

یتیموں سے سلوک

1	یتیم کے ساتھ انصاف' اکرام اور احسان کیا جائے۔	–215,177,83:2 17:89–127,36:4
2	یتیم پر سختی نہ کی جائے۔	2:107–9:93
3	یتیم ہمارے بھائی ہیں' ان کی اصلاح کی غرض سے' ان کے ساتھ خلا ملا ہونا چاہیے۔	220:2
4	یتیموں کا مال ان کے حوالے کیا جائے اور گواہ بنا لیے جائیں۔	34:17–6,2:4
5	ان کے اچھے مال کو اپنے ناقص مال کے ساتھ بدلا نہ جائے۔	2:4
6	ان کے مال کو اپنے مال کے ساتھ ملا کر ہضم نہ کر لیا جائے۔	2:4
7	یتیم کا مال آگ کھانے کے برابر ہے۔	10:4
8	یتیم کے مال کے قریب بھی نہ پھٹکو الا یہ کہ ان کے حق میں بہتر ہو۔	34:17
9	یتیم کے مال میں اسراف سے کام نہ لیا جائے۔	6:4

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
10	سنِّ بلوغ کو پہنچ جانے کے بعد اگر ان میں معاملہ فہمی نظر آئے تو مال ان کے حوالے کر دیا جائے۔	34:17–152:6
11	سرپرست غریب ہو تو موافق دستور ان کے مال میں سے اپنی ذات پر خرچ کر سکتا ہے۔غنی ہونے کی صورت میں نہیں۔	34:17–6:4
12	مال غنیمت کے خمس اور مال فے میں یتیم کا بھی حصہ ہے۔	7:59–41:8
13	نادانی کی حالت میں زیر کفالت یتیم افراد کا مال ان کو نہ دیا جائے۔ البتہ ان کا خرچہ اسی میں سے ہوگا۔	5:4
14	یتیموں کے بارے میں نا انصافی کا خطرہ ہو تو اپنی پسند کی دوسری عورتوں سے نکاح کر لیا جائے۔	3:4
15	جب مال ان کے حوالے کرو تو گواہ بنالو۔	6:4
16	یتیم بچیوں سے نکاح کرنا اور ان کے حقوق ادا نہ کرنا بے انصافی ہے۔	127:4
17	قریبی یتیم کو کھانا کھلانا گھاٹی کو پار کرنا ہے۔	15,14:90
18	یتیموں کو لوجہ اللہ کھانا کھلانا بغیر کسی بدلے اور احسان کے ابرار کا شیوہ ہے۔	9,8:76

مساکین وفقراً

1	مساکین سے حسن سلوک کیا جائے۔	32:4–83:2
2	مساکین پر مال خرچ کیا جائے۔	215,177:2
3	تقسیم وراثت کے باوجود مساکین کو کچھ کھانے کو دیا جائے اور ان سے معقول طریقے سے بات کی جائے۔	8:4
4	قسم کے کفارہ کی صورت میں دس مسکینوں کو کھانا کھلایا جائے یا لباس دیا جائے۔	89:5

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
5	حاجی اگر حالت احرام میں کسی جانور کو مار ڈالیں تو اس کی قیمت کے برابر مساکین کو کھانا دیا جائے۔	95:5
6	مال غنیمت کے خمس (پانچویں حصے) میں مساکین کا حصہ ہے۔	41:8
7	صدقات میں فقرأ و مساکین کا حصہ ہے۔	60:9
8	صدقۂ فطر مساکین کو دیا جائے۔	184:2
9	مال فے میں مساکین کا حصہ ہے۔	7:59
10	مسکین کو اس کا حق دیا جائے۔	38:30–26:17
11	بخل کرتے ہوئے مسکین سے مال چھپانا گناہ ہے۔	24:68
12	صاحب استطاعت لوگ، مساکین پر خرچ کرنے سے گریز نہ کریں۔	22:24
13	مسکین کو کھانا کھلانا، گھاٹی کو پار کرنا ہے۔	16:90
14	مسکین پر خرچ کرنے کے لیے کسی کو نہ ابھارنا بھی قیامت کو موجب خسارہ ہوگا۔	3:107–18:89–34:69
15	یہ مجرمین کا شعار ہے کہ مسکین کو کھانا نہ کھلایا جائے۔	44:74
16	مساکین کے مال کو بچانے کے لیے اس میں تغیر و تبدل جائز ہے۔	79:18
17	مسکین کو کھانا کھلانا ابرار کا شعار ہے۔	9,8:76
18	ظہار کی صورت میں ساٹھ مساکین کو کھانا کھلایا جائے۔	4:58
19	اگر رضائے الٰہی کی خاطر ان سے اعراض کرنا پڑے تو بھی ان سے نرم لہجے میں بات کی جائے۔	28:17
20	سائل کو جھڑکا نہ جائے۔	10:93

غلام

1	غلام کو آزاد کرنا گھاٹی کو پار کرنا ہے۔	13تا11:90

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
2	تمھارے غلاموں میں سے جو (غلام سے کچھ مال لے کر آزاد کر دینا) مکاتبت کرنا چاہیں، اگر تمھیں ان میں کچھ بھلائی نظر آئے تو اللہ کے لیے دیئے ہوئے مال میں سے ان کو دو۔	33:24
3	غلام عورتوں کو ___ جب وہ بچنا چاہتی ہیں ___ زنا پر دنیوی مال کی خاطر مجبور نہ کیا جائے۔	33:24
4	غلام عورتیں تمھیں میں سے ہیں۔ اس لیے ان کے مالکوں کی اجازت سے بارادہ احصان ان سے نکاح کرو اور حق مہر ادا کرو۔	25:4
5	پھر اگر وہ بے حیائی کا ارتکاب کریں تو ان پر آزاد عورت کی نسبت نصف سزا ہے۔	25:4
6	اپنے ہاتھ کے مال ___ غلاموں ___ کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ۔	36:4

سماجی زندگی کے آداب

1	لوگوں سے اچھی بات کہی جائے۔ شیطان فساد ڈلوانے کی کوشش کرتا ہے۔	53:17–83:2ŏŏ
2	زیادہ بلند آواز سے نہ بولا جائے۔	19:31
3	زمین پر آرام و اعتدال سے چلا جائے۔ پاؤں مار مار کر نہ چلا جائے۔	37:17 –63:25 – 19:31
4	گردن اکڑا کر نہ چلا جائے اس سے آدمی نہ زمین پھاڑ سکتا ہے نہ پہاڑ پر پہنچ سکتا ہے۔	38,37:17
5	کسی کا مذاق نہ اڑایا جائے۔	11:49
6	کسی کے نام نہ دھرے جائیں یہ باعث بربادی ہیں۔	1:104–11:49
7	کسی کی عیب جوئی نہ کی جائے یہ باعث بربادی ہے۔	1:104–12:49

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
8	کسی کی غیبت نہ کی جائے۔ یہ مردہ بھائی کا گوشت کھانے کے برابر ہے۔	12:49
9	کسی کے متعلق بدگمانی سے نہیں بلکہ حسن ظن سے کام لیا جائے۔	17,16,12:24– 12:49
10	کسی کے گھر میں بلا اجازت وتسلیم داخل نہ ہوا جائے۔	27:24
11	اگر صاحب خانہ واپس چلے جانے کو کہیں تو اس میں توہین نہ سمجھی جائے۔	28:24
12	مجلس میں دوسرے کے لیے گنجائش پیدا کی جائے۔ اللہ اس کے لیے کشادگی پیدا کردے گا۔	11:58
13	کسی کے گھر میں ضرورت سے زیادہ نہ بیٹھا جائے۔	53:33
14	والدین اور رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آیا جائے۔	83:2
15	لوگوں سے تحقیراً منہ موڑ کر بات نہ کی جائے۔	18:31
16	ہمسایہ ___ اپنا ہو یا اجنبی ___ سے اچھا سلوک کیا جائے۔	36:4
17	اپنے پہلو کے ساتھی کے ساتھ اچھا رویہ رکھا جائے۔	36:4
18	نیکی کے کاموں میں دوسروں سے تعاون کیا جائے۔	2:5
19	منہ سے ہرگز ایسی بات ___ معمولی سمجھ کر ___ نہ نکالی جائے جس کا پوری طرح علم نہ ہو۔	15:24
20	نیکی اور بدی ایک سی نہیں ہوسکتیں۔ برائی کا نیکی سے بدلہ دوگے تو دشمن بھی گہرا دوست بن جائے گا۔	34:41
21	زیادہ لینے کی غرض سے کسی پر احسان نہ کیا جائے۔	6:74
22	برائی کی مدافعت بہترین رویہ سے کی جائے۔	96:23

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
23	عام استعمال کی چیزیں ایک دوسرے کو دینے سے دریغ نہ کیا جائے۔	7:107
24	غیر آباد گھر میں جہاں کسی کا سامان پڑا ہو داخل ہوا جا سکتا ہے۔	29:24
25	نیک کام کئے جائیں۔	77:22
26	عفو و درگذر سے کام لیا جائے۔	40:42–22:24
27	گناہ و تعدی میں کسی سے تعاون نہ کیا جائے۔	2:5
28	باہمی سرگوشیاں اور مشورے بھی نیک مقاصد کے لیے ہوں۔ بُرے مقاصد کے لیے نہیں۔	9:58
29	گناہ ظلم اور نافرمانیٔ رسول کے متعلق سرگوشیاں دوزخی بنا دیتی ہیں اور یہ مسلمانوں کو فکر میں ڈالنے کے لیے ہیں۔	10,8:58
30	منہ سے جو بات نکالی جائے پختہ و پائدار ہو۔	70:33
31	جاہلوں کو دور ہی سے سلام کر دیا جائے۔	63:25
32	لغو کاموں سے شریفانہ طور پر دامن بچا کر نکل جائے۔	72:25
33	کسی کو طعنے نہ دیئے جائیں۔	11:49
34	دو گروہ لڑ پڑیں تو ان میں صلح کرا دی جائے۔	9:49
35	پکی اور سیدھی بات کہی جائے اس سے اعمال درست ہوتے اور گناہ معاف ہوتے ہیں۔	71,70:33
36	یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آیا جائے۔	83:2
37	عہد کو پورا کیا جائے۔ اللہ کا ہو یا بندوں کا' اس کے متعلق باز پرس کی جائیگی۔	34:17–152:6–1:5
38	جس بات کا علم نہ ہو اُس کا دعویٰ نہ کیا جائے۔	36:17
39	اگر مجلس سے اٹھ جانے کے لیے کہا جائے تو اٹھ جائے۔	11:58
40	مسافروں کے ساتھ حسنِ سلوک روا رکھا جائے۔	36:4

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
41	کسی فاسق کی خبر پر بغیر تحقیق یقین نہ کیا جائے۔ ورنہ نادانی میں کسی کو نقصان پہنچا دینے اور پھر پشیمانی کا خدشہ ہے۔	6:49
42	بات بات پر قسمیں نہ کھائی جائیں۔	224:2
43	جس چیز کا علم نہ ہو اس کا اتباع نہ کیا جائے۔	36:17
44	اکٹھے مل کر یا علیحدہ علیحدہ کھانے میں کوئی حرج نہیں۔	61:24
45	اندھے، لنگڑے، مریض یا خود تم بھی اپنے اپنے آبا، ماؤں، بھائیوں، بہنوں، چچاؤں، پھوپھیوں، ماموؤں، خالاؤں یا دوستوں کے گھروں سے یا ان گھروں سے جن کی چابیاں تمھاری ملکیت میں ہیں کھا پی سکتے ہو۔	61:24
46	گھروں میں داخل ہونے پر پاکیزہ و برکت والی سلام دعا ایک دوسرے کے لیے کی جائے۔	61:24
47	برائی کا بدلہ اتنی ہی برائی ہے لیکن اگر کوئی معاف کر دے اور اصلاح کر لے تو یہ باعث اجر ہے۔	40:42
48	اگر کوئی ظلم ہونے پر بدلہ لے تو اس سے کوئی باز پرس نہیں۔ باز پرس ظلم اور فساد فی الارض کرنے والوں سے ہوگی۔	42,41:40

مرد و عورت کا مقام

1	تمام انسانوں کو ایک ہی نفس سے پیدا کیا گیا ہے۔	1:4–99:6–189:7–6:39
2	تمام انسان ایک ہی مرد و عورت کی اولاد ہیں۔ فضیلت کا معیار صرف تقویٰ ہے۔	13:49

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
3	مرد وعورت باہم جوڑے ہیں جو ایک دوسرے سے پیدا ہوئے ہیں۔	2:25، 232،35، 234، 240–15:3–1:4، 12، 57– 24:9–3:6– 72:16–38،23:13– 6:24–6:23– 74:26، 166– 28، 6:33–21:30، 37، 50،52، 53، 59– 56، 36:36–11:35– 6:39–8:40–11:42– 11:60–70:43– 4:64–1:66–30:70– 8:78
4	عورت مرد کی ساتھی ہے۔	13:70
5	مرد وعورت ایک دوسرے کا لباس ہیں۔	187:2
6	عورت کے فرائض کی طرح اس کے حقوق بھی ہیں۔	228:2
7	مردوں کو عورتوں پر ایک درجہ حاصل ہے۔	228:2
8	مرد عورت کا قوام ہے اور اسے فضیلت حاصل ہے۔	34:4
9	عورتوں سے دستور کے مطابق زندگی بسر کی جائے۔	19:4
10	بیوی اگر ناپسند ہو تو بھی اس کے ساتھ گذارا کیا جائے۔	19:4
11	عورتوں کی وراثت زبردستی حاصل نہ کی جائے۔	19:4
12	متوفی شوہر کی بیوی عدت گذارنے کے بعد دستور کے مطابق کہیں بھی نکاح کرنے میں آزاد ہے۔	234:2
13	عورتوں کو اپنی کمائی سے اور مردوں کو اپنی کمائی سے حصہ ملتا ہے۔ ایک دوسرے کی فضیلت کی آرزو نہ کرو۔	32:4

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
14	دودھ چھڑوانے میں ان کی مرضی ملحوظ رکھی جائے۔	233:2
15	بچے کی وجہ سے انھیں تکلیف نہ دی جائے۔	233:2
16	مطلقہ عورت اگر باہمی رضامندی سے پہلے خاوند کے ساتھ دوبارہ نکاح کرنا چاہے تو اسے روکا نہ جائے۔	232:2
17	مردوں کا اپنی کمائی میں اور عورتوں کا اپنی کمائی میں حصّہ ہے۔	32:4
18	نکاح کی گرہ مرد کے ہاتھ میں ہے۔	237:2
19	ایک دوسرے کی فضیلت کی ہوس نہ کرو۔	32:4
20	پاک دامن و بھولی بھالی عورتوں پر بہتان لگانے والے ملعون دنیا و آخرت اور مستحق عذاب عظیم ہیں۔	23:24
21	اگر عورت کی نافرمانی کا ڈر ہو تو سمجھاؤ' خواب گاہوں میں انھیں اکیلا چھوڑ دو' اور مارو' اور اگر تمھاری اطاعت کرنے لگیں تو اب زیادتی کا کوئی بہانہ نہ تلاش کرو۔	34:4

پردہ اور شرم وحیا

1	کسی کے گھر میں بلا اجازت داخل نہ ہوا جائے چاہے گھر میں کوئی نہ ہو۔	27:24
2	اگر واپس چلے جانے کو کہا جائے تو لوٹ آنا اچھا ہے۔	28:24
3	صرف غیر آباد مکانوں کے اندر جانے کی اجازت ہے۔	29:24
4	مومن مرد اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور شرم گاہوں کی حفاظت کریں۔	30:24
5	مومن عورتیں بھی اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی عصمت کی حفاظت کریں۔ اور سینوں پر اوڑھنیاں لے رکھیں۔	31:24
6	اپنا بناؤ سنگھار سوائے ناگزیر کے کسی پر ظاہر نہ کریں۔	31:24

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
7	اپنے گریبانوں پر اوڑھنیاں دالیں تا کہ پہچانی جا سکیں اور انہیں ایذا نہ دی جا سکے۔	59:33–31,24
8	صرف مندرجہ ذیل اشخاص پر ان کا سنگھار ظاہر ہو سکتا ہے۔ خاوند، باپ، سسر، بیٹا، خاوند کی اولاد، بھائی، بھتیجا، بھانجا، خاندان کی عورتیں، غلام، شہوت سے محروم خادم، صنفی جذبات سے ناواقف لڑکے۔	55:33–31:24
9	دب کر بات نہ کریں تا کہ کوئی غلط کار غلط توقعات نہ لگا بیٹھے۔	32:33
10	اپنے پاؤں مار مار کر نہ چلیں کہ ان کا پوشیدہ سنگھار ظاہر ہو۔	31:24
11	گھروں میں رہیں۔	33:33
12	دور جاہلیت کی طرح نمائش نہ کرتی پھریں۔	33:33
13	غلام اور نادان بچے بھی تین اوقات میں ____ نماز فجر سے پہلے، دوپہر کو اور عشا کے بعد ____ اجازت لے کر اندر جائیں۔	58:24
14	سمجھ دار ہو جانے کے بعد بچے بھی اجازت لے کر اندر آئیں۔	59:24
15	صرف بوڑھی عورتیں ہی کپڑے اتار کر رکھ سکتی ہیں مگر انھیں بھی زینت کی نمائش مقصود نہ ہو۔ تاہم اس سے بچنا زیادہ بہتر ہے۔	60:24
16	لباس واجب الستر جگہوں کو چھپانے اور زینت کی غرض سے نازل کیا گیا ہے۔ اور لباس وہی بہتر ہے جس میں تقویٰ ہو۔	26:7
17	اللہ تعالیٰ نے آرائش اپنے بندوں ہی کے لیے بنائی ہے، اسے کون حرام قرار دے سکتا ہے۔ دنیا و آخرت میں یہ مومنوں کے لیے ہے۔	32:7

نکاح

1	زنا کے قریب نہ جاؤ یہ بہت بڑی بے حیائی اور بُری راہ ہے۔	32:17
2	نکاح سے مقصود قید میں لانا ہے نہ کہ شہوت رانی یا یارانہ گانٹھنا۔	25,24:4
3	غلام مومن، آزاد مشرک سے بہتر ہے۔	221:2

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	مومن باندی' آزاد مشرکہ سے بہتر ہے۔	221:2
5	ہوسکتا ہے جسے تم ناپسند کرتے ہو اس میں خدا نے بڑی بھلائی رکھی ہو۔	19:4
6	باندی یا غلام سے نکاح اس کے مالک کی اجازت سے کیا جائے۔ اور حق مہر دیا جائے۔	25:4
7	خبیث عورتیں خبیثوں کے لیے اور پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کے لیے ہیں۔	26:24
8	ایک دو تین اور چار عورتوں تک سے نکاح کیا جاسکتا ہے۔	3:4
9	لیکن پورا عدل نہ ہو سکنے کی وجہ سے ممکن حد تک توازن رکھا جائے یا صرف ایک عورت پر اکتفا کیا جائے۔	29,3:4
10	اگر اخراجات برداشت نہ کر سکنے یا کسی اور وجہ سے نکاح نہ کیا جاسکتا ہو تو بغیر نکاح کئے پاکدامنی اختیار کی جائے۔	33:24–25:4
11	اپنے رانڈوں' نیک غلاموں اور باندیوں کا نکاح کر دو۔ اگر وہ غریب ہیں تو اللہ غنی کر دے گا۔	32:24
12	حیض ایک گندگی ہے۔ اس لیے بحالت حیض ان کے قریب نہ جاؤ تا آنکہ وہ غسل نہ کرلیں۔	222:2
13	عورتیں مردوں کی کھتیاں ہیں۔ اس لیے جیسے چاہیں مقام مامور تک رسائی حاصل کریں۔	224,223:2
14	بیویوں اور باندیوں سے باہر جو لوگ جنسی خواہش پورا کرنا چاہتے ہیں وہ حد سے بڑھنے والے ہیں۔	31:70
15	بیویوں اور لونڈیوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے مردوں پر جو حقوق و فرائض عائد کئے ہیں۔ وہ اس کو خوب معلوم ہیں۔	50:33

حق مہر

1	حق مہر دستور کے مطابق دینا ضروری ہے۔	25,24,4:4
2	صحبت سے پہلے طلاق کی صورت میں نصف حق مہر دینا ہوگا۔	237:2
3	عورت معاف کرسکتی ہے یا جس کے ہاتھ میں رشتہ نکاح ہے۔	237:2
4	عورت اگر برضا و رغبت حق مہر دے دے تو پھر مرد کے لیے جائز و حلال ہے۔	4:4–229:2
5	خلع کی صورت کے علاوہ مرد کے لیے حق مہر دبالینا جائز نہیں۔	21,20:4–229:2
6	عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے دیئے جائیں۔	4:4
7	حق مہر کا کچھ حصہ مارنے کے لیے عورتوں کو تنگ نہ کیا جائے۔	19:4
8	نکاح ثانی کی صورت میں پہلی بیوی کو اگر دولت کا انبار بھی دیا جا چکا ہو تو اسے واپس لینا گناہ ہے۔	20:4
9	ہجرت کر کے آنے والی عورتوں کا امتحان کرلیا جائے۔ مومن ثابت ہونے کی صورت میں انھیں واپس نہ کیا جائے کیونکہ وہ کافر مردوں کے لیے اور کافر مرد ان کے لیے حلال نہیں البتہ ان کا حق مہر واپس کر دیا جائے۔	10:60
10	اگر کسی مسلمان کی عورت بھاگ کر کافروں سے جا ملے اور وہ کافر حق مہر (اور نفقہ) واپس نہ کریں تو جو عورت ادھر سے بھاگ کر مسلمانوں میں آجائے اس کا حق مہر اس کے سابق خاوند کو دینے کی بجائے اس مسلمان کو دیا جائے۔	11:60

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	حرام رشتے	
1	مندرجہ ذیل عورتوں سے نکاح کرنا حرام ہے۔ 1۔ باپ کی منکوحہ 2۔ ماں 3۔ بیٹی 4۔ بہن 5۔ پھوپھی 6۔ خالہ 7۔ بھتیجی 8۔ بھانجی 9۔ رضاعی ماں 10۔ رضاعی بہن 11۔ ساس 12۔ مدخولہ بیوی کی پہلی بیٹی 13۔ حقیقی بہو 14۔ دو بہنوں سے بیک وقت نکاح 15۔ منکوحہ عورت۔	24,23,22:4
2	زانی، زانیہ، مشرک اور مشرکہ سے نکاح حرام ہے۔	3:24–221:2
3	وہ عورت جسے تین طلاقیں مل چکی ہوں (جب تک وہ کسی اور خاوند سے نکاح نہ کر چکی ہو)۔	230:2
4	جو عورت طلاق یا خاوند کی موت کی عدت گذار رہی ہو۔	235:2
5	نبی علیہ السلام کی ازواج مطہرات۔	6:33
6	کافر عورت یا مرد۔	10;60
	حلال رشتے	
1	مذکورہ بالا رشتوں کے سوا سب حلال ہیں غلام ہوں یا آزاد، مومن ہوں یا اہل کتاب، بیویاں ہوں یا لونڈیاں بشرطیکہ قید میں لانا مقصود ہو صرف شہوت رانی مدنظر نہ ہو۔	5:5–24:4
2	بیویوں یا لونڈیوں کے سوا کوئی دوسری صورت حد سے تجاوز ہے اور قابل ملامت۔	7,6:23
3	لے پالک بیٹوں کی مطلقہ عورتوں سے نکاح کر لینے میں کوئی حرج نہیں نہ اس میں لوگوں کی مخالفت سے ڈرنا چاہیے۔ اللہ اسی طرح سابقہ پیغمبروں اور مبلغوں کے ذریعے ایسے غلط طریقوں کو مٹاتا چلا آیا ہے۔	39,38,37:33

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	طلاق اور خلع کے احکام	
1	اصلاح وتقویٰ کے ناکام ہو جانے پر اگر میاں بیوی علیحدگی اختیار کر لیں تو اللہ ہر ایک کو غنی کر دے گا۔	130,129:4
2	طلاق عدت کے وقت سے پہلے دی جائے اور عدت کا شمار کیا جائے اور خدا خوفی سے کام لیا جائے۔	1:65
3	عورت کی بدخوئی پر پہلے نصیحت پھر ترک صحبت اور پھر تادیب سے کام لیا جائے۔	34:4
4	اگر باہمی ناچاقی کا ڈر ہو تو پہلے مرد و عورت ہر دو کی جانب سے ثالث صلح کرانے کی کوشش کریں۔	35:4
5	اگر عورت کو مرد کی بے رخی و بدخوئی کا گلہ ہو تو بھی پہلے جانبین میں ثالثوں کے ذریعے مصالحت کرائی جائے۔	128,35:4
6	(قابل رجوع) طلاق صرف دو بار تک ہے۔ (اس حالت میں خاوند چاہے بیوی کو اچھے طریقے سے اپنے پاس روک لے چاہے تو احسان کے ساتھ آزاد کر دے)۔	231,229:2
7	تیسری طلاق کے بعد نئے خاوند سے نکاح کئے بغیر عورت دوبارہ اس کے لیے حلال نہیں۔	230:2
8	اگر میاں بیوی حدود الٰہی کو قائم نہ رکھ سکیں تو عورت فدیہ دے کر خلع کر سکتی ہے۔	229:2
9	عدت پوری کر لینے پر انھیں رضا مندی سے نکاح کرنے سے نہ روکا جائے۔	234,232:2

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
10	اگر مرد نے کچھ عرصہ کے لیے قریب نہ جانے کی قسم کھالی ہو تو چار ماہ کے بعد طلاق ہو سکتی ہے۔	226:2
11	نکاح ثانی وثالث کی صورت میں پہلے خاوند کا زیادہ حق ہے۔	228:2
12	عدت قریب آنے پر یا انھیں مناسب طریق پر بطور بیوی رکھ لیا جائے یا مناسب طور پر آزاد کر دیا جائے۔ ظلماً روکے نہ رکھا جائے۔	2:65–231:2
13	طلاق اور رجوع ہر دو صورت میں دو گواہ رکھے جائیں۔	2:65
14	حق مہر واپس لینا جائز نہیں۔	21,20:4–229:2
15	مطلقہ کو کچھ نہ کچھ اپنی بساط کے مطابق سامان دے کر رخصت کیا جائے۔	236:2
16	مجامعت سے پہلے بھی طلاق دی جا سکتی ہے اور اسی طرح حق مہر مقرر کرنے سے پہلے بھی۔	236:2
17	طلاق کے بعد دوبارہ ایذا کی خاطر روک رکھنا ظلم ہے اور آیات الٰہی سے مذاق ہے۔	231:2
18	مجامعت سے پہلے یا مہر مقرر کرنے سے پہلے طلاق کی صورت میں اپنی حیثیت کے مطابق عورت کو کچھ نہ کچھ سامان دے کر رخصت کیا جائے۔	236:2
19	دوسری مطلقہ عورتوں کو بھی کچھ نہ کچھ دیا جائے۔	241:2

عدت کے احکام

1	عام مطلقہ عورت کی مدت تین حیض ہے۔	228:2
2	نابالغ یا عمر رسیدہ عورت کی عدت تین ماہ ہے۔	4:65
3	حاملہ کی عدت صرف وضع حمل (پیدائش بچہ) تک ہے۔	6,4:65

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	شوہر مردہ کی عدت کم از کم چار ماہ دس دن اور زیادہ سے زیادہ ایک سال ہے۔	240,234:2
5	دوران عدت حیثیت کے مطابق اس کا نان نفقہ اور رہائش مرد کے ذمہ ہوگی اور انھیں گھروں سے نہیں نکالا جائے گا نہ تنگ کیا جائے گا الّا یہ کہ وہ کھلے گناہ کا ارتکاب کریں۔عورتیں خود بھی ان گھروں سے نہ نکلیں۔	241,240,236:2–6,1:65
6	دوران عدت' ان سے اشاروں کنایوں میں تو نکاح کی بات درست ہے صراحتہً نہیں۔	235:2
7	عورتیں عدت کے سلسلہ میں اپنے حمل کو نہ چھپائیں۔	228:2
8	عدت کے بعد عورت معروف طریقے سے جہاں چاہے نکاح کر سکتی ہے۔	240,234:2
9	اگر مجامعت سے پہلے طلاق ہو جائے تو کوئی عدت نہیں البتہ۔عورت کو کچھ سامان دے کر رخصت کیا جائے۔	49:33
10	اگر حدود کو توڑا نہ جائے تو بہت ممکن ہے اللہ نئی صورت حال پیدا کر دے۔	1:65
11	عدت کا حساب رکھا جائے اور خدا سے ڈرا جائے۔	1:65

ظہار

(بیوی کو ماں بہن کے ساتھ تشبیہ دینا)

1	ظہار جھوٹ اور ناپسندیدہ بات ہے۔	2:58
2	ایسا کہنے سے بیوی ماں نہیں بن جاتی' ماں وہی ہے جس نے اُسے جنا۔	2:58–4:33

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
3	اظہار کا کفارہ یہ ہے کہ بیوی کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے دو ماہ کے مسلسل روزے رکھے۔ یا ایک غلام آزاد کرے یا ساٹھ مساکین کو کھانا کھلائے۔	4,3:58
4	اللہ تعالیٰ نے کسی مرد کے دل میں دو دل نہیں رکھے۔	4:33

رضاعت

1	رضاعت کی مدت دو سال ہے۔	14:31–233:2
2	حمل اور دودھ چھڑانے کی مدت تیس ماہ ہے۔	15:46
3	باہمی رضامندی سے والدین قبل از وقت بھی دودھ چھڑوا سکتے ہیں۔	233:2
4	اگر وہ ماں کے علاوہ کسی اور عورت سے دودھ پلوانا چاہیں تو بھی اجازت ہے بشرطیکہ اجرت مناسب ادا کر دی جائے۔	6:65–233:2
5	مطلقہ ماں اگر بچے کو دودھ پلائے تو وہ سابقہ خاوند یا اس کے وارث سے ان کی حیثیت کے مطابق خرچ لے سکتی ہے۔	7,6:65–233:2
6	ماں یا باپ کو بچے کی وجہ سے تکلیف نہ دی جائے۔	233:2

ایلاءٓ

(بیوی سے مجامعت نہ کرنے کی قسم کھالینا)

1	اپنی عورتوں سے ایلاءٓ کرنے والوں کے لیے چار ماہ تک انتظار جائز ہے۔	226:2
2	اگر اس سے پہلے وہ باز آ جائیں تو اللہ معاف کر دینے والا ہے۔	226:2
3	اگر وہ طلاق دینے کا ارادہ رکھتے ہوں تو بھی اللہ جانتا سنتا ہے۔	227:2

احکام وراثت ووصیت

1	والدین اور اقربا کے ترکہ میں قلیل ہو یا کثیر مردوں کا حصہ بھی ہے اور عورتوں کا بھی	7:4

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
2	اگر تقسیم کے وقت ناتے والے' یتیم اور مسکین لوگ حاضر ہوں تو انھیں بھی کچھ دے دیا جائے۔	8:4
3	مرد کا حصہ دو عورتوں کے برابر ہے۔	11:4
4	اگر میت کی لڑکیاں دو سے زیادہ ہوں تو ترکہ کے دو تہائی ۲/۳ کی وارث ہوں گی۔	11:4
5	اگر ایک ہی لڑکی ہو تو نصف ۱/۲ کی وارث ہوگی۔	11:4
6	اگر اس کی کوئی اولاد نہ ہو تو والدین میں سے ماں کا حصہ ایک تہائی 1/3 ہو گا۔	11:4
7	اور والدین میں سے ہر ایک کا حصہ چھٹا ۱/۶ ہوگا۔ بشرطیکہ میت کی کوئی اولاد نہ ہو۔	11:4
8	اگر بیوی فوت ہو جائے اور اس کی کوئی اولاد نہ ہو تو خاوند کو وصیت و قرضہ کی ادائیگی کے بعد ایک چوتھائی ۱/۴ ملے گا۔	12:4
9	اور اگر خاوند فوت ہو جائے اور اس کی کوئی اولاد نہ ہو تو بیوی کو ایک چوتھائی ۱/۴ ملے گا۔	12:4
10	اور اگر اس خاوند کی کوئی اولاد ہے تو وصیت و قرضہ کی ادائیگی کے بعد بیوی کو آٹھواں ۱/۸ ملے گا۔	12:4
11	اگر میت کا نہ باپ ہے نہ بیٹا' البتہ اس کا کوئی بھائی یا بہن ہے تو ہر ایک کو چھٹا حصہ ۱/۶ ملے گا۔	12:4
12	اور اگر ایک سے زیادہ ہوں تو وہ ایک تہائی 1/3 میں باہم شریک ہوں گے۔	12:4

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
13	اگر کوئی کلالہ (حالت میں) مرجائے اور اس کی کوئی اولاد نہ ہو اور اس کی کوئی بہن ہو تو اسے نصف ۱/۲ ملے گا۔	176:4
14	اور اگر یہ بہن مرجائے اور اس کی کوئی اولاد نہ ہو تو یہ بھائی اس کا وارث ہوگا۔	176:4
15	اور اگر اس کلالہ کی دو بہنیں ہوں تو انھیں دو تہائی ۲/۳ ملے گا۔	176:4
16	اور اگر کلالہ کے بہن بھائی ملے جلے ہوں تو مرد کو عورت سے دوگنا حصہ ملے گا۔	176:4
17	ناتے والے آپس میں ایک دوسرے کے زیادہ حقدار ہیں۔	6:33–75:8
18	مہاجر اور انصار ایک دوسرے کے اولیاٗ ہیں۔	72:8
19	مرتے وقت اگر ترکہ ہو تو والدین اور اقرباٗ کے لیے دستور کے مطابق وصیت کرنا ضروری ہے۔	180:2
20	اگر خاوند مرجائے تو وہ اپنی بیوی کے لیے ایک سال تک خرچ اور رہائش کے لیے وصیت کرجائے۔	240:2
21	وصیت کرتے وقت دو معتبر آدمیوں (مسلم یا غیر مسلم) کی شہادت ہونی چاہیے۔	106:5
22	والدین اور اقربا کے ترکہ میں وارث ٹھہرادیئے گئے ہیں۔	33:4
23	جن سے عقد موالات باندھا گیا ہے ان کو بھی حصہ دیا جائے۔	33:4
24	وصیت میں تبدیلی موجب گناہ ہے۔	181:2
25	البتہ اگر وصیت کنندہ نے وصیت میں طرفداری یا جرم کا ارتکاب کیا ہو تو اس میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔	182:2
26	تقسیم وراثت کے وقت خوف خدا اور اپنی کمزور اولاد کا خوف مدِ نظر رہنا چاہیے۔	9:4
27	تقسیم وراثت، ادائے قرض وایفائے وصیت میں کسی کو نقصان نہ پہنچے۔	12:4

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
28	احکام وراثت خدا کی مقرر کردہ حدود ہیں جن کی پابندی فوز عظیم اور جن کی خلاف ورزی ابدی جہنم اور عذاب مہین کا باعث ہوگی۔	14,12:4
29	عقد موالاۃ والوں کو بھی ان کا حصہ دیا جائے۔	33:4
30	غیر رشتہ دار مومنوں اور مہاجروں سے رشتہ دار اللہ کی کتاب کے مطابق باہم زیادہ قریبی ہیں۔	7:33
31	البتہ اپنے دوستوں کے ساتھ نیکی کرنا چاہو تو ٹھیک ہے۔ یہ بات کتاب میں لکھی جا چکی ہے۔	6:33
32	مال وراثت بے دریغ کھا جانا موجب خسارہ قیامت ہے۔	19:89

نظام حکومت

1	حکومت صرف اللہ کے لیے ہے۔	–62,57:6 –67,40:12 12:40–88,70:28 –120:5–30:2 –116:9–166,158:7 –42:24–62:20 –39,13:35–2:25 –44,6:39–26:38 –85:43–49:42 –14:48–27:45 –1:67–1:64–2:57 9:85
2	انسان زمین پر خدا کا خلیفتہ ہے۔	
3	زمین و آسمان کی بادشاہی اسی کی ہے۔	–189,26:3–107:2 –40,17:5 83:36–89,88:23
4	جو لوگ اللہ کی وحی کے مطابق حکومت نہیں کرتے وہ ظالم ہیں۔	47:5

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
5	جولوگ اللہ کی وحی کے مطابق حکومت نہیں کرتے وہ فاسق ہیں۔	4:5
6	جولوگ اللہ کی وحی کے مطابق حکومت نہیں کرتے وہ کافر ہیں۔	44:5
7	حق اور وحی الٰہی کے مطابق حکومت کی جائے' خواہش نفس کے مطابق نہیں۔	26:38–49:5
8	اللہ و رسول کی اطاعت کی جائے اور اگر کسی معاملہ میں حکام سے اختلاف ہوجائے تو اللہ ورسول کی طرف رجوع کیا جائے۔	10:42–59:4
9	جولوگ اللہ کی باغی طاقتوں کے پاس فیصلے لے جاتے ہیں وہ اپنے دعویٰ ایمان میں گمراہ اور جھوٹے ہیں۔	60:4
10	اہل کتاب میں کچھ لوگ ایسے ہیں کہ انھیں کتاب کے فیصلے کی طرف بلایا جائے تو منہ پھیر لیتے ہیں۔	23:3
11	خلق اور امر (حکومت) دونوں اسی کا حق ہے۔	54:7
12	دین (نظام ودستور حکومت) صرف اللہ کا ہونا چاہیے۔	3:39
13	خدا کے ہاں مقبول دین (نظام حیات) صرف اسلام ہے۔	19:3
14	جوشخص اسلام کے سوا کوئی اور دین (نظام) چاہتا ہے۔ ہرگز قبول نہیں ہو گا۔	85:3
15	ہم نے زبور میں نصیحت کے بعد لکھ دیا کہ زمین کے وارث میرے نیک بندے ہوں گے۔	105:21
16	بادشاہی میں خدا کا کوئی شریک نہیں۔	10:38–111:17
17	سچا بادشاہ اللہ ہی ہے۔	114:20
18	اللہ کے حکم سے بہتر کس کا حکم ہوسکتا ہے۔	50:5
19	مسلمانوں کے معاملات باہمی مشورے سے طے ہونے چاہیں۔	38:42

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
20	اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو دین حق دے کر اسی لیے بھیجا ہے تا کہ اسے تمام ادیان پر غالب کرے چاہے کافر و مشرک لوگوں کو یہ بات ناگوار گزرے۔	9:61–28:48–32:9
21	اے پیغمبر! ان سے اس معاملہ میں مشورہ کرو اور پھر جب کام کا پختہ ارادہ ہو جائے تو پھر اللہ پر بھروسہ کرو۔	159:3
22	کفار سے جنگ کرو تا کہ فتنہ مٹ جائے اور اللہ ہی کا دین (نظام) قائم ہو جائے۔	39:8–193:2
23	حکومت کا مقصد اقامت صلوٰۃ، ایتاء زکوٰۃ، امر بالمعروف و نہی عن المنکر ہے۔	41:22
24	حکمران کو بسطۃً فی العلم والجسم ہونا چاہیے۔	247:2
25	اسلامی حکومت کا دفاع اتنا مضبوط ہو کہ دشمن اپنی جگہ مرعوب ہو۔	60:8
26	حکمرانی کا معیار نسب یا دولت نہیں۔	247:2
27	ملوکیت (آمریت) میں بستیاں برباد اور عزیز ذلیل ہو جاتے ہیں۔	34:27

قانون و عدالت

1	عدل سے کام لو۔ عدل تقویٰ کے زیادہ قریب ہے۔	9:49–8:5
2	اللہ تعالیٰ تمھیں عدل و انصاف کا حکم دیتا ہے۔	90:16–29:7
3	اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔	8:60–9:49–42:5
4	جب لوگوں کے درمیان فیصلے کرو تو انصاف سے کرو۔	42:5–58:4
5	عدل پر قائم رہا جائے چاہے یہ اپنے، اقربا یا اعزّہ کے خلاف پڑے۔	135:4
6	بات کرو تو بھی عدل سے کام لو چاہے کوئی قریبی ہی کیوں نہ ہو۔	152:6
7	کہو! کہ مجھے میرے اللہ نے انصاف کا حکم دیا ہے۔	29:7
8	عدل و انصاف کا حکم دینا ایک امتیازی وصف ہے۔	21:3

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
9	کسی قوم کی دشمنی تمھیں بے انصافی پر برانگیختہ نہ کرے۔	8:5
10	جولوگ وحی کے مطابق فیصلے نہیں کرتے وہ ظالم ہیں۔	45:5
11	جولوگ وحی کے مطابق فیصلے نہیں کرتے وہ فاسق ہیں۔	47:5
12	جولوگ وحی کے مطابق فیصلے نہیں کرتے وہ کافر ہیں۔	44:5
13	اللہ کی بات عدل وصدق میں کامل ہے۔	115:6
14	وحی کے مطابق فیصلہ کیا جائے اوران کے مقابلہ میں کسی کی خواہشات کی پیروی نہ کی جائے۔	49,48:5
15	اللہ کے فیصلے سے بڑھ کر کس کا فیصلہ ہوسکتا ہے۔	50:5
16	رسولوں کے ساتھ کتاب اور میزان اتاری گئی تا کہ لوگ انصاف پر قائم رہیں۔	25:57
17	اہل کتاب کے تنازعات میں فیصلہ اور عدم فیصلہ کا اختیار ہے۔	42:5
18	کیا یہ لوگ (خدا کے فیصلے کی بجائے) جاہلیت کے فیصلے چاہتے ہیں۔	50:5
19	برائی کا بدلہ اتنی ہی برائی ہے۔ اگر کوئی معاف کر دے تو باعث اجروثواب ہے۔	40:42
20	مجھے تمھارے درمیان عدل سے کام لینے کا حکم دیا گیا ہے۔	15:42
21	کسی معاملہ میں اختلاف ہوتو اس کا فیصلہ اللہ کے پاس ہے۔	10:42
22	ہماری مخلوق میں سے ایک جماعت ایسی ہے جو حق کے ساتھ انصاف کرتی ہے۔	181:7

شہادت وتحریر اور حلف

1	زنا کے الزام میں چار آدمیوں کی شہادت شرط ہے ورنہ اسّی کوڑے سزا ہو گی۔	13,4:24
2	خاوند کے الزام پر بصورت عدم شہادت اسے پانچ قسمیں کھانی ہوں گی۔	7,6:24

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
3	اگر بیوی اتنی ہی قسمیں کھائے تو بَری ہو جائے گی۔	9,8,24
4	اپنی شہادت پر قائم رہنا چاہیے۔	33:70
5	شہادت کا چھپانے والا بڑا ظالم ہے۔	283,140:2
6	شہادت سچی دو چاہے وہ اپنے والدین اور اقربا کے خلاف ہی پڑتی ہو۔	135:4
7	جھوٹی شہادت نہ دی جائے۔	72:25
8	عورتوں کو طلاق دیتے یا واپس لیتے وقت دو معتبر گواہ بنائے جائیں۔	2:25
9	ادھار کے معاملہ میں دو گواہ دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں رکھے جائیں۔	282:2
10	سودے کے وقت بھی گواہ رکھے جائیں۔	282:2
11	زنا کی جھوٹی تہمت لگانے والے کی شہادت معتبر نہیں۔	13,4:24
12	وصیت کے وقت دو معتبر انسانوں کو مسلمان ہوں یا غیر مسلم گواہ رکھا جائے۔	106:5
13	(اختلاف کی صورت میں) ان سے نماز کے بعد قسم لی جائے۔ اور شبہ کی صورت میں میت کے دو وارث شہادت دیں۔	107,106:5
14	ادھار کے معاملہ میں چھوٹا ہو یا بڑا تحریر کر لی جائے۔	282:2
15	تحریر کرنے والا انصاف سے کام لے۔	282:2
16	تحریر وہ شخص کرائے جو مقروض ہو اور کوئی ہیرا پھیری نہ کرے۔	282:2
17	اگر وہ کمزور یا نادان ہو یا نہ لکھوا سکے تو اس کا وارث لکھوائے۔	282:2
18	گواہ ضرورت پڑنے پر انکار نہ کرے۔	282:2
19	کاتب یا گواہ کو تکلیف نہ دی جائے۔	282:2
20	نقد کاروبار میں شہادت یا تحریر کی ضرورت نہیں۔	282:2

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
21	سفر کی حالت میں یا کاتب نہ ملنے کی صورت میں رہن رکھا جاسکتا ہے۔	283:2
22	شہادت میں انصاف سے کام لیا جائے۔	8:5–135:4
23	کسی کی دشمنی میں حد اعتدال سے نہ بڑھا جائے یہی تقویٰ ہے۔	8:5

امانت

1	امانتیں ان کے مالکوں کو (جوں کی توں) لوٹاؤ۔	58:4
2	اگر ایک شخص نے دوسرے کو امین سمجھ کر اس کے پاس امانت رکھی ہے تو وہ اسے واپس لوٹائے اور خدا سے ڈرے۔	283:2

حدود شرعیہ

1	چوری کرنے والے مرد وعورت کے ہاتھ کاٹے جائیں۔	38:5
2	زنا کرنے والے مرد وعورت کو سو کوڑے مارے جائیں۔	2:24
3	زنا کی جھوٹی تہمت لگانے والوں کو اسی کوڑے مارے جائیں۔	4:24
4	توبہ اور اصلاح کے بغیر ان کی گواہی بھی قبول نہ کی جائے۔	5,4:24
5	زنا کی سزا دیتے وقت کوئی ترس نہ کھایا جائے بلکہ مسلمانوں کی ایک جماعت کے سامنے سزا دی جائے۔	2:24
6	زانی اور زانیہ کے ساتھ صرف مشرک اور مشرکہ یا زانیہ اور زانی ہی نکاح کرے۔	3:24
7	باغیوں اور فسادیوں کو قتل کیا جائے یا سولی پر لٹکایا جائے یا ان کے مختلف ہاتھ پاؤں کاٹے جائیں یا جلاوطن کر دیا جائے۔	33:5
8	قتل میں قصاص لیا جائے۔	179:178:2
9	زخم رسانی کی صورت میں بھی قصاص لیا جائے۔	45:5

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
10	منکوحہ لونڈیوں کے ارتکاب زنا کی سزا' آزاد عورتوں سے نصف ہے۔	25:4
11	بے حیائی کرنے والی عورتوں کو ثبوت کے بعد گھروں میں تاحیات بند رکھا جائے تا آنکہ اللہ ان کے لیے کوئی اور راہ نکال دے۔	15:4
12	جو دو مرد بے حیائی کریں ان پر تعزیر لگائی جائے۔	16:4
13	قاتل کو معافی مل جائے تو دیت کی ادائیگی و مطالبہ میں حسن معاملت سے کام لیا جائے۔	178:2
14	اس صورت میں کسی قسم کی زیادتی عذاب الیم کا موجب ہوگی۔	178:2
15	قصاص میں زندگی ہے۔	179:2
16	مومن کو عمداً قتل کرنے والا مغضوب' ملعون اور ابدی جہنمی ہے۔	93:4
17	تورات میں جان کے بدلے جان' آنکھ کے بدلے آنکھ' کان کے بدلے کان' دانت کے بدلے دانت اور زخموں میں مساوات کا حکم ہے۔	45:5
18	اور اگر کوئی معاف کر دے تو یہ اس کے لیے کفارہ بن جائے گا۔	45:5
19	اگر کوئی ظلماً قتل کیا گیا ہو تو اس کے وارث کو (قصاص کا) اختیار ہے مگر وہ اس قصاص میں حد سے نہ بڑھے۔	33:17

دیات و کفارات

1	مومن کو اگر کسی نے خطاً قتل کیا ہو تو دیت (خون بہا) دی جائے اور ایک غلام کو آزاد کیا جائے۔	92:4
2	اگر وارث معاف کر دیں تو انھیں حق ہے۔	92:4
3	اگر مقتول مومن کسی دشمن قوم کا فرد ہو تو ایک غلام آزاد کیا جائے۔	92:4
4	اگر وہ کسی معاہد قوم سے تعلق رکھتا ہو تو دیت بھی ہوگی اور غلام بھی آزاد کرنا ہوگا۔	92:4

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
5	اگر ان ساری صورتوں میں غلام کو آزاد نہ کر سکے تو متواتر دو ماہ کے روزے رکھے۔	4:92
6	قسم میں حانث ہونے (قسم توڑنے) کی صورت میں درمیانہ درجے کا کھانا یا لباس دس مسکینوں کو دیا جائے یا ایک غلام آزاد کیا جائے یا تین دن کے روزے رکھے جائیں۔	89:5
7	ظہار کرنے والا مجامعت سے پہلے ایک غلام آزاد کرے، ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے یا مسلسل دو ماہ کے روزے رکھے۔	4,3:58

شکار کے احکام

1	سدھائے ہوئے شکاری جانوروں کا شکار حلال ہے بشرطیکہ ا۔ ان پر اللہ کا نام لیا گیا ہو ۲۔ شکاری جانور نے اس کو روک لیا ہو۔اس میں سے کھایا نہ ہو۔	120,119:6–4:5
2	حالت احرام میں خشکی کا شکار حرام ہے۔	96,95,1:5
3	احرام کھول دینے کے بعد یہ شکار حلال ہے۔	2:5
4	اگر حالت احرام میں برّی شکار کیا جائے تو دو معتبر آدمیوں کے فیصلہ کے مطابق ایسا ہی جانور یا مساکین کو کھانا یا اتنے ہی روزے رکھنے پڑیں گے۔	95:5
5	البتہ سمندر کا شکار اور اس کا کھانا بحالت احرام جائز ہے۔	96:5

حرام چیزیں

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
1	مندرجہ ذیل چیزیں حرام ہیں۔ ا۔ مردار ۲۔ بھینکا ہوا خون ۳۔ خنزیر کا گوشت ۴۔ جس پر غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہو۔	1,3:5 –173:2 –146,122,120:6 115:16
2	البتہ اضطراری حالت میں ان کا کھانا جائز ہے بشرطیکہ نہ بغاوت کرے نہ زیادتی۔	–3:5–173:2 –146,120:6 115:16
3	مندرجہ ذیل اشیاء بھی حرام ہیں۔ ا۔ جس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا گیا ہو۔ ۲۔ گر کر مرنے والا جانور ۳۔ دم گھٹ کر مرنے والا جانور ۴۔ چوٹ لگ کر مرنے والا جانور ۵۔ سینگ اُلجھ کر مرنے والا جانور ۶۔ درندے کا پھاڑا ہوا جانور بشرطیکہ ذبح نہ کیا جا سکے ۷۔ کسی استھان پر ذبح کیا ہوا جانور ۸۔ پانسے پھینکنا	122:6–3:5
4	بحیرہ، وصیلہ اور حام بھی حرام ہیں۔	59:10–103:5
5	شراب، جوا، بت اور پانسے بھی حرام ہیں۔	91,90:5–219:2
6	رشوت یا کسی دوسرے غلط طریقے سے کسی کا مال کھانا۔	188:2
7	شرک، بُرے کام خفیہ ہوں یا ظاہر، ناحق سرکشی، خدا پر بہتان، بلا جواز و قانون کسی کا قتل۔	33:7–151:6
8	شراب اور جوا باہمی عداوت اور نماز اور یادِ خدا سے غفلت کے موجب ہیں۔	91:5
9	وہ جانور نہ کھاؤ جن پر بوقت ذبح اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو یہ حرام ہے۔	121:6

حلال چیزیں

1	اسلام میں بیان کردہ حرام جانوروں کو چھوڑ کر باقی تمام مواشی مثلاً بھیڑ، بکری، اونٹ گائے (نر و مادہ) حلال ہیں۔	145,144:6

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
2	اہل کتاب کی کھانے کی چیزیں۔	5:5
3	خدا کی عطا کردہ اشیاء میں سے وہ طیب و پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور شکر بجا لاؤ۔ یہی اس کی عبادت کا تقاضا ہے۔	172,168:2–114:16–88,5,4:5
4	مذکورہ بالا آٹھ قسم کے مویشیوں میں سے کیا حرام ہے۔ نر یا مادہ یا ان کے حمل۔	145,144:6
5	گواہ پیش کرو کہ خدا نے یہ اشیاء حرام ٹھہرائی ہیں۔ ورنہ اے پیغمبر! ان مشرکین و منکرین کی خواہشات کی پیروی نہ کریں۔	150:6
6	خدا کی حلال کردہ پاکیزہ چیزوں کو حرام نہ ٹھہرایا جائے۔ یہ زیادتی اور اتباع شیطان ہے۔	168:2–87:5–32:7
7	حرام اشیاء کی تفصیل بیان کرنے کے بعد اب تم ان ذبح کیے ہوئے جانوروں کو کیوں نہیں کھاتے جن پر اللہ کا نام لیا گیا ہے۔	121:6
8	خدا کے دیئے رزق میں سے تم نے خدا کے حکم کے بغیر ہی کچھ حلال اور کچھ حرام ٹھہرالیا ہے۔ ایسا نہ کرو۔	116:16–59:10
9	کھاؤ پیو، مگر اسراف سے کام نہ لو۔ اسراف کرنے والوں کو اللہ پسند نہیں کرتا۔	31:7
10	مومن اگر متقی و محسن ہو تو وہ جو چاہے کھائے پیئے کچھ گناہ نہیں۔	93:5

حلف اور اس کے احکام

1	اللہ کی ذات کو قسموں کا نشانہ نہ بنایا جائے۔	224:2
2	ناکارہ قسموں پر کوئی مواخذہ نہیں ہوتا۔	89:5–225:2
3	سوچی سمجھی قسموں پر ضرور مواخذہ ہوگا۔	89:5–225:2

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	قسم پوری نہ ہونے پر دس مساکین کو اوسط درجے کا کھانا کھلایا جائے یا ایک غلام آزاد کیا جائے یا تین دن کے روزے رکھے جائیں۔	89:5
5	قسموں کی حفاظت اور پابندی کی جائے۔	89:5
6	قسموں کو نہ توڑا جائے۔	91:16
7	قسموں کو فریب اور ایک دوسرے کا مال کھانے کا ذریعہ نہ بناؤ۔	94,92:16
8	اللہ کے عہد کے بدلے یہ حقیر سی قیمت مت لو۔ اللہ کے ہاں کا اجر کہیں اچھا ہے۔	95:16

عہد و پیمان

1	اللہ سے باندھے جانے والے عہد کے متعلق باز پرس ہوگی۔	15:33
2	عہد کے متعلق باز پرس ہوگی۔	15:33–34:17
3	عہدوں اور عقود کو پورا کرو۔	34:17–91:16–1:5
4	جو لوگ اللہ کے عہد اور قسموں کے بدلے تھوڑی سی قیمت لیتے ہیں آخرت میں ان کا کوئی حصہ نہیں۔ اللہ قیامت کے روز ان سے نہ کلام کرے گا نہ ان پر نظر شفقت کرے گا' نہ انھیں پاک کرے گا اور وہ عذابِ عظیم کے مستحق ہوں گے۔	77:3

اللہ تعالیٰ نے جن چیزوں کی قسم کھائی

1	قلم اور نوشتوں کی۔	1:68
2	یوم القیامہ اور نفس لوّامہ کی۔	2,1:75
3	نرم رو' تیز و تند' بادلوں کو پھاڑنے' بکھیرنے اور نصیحت یا یاددہانی کے لیے بارش برسانے والی ہواؤں کی۔	1:77 تا 6
4	ان ملائکہ کی جو مومن کی نرمی اور کافر کی سختی سے جان نکالتے' فضاؤں میں تیرتے خدا کی طرف بڑھتے اور تدبیر امور کرتے ہیں۔	1:79 تا 5

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
5	ان ستاروں کی جو آگے پیچھے ہو کر حرکت کر رہے ہیں۔	16,15:81
6	پھیلتی ہوئی رات کی۔	17:81
7	شفق کی۔	16:84
8	پھوٹتی ہوئی صبح کی۔	18:81
9	رات اور اس کے اندر کی چیزوں کی۔	17:84
10	پورے چاند کی۔	18:84
11	برجوں والے آسمان کی۔	1:85
12	وعدے والے دن کی۔	2:85
13	شاہد و مشہود کی۔	3:85
14	آسمان اور رات کو چمکنے والے ستارے کی۔	1:86 تا 3
15	بارش یا گردش والے آسمان کی۔	11:86
16	پھٹنے والی زمین کی۔	12:86
17	فجر کی۔	1:89
18	دس راتوں کی۔	2:89
19	جفت و طاق کی۔	3:89
20	رات کی جب وہ چلنے لگے عقلمندوں کے لیے یہ بہت بڑی قسمیں ہیں۔	5,4:89
21	شہر مکہ کی جب آپ اس میں آزاد پھریں۔	2,1:90
22	جننے والے کی اور جو کچھ وہ جنے اس کی۔	3:90
23	سورج اور اس دھوپ کی۔	1:91
24	اس کے پیچھے آنے والے چاند کی۔	2:91
25	دن کی جب اسے روشن کر دے۔	3:91
26	رات کی جب اسے ڈھانپ لے۔	4:91

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
27	رات کی جب وہ چھا جائے۔	2:93–1,92
28	دن کی جب وہ خوب روشن ہو جائے۔	2:92
29	مذکر و مؤنث مخلوق جوڑے کی۔	3:92
30	چاشت کی۔	1:93
31	انجیر، زیتون اور امن والے شہر کی۔	3تا1:95
32	ہانپنے، چنگاریاں جھاڑنے، صبح کو حملہ کرنے، غبار اڑانے اور فوج میں گھس جانے والے گھوڑوں کی۔	5تا1:100
33	زمانے کی۔	1:103
34	رب المشارق والمغارب کی۔	40:70
35	حضورؐ کے رب کی۔	92:10–65:4
36	حضورؐ کی جان کی۔	72:15
37	قرآن حکیم و مجید اور کتاب مبین کی۔	2:36–1:38–2:43– 1:50–2:44
38	صف باندھ کر کھڑے ہونے والے، جھڑکنے والے اور ذکر پڑھنے والے فرشتوں کی۔	3تا1:37
39	آسمان اور اس کی بناوٹ کی۔	5:91
40	زمین کی اور اس کے بچھانے کی۔	6:91
41	انسانی نفس کی اور اس کی تکمیل کی اور اس میں نیکی و بدی کا احساس پیدا کرنے کی۔	8,7:91
42	طور کی۔	1:52
43	کھلی کتاب کی جو کشادہ ورقوں میں ہو۔	3,2:52
44	آباد گھر کی۔	4:52

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
45	اونچی چھت کی۔	6:52
46	اُبلتے دریا کی۔	1:53
47	گرتے ستارے کی۔	76,75:56
48	ڈوبتے تاروں کی جو بہت بڑی قسم ہے۔	1:51 تا 4
49	اڑا کر بکھیرنے والی، پھر بوجھ اٹھانے والی، پھر نرمی سے چلنے والی، پھر حکم کے مطابق تقسیم کرنے والی ہواؤں کی۔	32:74
50	چاند کی۔	34:74
51	صبح کی جب روشن ہو جائے۔	33:74
52	رات کی جب پیٹھ پھر جائے۔	7:51
53	راستوں والے آسمان کی۔	23:51
54	زمین و آسمان کے رب کی۔	38:69
55	جو کچھ تم دیکھتے ہو اس کی۔	39:69
56	جو تم نہیں دیکھتے اس کی۔	88:43
57	حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کی بات کی۔	

لباس و آرائش

1	اے انسانوں! تمھارے لیے لباس اتارا گیا تا کہ وہ تمھارے عیب (ستر) کو چھپائے اور زینت بنے۔	26:7
2	تقویٰ والا لباس ہی بہتر ہے۔	26:7
3	اے بنی آدم! کہیں تمھارے والدین ___ آدم و حوا ___ کی طرح شیطان تمہیں بہکا کر تمھارے لباس اتروا کر تمھارے عیب (ستر) سامنے نہ لے آئے۔	27:7

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	کہو! کہ اس زینت کو کس نے حرام کیا ہے جو اللہ نے اپنے بندوں کے لیے پیدا کی۔	7:32
5	کہو! یہ دنیوی زندگی میں اہل ایمان کے لیے ہے اور آخرت میں خالص ان کے لیے ہوگی۔	7:32
6	اے بنی آدم! ہر نماز کے وقت آرائش کیا کرو۔	7:31

بیعت

1	بیعت جہاد۔ جو لڑنے اور میدان جنگ میں پیٹھ نہ دکھانے پر لی جاتی ہے۔ جو اسے توڑے گا خود نقصان اٹھائے گا اور جو پورا کرے گا اجرِ عظیم پائے گا۔	48:10,18
2	بیعت صلاح و تقویٰ۔ جو نیک اعمال کی پابندی اور برائیوں سے اجتناب پر لی جاتی ہے۔	60:12
3	بیعت اسلام و دین۔ جس میں انسان ایمان لا کر اپنی جان و مال اللہ کے حوالے کر دیتا ہے۔	9:111

مذہبی اختلافات اور ان کے اسباب

1	اللہ نے تمھیں پیدا کیا۔ پھر تم میں سے کچھ کافر بن گئے اور کچھ مومن۔ اللہ تمھارے اعمال کو دیکھ رہا ہے۔	64:2
2	جب ان کے پاس وہ چیز آئی جسے وہ پہچانتے تھے تو انھوں نے انکار کر دیا۔	2:89
3	انھوں نے اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ کلام کا محض اس ضد پر انکار کر دیا کہ اللہ جس پر چاہتا ہے اتارتا ہے۔	2:90

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	اہل کتاب نے علم اور واضح حکم آ جانے کے بعد محض باہمی ضد کی وجہ سے اختلاف کیا۔	213:2–19:3–14:42–17:45
5	آلِ فرعون نے ھماری واضح نشانیوں کو محض بے انصافی وغرور میں ماننے سے انکار کر دیا حالانکہ ان کے جی ان کو یقین سے جان چکے ہیں۔	14:27
6	اگر ہم ملائکہ بھی نازل کر دیتے اور مردے ان سے ہم کلام بھی ہو جاتے اور ہر چیز ان کے سامنے زندہ کر دی جاتی تو بھی وہ نہ مانتے۔	111:6
7	جو منکر ہوئے۔ وہ نہیں مانیں گے' ان کے لیے ڈرانا نہ ڈرانا برابر ہے ان کے حواس وادراک ماؤف ہو چکے۔	7,6;2
8	اہلِ کتاب خوب جانتے ہیں کہ یہ کتاب (قرآن مجید) یقینا خدا کی طرف سے نازل کردہ ہے۔	115:6
9	حق کی وضاحت کے بعد بھی اہل کتاب محض حسد کی وجہ سے تمھیں پھر کافر بنا دینا چاہتے ہیں۔	109:2
10	اہل کتاب اس حقیقت کو اس طرح جانتے پہچانتے ہیں جس طرح اپنے بیٹوں کو۔	146:2
11	راہ ہدایت واضح ہو جانے کے بعد بھی اگر کوئی رسول کی مخالفت کرے گا تو اسے جہنم میں جلنا ہوگا اور اس کے اعمال ضائع ہو جائیں گے۔	32:47–115:4
12	جو لوگ راہ واضح ہو جانے کے بعد بھی حق سے منہ موڑ جائیں وہ شیطان کے بہکائے ہوئے ہیں۔	25:47
13	ہر فرقہ اپنے عمل پر ریجھا ہوا ہے۔	109:6–53:23–32:30
14	لوگ بغیر کسی سند کے آیات الٰہی کے بارہ میں محض غرور کی وجہ سے جھگڑا کرتے ہیں۔	56:40

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
15	وہ اللہ کی قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ اگر ہمارے پاس کوئی ڈرانے والا آیا تو ہم دوسروں سے زیادہ ہدایات یافتہ نکلیں گے۔ مگر جب وہ آیا تو تکبر اور بدتدبیری کی وجہ سے انکار کر دیا۔	43,42:35
16	دین تو اسلام ہی ہے مگر یہ اہل کتاب، علم ہو جانے کے بعد بھی باہمی ضد کی وجہ سے مخالفت کر رہے ہیں۔	19:3
17	پہلے لوگ ایک ہی دین پر تھے، پھر اختلاف ہوا اور نبی آئے تا کہ اختلافی امور میں فیصلہ ہو مگر انھوں نے باہمی ضد کی وجہ سے پھر اختلاف کیا۔	19:10–213:2
18	اپنے اولی الامر سے کسی معاملہ میں جھگڑا ہو جائے تو اس کو اللہ و رسول سے حل کراؤ۔	59:4
19	جب تم میں باہم کسی معاملہ میں اختلاف ہو تو اس کا فیصلہ اللہ کے پاس ہے۔	10:42
20	قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان اختلافات کا فیصلہ کر دیں گے۔	92:16–69:22
21	اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو اختلاف نہ ہوتا۔	110:11–19:10
22	اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو تمام انسان ایک راستے پر چلتے وہ انسانوں کو آزمانا چاہتا ہے۔	–35:6–84:5 –31:13–118:11 8:42–4:26–93:16
23	اللہ تعالیٰ ایسی قوم کو کیسے ہدایت دے جس نے ایمان لانے، رسول کی حقانیت کی شہادت دینے اور واضح آیات آ جانے کے بعد کفر اختیار کیا۔	86:3
24	اے اہل کتاب تم صحیح میں غلط کیوں ملاتے اور حق کو کیوں چھپاتے ہو اور آیات الٰہی کا انکار کیوں کرتے ہو۔ جب کہ تم جانتے ہو اور قائل ہو۔	71:70:3

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
25	اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو پیغمبروں کے بعد آنے والے باہم نہ لڑتے مگر ان میں اختلاف ہوا بعض ایمان لائے اور بعض نے انکار کیا۔	2:253
26	یہ لوگ ایک ہی اُمت تھے، اللہ ان کا رب تھا مگر انھوں نے اپنے دین کے ٹکڑے ٹکڑے کر لیے۔	92:21
27	اُن مشرکوں میں سے نہ بنو جنھوں نے اپنے دین کو فرقہ بندی میں مبتلا کیا اور مختلف فرقوں میں بٹ گئے۔	32:30
28	ہم نے نوح و ابراہیم کو رسول بنا کر بھیجا اور ان کی نسل میں نبوت اور کتاب کا سلسلہ قائم کیا۔ پھر کچھ لوگوں نے تو ہدایت پائی لیکن بہت سے نافرمان ثابت ہوئے۔	26:57
29	ہم نے ان کے ساتھ ایسے ساتھی لگا دیئے جنھوں نے ان کے اعمال کو خوب صورت کر کے دکھایا۔	25:41

فروعی اختلافات

1	پھر انھوں نے اپنے معاملے (دین) کو ٹکڑے ٹکڑے کر لیا اور ہر فرقہ اپنے اپنے تصورات میں مگن ہے۔ انھیں ایک وقت تک اپنی غفلت میں رہنے دو۔	54,53:23
2	مشرق و مغرب کی طرف منہ پھیرنا کوئی (بڑی) نیکی نہیں۔	177:2
3	اصل نیکی اللہ، یوم آخر، ملائکہ، کتب سماوی، انبیاء پر ایمان لانا اور خدا کی محبت میں عزیزوں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں، سوال کرنے والوں، غلاموں کو آزاد کرانے کے لیے مال خرچ کرنا، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ دینا، ایفائے عہد تنگی و تکلیف میں صبر سے کام لینا ہے۔	177:2
4	گھروں میں پچھواڑے سے داخل ہونا نیکی نہیں۔ اصل نیکی تقویٰ ہے۔ اس لیے گھروں میں سیدھے دروازوں سے داخل ہونا چاہیے۔	189:2

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
5	موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی گئی مگر اس میں اختلاف کیا گیا۔	45:16

اتحاد و اتفاق

1	اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑو اور پھوٹ میں نہ پڑو۔	103:3
2	اللہ کے اس احسان کو یاد کرو کہ تم باہم دشمن تھے' خدا نے بھائی بھائی بنا دیا تم آگ کے کنارے پر تھے اس سے بچالیا۔	103:3
3	اللہ نے اس بات کی تمام اہل دیں کو تلقین کی کہ دین کو قائم کریں اور اس کے بارہ میں باہم تفرقہ میں نہ پڑیں۔	13:42
4	اے اہل ایمان! اللہ و رسول کی اطاعت کرو اور باہم جھگڑے نہ کرو ورنہ ہوا اکھڑ جائے گی اور بزدل ہو جاؤ گے۔	46:8
5	اللہ نے ان میں باہم الفت ڈال دی۔ تم اگر دنیا کی ساری دولت بھی خرچ کر لیتے تو انھیں متحد نہ کر پاتے۔	63:8
6	تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔	10:49
7	اگر دو مسلمانوں میں جھگڑا ہو جائے تو ان میں صلح کرا دو۔	10,9:49
8	اگر ان میں ایک زیادتی پر اتر آئے تو پھر اسے قوت سے راہ راست پر لاؤ۔	9:49
9	پیغمبر کے ساتھی کفار کے مقابلہ میں سخت مگر باہم رحم دل ہیں۔	29:48
10	ان مشرکوں میں سے نہ بنو جنھوں نے دین میں پھوٹ ڈالی اور کئی جتھے بن گئے۔	159:6
11	جن لوگوں نے دین میں فرقہ بندی کی اور کئی فرقوں میں بٹ گئے۔ تیرا ان سے کوئی تعلق نہیں ان کا معاملہ اللہ کے ہاتھ میں ہے۔	159:6

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
12	ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جن میں باہم پھوٹ پڑ گئی اور واضح احکام کے باوجود جنھوں نے باہم اختلاف کیا۔	105:3
13	فرعون نے ملک کے رہنے والوں کو کئی فرقوں (طبقوں) میں تقسیم کر دیا۔	4:28
14	اللہ کو اس بات کی قدرت ہے کہ تمھارے کئی فرقے بنا کر باہم لڑا دے۔	65:6
15	کافر اگر توبہ کر کے نماز روزہ کی پابندی اختیار کر لیں تو تمھارے دینی بھائی ہیں۔	11:9
16	تمھارے لے پالک، تمھارے حقیقی بیٹے نہیں، ان کو ان کے اصل باپوں کے نام پر پکارو نام معلوم نہ ہوں تو وہ تمھارے دینی بھائی ہیں۔	5:33

تقلید و اسلاف پرستی

1	جب انھیں اتباع وحی کے لیے کہا جائے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم تو اسی طریق کی اتباع کریں گے جس پر ہم نے اپنے آباؤ اجداد کو پایا (بھلا چاہے ان کے آباؤ اجداد نہ عقل رکھتے ہوں نہ ہدایت یافتہ ہوں اور چاہے شیطان انھیں دوزخ کے عذاب کی طرف بلا رہا ہو)۔	21:31–170:2
2	کفار نے اپنے آبا کو گمراہ پایا حالانکہ ان کی طرف ڈرانے والے بھیجے گئے تھے۔ پھر بھی وہ انھیں کے نشان ہائے قدم پر دوڑتے چلے گئے۔	70,69:37
3	نوحؑ کی قوم نے کہا۔ ہم نے ایسی باتیں (توحید و تقویٰ) اپنے اگلے باپ دادا میں نہیں سنیں۔	24:23
4	موسیٰؑ کی قوم نے کہا۔ ہم نے ایسی باتیں اپنے اگلے باپ دادا میں نہیں سنیں۔	36:28

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
5	خدا کی اولاد ٹھہرانے والوں کو (اپنے عقیدہ کی شناخت کا) نہ خود علم ہے نہ ان کے آباؤاجداد کو۔	6:148
6	جب انھیں کتاب کی طرف دعوت دی جاتی ہے تو وہ کہتے ہیں : ہمیں اپنے باپ دادا کا طریقہ کافی ہے (بھلا چاہے ان کے آباؤاجداد نہ علم رکھتے ہوں نہ ہدایت)۔	104:5
7	کفار جب کسی گناہ کا ارتکاب کرتے تو کہتے کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو اسی طرح کرتے پایا اور اللہ نے بھی ہمیں اسی کا حکم دیا ہے۔	28:7
8	موسیٰؑ کی قوم نے کہا۔ یہ ہمیں اپنے آباؤاجداد کے طریقوں سے ہٹانا چاہتا ہے۔	78:10
9	مشرک انکار کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک راہ پر چلتے پایا تو ان کی راہ پر چل نکلے۔ کیا چاہے پیغمبر ان سے زیادہ ہدایت یافتہ ہو۔	22:43تا24
10	ابراہیمؑ نے جب اپنے والد اور قوم کو بت پرستی پر سرزنش کی تو کہنے لگے : ہم نے اپنے آباؤاجداد کو ان کی عبادت کرتے پایا۔ اللہ تعالیٰ نے کہا : تم بھی اور تمھارے باپ دادا بھی کھلی گمراہی میں ہو۔	53:21– 72:26تا77

علماء وصوفیائے سُوء

1	بنی اسرائیل کے درویش وملّا ان کو گناہ کی باتوں اور حرام خوری سے منع نہیں کرتے تھے۔	63:5
2	بنی اسرائیل نے اپنے علماء و درویشوں اور مسیح ابن مریم کو ارباب من دون اللہ بنالیا۔	31:9
3	بہت سے علماء و درویش، لوگوں کے مال غلط طریقے سے کھاتے اور اللہ کی راہ سے روکتے ہیں۔	35,34:9

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	لوگوں کو نیکی کا حکم دینا اور خود عمل نہ کرنا' بڑا غیر معقول اور خدا کو ناپسند طرز عمل ہے۔	44:2 – 3,2:61
5	جو لوگ دنیوی مفاد کی خاطر اللہ کی کتاب کو چھپاتے ہیں وہ اپنے پیٹوں میں آگ ڈال رہے ہیں۔	174:2
6	کچھ لوگ جانتے پہچانتے' حق کو چھپاتے ہیں۔	146:2
7	جو لوگ اللہ کے واضح احکام اور اس کی دی ہوئی ہدایت کو چھپاتے ہیں لعنتی ہیں۔	159:2
8	ان لوگوں سے ایمان کی توقع عبث ہے جو اللہ کا کلام سن سمجھ کر پھر اس کو بدل دیتے ہیں۔	75:2
9	وہ لوگ بڑے بدبخت ہیں جو اپنی تحریروں کو خدائی نوشتوں کا نام دے کر مفاد حاصل کرتے ہیں۔	79:2
10	جن لوگوں کو تورات کا حامل بنایا مگر انھوں نے اس کا حق ادا نہ کیا' وہ گدھے کی طرح ہیں جس پر کتابیں لدی ہوں۔	5:62
11	یہود کے کچھ عالم باتوں کو ان کے محل موقع سے پھیر دیتے ہیں اور اسی کو معیار حق و باطل بنا کر پیش کرتے ہیں۔	14,13:5 – 46:4

علم وحکمت

1	آدم نے فرشتوں کے مقابلہ میں علم ہی کی بدولت سرفرازی پائی۔	31:2 تا 33
2	نبی علیہ السلام کو علم میں اضافہ کے لیے دعا کی تلقین کی گئی۔	114:20
3	خدا سے صرف اہل علم ہی ڈرتے ہیں۔	28:35
4	اہل علم اور غیر اہل علم کبھی برابر نہیں ہو سکتے۔	9:29
5	اللہ تعالیٰ نے انسان کو غیر معلوم امور کا علم دیا۔	5:96

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
6	اہل علم کے لیے زمین و آسمان کی تخلیق اور اختلاف زبان و رنگ میں نشانیاں ہیں۔	22:30
7	ہماری بیان کردہ امثال کو اہل علم ہی سمجھتے ہیں۔	43:29
8	اہل علم نے قارون کی دولت کے مقابلہ میں ایمان اور عمل صالح کو ترجیح دی۔	80:28
9	علم والے ہی قیامت کے دن دنیا میں اپنے قیام کا صحیح اندازہ کرسکیں گے۔	56:30
10	ہر علم والے سے اوپر ایک زیادہ علم والا ہے۔	76:12
11	انسان کو علم میں سے بہت کم حصہ ملا ہے۔	85:17
12	جسے حکمت ملی اسے بہت بھلائی ملی۔	269:2
13	اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے، حکمت عطا کرتا ہے۔	269:2
14	اللہ کا رسول کتاب کے ساتھ حکمت بھی سکھاتا ہے۔	164:3–151,129:2–2:62
15	اللہ تعالیٰ نے کتاب کے ساتھ جو حکمت تم پر نازل کی ہے اسے یاد کرو۔	34:33–231:2
16	اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤدؑ کو حکومت کے ساتھ علم و حکمت بھی عطا کی تھی۔	20:38–251:2
17	حضرت عیسیٰؑ کتاب کے ساتھ حکمت کی تعلیم دیتے تھے۔	110:5–48:3–63:43
18	اللہ تعالیٰ نے آل ابراہیمؑ کو کتاب، حکمت اور حکومت دی۔	54:4
19	اللہ تعالیٰ ایمان والوں اور اہل علم کے درجات بلند کرتا ہے۔	11:58
20	اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا تھا کہ حکمت و کتاب ملنے کے بعد تمھارے پاس اس کا تصدیق کرنے والا نبی آئے تو اس کی تصدیق و تائید کرنا۔	81:3

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
21	اللہ تعالیٰ نے حضورؐ پر کتاب کے ساتھ حکمت اتاری اور انھیں نا معلوم امور کا علم دیا۔	39:17–113:4
22	اللہ تعالیٰ نے حضرت لقمان کو حکمت عطا کی تھی۔	12:31
23	دعوت دین میں حکمت سے کام لیا جائے۔	125:16
24	صاحب علم، قرآن مجید سن کر اظہار عاجزی کے طور پر خدا کے سامنے سجدہ ریز ہو جاتے ہیں اور آخرت پر ان کا ایمان پختہ ہو جاتا ہے۔	107:17 تا109
25	بحر و بر کی ظلمتوں میں ستاروں کے ذریعے راہ پانے وغیرہ جیسی نشانیاں ہم نے علم رکھنے والوں کے لیے بیان کی ہیں۔	105,97:6

تفقہ فی الدین (علم دین کی تحصیل اور مقصد)

1	تمام مومن تو نکل نہیں سکتے، تو کیوں نہ ایک جماعت گھر سے نکل کر تفقہ فی الدین حاصل کرے اور واپس آ کر دوسروں کو تبلیغ کرے۔	122:9

عقل و تدبر

1	کان، آنکھ اور دل (دماغ) کے متعلق جواب طلبی ہوگی۔	36:17
2	اللہ تعالیٰ نے تمھیں کان، آنکھیں اور دل اسی لیے دیئے ہیں کہ تم شکر گزار بنو۔	78:16
3	اللہ تعالیٰ نے تمھارے کان، آنکھیں اور دل بنائے مگر تم پھر بھی بہت کم شکر کرتے ہو۔	23:67–9:32
4	مشرکوں کی اکثریت عقل سے کام نہیں لیتی۔	103:5
5	عقل سے کام نہ لینے والے بدترین قسم کے جانور ہیں۔	22:8
6	عقل سے کام نہ لینے والوں پر گندگی پڑتی ہے۔	100:10
7	منکر چوپایوں کی طرح ہیں جو غور و فکر اور عقل سے کام نہیں لیتے۔	171:2

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
8	صرف عقل مند ہی نصیحت حاصل کرتے ہیں۔	39:9–40:54–43:3–45:13–19:13–7:3–2:269
9	عقل مندوں کو خدا سے ڈرنا چاہیے۔	2:197–5:100–65:10
10	امم سابقہ کے حالات میں اہل عقل کے لیے عبرت کا سامان ہے۔	3:13–12:109,111
11	زمین و آسمان میں کتنی ہی نشانیاں ہیں جن کی طرف یہ لوگ دھیان نہیں کرتے۔	12:105
12	عقل مندوں کے لیے زمین و آسمان کی تخلیق اور گردش لیل و نہار میں نشانیاں ہیں۔	3:190
13	عقلمندوں کا شیوہ ہے کہ وہ زمین و آسمان کی تخلیق میں غور کرتے اور ان کے خالق اور مقصد تخلیق کی معرفت حاصل کرتے اور اسے یاد کرتے ہیں۔	3:191
14	ہم نے انھیں (عاد کو) کان، آنکھیں اور دل دیئے تھے مگر آیات الٰہی سے انکار کر کے وہ ان کے کام نہ آئے۔	46:26
15	یہ سلسلہ تبلیغ و وحی اس لیے ہے کہ اہل عقل نصیحت حاصل کریں۔	38:29–14:52
16	حضرت ایوبؑ کے قصہ میں اہل عقل کے لیے نصیحت ہے۔	38:43
17	ہم آیات الٰہی کو کھول کر بیان کرتے ہی تا کہ تم غور و فکر سے کام لو۔	219، 220، 242، 3:118–266
18	اندھا (وحی الٰہی سے بے بہرہ) اور بینا ایک جیسے نہیں ہو سکتے۔ پھر تم کیوں غور و فکر نہیں کرتے۔	6:50
19	اچھی باتوں کا اتباع کرنے والے ہدایت یافتہ اور عقل والے ہیں۔	39:18

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
20	موسیٰ علیہ السلام کو کتاب اس لیے دی گئی کہ اہل عقل ہدایت ونصیحت حاصل کریں۔	54:40
21	کیا تم اپنے قول وفعل کے تضاد پر غور نہیں کرتے۔	44:2
22	زمین کی موت کے بعد اسے زندہ کر کے اللہ تعالیٰ تمھیں اپنی نشانیاں دکھاتا اور بیان کرتا ہے تا کہ تم غور کرو۔	17:57–73:2
23	اللہ تعالیٰ نے زندگی وموت اور لیل ونہار کا سلسلہ قائم کر رکھا ہے۔ کیا تم سوچتے نہیں۔	80:23
24	تمھارے یہ معبود نہ تمھیں کوئی فائدہ دے سکتے ہیں نہ نقصان۔ پھر بھی پوجے چلے جا رہے ہو عقل سے کام نہیں لیتے۔	67:21
25	میں نے تم میں ایک عمر گذاری ہے۔ کیا تم غور نہیں کرتے۔	16:10
26	میں تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتا۔ کیا تم غور نہیں کرتے۔	51:11
27	ہم نے قرآن عربی نازل کیا۔ تا کہ تم غور کرو۔	3:43–2:12
28	ہم نے تمھاری طرف ایک کتاب اتاری جس میں تمھارے لیے نصیحت ہے کیا تم غور نہیں کرتے۔	44:16–10:21
29	اللہ تعالیٰ اپنے احکام نازل کرتا ہے تا کہ تم غور کرو۔	–118:3–242:2 61:24–152:6
30	دنیوی زندگی صرف لہو ولعب ہے۔ آخرت ہی متقین کے لیے بہتر ہے۔ کیا تم غور نہیں کرتے۔	169:7–32:6
31	مال ودولت متاع دنیا ہے اور خدا کے ہاں اجر وثواب اس سے کہیں کیا تم سوچتے نہیں؟	60:28
32	انسانی پیدائش کے تطوّرات (مختلف مراحل) اس لیے ہیں تا کہ تم سوچو۔	67:40

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
33	بعض کافر تمھاری باتوں پر کان تو دھرتے ہیں مگر ہدایت کیسے آئے جب عقل سے کام نہیں لیتے۔	42:10
34	کیا وہ قرآن میں تدبر نہیں کرتے یا ان کے دلوں پر تالے پڑ چکے ہیں۔	24:47
35	زمین کے مختلف قطعات، مختلف پیداوار، زمین و آسمان کی تخلیق، ہواؤں کے الٹ پھیر، بارش، اس کے ثمرات، گردش لیل ونہار، پہاڑوں، سورج، چاند اور ستاروں میں غور وفکر کرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔	4,3:13–12,11:16– 164:2–5:45– 21:39
36	غور وفکر کرنے (تفقہ رکھنے) والی قوم کے لیے ہم نے دلائل کو واضح کر دیا ہے۔	125,99:6
37	زمین میں پھر پھرا کر بھی انھوں نے عقل سے کام نہیں لیا۔ حقیقت یہ ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں، سینوں میں دل اندھے ہو جاتے ہیں۔	46:22
38	ان خواہش پرستوں کی اکثریت عقل سے کام نہیں لیتی۔ یہ چوپایوں کی طرح بلکہ ان سے بھی زیادہ بدراہ ہیں۔	44:25
39	گوبر اور لہو کے بیچ سے نکلنے والے خوشگوار دودھ، کھجوروں اور انگوروں کے پھولوں اور شہد کی ساخت میں غور وفکر کرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔	69,67:16
40	عمر میں اضافہ کے ساتھ ساتھ خلقت میں کمزوری آ جاتی ہے۔ کیا وہ سوچتے نہیں۔	68:36
41	کیا وہ آسمان کی فضاؤں میں پرندوں کو اڑتے ہوئے نہیں پاتے۔ انھیں اللہ کے سوا کون تھامتا ہے۔	79:16

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
42	کیا وہ مخلوقات کے ڈھلتے سایوں کو خدا کے سامنے سجدہ ریز اور عاجز نہیں سمجھتے۔	48:46
43	کیا انھوں نے کبھی اپنے اوپر کے آسمان کی بناوٹ وسجاوٹ، زمین، پہاڑوں طرح طرح کی فصلوں، بارش اور باغات پر غور نہیں کیا۔	6:50تا11
44	کیا وہ اونٹوں کی خلقت زمین کے پھیلاؤ اور آسمان کی تنصیب پر غور نہیں کرتے۔	17:88تا20
45	زمین میں گھومو اور دیکھو کہ کس طرح اللہ نے پیدائش کا آغاز کیا اور پھر کس طرح اعادہ کرتا ہے۔	20:29
46	پرکشش دنیوی زندگی کے حسرت ناک انجام کے لیے ہری بھری کھیتی کے آخر کار سوکھ جائے کی مثال میں دعوت غور فکر ہے۔	21:59
47	سمندروں اور زمین وآسمان کے خزائن کی تمھارے لیے تسخیر میں غور وفکر کرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔	13,12:45
48	کیا انھوں نے زمین وآسمان کی سلطنت میں اور دوسری مخلوق میں غور و فکر نہیں کیا۔	185:7
49	مرنے والے کی روح کو روک لینے اور سونے والے کی روح کو چھوڑ دینے میں غور وفکر کرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔	42:39
50	مخالف جس کی تخلیق، ان کی باہمی دوستی ورحمت، زمین وآسمان کی تخلیق گردش لیل ونہار، اختلاف رنگ وزبان، دن یا رات کی نیند، تلاش رزق، گرجتی چمکتی بجلیوں، بارش اور اس کے اثرات اور زمین وآسمان کے باہر الٰہی قیام میں غور وفکر کرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔	21:30تا25– 41,21:39

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
51	مشرک زمین و آسمان اور نظام شمسی کے خالق، رازق، بارش برسانے والے اللہ کو مانتے ہیں مگر پھر عقل سے کام نہیں لیتے (اور دوسروں کو اس کا شریک ٹھہراتے ہیں)۔	63:29
52	غور وفکر کرنے والے شرک کے جواز یا عدم جواز کو اپنی مثال سے سمجھ سکتے ہیں کہ وہ کسی کو اپنے غلام میں برابر کا شریک بنانے کو تیار ہیں۔	28:30
53	آیات الٰہی کے مقابلہ میں ارضی مفاد کو ترجیح دینے والے صرف دنیوی زندگی کے ظاہر پر نظر رکھتے ہیں۔ وہ آخرت سے غافل ہیں۔	7:30
54	کیا انھوں نے اپنی جانوں میں، تخلیق زمین و آسمان کی مقصدیت میں اور پہلی قوموں کے انجام پر غور نہیں کیا۔	44:35–9,8:30– 10:47–82,21:40
55	کیا وہ قرآن میں تدبر نہیں کرتے کہ اگر یہ غیر اللہ کی طرف سے ہوتا تو اس میں بہت زیادہ تفاوت ہوتا۔	82:4
56	معبودان باطل جب کسی چیز پر اختیار نہیں رکھتے تو پھر انھیں کیوں سفارشی مانتے ہیں۔ عقل نہیں کرتے۔	43:39
57	قرآن کی تاثیر سے پہاڑوں کے ریزہ ریزہ ہو جانے کی مثال میں دعوت غور وفکر ہے۔	21:59
58	بعض کے کان بہرے اور دل ملفوف ہو چکے ہیں اس لیے وہ کوئی نشان دیکھ کر بھی نہیں مانتے۔	25:6
59	آپ کو دیوار سے باہر پکارنے والے اکثر عقل نہیں رکھتے۔	4:49
60	کیا انھوں نے کبھی نہیں سوچا کہ ان کے رفیق میں کوئی جنون نہیں۔	184:7
61	منافق مدد کے جھوٹے وعدے کرتے ہیں، وہ خدا سے زیادہ تم سے ڈرتے ہیں، ان میں باہم نفاق ہے۔ کیونکہ وہ بے عقل وفہم قوم ہے۔	14,13:59

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
62	قوم لوط کی تباہ شدہ بستی جہاں سے تم صبح وشام گذرتے ہو اُن میں ہم نے غور وفکر کرنے والوں کے لیے ایک نشانی چھوڑی ہے۔	37:129–138
63	شیطان نے تم میں سے بہت سے لوگوں کو گمراہ کر دیا ہے کیا تم سوچتے نہیں۔	62:36
64	نماز کی اذان کو مزاق اور کھیل بنانے والے عقل سے کام نہیں لے رہے۔	58:5
65	خدا کی جلائی ہوئی آگ (حُطَمَۃ) دلوں تک جھانکے گی۔	7,6:104
66	جس طرح یہ ایمان نہیں لائے، ہم ان کے دلوں کو اور نظروں کو بدل دیں گے پھر ٹامک ٹوئیاں مارتے پھریں گے۔	110:6
67	آخرت کا انکار کرنے اور خدا کی راہ سے روکنے والوں کا عذاب دگنا کر دیا جائے گا یہ لوگ نہ سنتے تھے نہ دیکھتے تھے۔	20:11
68	لوگ زمین میں چلیں پھریں تو انھیں سوچنے والے دل اور سننے والے کان عطا ہوں۔	46:22
69	کسی کی قدرت نے تنگ دست رکھا ہے تو کسی کو آسودہ، اس میں ماننے والوں کے لیے بڑی نشانیاں ہیں۔	37:30–52:39
70	باتوں کو سن کر ان میں سے بہترین کی پیروی کرنا عقل مندوں کا کام ہے۔	18:39

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)

چوتھا باب

ایمان وتقویٰ اور خیر وشر

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)

ایمان، اس کے تقاضے اور اثرات

1	کسی صاحب ایمان کے لیے خدا اور رسول کے فیصلے کے بعد کوئی اختیار نہیں ہوتا۔	36:33
2	مومن اللہ و رسول کے مخالف اور منکر قیامت سے دوستی نہیں کرنت چاہیے۔ وہ اس کے عزیز ہوں۔	81:5– 22:58– 13,2,1:60
3	مومن کا جان و مال خدا کے ہاتھ بک چکا۔	111:9
4	مومن نہ شرک کرتا ہے نہ احکام الٰہی کی نافرمانی۔	93:2
5	مومن کی خدا سے محبت اس سے کہیں زیادہ ہوتی ہے جتنی مشرک کو اپنے معبود سے۔	165:2
6	مومن دشمن کی طاقت سے گھبراتا نہیں بلکہ اس کے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے۔	22:33
7	مومن باہم رحم دل مگر کفار کے مقابلہ میں سخت ہوتے ہیں۔	29:48
8	مومن کسی شک و شبہ میں مبتلا نہیں ہوتا بلکہ جان و مال کی بازی لگا دیتا ہے۔	15:49
9	مومن وہ ہے جو اللہ کا ذکر سن کر ڈر جائے، آیات الٰہی کو سن کر اس کا ایمان بڑھ جائے، نماز و زکوٰۃ کا پابند ہو، آخرت پر یقین رکھے۔	3,2:27–3,2:8
10	مومن جہاد سے گریز کے لیے جھوٹے بہانے نہیں بناتا۔	44:9–10:61 تا13
11	مومن کو جب خدا اور رسول کے فیصلے کی طرف بلایا جاتا ہے تو وہ کہتا ہے : سمعنا واطعنا	51:24–24,1:8
12	مومن کسی اجتماعی معاملے میں اجازت لیے بغیر پیچھے نہیں رہتا۔	62:24

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
13	مومن وحی الٰہی کو چھوڑ کر طاغوت کے پاس اپنے مقدمے نہیں لے جاتا۔	60:4
14	مومن انبیاء کے قتل کے درپے نہیں ہوتا۔	91:2
15	مومن تقویٰ اختیار کرتا اور قیامت سے ڈرتا ہے۔	112,57:5–223:2 1:8
16	مومن حق کو نہیں چھپاتا۔	228:6
17	مومن آسمانی کتاب کی کماحقہٗ تلاوت کرتا ہے۔	121:2
18	مومن مال واولاد کی وجہ سے یادخدا سے غافل نہیں ہوتا۔	9:63
19	اس کے قول وعمل میں تضاد نہیں ہوتا جو خدا تعالیٰ کو بڑا ناپسند ہے۔	3,2:61
20	مومن کا دل امتداد زمانہ سے سخت نہیں ہوجاتا بلکہ خدا کے ذکر سے موم ہوتا ہے۔	16:57
21	مومن اپنے ایمان کا خدا اور رسول پر احسان نہیں جتاتا بلکہ اسے خدا کا احسان سمجھتا ہے۔	17,16:49
22	مومن دلیل ونشان دیکھ کر مان جاتا ہے۔	248:2– 49:3– ،103، 67:26–77:15 ،174،158،139،121 3:45–190
23	مومن تمام انبیاء کو بلاامتیاز وتعصب مانتا ہے۔	136:2
24	مومن سودخواری سے اجتناب کرتا ہے۔	278:2
25	مومن مجاہد فی سبیل اللہ، تائب، حامد، عابد، صالح، راکع، ساجد آمر بالمعروف، نہی عن المنکر اور حدود اللہ کا محافظ ہوتا ہے۔	112:9
26	مومن ایک دفعہ شکست خوردگی سے سست اور غمزدہ نہیں ہوتا۔	139:3

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
27	مومن خدا کے سوا کسی اور سے نہیں ڈرتا۔	3:175–13:9–
		11:60
28	مومن صرف خدا اور رسول کو راضی رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔	62:9
29	مومن خدا سے ڈرتا اور سچوں کا ساتھ دیتا ہے۔	5:88–9:119–
		59:18
30	مومن صرف جائز ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدنی ہی کو بہتر سمجھتا ہے۔	11:86
31	مومن صرف خدا پر بھروسہ کرتا ہے۔	3:160,122–
		5:23,12–58:10–
		64:13
32	مومن کسی کو جان بوجھ کر قتل نہیں کرتا۔	4:92
33	مومن خدا کے حلال کو حلال اور اس کے حرام کو حرام سمجھتا ہے۔	6:119
34	مومن نہ ناپ تول میں کمی بیشی کرتا ہے نہ زمین میں فساد پھیلاتا ہے۔	7:85
35	مومن باہمی صلح کراتا ہے۔	8:1
36	مومن بدگمانی کی بجائے حسن ظن سے کام لیتا ہے۔	24:12
37	مومن نصیحت کو قبول کرتا ہے۔	51:55
38	مومن کسی پر جھوٹے الزام نہیں لگاتا۔	24:17
39	مومن آزمائش کے وقت ثابت قدم رہتا ہے۔	2,155– 29:32–
		33:11–41:30–
		46:13–47:31
40	مومن حق چیز کا پیرو ہوتا ہے جب کہ کافر باطل کا۔	47:3
41	مومن مغفرت وجنت کے لیے کوشاں رہتا ہے۔	3:133

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
42	مومن، مال کو خدا کی امانت سمجھ کر اس میں سے (خدا کی راہ میں) خرچ کرتا ہے۔	7:57
43	مومن اللہ کی نعمت اور اپنے عہد اطاعت کو یاد رکھتا ہے۔	7:5
44	مومن پیغمبر کو تکلیف نہیں دیتا جس طرح یہودیوں نے موسیٰ علیہ السلام کو دی۔	69:33
45	مومن اللہ و رسول کی اطاعت کرتا، ان کے احکام کو دل و جاں سے سنتا اور خدا سے ڈرتا ہے۔	132:3–21,20:8–92:5
46	مومن قرآن مجید اور دوسری آسمانی کتابوں پر ایمان رکھتا، صرف ایک معبود کو مانتا ہے صرف اسی کی فرماں برداری کا دم بھرتا ہے۔	46:29
47	مومن کے لیے جان و مال اور عزیز و اقارب میں آزمائش لازمی ہے۔	155:2–3,2:29–11:33
48	مومن پر خدا کی رحمت ہوتی ہے، فرشتے اس کے لیے دعائیں کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اسے اندھیروں سے اجالے کی طرف لے جاتا ہے۔	43:33
49	مومن، صدیق اور شہید ہیں، انھیں اجر اور نور ملے گا۔	19:57
50	مومن ہی کے لیے زمین و آسمان کی طرح وسیع جنت تیار کی گئی ہے۔	21:57
51	مومن کو اللہ تعالیٰ اختلافی امور میں سیدھی راہ دکھاتا ہے۔	213:2–54:22
52	مومن کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہت بڑے فضل کی خوشخبری ہے۔	47:33
53	مومنوں کو دشمن کی سرگوشیاں نقصان نہیں پہنچا سکتیں الا یہ کہ خدا کو منظور ہو۔	10:58

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
54	غیر مشرک صالح مومنوں سے اللہ تعالیٰ نے خلافت ارضی، امن وسلامتی اور غلبۂ دین کا وعدہ کیا ہے۔	55:24
55	مومنوں کو اللہ تعالیٰ عذاب سے بچالیتا ہے۔	103:10
56	مومن کو کسی گھاٹے یا ظلم کا ڈر نہیں ہوتا۔	13:72
57	مومنوں کو پیغمبر سے ایسی باتیں نہیں پوچھنی چاہئیں جن کے اظہار سے ان کو تکلیف ہو۔	102,101:5
58	مومن آپ کے پاس آئیں تو انھیں سلام کہا جائے۔	54:6
59	مومن اگر اپنے دین سے پھر جائیں گے تو اللہ تعالیٰ ان سے بہتر قوم ان کی جگہ لے آئے گا۔	54:5

تقویٰ اور اس کے مقتضیات

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
1	جہاں تک ہو سکے خدا کی خشیت اور اس کا تقویٰ اختیار کیا جائے۔	283,282,278,2 233,231,207,203, 197,196,194,189, 41:2– 200,175,130,132, 102,50,28:3– 131,9,1:4– 112,108,100,96,94 2:598,44,35,11,تا8– 69,1:8–155,72:6– 78:11–119:9– 1:22–2:16–69:15– 52:23– 184,179,163,150, 144,132,131,126, 110,108:26– 31:30–16:29– 70,55:33–33:31– 63:42–16,10:39– 12,10,1:49– 9:58–28:57– 11:60–18,7:59– 10,1:65–16:64– 3:71
2	جو تقویٰ اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لیے آسانی پیدا کر دیتا ہے۔	4:65
3	جو تقویٰ اختیار کرتا ہے اللہ اس کے لیے نکلنے کی راہ پیدا کر دیتا ہے۔	2:65

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	متقی کو اللہ تعالیٰ ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے جہاں سے اسے سان گمان بھی نہیں ہوتا۔	4,3:65
5	متقی ہی اللہ کے اولیاٗ ہیں جنھیں کسی قسم کا خوف وغم نہیں اور وہ دنیا و آخرت میں بشارت کے مستحق ہیں۔	35:7– 64تا62:10–34:8
6	اللہ کو تمھاری قربانیوں کا گوشت یا خون نہیں بلکہ تقویٰ پہنچتا ہے۔	37:22
7	جنت متقّین ہی کے لیے تیار کی گئی ہے اور انہی سے اس کا وعدہ ہے۔	–35:13–133:3 15:47–15:25
8	تقویٰ پر قائم رہنے والے محسن کا اجر اللہ ضائع نہیں کرتا۔	90:12
9	قیامت سے ڈرا جائے۔	–281,123,48:2 33:31–131:3
10	اس آگ سے بچا جائے جو کفار کے لیے تیار کی گئی ہے۔	24:2
11	اللہ تعالیٰ نے اس امت کو بھی اور پہلوں کو بھی تقویٰ کی تاکید کی۔	131:4
12	استطاعت کی حد تک تقویٰ اختیار کرو، احکام الٰہی سنو، انھیں بجالاؤ اور خرچ کرو۔	16:64
13	اللہ تعالیٰ متقین کی برائیوں کو مٹاتا اور ان کے اجر کو بڑھا دیتا ہے۔	12:67–5:65
14	جو شخص اپنے رب سے ڈرا اور اپنے نفس کو خواہشات سے روکا اس کا ٹھکانہ جنت میں ہوگا۔	41,40:79
15	متقی قوموں کے احوال سے عبرت پکڑتے ہیں۔	34:24–66:2
16	متقی ہی ہدایت یافتہ اور کامیاب ہیں۔	5:2
17	آخر کو متقین ہی کا بھلا ہے۔	–32:6–77:4 –49:11–169,128:7 –132:20–109:12 –49:38–83:28 35:43

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
18	مطلقہ کو سامان دے کر رخصت کرنا متقین پر لازم ہے۔	241:2
19	اللہ متقین کو پسند کرتا ہے۔	7,4:9–76:3
20	اللہ متقین کے ساتھ ہے۔	–123,36:9–194:2 19:45–128:16
21	اللہ متقین کو خوب جانتا ہے۔	44:9
22	اللہ متقین کی نیکی اور صدقے کو قبول کرتا ہے۔	27:5
23	متقین اور فجار ایک جیسے نہیں ہو سکتے۔	28:38
24	متقین آخرت کو (دنیا کے مقابلہ میں) ترجیح دیتے ہیں۔	32:6
25	نیک وہ ہے جو تقویٰ کرے۔	189:2
26	تقویٰ سے خدا کی نصرت حاصل ہوتی ہے۔	125:3
27	تقویٰ موجب فلاح ہے۔	200,130:3
28	صابر و متقی لوگوں کے اجر ضائع نہیں جاتے بلکہ دگنے ہو جاتے ہیں۔	28:57–90:12
29	متقی محسن ہیں وہ جو چاہیں گے ملے گا۔	–128:4–172,10:3 35,34:39
30	اللہ و رسول پر ایمان لانے اور تقویٰ سے اجر عظیم ملتا ہے۔	–179,172:3–103:2 36:47
31	تقویٰ بہترین زادِ سفر ہے۔	197:2
32	اللہ تعالیٰ مومن متقی کو دہری رحمت، نور اور بخشش عطا کرے گا۔	28:57
33	قرآن مجید کو عربی میں آسان کرنے کا مقصد متقین کو خوشخبری دینا ہے۔	97:19
34	صرف متقین ہی قیامت کو دوستی فراموش نہیں کریں گے۔	67:43
35	موسیٰ و ہارون کو متقین کی نصیحت ہی کے لیے ایک فرقان اور روشنی دی گئی۔	49,48:21

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
36	متقی نعمتوں اور امن والی جنت میں ہوں گے۔	198,136,[illegible]–
		45:15 –35:13–65:5
		–31,30:16–48تا
		5144 –73:39–90:26
		–31:50–57تا
		–19تا15:51
		–54:54–20تا17:52
		–34:68–55,54:55
		–44تا41:77
		37تا31:78
37	خدا کے ہاں سب سے معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیز گار ہوگا۔	13:49
38	تقویٰ سے اعمال کی اصلاح' مغفرت اور گناہوں کی اصلاح ہوتی اور قوت فیصلہ پیدا ہوتی ہے۔	–29:8–65:5–129:4
		28:57–71,70:33
39	تقویٰ عقلمندی کی علامت ہے۔	197:2
40	قیامت کو متقی کفار سے برتر ہوں گے۔	212:2
41	تقویٰ میں شکر گذاری ہے۔	123:3
42	متقین دوزخ سے نجات یافتہ ہوں گے۔	–61:39–72:19
		17:92
43	ایمان وتقویٰ سے آسمان وزمین سے برکتوں کے دروازے کھل جاتے ہیں۔	96:7
44	اللہ تعالیٰ متقی کے گناہ معاف اور اسے بڑا اجر عظیم عطا کرتا ہے۔	5:65
45	متقی لوگوں پر دوسروں کے متعلق نصیحت کے سوا کوئی ذمہ داری نہیں۔	69:6
46	متقی شیطانی وساوس اور کفار کی گمراہ کن تدابیر پر بھی خدا کو یاد رکھتے ہیں۔	202,201:7

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
47	متقی وہ ہیں جو	2:2,5تا177–17:3–
	1۔ اللہ، ملائکہ، یوم آخرت، کتب سماوی اور انبیاء پر ایمان رکھتے ہوں	35,34:22
	2۔ مال کی محبت کے باوجود ضرورت مند لوگوں پر خرچ کریں 3۔	133,17:3 تا136
	نماز قائم کریں 4۔ زکوٰۃ دیں 5۔ عہد کے پابند ہوں	33:39–17:3
	6۔ تکلیفوں، جنگوں اور سختیوں میں صبر کریں 7۔ غصے کو پی جائیں	17:3
	8۔ لوگوں سے درگذر کریں 9۔ خوشی اور تکلیف میں خرچ کریں	16:51–35:22 تا19
	10۔ غلطی ہوجائے تو استغفار کریں 11۔ گناہ پر اصرار نہ کریں	
	12۔ سچی بات کہیں 13۔ اور سچ کو مان لیں 14۔	
	فرماں بردار ہوں 15۔ محسن ہوں، راتوں کو کم سوئیں، رات کے	
	پچھلے حصوں میں خدا سے استغفار کریں، اپنے مالوں میں غریبوں اور تہی	
	دستوں کا حق مانیں۔	
48	اللہ تعالیٰ متقین کو کامیابی دے کر نجات بخشے گا، انھیں نہ کوئی دکھ ہوگا نہ	61:39
	غم۔	

ذکر

1	مجھے یاد کرو۔ میں تمھیں یاد کروں گا۔	152:2
2	اللہ کے ذکر سے مومنوں اور خدا کی طرف رجوع کرنے والوں کو	28:13
	اطمینان حاصل ہوتا ہے۔	
3	آیات الٰہی پر ایمان صرف انھیں نصیب ہوتا ہے جو انھیں سن کر سجدہ	16,15:32–191:3
	ریز ہوجائیں تسبیح وتحمید کرتے ہوں اور تکبر نہ کرتے ہوں۔ امید وبیم میں	
	خدا کو یاد کرتے ہوں، ان کے پہلو خواب گاہوں سے علیحدہ رہتے ہوں۔	
4	اللہ کے ذکر سے ڈرنے والوں کے دل نرم پڑ جاتے ہیں۔	23:39
5	اللہ کو اکثر یاد کیا کرو تا کہ فلاح پاؤ۔	10:62

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
6	اپنے رب کے نام کو یاد کیا کرو اور سب سے کٹ کر اسی کا ہو جا۔	73:8
7	موت تک اپنے رب کی تسبیح و تحمید اور سجدہ میں لگے رہو۔	99:98:15
8	اللہ کا ذکر سب سے بڑا ہے۔	45:29
9	صبح و شام کثرت سے خدائے عظیم و برتر کی تسبیح و تحمید اور ذکر کیا جائے۔	3:41–111:17–42,41:33–93:27–52:69–96,74:56–3:110–1:87
10	مساجد اس لیے تعمیر کی جاتی ہیں کہ ان میں خدا کا ذکر کیا جائے۔	36:24
11	عاجز مومن کا دل اللہ کا ذکر سن کر ڈر جاتا ہے۔	35:22–2:8
12	وہ آدمی کامیاب رہا جس نے اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا۔	15,14:87
13	اللہ کو کثرت سے یاد کرنے والے گمراہ شعراء میں شامل نہیں۔	227:26
14	اپنے رب کی بڑائی بیان کیا کرو۔	3:74
15	میرے ذکر کے لیے نماز قائم کر۔	14:20
16	جو شخص اللہ کو زیادہ یاد کرتا ہے اس کے لیے رسول اللہ کی ذات میں بڑا اچھا نمونہ ہے۔	21:33
17	ساتوں آسمانوں اور زمین اور ان میں کی ہر چیز خدا تعالیٰ کی تسبیح کرتی ہے مگر انسان اسے سمجھ نہیں پاتا۔	44:17
18	جو شخص اللہ کے ذکر سے اعراض کرتا ہے، ہم اسے بڑھتا ہوا عذاب دیں گے اس کی زندگی تنگ ہوگی اور قیامت کو اندھا اٹھے گا۔	17:72–124:20
19	برائیوں کا ارتکاب کرنے والے اگر خدا کو یاد کریں، استغفار کریں تو اللہ تعالیٰ انھیں معاف کر دے گا۔	135:3
20	کافر خدا کے عبادت گذار بندوں کا مزاق اڑاتے اور خدا کی یاد کو بھول جاتے ہیں۔	110:23

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
21	یہ منافق کا کام ہے کہ وہ اللہ کو کبھی کبھی ہی یاد کرتا ہے۔	142:4
22	مال و دولت اور اولاد کی وجہ سے خدا کے ذکر سے غافل نہیں ہونا چاہیے ورنہ خسارہ ہے۔	9:63
23	یہ کافر اپنے رب کے ذکر سے اعراض کرنے والے ہیں۔	42:21
24	کچھ لوگ ایسے ہیں جن کو کاروبار اللہ کے ذکر سے غافل نہیں کرتا۔	37:24
25	جو خدا کے ذکر سے منہ موڑ لیتا ہے شیطان اس کا ساتھی ہو جاتا ہے۔	36:43
26	حضرت سلیمان نے کہا کہ مال کی محبت نے مجھے خدا کی یاد سے غافل کر دیا۔	32:38
27	مومنوں کو چاہیے کہ ان کے دل خدا کے ذکر کے لیے جھکے رہیں اور وہ ان لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں جن کو کتاب ملی مگر امتداد زمانہ سے ان کے دل سخت ہو گئے۔	16:57
28	جن کے دل اتنے سخت ہیں کہ وہ اللہ کا ذکر نہیں کرتے وہ کھلی گمراہی میں مبتلا ہیں۔	22:39
29	جو شخص ہمارے ذکر سے غافل اور خواہشات کا پیرو ہو اور اس کا معاملہ حد سے بڑھا ہوا ہو اس کی اطاعت نہ کی جائے اور اس سے اعراض کیا جائے۔	29:53–28:18
30	خدا کے نیک بندے قیامت کے دن کہیں گے کہ تو نے ان (مشرکوں) اور ان کے آباء کو ساز و سامان دیا یہاں تک کہ وہ تیری یاد کو بھول گئے اور ہلاک ہوئے۔	18:25
31	مغضوب قوم پر شیطان نے غالب آ کر انھیں ذکر سے غافل کر دیا۔	19:58

شکر

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
1	خدا کی عبادت کرو، شکر بجالاؤ اور اگر تم اس کے عبادت گذار ہو تو اس کی ناشکری نہ کرو۔	2:172,152– 17:29–114:16 15:34
2	اے آل داؤد! شکر کے لیے (نیک) اعمال کرو۔	13:34
3	شکر گذاروں کو اللہ تعالیٰ ضرور (اچھا) بدلہ دے گا۔	35:54–145,144:3
4	اللہ تعالیٰ نے حضرت لقمان کو حکمت دے کر کہا کہ اس کا شکر ادا کر۔	12:31
5	اللہ تعالیٰ کی نعمت کا چرچا کیا کرو۔	11:93
6	اگر تم شکر کرو گے تو ہم تمہیں اور دیں گے اور اگر ناشکری کی تو میرا عذاب بڑا سخت ہے۔	7:14
7	اگر تم شکر کرو اور ایمان لے آؤ تو اللہ تمھیں عذاب دے کر کیا کرے گا۔	147:4
8	اے پیغمبر! صرف اللہ کی عبادت کر اور اس کا شکر گزار بن۔	66:39
9	اللہ تعالیٰ نے انسان کو حکم دیا کہ وہ اس کا اور اپنے والدین کا شکر بجا لائے۔	14:31
10	واقعۂ سبا میں ہر صابر و شاکر کے لیے نشانیاں ہیں۔	19:34
11	موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ میں ہر صابر و شاکر کے لیے نشانیاں ہیں۔	5:14
12	اللہ تعالیٰ اپنے شکر گزار بندوں سے خوب واقف ہے۔	53:6
13	جو شکر کرتا ہے اپنے فائدے کے لیے کرتا ہے اور جو ناشکری کرتا ہے اللہ اس سے بے نیاز ہے۔	12:31–40:27– 7:39
14	اللہ تعالیٰ نے انسان کو راہ دکھا دی ہے۔ اب خواہ وہ شکر گذار بنے خواہ نافرمان۔	3:76
15	اللہ تعالیٰ نے تمھیں ماؤں کے پیٹوں سے نادانی کے عالم میں نکال کر کان، آنکھیں اور دل دیئے تا کہ تم شکر گزار بنو۔	78:16–78:23– 23:67–9:32

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
16	اللہ تعالیٰ نے جانوروں کو تمھارے لیے مسخر کر دیا تا کہ تم شکر گزار بنو۔	36:72
17	اللہ تعالیٰ نے سمندر کو تمھارے لیے مسخر کر دیا جس میں سے گوشت اور سامان آرائش حاصل کرتے اور حصول رزق کے لیے کشتیاں چلاتے ہوتا کہ تم شکر گذار بنو۔	14:16–12;35–12:45
18	اللہ تعالیٰ نے تمھیں آرام اور تلاش رزق کے لیے رات اور دن بنائے تا کہ تم شکر گذار بنو۔	73:28
19	اللہ تعالیٰ نے بارانِ رحمت کے لیے ہوائیں چلا دیں جن سے تمھارا رزق لیے کشتیاں بھی چلتی ہیں' تا کہ تم شکر گزار بنو۔	46:30
20	اللہ تعالیٰ نے انسان کے پینے کو بادلوں سے شیریں پانی برسایا اور قدرت کے باوجود اسے کھاری نہیں بنایا پھر وہ کیوں شکر گذار نہیں بنتا۔	70:56
21	انسان بحر و بر کی ظلمتوں میں پھنس کر' نجات کی صورت میں شکر گذار بننے کا عہد کرتا ہے۔ مگر پھر شرک کرنے لگ جاتا ہے۔	23,22:10–64,63:6
22	انسان باصلاحیت اور نیک اولاد ملنے کی صورت میں خدا کا شکر بجالانے کا عہد کرتا ہے مگر پھر اسی اولاد کے بارہ میں دوسروں کو خدا کا شریک بناتا ہے۔	190,189:7
23	بارانِ رحمت کی یکسانی کے باوجود' ناقص و اعلیٰ زمین پر اس کے مختلف اثرات کی مثالیں شکر گزار کے لیے بیان کی جاتی ہیں۔	58:7
24	زمین میں انسان نے خود نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے باغات اور دریا رکھے پھر وہ کیوں شکر بجا نہیں لاتا۔	35:36
25	اللہ تعالیٰ نے تمھیں چار پایوں کا مالک بنا دیا جن پر سواری کرتے اور ان کا گوشت کھاتے اور دوسرے فائدے اٹھاتے ہو۔ پھر کیوں شکر نہیں ادا کرتے۔	71:36 تا 73

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
26	موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوا کہ تمھیں رسالت کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ اس لیے جو کچھ اللہ نے دیا ہے اسے لو اور شکر گذاروں میں سے بنو۔	14:7
27	ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وادی غیر زرع میں حاجیوں کے پھگوں کی فراوانی کردے تا کہ وہ شکر گزار بنیں۔	37:14
28	ابراہیم علیہ السلام اپنے رب کی نعمتوں کے شکر گذار تھے۔	122,121:16
29	ہم نے داؤد کو صنعت زرہ سازی سکھائی تا کہ تمھیں لڑائی میں تحفظ حاصل ہو۔تو کیا شکر گذار بنو گے؟	80:21
30	بارش اور خدا کی نعمتیں لے کر چلتی ہوئی کشتیوں میں ہر صابر و شاکر کے لیے نشانیاں ہیں۔	–31:31–46:30 –33:42–12:35 12:45
31	شیطان نے کہا : میں انسان کو ہر طرح سے گمراہ کرنے کی کوشش کروں گا اور تو ان میں سے اکثر کو شکر گذار نہیں پائے گا۔	17:7
32	ہم نے تمھیں موت کے بعد زندگی دی تا کہ تم شکر گذار بنو۔	56:2
33	اگر تم شکر کرو گے تو اللہ اسے پسند کرتا ہے۔	7:39
34	اگر کوئی نصیحت پکڑنا یا شکر گذار بننا چاہتا ہے تو اُس کے لیے دن اور رات کے تعاقب میں ایک بڑی نشانی ہے۔	62:25
35	حضرت نوحؑ خدا کے شکر گذار بندے تھے۔	3:17
36	اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو کھجوروں اور انگوروں ں کے باغات دیئے پھر وہ شکر کیوں نہیں کرتے۔	35,34:36
37	اللہ نے کم تعداد اور خطرۂ جان کے باوجود تمھاری مدد کی اور ٹھکانا دیا تا کہ تم شکر ادا کرو۔	26:8–123:3

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
38	اللہ تعالیٰ سے ڈرا کرو تا کہ تم شکر گذار بن سکو۔	123:3
39	اللہ تعالیٰ نے روزے، وضو اور قسموں میں آسانیاں رکھی ہیں تا کہ تم شکر ادا کرو۔	90,89,6:5–185:2
40	اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو گوسالہ پرستی معاف کر دی تا کہ وہ شکر گذار بنیں۔	52:2
41	حضرت سلیمانؑ نے دعا مانگی کہ اے میرے مالک! مجھے اپنے انعامات کے شکر کی توفیق دے۔	15:46–19:27
42	کان، آنکھیں اور دل و دماغ کے ہوتے ہوئے اور خدا کی نعمتوں کے پہچاننے کے باوجود اکثر لوگ ناشکر گذار ہیں، شکر گذار کم ہیں اور وہ خود اس کے گواہ ہیں۔	–10:7–243:2 –9:11–60:10 –34:14–38:12 –83:16 –99,89,67:17 –78:23–66:22 –9:32–73:27 –61:40–13:34 –15:43–48:42 –24:76–23:67 7,6:100–17:80

پابندی عہد

1	عہد کو پورا کرو۔اس کے متعلق باز پرس ہوگی۔	34:17
2	اللہ کے عہد کو پورا کرو۔اسے پختہ کرنے اور خدا کو ضامن بنانے کے بعد اسے مت توڑو، اسے توڑنا کاتے ہوئے سوت کو پارہ پارہ کرنے کے مترادف ہے۔	91:16 تا 93
3	قسموں کو باہمی فریب دہی اور ایک دوسرے سے زیادہ نفع لینے کا ذریعہ نہ بناؤ۔	95,93,92:16

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	توکل	
1	مومنوں اور بھروسہ کرنے والوں کو صرف اللہ پر بھروسہ کرنا چاہیے۔	11:5–160,122:3– 67:12–51:9–2:8– 38:39–11:14– 13:64–10:58
2	اللہ تعالیٰ توکل کرے والوں کو پسند کرتا ہے۔	159:3
3	جب کسی کام کا عزم کرلو تو پھر اللہ پر بھروسہ کرو۔	159:3
4	جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے (وہ دیکھ لیتا ہے کہ) اللہ غالب وحکمت والا ہے۔	49:8
5	جو اللہ پر توکل کرتا ہے، اللہ اس کے لیے کافی ہے۔	3:65
6	خدا پر ایمان وتوکل رکھنے والوں پر شیطان کا تصرف نہیں۔	99:16
7	خدا پر توکل اور صبر کرے والے مومنین صالحین کے لیے جنت ہے۔	59,58:29
8	خدا پر ایمان وتوکل رکھنے والوں کے لیے متاع دنیا سے زیادہ اچھا اور پائدار اجر ہے۔	36:42
9	خدا کی راہ میں ہجرت، دشمنوں کی ایذا رسانیوں پر صبر اور اپنے رب پر توکل کرنے والوں کے لیے دنیا میں بھلائی ہے اور آخرت کا اجر اس سے بھی بڑا ہے۔	42,41:16
10	منافقوں سے اعراض کرو اور اللہ پر بھروسہ کرو، اس کی کارسازی کافی ہے۔	48,3:33–81:4
11	اگر کافر صلح کے لیے آمادہ ہوں تو تم بھی ہوجاؤ اور اللہ پر بھروسہ رکھو۔	61:8
12	تمام معاملات اللہ کے ہاتھ میں ہیں، اس کی عبادت کرو اور اسی پر بھروسہ رکھو۔	123:11

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
13	اس زندہ پر بھروسہ کرو جسے موت نہیں اور اسی کی تسبیح وتحمید کرتے رہو۔	58:25
14	اس عزیز ورحیم پر بھروسہ کرو جو تمھیں ہر حالت میں دیکھ رہا ہے۔	217:26تا219
15	اللہ پر بھروسہ رکھو تم واضح حق پر ہو۔	79:27
16	اگر کافر منہ پھیر لیں تو کہو کہ مجھے اللہ کافی ہے میرا اور میرے ساتھیوں کا اسی پر بھروسہ ہے۔	30:13–129:9–29:67–10:42
17	میرا بھروسہ اللہ پر ہے' جاؤ اپنے شرکاء سے مل کر میرے خلاف جو سازش چاہو کرلو اور مجھے مہلت بھی نہ دو (نوحؑ)۔	71:10
18	تم سب مل کر میرے خلاف سازش کرلو اور مجھے مہلت بھی نہ دو۔ میرا بھروسہ اللہ پر ہے' (ہود)۔	56:11
19	میرا اور میرے ساتھیوں کا بھروسہ اللہ پر ہے (شعیب)۔	88:11–89:7
20	میں تمھیں (ایک خاص غرض سے) الگ الگ دروازوں سے شہر میں داخل ہونے کے لیے کہہ تو رہا ہوں مگر میرا اصل بھروسہ اللہ پر ہے (یعقوبؑ)۔	67:12
21	اگر تمھارا خدا پر ایمان ہے اور اگر تم اس کے فرماں بردار ہو تو اسی پر بھروسہ کرو (موسیٰؑ)۔	85,84:10–23:5
22	اے اللہ! ہمارا بھروسہ تجھی پر ہے۔	4:60

عفو ودرگذر

1	معاف کردینا تقویٰ کے زیادہ قریب ہے۔	237:2
2	جو لوگ دوسروں کی غلطیوں کو معاف کرنے والے ہوں' اللہ ان سے محبت کرتا ہے۔	134:3
3	صاحبِ فضل و وسعت لوگ اپنے غریب و مستحق اعزہ کی غلطیوں سے درگذر کرتے ہوئے ان کی امداد کا سلسلہ جاری رکھیں۔	22:24

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	اگر تم اپنی دشمن بیویوں اور بچوں سے عفو و درگذر سے کام لو تو اللہ بھی بخشنے والا مہربان ہے۔	14:64–149:4
5	یہود کی عہد شکنی، سنگدلی، تحریف کلام اللہ اور خیانت کے باوجود ان کو معاف کردو اور درگذر سے کام لو۔	13:5
6	بہت سے اہل کتاب تمھیں حسد کی وجہ سے دوبارہ کافر بنا دینا چاہتے ہیں۔اس کے باوجود ان کو معاف کردو اور درگزر سے کام لو۔	109:2
7	زمین و آسمان کی تخلیق کا ایک مقصد ہے اور قیامت آ کر رہے گی۔تاہم تم (ان دونوں کے منکروں سے) عمدہ طریقے سے درگذر سے کام لو۔	85:15
8	اگر یہ لوگ خدا کو خالق مانتے ہوئے بھی اس کی وحدانیت پر ایمان لانے والے نہیں۔پھر بھی ان کو سلام کہہ کر درگذر سے کام لو۔	89:43

احسان و ایثار

1	اللہ تعالیٰ احسان کرنے کا حکم دیتا ہے۔	90:16
2	اللہ تعالیٰ متقین و محسنین کے ساتھ ہے۔	128:16
3	اللہ تعالیٰ محسنین سے محبت کرتا ہے۔	13:5–148,134:3
4	چاہے انھیں خود ضرورت ہو وہ اپنے آپ پر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں۔	9:59
5	اللہ تعالیٰ محسنین کو اس طرح جزا دیتا ہے جس طرح اس نے نوحؑ، ابراہیمؑ، موسیٰؑ، ہارونؑ، الیاسؑ اور دوسرے اہل جنت کو دی۔	131,121,110,80:37– 44:77

راست گوئی

1	سچوں کا ساتھ دو۔	119:9
2	سچ بولنے والوں کے لیے جنت اور خدا کی خوشنودی ہے۔	119:5–17تا15:3
3	سچ لانے اور سچ کی تصدیق کرنے والے ہی متقی ہیں۔	35تا33:29
4	قیامت کے روز سچ بولنے والوں کو ان کی راست گوئی کا بدلہ ملے گا۔	24:33

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
5	اللہ تعالیٰ قیامت کو سچوں کے سچ کے متعلق پوچھے گا۔	8:33
6	منافق اگر اللہ تعالیٰ سے سچے رہتے تو ان کے لیے بہتر ہوتا۔	21:47
7	اللہ تعالیٰ سچوں اور جھوٹوں کو جانچتا رہتا ہے۔	3:29

صراط مستقیم

1	نبی علیہ السلام کا اتباع صراط مستقیم ہے۔	61:43
2	اللہ تعالیٰ کو سب کا رب ماننا اور صرف اسی کی عبادت کرنا صراط مستقیم ہے۔	36:19–51:3 64:43–61:36
3	انبیائے سابق کی راہ صراط مستقیم ہے۔	87:6
4	اللہ تعالیٰ کے دامن کو تھامنا صراط مستقیم ہے۔	175:4–101:3
5	خدا کے نیک و برگزیدہ بندوں کی راہ صراط مستقیم ہے۔	41:15
6	صحابہ کی راہ صراط مستقیم ہے۔	20:48
7	صحیح فیصلہ کرنا صراط مستقیم ہے۔	22:38
8	ہارون و موسیٰؑ کی راہ صراط مستقیم ہے۔	118:37
9	ابراہیم علیہ السلام کی راہ طراط مستقیم ہے۔	121:16
10	حضورؐ کی راہ، صراط مستقیم ہے اور یہی ابراہیم کی راہ ہے۔	73:23–161:6– 52:42–4:36– 2:48–43:43
11	عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بندہ ماننا اور قیامت پر ایمان صراط مستقیم ہے۔	61:43
12	صراط مستقیم ان لوگوں کی راہ ہے جن پر اللہ تعالیٰ نے انعامات کئے اور جو مغضوب و ضال نہ تھے۔	6,5:1
13	یہ قرآن مجید یا دین اسلام، خدا کی طرف جانے والا سیدھا راستہ ہے۔	6:34–126:6
14	جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضامندی کی پیروی کرے، وہ اسے ظلمتوں سے نکال کر نور کی طرف لے جاتا ہے اور صراط مستقیم سمجھاتا ہے۔	16:5

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
15	خدا اور رسول پر ایمان لانے، اطاعت کرنے اور عمل صالح سے اجر عظیم ملتا اور صراط مستقیم کی طرف راہنمائی ہوتی ہے۔	175,68,64:4– 54,24:22
16	اللہ تعالیٰ صراط مستقیم پر ہے۔	41:15–56:11

خیانت

1	اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کی تدبیر کو ناکام بنا دیتا ہے۔	52:12
2	اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔	58:8–107:4
3	اللہ تعالیٰ آنکھوں کی خیانت تک کو جانتا ہے۔	20:40
4	خیانت کرنے والوں کی طرف داری نہ کی جائے۔	105:4 تا 107
5	اہل ایمان کو اللہ و رسول کے ساتھ اور اپنی امانتوں میں خیانت نہیں کرنی چاہیے۔	27:8

اللہ تعالیٰ جن لوگوں کا ساتھ دیتا ہے

اللہ ساتھ دیتا ہے:

1	صبر کرنے والوں کا۔	–249,153:2 66,46:8
2	ایمان والوں کا۔	–103:10–64,19:8 88:21
3	ڈرنے والوں (متقین) کا۔	–128:16–123,36:9 194:2
4	نیکی کرنے والوں (محسنین) کا۔	69:29–56:7
5	اللہ و رسول کی اطاعت اور جہاد کرنے والوں کا۔	33:47 تا 35
6	نماز و زکوٰۃ ادا کرنے والوں، رسولوں پر ایمان لانے والوں اور خدا کو قرض حسنہ دینے والوں کا۔	12:5

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)

اللہ تعالیٰ جن لوگوں کو پسند کرتا ہے

اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے۔

1	نیکی کرنے والوں (محسنین، صالحین) کو۔	148,134:3–195:2 196:7–93,13:5
2	توبہ کرنے والوں (توابین) کو۔	222:2
3	صفائی پسندوں (متطہرین) کو۔	108:9–222:2
4	اتباع رسول کرنے والوں کو۔	31:3
5	پرہیزگاروں (متقین) کو۔	7,4:9–172,76:3
6	صبر کرنے والوں (صابرین) کو۔	146:3
7	توکل کرنے والوں (متوکلین) کو۔	159:3
8	انصاف کرنے والوں (مقسطین) کو۔	8:60–9:49–42:5
9	مومنوں کے لیے نرم اور کفار کے لیے سخت دل رکھنے والے مجاہدین کو۔	4:61–54:5
10	سچ بولنے والوں (صادقین) کو۔	119:5
11	مہاجرین وانصار اور ان کے سچے متبعین کو۔	100:9
12	بیعت رضوان کرنے والوں کو۔	18:48
13	عہد کی پابندی کرنے والوں کو۔	76:3
14	خدا کی راہ میں سیسہ پلائی دیوار کی طرح جم کر لڑنے والوں کو۔	4:61
15	ایمان لانے اور عمل صالح کرنے والوں کو۔	96:19

مفلحین وفائزین

(فلاح پانے والے اور ہدایت یافتہ لوگ)

فلاح پانے والے لوگ وہ ہیں جو

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
1	متقی ہیں۔	2:5– 64:10–
		57:23– 5،4:31 ،
		26:70– 52:24–60
2	بن دیکھے ایمان رکھتے ہیں۔	ایضاً
3	نماز قائم کرتے ہیں۔	ایضاً
4	خدا کے دیئے سے میں خرچ کرتے ہیں۔	ایضاً
5	حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور پہلے پیغمبروں پر نازل شدہ کتابوں پر ایمان رکھتے ہیں اور	ایضاً
6	انھیں آخرت پر یقین ہے۔	ایضاً
7	نیکی کی دعوت دیتے ہیں اور برائی سے روکتے ہیں۔	104:3
8	جن کے (نیک اعمال کے) وزن بھاری ہوں گے۔	102:23–8:7
9	جو نبی امّی پر ایمان رکھتے ہیں۔	157:7
10	اس کی رفاقت کرتے ہیں۔	ایضاً
11	اس کی مدد کرتے ہیں اور	ایضاً
12	اس پر نازل شدہ نور کی اتباع کرتے ہیں۔	ایضاً
13	رسول پر ایمان لانے والے ہیں اور	ایضاً
14	جان و مال سے جہاد کرنے والے ہیں۔	88:9
15	اللہ و رسول کے فیصلے کو دل و جان سے ماننے والے ہیں۔	52,15:24
16	(ہر معاملہ میں) اللہ تعالیٰ کی رضا کے طالب ہیں اور رشتہ داروں، مساکین، اور مسافروں کے حقوق ادا کرتے ہیں۔	38:30
17	احسان کرنے والے ہیں۔	4:31

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
18	اللہ تعالیٰ کی اس جماعت میں داخل ہیں جو خدا اور رسول کے مخالفوں سے دوستی نہیں رکھتی چاہے وہ ان کے اعزہ ہی ہوں۔	22:58
19	لالچ اور حرص سے محفوظ ہوں۔	16:64–9:59
20	توبہ کرنے، ایمان رکھنے اور عمل صالح کرنے والے ہیں۔	9:64–67:28
21	ایمان لانے والے۔	1:23 تا 9–22:70 تا 34
22	نماز میں خشوع کرنے والے۔	ایضاً
23	لغویات سے اعراض کرنے والے۔	ایضاً
24	زکوٰۃ ادا کرنے والے۔	ایضاً
25	اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرنے والے ہوں۔	ایضاً
26	امانت دار۔	ایضاً
27	عہد کے پابند۔	ایضاً
28	نماز کی حفاظت کرنے والے ہوں۔	ایضاً
29	تزکیہ نفس کرنے والے۔	15،14:87
30	خدا کو یاد کرنے والے۔	ایضاً
31	نماز پڑھنے والے ہوں۔	ایضاً
32	نفس کو سنوارنے والے ہوں۔	9:91
33	خدا اور رسول کی اطاعت کرنے والے ہوں۔	71:33
34	ایمان لائیں۔	111،86،88،20:9
35	ہجرت کریں۔	ایضاً
36	اللہ کی راہ میں مال وجان سے جہاد کریں۔	ایضاً
37	ایمان لائیں۔	111،109:23
38	استغفار کریں اور خدا سے رحم طلب کریں۔	ایضاً

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
39	لوگوں کے استہزا پر صبر سے کام لیں۔	156:2
40	صبر کریں اور ہر مصیبت میں خدا کی طرف رجوع کریں۔	59,58:23–82:6
41	ایمان لائیں اور پھر اس میں ظلم (شرک) کی ملاوٹ نہ کریں۔	–11:85–30:45
42	ایمان لائیں عمل صالح کریں۔	11,9:64
43	تلاش رزق کے وقت بھی خدا کو کثرت سے یاد کرو۔	10:62
44	اپنی گواہیوں پر قائم رہیں۔	33:70
45	جو پیغمبر پر ایمان لائے' اس کو تقویت دی' اس کی مدد کی اور اس پر اتارے ہوئے نور کی پیروی کی۔	157:7
46	گناہ معاف ہو کر دوزخ سے بچ رہنے والے' جنت میں داخل ہونے والے اور قیامت کو جن کے دائیں بائیں اور سامنے نور ہوگا۔	–62,60:37–185:3 –57تا 51:44–9:40 –12:57–5:48 20:59

ہدایت یافتہ لوگ۔

1	جنھیں خدا ہدایت دے۔	178:7
2	اللہ و یوم آخر پر ایمان لائیں' نماز قائم کریں' زکوٰۃ دیں' خدا کے سوا کسی سے نہ ڈریں اور مساجد کی تعمیر جیسے نیک اعمال کریں۔	24:22–18:9
3	قرآن مجید پر ایمان رکھیں۔	137:2
4	خدا کے مطیع و فرماں بردار ہوں۔	16:5–20:3
5	حق کو قبول کریں۔	108:11
6	وحی کی پیروی کریں۔	50:34
7	اللہ کا دامن تھامیں۔	175:4–101:3
8	اللہ کی راہ میں جہاد کریں۔	69:29

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
9	خدا کی طرف رجوع کریں۔	13:42
10	جہاد اور ہجرت جیسے خدائی احکام بلا چون و چرا بجالائیں۔	66:4تا68
11	ہجرت و نصرت میں سبقت لے جانے والے اور ان کے نیک پیرو ہوں۔	100:9
12	سرکشوں کی اطاعت سے بچیں، خدا کی طرف رجوع کریں، خدا کی بات توجہ سے سنیں اور اس بہترین حکم کی اتباع کریں۔	18,17:39
13	پہلے ہی سے سیدھی راہ اختیار کریں۔	76:19
14	وہ مومن مرد و عورت جنھیں اللہ تعالیٰ جنت میں پاکیزہ گھر اور خدا کی رضا مندی حاصل ہوگی۔	72:9

ناپسندیدہ لوگ

اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے۔

1	زیادتی کرنے والوں (معتدین) کو۔	55:7–87:5–190:2
2	ناشکر گذاروں (کفار و کفور) کو۔	28:22–276:2
3	گناہ گاروں (اثیم) کو۔	107:4–276:2
4	منکروں (کافرین) کو۔	45:30–32:3
5	بے انصافوں (ظالمین) کو۔	40:42–140,57:3
6	اِترانے والوں (فرحین مختال) کو۔	–76:28–36:4 23:57–18:31
7	فخر کرنے والوں (فخور) کو۔	–23:16–36:4 23:57–18:31
8	دغابازوں (خوّان) کو۔	–58:8–107:4 38:22
9	فساد کرنے والوں (مفسدین) کو۔	77:28–64:5
10	دولت وغیرہ اڑا دینے والوں (مسرفین) کو	31:7–142:6

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
11	بے حکموں (فاسقین) کو۔	96:9
12	ان لوگوں کو جو خود بھی بخیل ہوں اور دوسروں کو بھی بخل کا حکم دیں۔	37:4
13	جو لوگوں کے دکھانے کو مال خرچ کریں اور اللہ اور یوم آخر پر ایمان نہ رکھیں۔	38:4
14	بڑا بننے والوں (متکبرین) کو۔	23:16
15	بری باتوں کے پھیلانے والوں کو الّا یہ کہ وہ مظلوم ہوں۔	148:4

وہ لوگ جو فلاح پانے والے نہیں

(بلکہ نقصان اٹھانے والے ہیں)

وہ لوگ فلاح پانے والے نہیں جو

1	ظالم (گناہ گار و بے انصاف) ہیں۔	–9:7–135,21:6 –23:12–22,21:11 –111:20–82:17 37:28
2	مجرم ہیں۔	17:10–23:7
3	خدا پر افترا باندھنے والے ہیں۔	–21:11–69:10 61:20–116:16
4	جادوگر ہیں۔	69:20–77:10
5	کافر (منکر) ہیں۔	–117:23–12:6–5:5 –39:35–82:28 85:40

وہ لوگ خسارہ اُٹھانے والے ہیں جو:۔

6	فاسق ہیں، خدا کے عہد کو توڑتے، رشتوں کو قطع کرتے اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں۔	64,27,26:2

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
7	خدا کی کتاب سے انکار کرتے ہیں۔	8:65–12:6–12:2
8	پیغمبر کو جھٹلاتے ہیں۔	9:65–92:7
9	خدا کی تدبیروں سے نڈر رہتے ہیں۔	99:7
10	خدا کی راہ سے روکنے کے لیے اپنا مال خرچ کرتے ہیں۔	19:11–36:8
11	منافق وکافر ہیں اور دنیوی مال وجاہ میں مگن رہتے ہیں۔	69:9
12	مرتد (ایمان لانے کے بعد کافر) ہوجاتے ہیں کیونکہ ان غافلوں کے قوائے ادراک پر مہر لگ چکی اور انھوں نے آخرت پر دنیا کو ترجیح دی۔	–149:3 107:16 تا 109
13	باطل پر ایمان لاتے اور اللہ سے انکار کرتے ہیں۔	52:29–12:6
14	خدا کی آیات سے انکار کرتے ہیں۔	–95:10–9:7–12:6 9:65–63:39
15	شیطان کی جماعت جن پر وہ غالب آچکا ہو اور انھیں خدا کی یاد بُھلا دی ہو۔	19:58–119:4
16	مال اور اولاد کی خاطر خدا سے غافل ہوجاتے ہیں۔	9:63
17	آیات الٰہی کے وہ منکر جنکی دنیوی زندگی کی تمام کاوشیں اکارت گئیں اور وہ سمجھتے رہے کہ وہ اچھے کام کر رہے ہیں اور انھوں نے آیات اور پیغمبروں کا مذاق اڑایا۔	103:18 تا 106
18	اسلام کے سوا کوئی اور دین چاہیں۔	85:3
19	میدان مقابلہ میں پسپائی دکھاتے ہیں۔	21:5
20	بے گناہ بھائی کو قتل کرتے ہیں۔	30:5
21	منافق جو یہود ونصاریٰ سے مل گھل کر رہتے ہیں۔	53:5
22	خدا کے سوا کسی دوسرے کو معبود بناتے ہیں۔	64:39–148:7
23	اللہ تعالیٰ سے نامناسب سوال کرتے ہیں۔	47:11

26	شیطان کو دوست بناتے ہیں۔	119:4
27	اپنی اولاد کو نادانی میں قتل کرتے اور رزق حلال کو حرام قرار دیتے ہیں۔	141:6
28	اللہ کی عبادت تو کرتے ہیں مگر یک طرفہ۔	11:22
29	باطل پرست ہیں۔	27:45–78:40
30	جن کے (نیک اعمال کے) وزن ہلکے ہوں گے۔	103:23
31	جو نہ ایمان لاتے، نہ عمل صالح کرتے اور نہ حق وصبر کی ایک دوسرے کو تلقین کرتے ہیں۔	3,2:103
32	قیامت کے روز اپنا سب کچھ ہار جائیں گے۔	45:42–15:39
33	جنھیں گمراہ ٹھہرایا گیا ہو۔	178:7
34	بُروں کی محبت میں پر پڑ کر اپنے برے اعمال کو اچھا سمجھنے لگتے ہوں۔	25:41
35	اپنے نفس کو خاک آلودہ کر لیتے ہیں۔	10:91
36	جو اپنی اولاد کو بے وقوفی سے قتل کریں اور خدا کے رزق کو بلا وجہ حرام ٹھہرائیں۔	140:6

فاسق ونافرمان لوگ

فاسق ونافرمان وہ لوگ ہیں جو:۔

1	آیّات بیّنات کا انکار کرتے ہیں۔	49:6–99:2

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
2	انبیاء پر ایمان لانے اور ان کی نصرت کا وعدہ کر کے پھر جائیں۔	8:72
3	آسمانی کتاب کے مطابق فیصلے نہیں کرتے۔	47:5
4	اہل کتاب کی اکثریت۔	81:59:5–110:3 27,26,16:57
5	مشرکین کی اکثریت۔	8:9
6	منافق ہیں۔	96,84,80,67,53:9– 6:63
7	پاک دامن عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں اور گواہ پیش نہیں کر سکتے۔	4:24
8	خلافت امن وسلامتی اور تمکین دین حاصل ہونے کے بعد بھی ناشکری کرتے ہیں۔	55;24
9	خدا کو بھول جاتے ہیں اور پھر اللہ انھیں اپنا آپ بھی بھلا دیتا ہے۔	19:59
10	خدا کے عہد کو توڑتے، رشتوں کو کاٹتے اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں۔	27:2
11	جنھیں اللہ نے حکومت ونبوت سے نوازا ہو پھر بھی وہ احکام رسول بجا نہ لائیں۔	26:5
12	جو خدا سے نہیں ڈرتے، نہ اس کے حکم مانتے ہیں بلکہ جھوٹی شہادتیں دیتے ہیں۔	108:5
13	رسولوں کو جھٹلاتے اور جرم کرتے ہیں۔	102:7
14	تکبر سے آیات الٰہی کو جھٹلاتے اور گمراہی کو اپناتے ہیں۔	145:7–49:6
15	اللہ و رسول اور جہاد فی سبیل اللہ کے مقابلہ میں رشتوں، کاروبار اور گھروں کو ترجیح دیتے ہیں۔	92,24:9
16	اللہ و رسول کا انکار کرتے، نماز میں سُستی برتتے اور راہ خدا میں بادلِ ناخواستہ خرچ کرتے ہیں۔	80:54–53:9
17	قوم لوط کا عمل کرتے ہیں۔	34:29–74:21

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
18	فرعون اور قوم فرعون کا سا طرز عمل رکھتے ہیں۔	12:27–32:28–54:43–5:61
19	قوم نوحؑ کا سا طرز عمل رکھتے ہیں۔	46:51
20	بنی نضیر کا سا طرز عمل رکھتے ہیں۔	5:59
21	خدائی احکام سے استہزا کرتے اور انھیں بدل دیتے ہیں۔	59:2–163:7

ظالم لوگ

ظالم لوگ وہ ہیں جو:۔

1	مخلوق کو معبود ٹھہرائیں۔	51:2، -92 -38:19 -64:21 -94:23 -11:31 -33 تا 31:34 -40:35 8:42، 9
2	خدا کی حدود کو پھلانگیں۔	-1:65229:2
3	کافر ہوں۔	-254:2 -37:9128:3 -17:59
4	ثبوت حق اور دعوت اسلام کے بعد بھی اللہ پر افترا باندھیں تا کہ لوگوں کو گمراہ کیا جائے۔	-144،94،21:694:3 -15:18 -18:11 --68:29 -7:6132:39
5	وحی کے مطابق فیصلے نہ کریں۔	45:5
6	آیات الٰہی کو جھٹلائیں۔	-105:2337:7 -21:6 --17:1049:29
7	خدا کے نیک بندوں کو اپنے ہاں سے ہانک دیں۔	52:6
8	وحی الٰہی کے جھوٹے دعوے کریں۔	-37:2894:6

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
9	کافروں اور دشمنان دین سے دوستی کریں۔	9:602 -
10	مجرم کی جگہ غیر مجرم کو پکڑ لیں۔	79:12
11	پیغمبر کو جھٹلائیں۔	47 -،17،113:16
		8:25
		37:28
12	قیامت سے انکار کریں۔	99:1719:11 -
13	منافق جو وحی کے فیصلے سے گریز کریں۔	48:24
14	قوم نوح کا سا طرز عمل اختیار کریں۔	14:29
15	استہزا اور بُرے القاب اور طعن کے گناہ کر کے توبہ نہ کریں۔	11:49
16	چوری کریں۔	38:5
17	خدا پر جھوٹ باندھیں، غلط طور پر نبی ہونے یا کلام اللہ کے مقابلہ کا	17:10 -37:7 -94:6 -
	دعویٰ کریں۔	68:2918:11 -
18	سود کھائیں۔	279:2
19	شہادت کو چھپائیں۔	140:2
20	حق (سچائی) کو جھٹلائیں۔	32:3968:29 -
21	خدا کی راہ سے روکیں۔	19:11
22	نادانی سے خواہشات (نہ کہ حق) کی پیروی کریں۔	19،18:4529:30 -
23	آیات الٰہی سے نصیحت کی جائے مگر وہ ان سے اعراض کریں ان کے	22:3257:18 -
	دل اور کان ماؤف ہو چکے ہوں۔	
24	اپنے ہم کرداروں کی حمائیت کریں۔	19:45
25	ان لوگوں سے دوستی رکھیں جنھوں نے مسلمانوں کو ان کے گھروں سے	9:60
	نکالا یا نکالنے میں مدد دی اور ان کے خلاف جنگ لڑی۔	
26	اپنے اعمال کی بدولت ظالم ایک دوسرے کے دوست بن جاتے ہیں۔	129:6

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
27	ظالم ایک دوسرے سے جھوٹے وعدے ہی کرتے ہیں۔	40:85
28	ناشکر گذار ہو۔	99:17
29	جو کوئی حجت و دلیل نہ مانے۔	150:2

غیر ہدایت یافتہ لوگ

اللہ تعالیٰ اس قوم کو سیدھی راہ نہیں سمجھاتا (ہدایت نہیں دیتا بلکہ دلوں پر مہر لگا کر گمراہ کر دیتا ہے):۔

1	جو فاسق ہو۔	24:9108:5 -26:2 -، 5:625:61 -80 - 6:63
2	ظالم ہو۔	86:426:3 -258:2 -، 45:6 -51:5 -168 - 5،50:28109 -،19:9 5:627:61 -10:46 -
3	کافر ہو۔	67:5168:4 -264:2 - 37 -،24:9 - 107،104:16
4	ایمان لا کر پھر کافر ہو جائے اور حق کی وضاحت کے باوجود اس سے انکار کر دے۔	26:3
5	خائن ہو۔	52:12
6	آیات الٰہی کو نہ مانے۔	107،104:16
7	جھوٹی ہو۔	28:403:39 -
8	حق کو نہ مانے۔	3:39
9	مسرف (حد سے بڑھ جانے والی) ہو۔	34،28:40
10	جسے گمراہ ٹھہرایا جا چکا ہو۔	37:16
11	جن کے دل اللہ کی یاد کے بارے میں سخت ہوں اور نور اسلام کو شرح صدر کے ساتھ قبول نہ کریں۔	22:39

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
12	مرتاب (شبہ کرنے والی) ہو۔	34:40
13	متکبر ہو۔	35:40
14	جبار ہو۔	35:40
15	جو خدا اور اہل ایمان کے دشمنوں سے جو کافر ہیں، رسول اللہ اور اہل ایمان کو محض اللہ پر ایمان لانے کی خاطر گھروں سے نکال چکے ہیں، خفیہ یا ظاہر محبت کرتے اور دوستی لگاتے ہیں۔	1:60
16	جو آیات الٰہی سنتے ہیں مگر ان سے اعراض کرتے ہیں ان کے دل اور کان ماؤف ہو چکے ہیں۔	57:18
17	جو اپنی اولاد کو بے وقوفی سے قتل کریں اور خدا کے رزق کو خدا پر افترا کرتے ہوئے حرام ٹھہرائیں۔	140:6
18	جو بار بار ایمان لائیں اور بار بار کفر کریں۔	127:4
19	جو اپنے برے اعمال کو اچھا خیال کرتا ہو۔	8:35

منافق اور اس کی خصوصیات

1	جو دعویٰ ایمان کرتے ہیں مگر دراصل ان کا مقصد اللہ اور اہل ایمان کو دھوکہ دینا ہے۔	- 142:49:2
2	ان کے دل میں کھوٹ اور بیماری ہے جس میں برابر اضافہ ہوتا رہتا ہے کیا وہ سمجھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کا کھوٹ ظاہر نہیں کر دے گا۔	- 12:33125:9 -10:2 - 29:47-
3	منافق زبان سے وہ باتیں کرتے ہیں جو ان کے دل میں نہیں۔	11:48
4	وہ اہل ایمان کے پاس ایمان کے دعوے کرتے ہیں مگر اپنے سرداروں کو اپنی وفاداری اور مسلمانوں سے استہزاء کرنے کا یقین دلاتے ہیں۔	14:2
5	وہ فساد پھیلاتے ہیں مگر دعویٰ اصلاح کا کرتے ہیں۔	11:2
6	انھیں مخلص اہل ایمان کی طرح ایمان لانے کو کہا جائے تو وہ انھیں بیوقوف قرار دیتے ہیں۔	- 49:813:2

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
7	یہ لوگ نبی علیہ السلام پر ایمان رکھنے کے دعویٰ میں جھوٹے ہیں۔	3:63
8	یہ قسموں کو خدا کی راہ سے روکنے کے لیے ڈھال کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔	2:6316:58 -
9	دوسرے لوگوں کو بھی اہل ایمان کی مدد سے روکتے ہیں۔	7:63
10	پیغمبر کے لائے ہوئے نور ہدایت نے ماحول کو منور کر دیا مگر یہ محروم رہے۔	17:2
11	وہ بارش سے استفادہ کی بجائے اس کی تاریکیوں اور گرج چمک سے خائف رہتے ہیں۔	19:2
12	ہدایت کے مقابلہ میں گمراہی اختیار کر کے انھوں نے خسارے کا سودا کیا ہے۔	53:516:2 -
13	وہ صرف فائدے کی صورت میں اسلام پر عمل کرتے ہیں ایثار و قربانی کے وقت پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔	20:2
14	نماز میں سستی اور ریاکاری سے کام لیتے ہیں۔	6تا4:107 142:4 -
15	منافق ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے متعلق بدگمانی سے کام لیتے ہیں۔	6:48
16	منہ سے دعویٰ ایمان کے باوجود ان کی سرگرمیوں کافرانہ ہوتی ہیں۔	41:5
17	منافق خدا اور رسول کے حکم کو سن کر ان سنا کر دیتے ہیں۔	22،20:8
18	منافق کو مسلمانوں کی بھلائی پر دکھ اور تکلیف پر خوشی ہوتی ہے۔	50:9
19	منافق پرجوش مسلمانوں کو مذہبی دیوانہ قرار دیتے ہیں۔	49:813:2 -
20	منافق اہل ایمان کی صفوں میں فتنے پھیلاتے اور دشمن کی جاسوسی کرتے ہیں۔	96 تا 94،47:9
21	منافق بزدل ہوتے ہیں اور جان بچاتے ہیں۔	20،19:3357 -،56:9
22	منافق اللہ، اس کے رسول اور آیات الٰہی سے استہزا کرتے ہیں۔	66،65:914:2 -

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
23	منافق نیکی سے روکتے، برائی کی ترغیب دیتے اور بخل سے کام لیتے ہیں۔	67:9
24	منافق مسلمانوں اور پیغمبر کو دکھ پہنچاتے اور اللہ ورسول کی بجائے دوسرے لوگوں کو راضی رکھنا چاہتے ہیں۔	62،61:9
25	منافق زبان دراز ہوتا ہے۔	19:33
26	منافق صدقات پر نکتہ چینی کرتے ہیں انھیں مل جائے تو بہتر ورنہ بگڑ جاتے ہیں اگر وہ خدا کے دیئے پر راضی ہوجاتے تو بہتر تھا۔	79،59،58:9
27	منافق نماز وصدقہ بادل ناخواستہ ادا کرتے ہیں اور ریا کاری سے کام لیتے ہیں۔	54:9142:4 -
28	کفار ومومنین میں سے جس کے ساتھ مفاد دیکھتے ہیں مل جاتے ہیں۔	141:4
29	منافق صدقہ کا وعدہ کرکے مکر جاتے ہیں اور اسے ایک تاوان سمجھتے ہیں۔	98،76،75:9
30	منافق مسلمانوں میں تفریق اور ان کی ایذا رسانی کے لیے مسجدوں کو اڈے کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔	107:9
31	منافق جھوٹی قسمیں کھا کھا کر اپنی نیک نیتی اور رفاقت کا یقین دلاتے ہیں۔حالانکہ قسموں کی نہیں صحیح اطاعت کی ضرورت ہے۔	53:24107:9 -53:5 - 18:58-
32	منافق آیات الٰہی کو سن کر کھسکنے کی کوشش کرتے ہیں۔	63:24127:9 -
33	منافق تذبذب کا شکار رہتے ہیں نہ ان (مومنوں) کے ساتھ ہوتے ہیں نہ ان (کافروں) کے ساتھ۔	143:4
34	جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو انھیں دھڑکا رہتا ہے کہ کہیں اس میں ہم پر وعید نہ ہو یا وہ ان کے دلوں کے راز نہ کھول دے۔	64:9

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
35	تمام کتب سماویہ پر ایمان کے دعوے کے باوجود خدا کے سرکشوں سے اپنے فیصلے کراتے اور کتاب و رسول کے فیصلوں سے گریز کرتے ہیں۔	47:24 61 -، 49
36	جب اپنی شامت اعمال میں گرفتار ہوتے ہیں تو قسمیں کھا کھا کر اپنی نیکی اور صلح پسندی کا یقین دلانے کی کوشش کرتے ہیں۔	62:4
37	اگر منافقین کو گھر چھوڑنا یا جان دینا پڑے تو بہت کم امتحان میں پورے اترتے ہیں حالانکہ ان کے لیے یہی بہتر تھا۔	66:4
38	منافق اچھے حالات کو تو اللہ کا فضل مگر بُرے حالات کو حضورؐ کی نحوست خیال کرتے ہیں۔	78:4
39	منافق کی سمجھ میں کوئی بات نہیں آتی۔	3:6378:4 -
40	منافق دل سے نہ مومنوں میں شامل ہیں نہ کفار میں۔	14:58
41	وہ سمجھتے ہیں کہ ان کے بھی کچھ اصول ہیں، کچھ بھی نہیں قطعاً جھوٹے ہیں۔	18:58
42	منافق مغضوب علیہ قوم سے دوستی رکھتے اور جانتے بوجھتے جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں۔	14:58
43	وعدہ کی خلاف ورزی اور کذب بیانی کی وجہ سے ان کے دل میں نفاق آ گیا ہے۔	77:9
44	ان منافقوں نے گذشتہ سرکشوں کی طرح دنیا سے خوب فائدہ اٹھایا اور خدا اور رسول کا مذاق اڑایا۔ یہ قوم نوح، عاد، ثمود، ابراہیم، مدین اور الٹی بستیوں والوں کا حشر یاد رکھیں۔	70،69:9
45	آیات اور سورتوں کو سن کر جہاں اہل ایمان کے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے وہاں ان منافقوں کے دل کی غلاظت بڑھتی ہے۔	125،124:9

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
46	مومن تو (خوش دلی) سے احکام جہاد پر مشتمل سورتوں کے نزول کا منتظر رہتا ہے مگر منافق پر ایسی سورتوں کے نزول سے موت کی غشی طاری ہونے لگتی ہے۔	20:47
47	منافق زمین پر فساد پھیلاتے اور قطع رحمی کرتے ہیں۔	22:47
48	اللہ ورسول پر ایمان اور اطاعت کا دعویٰ کرتے ہیں مگر فیصلے کے وقت ان سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ اپنا حق ہو تو بڑے یقین کا اظہار کرتے ہیں۔	47:24تا49
49	منافق سامنے تو اطاعت کا دم بھرتے ہیں مگر پیٹھ پیچھے کچھ اور ہی باتیں کرتے ہیں۔	47:24 - 81:4
50	منافق تمھیں اپنی طرح کافر بنالینا چاہتے ہیں۔	89:4
51	ایمان کے بعد کفر کی وجہ سے ان کے دلوں پر مہر لگ گئی ہے بس انھیں کچھ سمجھ نہیں آتا۔	3:93
52	جب تک یہ منافق ہجرت نہ کریں انھیں دوست نہ بناؤ۔	89:4
53	یہ لوگ مومن نہیں بلکہ مفسد، بیوقوف، جھوٹے، دھوکے باز، سرکش، شرارت پسند، ادارک کی صلاحیتوں سے محروم، کافر اور سزاوارِ عذاب شدید والیم ومھین ہیں۔	8:2تا- 20- 143:4 15:58، -16 7،5،3،1:63
54	ان کے دل ہر وقت لرزاں رہتے ہیں اور ہر چیخ اپنے آپ پر گرنے والی سمجھتے ہیں۔	4:6356:9 -
55	منافق اللہ کی راہ میں آنے والی تکالیف کو عذاب خیال کرتا ہے لیکن کامیابی ہو تو اپنی معیت جتاتا ہے۔	10:29
56	اللہ تعالیٰ ان کی رازداری اور ان کے اعمال کو جانتا ہے۔	30،26:47
57	انھیں چاہئے تھا کہ وہ خدا کے ساتھ خلوص برتتے اور لڑائی کا فیصلہ ہو جانے پر اطاعت اختیار کرتے اور اچھی باتیں کرتے۔	21:47

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
58	ہدایت واضح ہو جانے کے بعد منکرین وحی کی مخالفت اختیار کرنے کی وجہ سے ان مرتدوں کو شیطان نے گمراہ کر دیا ہے۔	26،25:47
59	اگر ہم چاہیں تو تو اُن کے چہروں سے پہچان لے، اب بھی وہ اپنے طرز گفتگو سے پہچانے جا سکتے ہیں۔	30:47
60	یہ لوگ جھوٹے، بدعمل، چرب زبان، خوش وضع، دشمن، مغرور، ناپاک ناقابل معافی، فاسق، بے سمجھ، بے علم اور محض کندہ ناتراش ہیں۔	96 -،95،80،67:9 8تا1:63
61	منافق مسلمانوں کے بارے میں بڑے بخیل ہوتے ہیں خوف کے وقت سخت گھبرا جاتے ہیں گویا مرے جاتے ہوں اور جب امن ہوتا ہے تو ان کی زبانیں مسلمانوں پر تلواروں کی طرح چلتی ہیں۔ یہ لوگ مومن نہیں ان کے اعمال اکارت گئے۔	19:33
62	کیا ان کے دلوں میں کھوٹ ہے، کوئی شبہ یا خدا اور رسول کے ظلم کا خدشہ ہے، حقیقت میں یہ خود ہی ظالم ہیں۔	50:24
63	منافق جہاد کی مشقتوں کو برداشت کرنے سے گریز اختیار کرتا اور جھوٹے بہانے بناتا ہے۔	93 -،87،86،42:9 11:4813:33 -
64	منافقوں کا صدقہ نامقبول ہے کیونکہ وہ فاسق و کافر ہیں۔	54،53:9
65	قسمیں کھانے کے باوجود وہ مسلمانوں میں شمار نہیں ہو سکتے وہ صرف آپس ہی میں تعلقات رکھتے ہیں۔	85،56:9
66	منافقوں کے مال و دولت کی وجہ سے دھوکہ نہیں کھانا چاہیے اللہ ان کے ذریعے دنیا و آخرت میں عذاب دینا چاہتا ہے۔	68،55:9
67	منافق کے بارے میں تمھاری دو رائیں نہیں ہونی چاہئیں۔	88:4
68	منافق سے جہاد کرنے کا حکم ہے کیونکہ ان کے ارادے خطرناک ہیں۔	74،73:989:4 -
69	ان کے اعمال ضائع گئے۔	69:9

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
70	خدا کو ناراض کرنے اور اس کی رضامندی کو ناپسند کرنے کی وجہ سے ان کے اعمال ضائع ہو گئے۔	47:28
71	منافق کو ابتلا کے باوجود توبہ کی توفیق نصیب نہیں ہوتی۔	126:9
72	منافق، کافر، فاسق، مغضوب، ملعون اور ابدی جہنمی ہے۔	66:9تا68، 125 - 6:48
73	منافق کو ہر وقت کسی مصیبت کا دھڑکا لگا رہتا ہے اور وہ یہ مسلمانوں کی کامیابی وغیرہ دیکھ کر اپنی منافقت پر اظہار ندامت کرتے ہیں۔	52:5
74	منافق کافر ہیں۔	66:9، 125 - 3:63
75	منافق دوزخ کے سب سے نچلے درجے میں ہوں گے اور انھیں کوئی مددگار نہیں ملے گا۔	145:4
76	وہ اندھے، بہرے اور گونگے اور ملعون ہیں اس لیے باز آنے والے نہیں۔	18:2 - 6:4823:47
77	منافق ہر معاملہ میں پیچھے پیچھے رہتے ہیں۔ اگر مسلمانوں پر کوئی مصیبت آئے تو اپنے پیچھے رہنے کو اللہ کا فضل تصور کرتے ہیں اور اگر انھیں کوئی فائدہ پہنچے تو ساتھ نہ ہونے پر حسرت کا اظہار کرتے ہیں۔	73:4
78	منافق کے لیے عذاب الیم ہے۔	138:410:2 -
79	پیغمبر منافقوں کے لیے چاہے ستر بار استغفار کریں، انھیں ہرگز بخشا نہیں جائے گا۔	6:6380:9 -
80	آپ کو ان کی نماز جنازہ پڑھنے اور ان کی قبر پر کھڑے ہونے سے بھی منع کر دیا گیا۔	84:9
81	اعراب اور اہل مدینہ میں بڑے سرکش قسم کے منافق موجود ہیں۔ آپ انھیں نہیں جانتے، ہم جانتے ہیں انھیں دنیا میں دو دفعہ اور پھر آخرت میں عذاب ہوگا۔	101:9

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
82	قیامت کے دن، منافق مرد اور عورت ، اہل ایمان سے نور دینے کی التماس کریں گے مگر وہ انکار کر دیں گے اور دونوں کے درمیان دیوار حائل ہو جائے گی۔	57:13
83	وہ انھیں اپنی معیت کا واسطہ دیں گے وہ کہیں گے بے شک، لیکن تم فتنہ ،انتظار اور شک وشبہ میں مبتلا ہو گئے اور شیطان کے دھوکہ میں آ گئے۔	14:57
84	اللہ تعالیٰ ان جہاد سے روکنے والوں کو خوب جانتا ہے۔	18:33
85	منافق خدا اور رسول کے وعدے کو دھوکہ تصور کرتے ہیں۔	12:33
86	منافق دوسروں کو بھی جہاد سے باز رکھتا اور ڈراتا ہے۔	18،13:33
87	منافق شرارت وفتنہ میں بڑی تیزی سے شریک ہو جاتا ہے۔	14:33
88	منافق، اہل ایمان مردوں یا عورتوں کو ایذا دیتے، ان پر بہتان باندھتے اور جرم عظیم کا ارتکاب کرتے ہیں۔	57:33
89	منافق وعدہ کر کے میدان جنگ میں بھاگ اٹھتا ہے۔	51:33
90	اگر منافق ،مریض ذہنیت کے لوگ اور افواہ باز باز نہ آئے تو ہم آپ کے ہاتھوں انھیں یہاں سے نکلوا دیں گے۔۔	60:33
91	یہ لوگ ملعون ہیں جہاں کہیں ملیں، انھیں قتل کر دیا جائے یہی سنت الٰہی ہے۔	61:33
92	وہ ایسے لوگ ہیں کہ خدا سے زیادہ انسانوں سے ڈرتے ہیں۔	13:59
93	ان بیوقوفوں کا آپس میں بھی اتفاق نہیں بظاہر اکٹھے ہیں مگر دل پھٹے ہوئے ہیں ان کی آپس کی لڑائی بڑی سخت ہے۔	14:59

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
94	منافقوں نے مسلمانوں کے نقصان وتفرقہ ، اللہ ورسول سے کفر اور جنگ کے لیے مسجد کے نام سے جو اڈہ قائم کیا ہے۔ آپ اس میں کھڑے تک نہ ہوں بلکہ اس کی حقدار مسجد تقویٰ ہے ۔تقویٰ و دوزخ کی بنیادوں پر کھڑی ہونے والی مساجد کبھی برابر نہیں ہوسکتی ہیں۔ ان کے اس اڈہ کو اس طرح گرادیا جائے کہ وہ ہمیشہ ان کے دل میں کھٹکتی رہے۔	9:108 تا 110
95	منافق حضورؐ کے سامنے قسمیں کھا کھا کر آپ کی رسالت کی گواہی دیتے ہیں۔	1:63
96	اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ آپ اس کے رسول ہیں مگر وہ اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ یہ جھوٹ کہہ رہے ہیں۔	1:63
97	منافق (مومنوں کی بجائے) کافر اہل کتاب کو جنگ یا جلاوطنی ہر دو میں ساتھ دینے کا یقین دلاتے ہیں حالانکہ اللہ گواہ ہے کہ وہ جھوٹے ہیں نہ وہ ان کے ساتھ نکلیں گے نہ ان کے ساتھ مل کر جنگ کریں گے ، گئے بھی تو بھاگ جائیں گے اور کہیں سے مدد نہ ملے گی۔	11:59، 12
98	اگر تم سے لڑے بھی تو کھل کر نہیں بلکہ قلعوں اور دیواروں کے پیچھے سے۔	14:59
99	ماضی قریب کے لوگوں کی طرح یہ بھی اپنے انجام کو دیکھیں گے اور عذاب الیم پائیں گے۔	15:59
100	منافق منع کرنے کے باوجود مجرمانہ سرگرمیاں کرتے، ملاقات کے وقت آپ کو ناواجب الفاظ کہتے ہیں اور پھر یہ بھی سوچتے ہیں کہ ان باتوں پر ہمیں عذاب کیوں نہیں ہوتا۔	8:58
101	منافق اگر آپ کے پاس آ کر خود بھی اور آپ بھی ان کے لیے معافی مانگتے تو اللہ انھیں معاف کر دیتا۔	64:4

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
102	منافقوں کے دل میں مسلمانوں اور اللہ ورسول کے بارے میں ہمیشہ برے خیال پرورش پاتے رہتے ہیں اور ہر جنگ کے وقت وہ سمجھتے ہیں کہ بس اب یہ لوگ بچ کر واپس نہیں آئیں گے۔	12:48
103	مال غنیمت ملنے کا امکان ہو تو مسلمانوں کے ساتھ جہاد پر جانے کی اجازت مانگتے ہیں اور انکار پر حسد کا طعنہ دیتے ہیں۔	12:48
104	منافقوں سے کہہ دیا گیا کہ جلدی انھیں ایک طاقت ور قوم سے مقابلہ کی دعوت دی جائے گی اگر تم تیار ہو گئے تو اجر ملے گا ورنہ دردناک عذاب۔	16:48
105	اعراب کہتے ہیں کہ ہم مومن ہیں حالانکہ ایمان ابھی ان کے دلوں میں داخل نہیں ہوا البتہ وہ اپنے آپ کو مطیع کہہ سکتے ہیں۔ پھر اگر انھوں نے اللہ ورسول کی (بدل وجان) اطاعت کی تو ان کی جزا میں کمی نہ کی جائے گی۔	14:49
106	کچھ لوگوں کی دنیا کے متعلق باتیں آپ کو بڑی اچھی لگتی ہے، وہ سخت جھگڑالو ہونے کے باوجود اپنے اخلاص کی قسمیں کھاتے ہیں لیکن ان کی سرگرمیاں محض فساد پھیلانے، فصلیں اجاڑنے اور نسل کشی کے لیے ہوتی ہیں اور اگر انھیں خدا کا خوف دلایا جائے تو اپنی (نام نہاد) عزت کی پیچ میں اور زیادہ گناہ کرتے ہیں جب کہ بعض لوگوں نے اپنے آپ کو خدا کی مرضی کے حوالے کر رکھا ہے۔	204:2 تا 207
107	منافق شیطانی گروہ میں داخل خسارہ پانے والے، ذلیل، جھوٹے، ابدی دوزخی، اللہ ورسول کے مخالف، خدا کی یاد سے غافل۔ بدعمل، عذاب شدید ومھین کے مستحق ہیں۔	14:58 تا 20، 9،2،1:63

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
108	جب ملائکہ موت ان کے چہروں اور پشتوں پر کوڑے برسائیں گے تو ان منافقین کا کیا حال ہوگا۔	8:47

اہل کتاب

1	اہل کتاب اسے اپنے بیٹوں کی طرح پہچانتے ہیں مگر جانتے ہوئے بھی ان کی اکثریت حق کو چھپاتی ہے۔	146:2
2	اہل کتاب میں سے کافر نہیں چاہتے کہ تمھارے رب کی طرف سے تم پر کوئی بھلائی نازل ہو۔	105:2
3	اگر آپ اہل کتاب کو ہر طرح کی نشانیاں پیش کر دیں تب بھی یہ آپ کے قبلہ کی پیروی نہیں کریں گے اور نہ ہی وہ ایک دوسرے کے قبلہ کی پیروی کریں گے۔	145:2
4	اہل کتاب جانتے ہیں کہ یہ قبلہ حق ہے۔	146،144:2
5	ان میں سے اکثر مارے حسد کے وضاحت حق کے بعد بھی تمھیں دوبارہ کافر بنا دینا چاہتے ہیں۔	109:2 - 101،69،72:3
6	پہلے بے علم لوگوں کی طرح یہود و نصاریٰ آسمانی کتاب پڑھ لینے کے باوجود ایک دوسرے کے مذہب کی نفی کرتے رہتے ہیں۔	113:2
7	جو اہل کتاب اللہ کی کتاب کو متاع قلیل کے بدلے چھپا جاتے ہیں، حالانکہ ان سے اس کے بیان کرنے کا وعدہ لیا گیا تھا وہ اپنے پیٹوں میں آگ کھاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے روز نہ ان سے کلام کرے گا نہ انھیں پاک کرے گا ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔	187:3174:2 -
8	ایسے لوگ لعنتی ہیں۔	159:2
9	اہل کتاب حق کو چھپاتے اور حق و باطل کو گڈ مڈ کر دیتے ہیں۔	71:3

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
10	ان میں سے کچھ اپنی خودنوشت تحریروں کو اس طرح پڑھتے ہیں گویا وہ اللہ کی کتاب ہو اور اس طرح خدا کے خلاف جھوٹ بولتے ہیں۔	3:78
11	اہل کتاب کی جانب سے مسلمانوں کو تکلیف دہ باتیں سننی پڑیں گی مگر صبر بہتر ہوگا۔	3:186
12	اہل کتاب' اہل ایمان کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکیں گے اگر مقابلے میں آئے تو بھاگ جائیں گے اور کہیں سے امداد نہیں ملے گی۔	3:111
13	اہل کتاب کا ایمان لے آنا ان کے لیے بہتر ہوتا۔	3:110 - 5:65
14	اہل کتاب، قرآن مجید پر جو ان کی کتابوں کا تصدیق کرنے والا ہے، ایمان لے آئیں ورنہ ان کے چہرے مسخ کر کے پچھلی جانب لگا دئے جائیں گے اور اصحاب سبت کی طرح ان پر لعنت پڑے گی۔	4:47
15	نصاریٰ سے بھی ہم نے عہد لیا تھا مگر وہ بھول گئے چنانچہ ہم نے قیامت تک ان کے درمیان عداوت اور بغض ڈال دیا۔	5:14
16	اہل کتاب، تم سے، آسمان سے سامنے اترتی کتاب دیکھنے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ وہ اس سے پہلے اس سے بھی بڑا مطالبہ ____ خدا کو سر کی آنکھوں سے دیکھنے کا ____ موسیٰ علیہ السلام سے کر چکے ہیں۔	4:153
17	دین تمھاری یا اہل کتاب کی آرزوؤں کا نام نہیں، بلکہ جو بھی برائی کرے گا بدلہ پائے گا۔	4:123
18	کیا اہل کتاب مسلمانوں کی اس بات کو برا مانتے ہیں کہ وہ اللہ اور سب کتب سماوی پر ایمان رکھتے ہیں۔	5:59
19	قرآن مجید کا نزول ان کی سرکشی میں اور اضافہ کر دیتا ہے۔	5:68
20	اہل کتاب کو تو آیات الٰہی کا انکار نہیں کرنا چاہیے۔	3:98
21	انھیں جانتے بوجھتے لوگوں کو اللہ کی راہ سے نہیں روکنا چاہیے۔	3:99

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
22	اہل کتاب واضح دلیل آئے بغیر ماننے والے نہ تھے مگر اس کے آنے کے بعد پھٹ گئے۔	98:1 تا 4
23	اہل کتاب میں سے انکار کرنے والے ہمیشہ کے لیے دوزخی اور بدترین مخلوق ہیں۔	6:58
24	وہ خود بھی گمراہ ہوئے اور دوسروں کو بھی گمراہ کیا۔	77:5
25	اہل کتاب کو دین میں غلو نہیں کرنا چاہئے اور خدا کے بارہ میں حق کی بات کے سوا کوئی بات نہیں کرنی چاہیے۔	77:5171:4 -
26	اہل کتاب کی بہت سی چھپائی ہوئی باتوں کو نبی علیہ السلام ظاہر کرتے ہیں۔	15:5
27	اہل انجیل کو کتاب الٰہی کے مطابق فیصلے کرنے چاہئیں ورنہ فاسق ہوں گے۔	47:5
28	اگر وہ تورات و انجیل کو قائم کرتے تو ان پر رزق کے دروازے کھل جاتے۔	66:5
29	جب تک تم ایسا نہیں کرتے کچھ بھی نہیں ہوگا۔	68:5
30	ابراہیمؑ کے متعلق جس بات کا انھیں علم نہیں، خواہ مخواہ اس میں کیوں جھگڑتے ہیں۔	66:3
31	اہل کتاب سے کہہ دیا جائے کہ آؤ صرف خدا کی عبادت کرنے' اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانے اور ایک دوسرے کو رب نہ بنانے پر متفق ہو جائیں۔	64:3
32	ان کا کہنا ہے کہ ہم صرف اسی کو مانیں گے جو ہمارے دین کا پیرو ہوگا۔	73:3
33	اہل ایمان سے دوہرے اجر، نور اور مغفرت کا اس لیے وعدہ کیا گیا ہے تا کہ اہل کتاب یہ نہ سمجھیں کہ ان کو فضل الٰہی سے کچھ حصہ نہیں ملا۔	29،28:57

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
34	مشرکوں کی مدد کرنے والے اہل کتاب کو اللہ تعالیٰ نے قلعوں سے اتارا، ان کے دلوں میں مسلمانوں کا رعب ڈال دیا چنانچہ ان میں سے کچھ قتل ہوئے اور کچھ گرفتار۔	26،59:3
35	کافر اہل کتاب کو اللہ تعالیٰ نے پہلی ہی جنگ میں ان کے گھروں سے نکال دیا حالانکہ وہ اپنے آپ کو قلعوں میں محفوظ خیال کر رہے تھے اور ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا۔	2:59
36	اگر جلاوطنی ان کے لیے مقدر نہ ہوتی تو انھیں دنیا میں سخت عذاب سہنا پڑتا۔	3:59
37	یہ سزا، اللہ ورسول کی مخالفت کی ہے۔	4:59
38	منافق، کافر اہل کتاب کو یقین دلاتے ہیں کہ وہ ان کے ساتھ نکل چلیں گے اگر ان سے جنگ ہوئی تو ان کی مدد کریں گے اور ان کے بارے میں کسی دوسرے کا کہا نہیں مانیں گے، حالانکہ وہ بالکل جھوٹ کہتے ہیں۔	12،11:59
39	ظالموں کو چھوڑ کر باقی اہل کتاب کے ساتھ عمدہ طریقے سے بحث کریں اور کہیں کہ ہم تو تمھاری اور اپنی ہر دو کتابوں پر ایمان رکھتے ہیں۔	46:29
40	قرآن مجید کے نزول نے اکثر یہودیوں کی سرکشی و کفر میں اور بھی اضافہ کر دیا ہے۔	64:5
41	ہم نے ان میں باہمی عداوت وبغض قیامت تک کے لیے ڈال دیا ہے یہ جنگ وفتنہ پھیلانے والے ہے۔	64:5
42	اہل کتاب میں سے کچھ تو امین ہیں کچھ بے حد خائن ہیں۔	75:3
43	نصاریٰ میں کچھ ایسے ہیں جو قرآن سن کر رو دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم اس حق پر کیوں ایمان نہ لائیں وہ جنتی ہیں۔	83:5 تا 85

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
44	ان میں سے کچھ مومن ہیں لیکن اکثریت فاسق ہے۔	110:3 -، 59:5 -، 66 47:29
45	تمام اہل کتاب ایک سے نہیں، ان میں سے ایک جماعت اپنے مشن پر قائم ہے جو اللہ تعالیٰ اور یوم آخر پر ایمان رکھتے، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے ہیں، نیکیوں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرتے اور راتوں کو عبادت الٰہی کے وقت آیات الٰہی کی تلاوت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی نیکی کا قدر دان ہے، ان کی برائیوں کو مٹائے گا اور ان کی حالت درست کر دے گا۔	113:3 تا 2:47115 -
46	اہل کتاب میں کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ پر، قرآن مجید پر، اور پہلی کتابوں پر ایمان رکھتے ہیں، خدا سے ڈرتے ہیں اور آیات الٰہی کے بدلے متاع قلیل نہیں خریدتے۔	47:29199:3 -
47	بعض اہل کتاب قرآن مجید پر ایمان رکھتے، اسے خدا کی طرف سے نازل شدہ برحق تسلیم کرتے، اس پر خوش ہوتے، صبر سے کام لیتے، برائی کا جواب نیکی سے دیتے، خدا کی راہ میں خرچ کرتے، لغویات سے اعراض برتتے اور نادانوں کو دور سے سلام کر دیتے اور کہہ دیتے ہیں کہ میاں! تمھارے اعمال تمھارے کام اور ہمارے اعمال ہمارے کام! ایسے لوگوں کے لیے دہرا اجر ہے۔	55 تا 52:2836:13 -
48	اہل کتاب کا طعام اور ان کی پاکدامن عورتیں تمھارے لیے حلال ہیں۔	5:5
49	اہل کتاب عیسیٰ علیہ السلام کی موت سے پہلے ان پر ایمان لائیں گے۔	159:4

نافرمان افراد و اقوام کے اعمال

شیطان

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
1	خدا کے حکم کے باوجود آدم کو سجدہ نہ کیا۔	31:15 -11:7 -34:2 - 74:3850:18 -
2	اس نافرمانی پر اظہار ندامت کی بجائے آدم سے بڑا ہونے کا دعویٰ کیا۔	33:1512:7 -
3	آئندہ کے لیے آدم اور اولاد آدم کو ہر حیلے گمراہ کرنے کے عزم کا اعلان کیا۔	40،39:1517 -،16:7 62:17
4	چنانچہ راندۂ بارگاہ اور قیامت تک ملعون ٹھہرا۔	35،34:1518 -،13:7
	قابیل	
1	ہابیل کی قربانی مقبول اور اپنی نامقبول ہونے پر جل کر اسے بے گناہ قتل کر دیا۔	30تا27:5
2	چنانچہ خسارہ پانے والوں میں رہا۔	30:5
3	اس کو لاش چھپانا بھی نہ آیا۔ آخر ایک کوے نے راہنمائی کی اور ندامت اٹھائی۔	31:5
	نمرود	
1	خدا نے اسے سلطنت عطا کی تو رب بن بیٹھا اور اپنے آپ کو زندگی و موت کا مختار سمجھنے لگا۔	258:2
2	ابراہیم علیہ السلام نے مغرب سے سورج چڑھا لانے کا مطالبہ کر کے لاجواب کر دیا۔	258:2
3	اللہ تعالیٰ اسی طرح ظالموں کو ہدایت کی توفیق نہیں دیتا۔	258:2
	قارون	
1	اللہ تعالیٰ نے اتنی دولت دی کہ اس کے خزانوں کی چابیاں ایک جماعت بمشکل اٹھاتی تھی۔	76:28

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
2	جب وہ پورے جاہ جلال کے ساتھ باہر نکلتا تو بہت سے لوگوں کے منہ سے رال ٹپک پڑتی اور کہتے : بڑے بخت ولا ہے۔	79:28
3	جب اس سے کہا جاتا کہ خدا کے دیئے سے اس کے بندوں پر خرچ کرو ۔زمین پر فساد نہ کرو۔ اتراؤ نہیں۔ آخرت کا بھی خیال رکھو۔ تو کہتا : یہ (دولت) تو میرے اپنے علم کا کمال ہے۔	76:38 تا 78
4	وہ اتراتا تھا۔	39:2976:28 -
5	موسیٰ علیہ السلام کا ہم قوم تھا مگر انہی کے خلاف کام کرنے لگا۔	76:28
6	وہ موسیٰ علیہ السلام کو جادوگر اور کذاب کہنے اور ان کی قوم کے مردوں کو قتل کرنے کا مشورہ دینے والوں میں شامل تھا۔	23:40 تا 25
7	اہل علم نے کہا : اس دولت کے مقابلہ میں ایمان اور عمل صالح زیادہ بہتر ہے مگر اس کے لیے صبر کی ضرورت ہے۔	80:28
8	چنانچہ اپنے محل سمیت زمین میں دھنسا دیا گیا اور کوئی مدد کو نہ پہنچا۔ اور خدا کے عذاب سے بچ نہ سکا۔	40،39:2981:28 -
9	اب اس کی سی دولت کی تمنا کرنے والے بھی اپنی تمناؤں پر پچھتانے لگے کہ کثرت وقلّتِ رزق اللہ کے ہاتھ میں ہے، اگر خدا کا فضل نہ ہوتا تو ہم بھی دھنسا دیئے جاتے۔	82:28

ہامان

1	یہ بھی ان لوگوں میں شامل تھا جنھوں نے موسیٰ علیہ السلام کو جادوگر اور جھوٹا کہا اور بنی اسرائیل کے مردوں کو قتل کرنے کا مشورہ دیا۔	23:40 تا 25
2	فرعون نے اس سے کہا : ایک پختہ محل بناؤ جہاں سے میں اس موسیٰ کے معبود کو جھانک کر دیکھ سکوں۔	37،36:4038:28 -
3	یہ ان آئمہ کفر میں سے تھا جو دوزخ کی طرف بلاتے ہیں۔	41:28

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	قارون اور یہ فرعون سمیت خدا کی زمین میں بڑائی کرنے والوں اور خطا کاروں میں سے تھے۔	39:29
5	آخر فرعون کے ساتھ ہی اس پر بھی لعنت پڑی اور آخرت میں بدترین عذاب میں مبتلا ہوگا وہ بھی خدا کے عذاب سے بچ نہ سکا۔	40،39:29

فرعون اور قوم فرعون

1	اس نے زمین میں چڑھائی اور سرکشی کی اور وہ حد سے بڑھا ہوا تھا۔	24:20 83:10 - 4:28-43، -31:44 17:79 - 16:73
2	مصر کے باشندوں میں تفرقہ ڈالا۔	4:28
3	بعض طبقات کو کمزور رکھ کر ان کے مردوں کو مروانے لگا اور عورتوں کو زندہ رکھنے لگا۔	141:7 6:14-49:2 - 25:40-4:281-
4	اس نے درباریوں کے مشورہ سے موسیٰ علیہ اسلام کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا۔	26:4020:28 -
5	یہ اور اسکی قوم نافرمان تھی۔	32:28
6	اس نے کہا : میں تمہارا سب سے بڑا رب ہوں۔ میرے سوا تمہارا کوئی حاکم نہیں۔	38:28 -29:26 - 24:79
7	اس نے دنیا میں ناحق بڑا بننے کی کوشش کی۔	39:2939:28 -
8	وہ آخرت کو بھول گیا۔	39:28
9	نشانیاں دیکھنے کے باوجود موسیٰ علیہ اسلام کو جھٹلایا اور انھیں شکست دینے کے لیے دوڑ دھوپ کی۔	23تا20:7956:20 -

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
10	موسیٰ علیہ اسلام سے اپنی رعایا کے اسلاف پر فتویٰ لگو کر انھیں اشتعال دلانا چاہا۔	5:20
11	موسیٰ علیہ اسلام پر الزام لگایا کی یہ وہاں کے باشندوں کو نکال دینا چاہتا ہے۔	11:7
12	انھیں دیوانہ جادوگر اور جازدہ کہا اور مقابلہ کا اعلان کیا۔	109:7-، 123 76:10 ، 77-، 81- 101:17 34:26 تا- 46 13:27 -24:40 39:51
13	جادوگر ایمان لائے تو کہا : میری اجازت کے بغیر ایمان کیوں لائے ہو تم نے موسیٰ کے ساتھ مل کر سازش کی ہے۔	123:7- 71:20 - 49:26
14	موسیٰ علیہ اسلام پر الزام لگایا کہ وہ لوگوں کو ان کے آبائی دین سے ہٹا دینا چاہتا ہے۔	78:10
15	اس جسارت پر انھیں سولی پر لٹکا دینے کی دھمکی دی۔	124:7- 71:20 - 49:26
16	قوم کے روایتی مسلک کو اچھا بتا کر موسیٰ علیہ اسلام کے دین سے روکنے کی کوشش کی۔	63:20
17	وہ مسرفین (بے لگام لوگوں) میں سے تھا۔	83:10
18	اس نے کہا : موسیٰ دیوانہ ہے۔	27:26- 39:51
19	اس نے کہا : میرے سوا کسی اور کو الٰہ مانا تو قید کر دیئے جاؤ گے۔	29:26
20	اس نے موسیٰ علیہ اسلام پر احسان جتایا کہ ہم نے تمہیں پالا اور تمہارا جرم قتل معاف کیا۔	18:26، 19
21	وہ اپنی قوم کی گمراہی کا باعث بنا۔	79:20

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
22	وہ ان ائمۂ کفر میں سے تھا جو دوزخ کی دعوت دیتے ہیں۔	39:28
23	موسیٰ علیہ اسلام پر الزام لگایا کہ یہ تمہارا دین بدلنا چاہتا ہے۔	26:40
24	موسیٰ علیہ اسلام پر یہ الزام بھی لگایا کہ یہ زمین میں فساد پھیلانا چاہتا ہے۔	26:40
25	اس نے ہامان سے کہا : ایک پختہ محل بناؤ جہاں سے میں ذرا موسیٰ کے خدا کو تو جھانک کر دیکھوں۔	37،36:40 38:28 -
26	اس نے کہا، دیکھو! میں اچھا ہوں یا یہ کم مایہ؟ میرے پاس تو مصر کی حکومت اور بہتے دریا ہیں۔ یہ تو اچھی طرح بول بھی نہیں سکتا، یہ دولت مند ہوتا تو اس کے ساتھ فرشتے ہوتے۔	51:43 تا- 39:5154
27	وہ میخوں والا تھا۔	10:89
28	لوگوں سے کہا : میں تو تمہیں بھلائی کی راہ پر لگانا چاہتا ہوں۔	29:40
29	فرعون کی بیوی نے بھی اس کے کرتوتوں اور اس کی ظالم قوم سے نجات کی دعا مانگی۔	11:66
30	اس نے جادوگروں کو موسیٰ علیہ اسلام کے مقابلہ کے لیے دولت اور تقرب کا لالچ دیا۔	113:7،- 114 41:26، 42
31	اس نے اپنی قوم کو بے وقوف بنایا اور انھوں نے اس کی بات مان لی کیوں کہ وہ ایک نافرمان قوم تھی۔	54:43
32	فرعون اور اس کے ساتھی ایسے راہنما تھے جو جہنم کی طرف بلاتے تھے۔	41:28
33	اس کی قوم سرکش، فاسق، ظالم، متکبر، مجرم، غافل، آیات الٰہی سے منکر اور مفسدین میں سے تھی۔	103:7، 133،- 136 - 75:10 - 42:23 - 11 10:26 12:27، - 14 32:28- 39:29 - 54:43 - 11،10:89
34	فرعونیوں نے کہا : موسیٰ اور اس کا بھائی بڑا بننا چاہتے ہیں۔	78:10

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
35	انھوں نے کہا : ہم ایک اپنے جیسے انسان پر کیسے ایمان لے آئیں۔	23:47
36	فرعون کے درباری اس کی باتوں پر لگے جب کہ اس کی باتوں میں کوئی نیکی نہ تھی۔	97:10
37	قوم فرعون پر خشک سالی اور پھلوں کی کمی کا قحط پڑا۔	130:7
38	طوفان آئے ،ٹڈیاں پیدا ہوئیں، چیچڑیوں اور مینڈکوں کی کثرت ہوئی۔ خون عام ہوا۔	133:7
39	قوم ہر عذاب پر ایمان کے وعدے کے ساتھ موسیٰ علیہ اسلام سے دعا کراتی جب عذاب ٹل جاتا تو عہد توڑ دیتی۔	134:7 ،- 48:43135 -تا50
40	آخر ان کی صنعت، باغات محلات سب تباہ کر دیئے گے اور ان کا وارث دوسروں کو بنا دیا گیا	137:7 - 57:26 ،- 58 - 25:44تا28
41	آخر اللہ نے اسے عذاب آخرت واولیٰ میں سخت پکڑا اور فرعون اپنی قوم سمیت سمندر میں غرق کر دیا گیا۔	11:3 - 136:7 - 52:8 - 103:1790:10 -54 - 48:23 -78:20 -- 66:26 - 24:44 -56 -55:43 - 40:51
42	ڈوبتے ہوئے ایمان لانا چاہا مگر منظور نہ ہوا۔ البتہ اس کی لاش ہمیشہ کے لیے بچالی گئی۔	90:10تا92
43	دنیا میں بھی لعنت پڑی (قبر میں) صبح وشام آگ پر پیش کئے جاتے اور قیامت کے دن سخت ترین عذاب میں مبتلا ہوں گے۔	98:11 ،- 42:28 -99 - 46 -،45:40 14:38 - 10:69 -14:50 - 26 -،25:79 16:73 - 13:89

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
44	جس بات کا انھیں دھڑکا رہتا تھا وہ خدا نے دکھا دی اور اس سے بچ نہ سکا۔	4039:29 -7
45	اس واقعہ میں خداترس انسان کے لیے عبرت کا سامان ہے۔	26:79

سامری

1	سامری نے قوم کو فتنہ میں ڈالا اور گمراہ کیا۔	85:20
2	اس نے گائے کی طرح بولتا ہوا ایک مجسمہ بنایا اور اسے موسیٰ اور تمام نبی اسرائیل کا الٰہ بنا کر پیش کیا۔	88:20
3	موسیٰ علیہ اسلام کی باز پرس پر کہنے لگا میرے جی نے ایسے ہی صلاح دی تھی۔	96:20
4	موسیٰ علیہ اسلام نے اسے جلوا کر راکھ سمندر میں ڈال دی۔	97:20
5	اور سامری سے کہا : تو دوزخی ہے اور اب ساری زندگی ''مت چھوؤ'' ''مت چھوؤ''! کہتا رہے گا۔	97:20

باغ والے

(اصحاب الجنتہ)

1	ان لوگوں نے انشاء اللہ کہے بغیر نہایت قطعیت کے ساتھ کہا کہ وہ باغ کی فصل توڑیں گے۔	18،17:68
2	بخل کی وجہ سے وہ صبح سویرے دبی زبان میں باتیں کرتے نکلے تا کہ کوئی مسکین پھل مانگنے نہ آئے۔	25تا21:68
3	مگر باغ کسی آفت سے صاف ہو چکا تھا۔	27،26 ،20 ،19:68

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	اب انھیں اپنی غلطی کا احساس ہوا و اعتراف ہوا کہ ہم نے ظلم کیا۔	30،29 ،27 ،26،68 31،
5	ان میں سے جو اچھا تھا اس نے کہا : میں نے نہیں کہا تھا کہ خدا کی تسبیح کیوں نہیں کرتے۔	28:68
6	اب ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے۔	30:68
7	آخر انھوں نے اعتراف کیا کہ ہم سرکش ثابت ہوئے ہیں اور بامید خیر خدا کی طرف راجع ہوئے۔	3231:68 -
8	(دباغ کی یہ تباہی تو دنیوی عذاب تھا) اور دنیوی عذاب ایسے ہی ہوا کرتے ہیں آخرت کا عذاب اس سے بھی بڑا ہے کاش انھیں پتہ ہوتا۔	33:68

قوم نوحؑ

1	ودّ، سواع، یعوق، یغوث، نشر وغیرہ بتوں کو پوجتی اور شرک کرتی تھی۔	23:71
2	پیغمبر کی نافرمانی کی اور سرمایہ داروں کا کہا مانا۔	21:71
3	گناہوں کا ارتکاب کیا۔	25:71
4	حضرت نوح کو پتھر مار مار کر ہلاک کر دینے کی دھمکی دی۔	116:26
5	پیغمبر پر یہ الزام لگایا کہ یہ بڑا بننا چاہتا ہے۔	24:23
6	پیغمبر پر یہ الزام لگایا کہ یہ گمراہ ہے۔	60:7
7	پیغمبر کو جھگڑالو کہا۔	32:11
8	پیغمبر کو اپنے جیسا انسان کہا۔	37:11،- 10:14 24:23
9	پیغمبر کو دیوانہ کہا۔	9:5425:23 -

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
10	پیغمبر کو جھوٹا کہا۔	77:219:14 -27(1)- 105:26 -42:24 -- 12:505:40 -12:38 - 9:54-
11	پیغمبر سے کہا : تمہارے ماننے والے نیچ اور سادہ لوگ ہیں، انھیں نکال دو۔	111:2627:11 -
12	پیغمبر سے کہا: ہمیں تم میں کوئی خوبی و برتری نظر نہیں آتی۔	24:2327:11 -
13	پیغمبر سے کہا : جاؤ عذاب لے آؤ۔	32:11
14	کشتی بناتے وقت نوح کا مذاق اڑایا۔	32:11
15	یہ قوم بڑی بڑی ظالم، سرکش اور نافرمان تھی۔	77:21 -14:29 - 46:51
16	آخر دنیا میں سیلاب عظیم کی نذر ہوئے اور آخرت میں آگ میں پڑے ۔	25:71

قوم لوطؑ

1	دنیا میں سب سے پہلے انھوں نے ہم جنسی کا ارتکاب کیا۔	80:7، 165:26 81 -، 55 -54:27 -166 - 29،28:29
2	مجالس میں بے حیائیوں اور برائیوں کا ارتکاب کرتے تھے۔	29:29
3	راہزنی کرتے تھے۔	29:29
4	فرشتے انسانی شکل میں آئے تو ان کی طرف (بری نیت سے) لپکے۔	71:1578:11 -
5	حضرت لوطؑ کو پاک بازی کا طعنہ دیا اور شہر سے نکال دینے کی دھمکی دی۔	167:26 -82:7 - 56:27

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
6	انھوں نے پیغمبر کو جھٹلایا۔	43:22 -70 -، 14 -160:26 13:38- 33:54
7	پیغمبر کو عذاب لے آنے کا چیلنج دے دیا۔	29:29
8	آخر بستی الٹ گئی اور پتھروں کی بارش ہوئی۔	82:1170:9 -84:7 - -83 -73:15 - 45 ،44:22 74 -،75 5857:27 -173:26 - 34:5440:29 --

قوم شعیب

1	کم تولتی اور کم ناپتی تھی۔	84:1186 -،85:7 ،85 183تا181:26 36:29
2	زمین میں فساد پھیلاتی تھی۔	85 ،84:1186 -،85:7 183تا181:26 36:29
3	شرک کرتی تھی۔	84:1186 -،85:7 ، 85 183تا181:26 36:29
4	راہزنی کرتی تھی۔	85،84:1186 -،85:7 183 تا181:26 36:29
5	پیغمبر کو سحر زدہ، اپنی طرح کا انسان اور جھوٹا کہا۔	176:2642:22 - 185،186
6	پیغمبر کو باز نہ آنے پر بستی سے نکال دینے کی دھمکی دی۔	88:7

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
7	پیغمبر کی پیروی کو گھاٹے کا سودا کہا۔	6:7
8	پیغمبر کو پتھروں سے مار دینے کی دھمکی دی۔	91:11
9	پیغمبر سے کہا : تمہاری نماز کا ہمارے کاروبار یا ہمارے معبودوں سے کیا واسطہ؟	87:11
10	پیغمبر کو عذاب لے آنے کا چیلنج دے دیا۔	187:26
11	یہ قوم بڑی ظالم ہے۔	78:15
12	آخر زلزلے اور آگ سے تباہ کر دیئے گئے۔	91:7، 92- 40:9 94:11، 95- 79:15 176:26 44:22 - ، 4037:29 -189 - 1413:38 -

قوم ہودؑ (عاد)

1	شرک کرتی تھی۔	65:7، 70، 71- 50:11، 53 - 5754 21:46-
2	غیر معمولی طور پر بڑی صاحب اقتدار اور دانشمند تھی۔	38:29 - 15:41 8:8926:46 -
3	بڑی جابر سخت گیر تھی۔	130:26
4	پیغمبر کی بجائے جابروں اور سرکشوں کی پیروی کی۔	59:11
5	بڑی خوش حال طاقت ور دانا اور مال دار تھی۔	13169:7 تا135 :26- 26:46-
6	بڑی بڑی عمارتیں اور صنعت گاہیں بنا رکھی تھیں حتی کہ اسے ذات العماد کہا گیا۔	7:89129:26 -

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
7	ان کا خیال تھا کہ ان سے طاقت میں بڑھ کر کوئی نہیں۔	15:41 -38:29 -8:8926:46 -
8	انھوں نے دنیا میں بڑا بننے کی کوشش کی۔	15:41
9	آیات الٰہی سے انکار کیا۔	12،11:89
10	سرکشی کی اور زمین میں فساد پھیلایا۔	10:1453:11 -70:7 -
11	پیغمبر سے کہا : تمہارے پاس کوئی سند نہیں۔	54:11
12	پیغمبر سے کہا : تمہیں ہمارے کسی معبود کی بددعا لگ گئی ہے۔	22:46
14	تم ہمیں ہمارے معبودوں سے ہٹانا چاہتے ہو۔	66:7
15	پیغمبر سے کہا : تم احمق ہو اور جھوٹے۔	136:26 -70:7 - تا- 22:46138
16	پیغمبر سے کہا : کوئی عذاب وزاب نہیں اگر ہے تو لے آؤ۔	59:1170:9 -72:7 -، 44:22 -139:26-60 - 40 -،38:29 –140 16:41 - –31:40 41:51 –25 ،24:46، 19:54– 50:5342 -، 8،7 ،6:69 –21،20، 13:89
17	آخر آندھی کے عذاب سے تباہ و برباد کر دیئے گئے۔جس نے ہر چیز کو پیس کر رکھ دیا۔	
18	اور آخرت کا عذاب اس سے بھی بڑا ہے جہاں کسی قسم کی کوئی مدد نہیں کر سکے گا۔	16:41

قوم صالح

1	شرک کرتی تھی۔	10:1462:11 -
2	مفسدین کی پیروی کرتی تھی اور فساد پھیلاتی تھی۔	152151:26 -

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
3	انھوں نے اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی اور زمین پر فساد پھیلایا۔	11:8944:5، 12
4	بڑی دانا قوم تھی۔	38:29
5	ان میں نو شخص خاص طور پر فسادی تھے۔	48:27تا 51
6	پیغمبر سے کہا : تم تو ہماری ہی طرح کے انسان ہو۔	154:2610:14 - 24:54
7	پیغمبر سے کہا : تم پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔	153:26
8	پیغمبر سے کہا : تم اور تمہارے ساتھی منحوس ہو۔	47:27
9	نہ پیغمبر کے پیغام کو سنا نہ ان کی خیر خواہی کو قبول کیا۔	79:7
10	قوم دو گروہوں میں بٹ گئی۔	45:27
11	بڑے بڑے محلات میں رہتے تھے اور پہاڑوں کو تراش کر مکان بناتے تھے۔	9:89149:26 -74:7 -
12	زراعتی لحاظ سے بڑے خوشحال تھے۔	146:26تا149
13	پیغمبر سے کہا : پتھر سے اونٹنی نکال کر دکھاؤ۔	155:2659:17 - 14:9127:54 -
14	جب اونٹنی دکھا کر اسے ضرر نہ پہنچانے کو کہا گیا تو اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں اور کہا اب لاؤ عذاب۔	65:11 -77:7 - 29:54 157:26 - 14:91
15	تین دن کی مہلت کے بعد آخر زلزلے اور کڑک نے ایسا تباہ کیا کہ گویا کبھی آباد ہی نہ تھے۔اس عذاب کے سامنے ٹھہر نہ سکے اور نہ ہی کہیں سے مدد ملی۔	67:11 70:9 -78:7 - 38:25 –44:2268 -- 158:26 - 39 -- 52 –52،51:27 14:38-38:29 40 - 17 -،13:41 31:40 - 14:50 15 -،14:91 51:53 45 -،44:51 5:69

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
	قوم الیاسؑ	
1	مشرک تھی اور بیل کی پوجا کرتی تھی۔	126125:37 -
2	متقی نہ تھی۔	124:37
3	چند آدمیوں کو چھوڑ کر سب نے پیغمبر کو جھٹلایا۔	128127:37 -
4	آخر سب عذاب میں پکڑے گئے۔	127:37
	قوم سباء	
1	قوم سبا کے لیے ان کی سرزمین ایک نشان الٰہی تھی۔ دائیں بائیں ہر جانب باغات تھے۔	15:34
2	اللہ کا حکم تھا کہ اس کا دیا ہوا رزق کھاؤ اور شکر بجالاؤ، زمین زرخیز اور اللہ مہربان ہے۔	15:34
3	ارض فلسطین اور ان کے ملک کے مابین قریب قریب خوب آباد بستیاں تھیں جہاں وہ شب و روز امن سے آجا سکتے تھے۔	18:34
4	مگر انھوں نے الٹا دعا کی کہ اے اللہ! ہمارے سفروں کو لمبا کر دے۔	19:34
5	انھوں نے خدا کی اطاعت و شکر گذاری سے اعراض برت کر اپنی جانوں پر کفر و ظلم کیا۔	19،16:34
6	چنانچہ ہم نے ایک تباہ کن سیلاب (سیل عرم) کو بھیج کر بہترین میووں کے باغات کو بدمزہ پھلوں، جھاڑ اور بیریوں سے بدل دیا، انھیں پیس کے رکھ دیا، اب ان کے افسانے رہ گئے۔	19،17،16:34

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
7	ان کے واقعہ میں صبر کرنے والے شکر گذار بندوں کے لیے بڑے نشانات ہیں۔	19:34
8	ہم نے یہ ان کے کفر کا بدلہ دیا اور ناشکروں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں	17:34
9	ابلیس نے ان کے بارہ میں اپنے خیال کو سچا ثابت کر دیا۔ چنانچہ چند مومنوں کو چھوڑ کر ان سب نے اسی کی اتباع کی۔	20:31

اصحاب الاخدود

(کھائیوں والے)

1	انھوں نے کھائیاں کھدوائیں اور ان میں آگ جلوائی۔	5:85
2	آگ کی ان کھائیوں میں اہل ایمان کو ڈالا گیا اور خود پاس بیٹھ کر نظارہ کرتے رہے۔	76:85 -
3	ان لوگوں سے صرف اس بات کا انتقام لیا گیا کہ وہ اس اللہ پر ایمان رکھتے تھے جو عزیز وحمید ہے، زمین وآسمان کا مالک ہے۔	9،8:85
4	مسلمانوں کو ایذا دینے والے اگر توبہ نہیں کرتے تو عذاب جہنم کے مستحق ہوں گے۔	10:85

(انطاکیہ والے)

اصحاب القریہ

1	ان کے پاس یکے بعد دیگرے تین رسول آئے مگر انھوں نے انھیں جھٹلا دیا۔	14،13:36
2	انھوں نے کہا : تم ہماری طرح کے انسان ہو، تم جھوٹ کہتے ہو، اللہ نے تم پر کچھ نازل نہیں کیا۔	15:36

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
3	پیغمبروں نے جواب دیا : خدا جانتا ہے ہم اس کے سچے رسول ہیں، تاہم ہمارا کام صرف تبلیغ ہے۔	17،16:36
4	بستی والوں نے کہا : ہم پر تمہاری نحوست پڑی ہے۔ اگر تم باز نہ آئے تو ہم تمھیں سنگسار کریں گے اور سخت عذاب دیں گے۔	18:36
5	پیغمبروں نے جواب میں کہا : تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے تمھیں نصیحت کی جاتی ہے مگر تم حد سے بڑھے جاتے ہو۔	19:36
6	شہر کے دوسرے سرے سے ایک آدمی درڑتا ہوا آیا اور کہنے لگا ان پیغمبروں کا اتباع اختیار کرو جو تم سے کوئی صلہ نہیں مانگتے۔	21،20:36
7	بھلا جس خدا نے مجھے پیدا کیا اور جس کی طرف لوٹ کر جانا ہے، اس کی عبادت کیوں نہ کی جائے۔	22:36
8	اگر میں ان ہستیوں کو اللہ مان لوں جو خدا کی طرف سے آنے والی تکلیف کو دور کر سکتی ہیں نہ سفارش۔ تو یہ میری کھلی گمراہی ہوگی۔	2423:36 -
9	اس نے اعلان کیا سن لو کہ میں تمہارے پروردگار پر ایمان لاتا ہوں اسے جنت میں داخل کیا گیا تو اس نے کہا : کاش! میری قوم کو میری مغفرت اور عزت کا علم ہو جاتا ہے۔	25:36 تا 27

انجام

1	اس قوم پر کسی لشکر کے بھیجنے کی ضرورت نہ پڑی۔ صرف ایک چیخ سے بجھ کر رہ گئے۔	29،28:36

گمراہ لوگ

1	جو فاسق ہوں۔	26:2
2	جو ایمان کی بجائے کفر اختیار کریں۔	12:5108:2 -

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
3	جو کتاب الٰہی کے ہوتے ہوئے سیدھی راہ سے بھٹک جائیں۔	44:4
4	جو کتاب الٰہی پر ایمان کے دعویٰ کے باوجود اپنے فیصلے دوسروں سے کرائیں۔	60:4
5	جو اللہ تعالیٰ، ملائکہ، کتابوں، رسولوں اور یوم آخر کے منکر ہوں۔	136:4
6	جو بار بار ایمان لائیں اور بار بار کفر اختیار کریں۔	137:4
7	جو خود بھی کفر کریں اور دوسروں کو بھی اللہ کی راہ سے روکیں۔	167:4
8	جو کفر کریں اور ظلم کریں۔	168:4
9	جو ملعون و مغضوب اور طاغوت کے پرستار ہوں۔	60:5
10	جو زمین پر ناحق بڑے بنیں، آیات الٰہی سے غفلت برتیں اور انھیں جھٹلائیں۔	146:7
11	جو اللہ و رسول کے نافرمان ہوں۔	36:33
12	جو یہ کہیں کہ جن (غریب) لوگوں کو اللہ نے رزق نہیں دینا چاہا انھیں ہم کیوں دیں۔	47:36
13	جو اتنے سخت دل ہوں کہ خدا کو یاد نہ کریں۔	22:39
14	جسے اسلام میں شرحِ صدر کی بجائے اس قدر تنگ دلی ہو کہ گویا آسمانوں پر چڑھ رہا ہے۔	125:6

کن لوگوں کے اعمال ضائع جائیں گے۔

1	جو ایمان لانے کے بعد بھی اللہ و رسول کی اطاعت نہیں کرتے۔	33:47
2	جو بلا سوچے سمجھے کسی کی پیروی کریں۔	167:2
3	جو کتاب اللہ کو چھوڑ کر جادو کے پیچھے پڑ جائیں۔	102:2
4	جو صرف دنیا کے طالب ہوں۔	1615:11 -200:2 -

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
5	جو مرتد ہو جائیں اور پھر اسی حالت میں مریں۔	2:217
6	جو منافق ہوں۔	19:3353:5 -16:2 - 28:47
7	جو صدقہ کر کے پھر احسان جتائیں یا ایذا دیں یا ریا کاری سے کام لیں۔	264:2
8	جو آیات الٰہی کا انکار کریں اور انبیاء اور نیکی کی تبلیغ کرنے والوں کو قتل کریں۔	22:3
9	جو اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے معمولی سی قیمت لیں۔	77:3
10	جو کافر ہوں اور خدا کی وحی کو ناپسند کریں اور اللہ کی راہ سے روکنے کے لیے مال خرچ کریں اور ہدایت کی وضاحت کے باوجود پیغمبر کی مخالفت کریں۔	116:3، 176،117 - 36:8 - 18:1468:9 39:24، - 1:47 40 32:9
11	جو شرک کریں (چاہے پیغمبر ہی کیوں نہ ہوں)۔	88:6 - 16:9139:7 - 65:39
12	جو اللہ و آخرت کے منکر ہوں اور جن کی سرگرمیاں صرف دنیا کے لیے ہوں۔	104:18 تا106
13	جو مجرم (جرائم پیشہ) ہوں۔	23:25
14	جو اللہ کے رسول کی آواز پر اپنی آواز بلند کریں اور آپ کو چلّا چلّا کر پکاریں۔	2:49
15	جو اللہ کی آیات اور آخرت کو جھٹلائیں۔	147:7
	گناہ	
1	اگر تم بڑے گناہوں سے بچو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری (چھوٹی) برائیاں دور کر دے گا۔	31:4
2	اپنے آپ کو پاک سمجھنا خدا پر افترا ہے جو کھلا گناہ ہے۔	50:4
3	جو شخص خود برائی کر کے بے قصور کی طرف منسوب کر دیتا ہے وہ بہتان باندھتا ہے اور کھلے گناہ کا ارتکاب کرتا ہے۔	112:4

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
4	یتیموں کو ان کا مال نہ دینا، اسے ناقص مال کے ساتھ تبدیل کرلینا یا اپنے مال کے ساتھ ملا کر کھا جانا گناہ ہے۔	4:2
5	اللہ تعالیٰ بے حیائی، ناپسندیدہ باتوں اور بغاوت سے منع کرتا ہے۔	90:16
6	جو شخص خدا کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراتا ہے وہ بہت بڑا گناہ کرتا ہے۔	4:48 - 68:25
7	بلا قانونی جواز کسی کو قتل کرنا گناہ ہے۔	68:25
8	زنا گناہ ہے۔	68:25
9	ظاہری یا باطنی ہر طرح کے گناہ کو چھوڑ دو، گناہوں کے مرتکب کو ضرور سزا ملے گی۔	120:6
10	کچھ لوگ اپنے آپ کو پاک قرار دیتے ہیں ۔نہیں۔ اللہ جسے چاہتا ہے، پاک قرار دیتا ہے۔	49:4

خدا، ملائکہ اور لوگوں کی لعنت کے مستحق

1	جو کتاب الٰہی کے واضح احکامات کو چھپائیں۔	159:2
2	جو کافر ہوں اور بحالت کفر ہی مر جائیں۔	2:89 - 3:161 - 33:64
3	جو ایمان کے بدلے کفر اختیار کریں۔	5:5
4	جو ایمان لانے، رسول کی حقانیت کی شہادت دینے اور دلائل کے باوجود کفر اختیار کریں۔	3:86 تا 88
5	جو کسی کو جان بوجھ کر قتل کرے۔	93:4
6	جو اللہ اور اس کے رسول کو ایذا پہنچائیں۔	57:33
7	جو اللہ کے عہد اور اس کے بتائے ہوئے تعلقات کو توڑیں اور زمین میں فساد پھیلائیں۔	25:13
8	جو جھوٹے ہوں۔	3:24 - 61:7

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
9	جو مشرک ہوں اور خدا کے متعلق بدگمانی رکھیں۔	6:148
10	جو پاکدامن بھولی بھالی مومن عورتوں پر تہمتیں لگائیں۔	23:24
11	منافق۔	4:48 -23:47 -67:9 -
12	وہ ظالم جو لوگوں کو خدا کی راہ سے روکیں انھیں غلط راہ پر چلائیں اور آخرت سے انکار کریں۔	18:11،45 44:7 - 19،
13	جنھیں خدا نے کتاب دی ہو مگر پھر وہ سرکش طاقتوں کو مانیں اور کافروں کو مومنوں سے زیادہ ہدایت یافتہ ٹھہرائیں۔	52،51:4
14	یہود جو خدا کی شان میں گستاخیاں کرتے ہیں۔	64:5، 79،78
15	وہ اہل کتاب جو قرآن مجید پر ایمان نہ لائیں۔	47:4
16	شیطان۔	78:38118:4 -
17	قوم عاد۔	60:11

صالح افراد کے اعمال

اصحاب کہف

1	یہ کچھ نوجوان تھے جنھوں نے خدا کے سوا کسی دوسرے کو معبود ماننے سے انکار کر دیا تھا۔	14:18
2	ان کی قوم معبودان من دون اللہ کی پرستار تھی۔	15:18
3	قوم سے بحث ومباحثے کے بعد سنگساری سے بچنے کے لیے ایک غار میں پناہ لی۔	16:18
4	اللہ تعالیٰ نے ان کو کئی سال تک سلا دیا۔	11:18
5	پھر انھیں اٹھایا تا کہ پتہ چلے کہ ان کی مدت قیام کے بارہ میں کس کی رائے زیادہ صحیح ہے۔	12:18

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
6	صبح وشام دھوپ ان پر نہیں پڑتی۔	17:18
7	آدمی کو جاگتے دکھائی دیتے ہیں حالانکہ وہ سو رہے ہیں اور کروٹیں بدل رہے ہیں۔	18:18
8	ان کی چوکھٹ پر ایک کتا پڑا ہے۔	18:18
9	آدمی انھیں دیکھے تو مرعوب ہو۔	18:18
10	جب جاگے تو مدت قیام پر بحث کرنے لگے۔	19:18
11	آخر ایک کو سکہ دے کر شہر بھیجا کہ پاکیزہ سا کھانا لائے نرمی سے کام لے اور کسی کو پتہ نہ دے کہ کہیں مار نہ ڈالیں یا اپنے دین میں واپس نہ لوٹا لیں جو ابدی خسارے کا موجب ہوگا۔	19:18 , 20
12	آخر خبر کھل گئی تا کہ قیامت کے منکروں پر اتمام حجت ہو۔	21:18
13	اب اس غار پر عمارت بنانے کا جھگڑا ہوا تو مسجد بنانے والوں کی رائے غالب رہی۔	21:18
14	یہ لوگ اس غار میں تین سو نو سال پڑے رہے۔	25:18
15	ان کی تعداد کے متعلق مختلف اندازے ہیں مگر حقیقت حال اللہ کو معلوم ہے۔	23:18
16	یہ لوگ مومن، ہدایت یافتہ، خدا کی رحمت خاص کے مہبط تھے۔	10:18 , 13 , 16
17	یہ لوگ قدرت خداوندی کی عجیب وغریب نشانی تھے۔	9:18 , 17
18	انھوں نے خدا سے رحمت وہدایت کی دعا مانگی تھی۔	10:18

ذوالقرنین

1	وہ دنیا میں بڑا صاحب اقتدار و دولت مند تھا۔	84:18
2	اس نے اپنی مہمات میں ایک فتح دنیا کے اس حصے تک حاصل کی جہاں سورج ایک دلدل میں غروب ہوتا دکھائی دیتا تھا۔	86،85:18

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
3	ہر طرح کے اختیار کے باوجود وہ صرف ظالموں کے لیے سخت ثابت ہوا۔شریف لوگوں کے لیے وہ رحم دل تھا۔	18:86تا88
4	ایک دوسری فتح اسے اس حصہ عالم تک ہوئی جہاں سے سورج طلوع ہوتا تھا۔	18:89،90
5	یہاں اس نے ایک ایسی قوم پائی جن کے اور سورج کے درمیان (غالباً مکانات نہ ہونے کی وجہ سے) کوئی پردہ نہ تھا۔	18:90
6	پھر اس نے ایک تیسری فتح اس حصہ دنیا تک حاصل کی جہاں دو پہاڑ آپس میں مل رہے تھے۔	18:92،93
7	یہاں اسے ایک ایسی قوم ملی جو اس کی بولی نہیں سمجھتی تھی۔	18:93
8	انھوں نے یاجوج ماجوج جیسی مفسد قوم سے نجات حاصل کرنے کے لیے خرچ دے کر دونوں پہاڑوں میں ایک سد (دیوار) تعمیر کرنے کی درخواست کی۔	18:94
9	اس نے کہا؛ مجھے اللہ نے بہت کچھ دے رکھا ہے تم لوہے کے تختے اٹھانے کے لیے صرف افرادی قوت مہیا کرو۔	18:95
10	چنانچہ لوہے کے تختوں سے درمیانی فاصلے کو چوٹی تک پر کر کے، انھیں آگ سے پگھلایا اور اس پر تانبا ڈلوایا۔	18:96
11	اب وہ دیوار اتنی مضبوط ہوگئی کہ یاجوج وماجوج نہ اس پر چڑھ سکتے تھے نہ نقب لگا سکتے تھے۔	18:97
12	مگر جب اللہ کا وعدہ آئے گا تو وہ اسے گرادے گا۔ یہ یاجوج ماجوج باہم خلط ملط ہوجائیں گے اور صور پھونکنے پر جمع ہوجائیں گے۔	18:98،99

حضرت لقمان

1	اللہ تعالیٰ نے انھیں حکمت و دانش عطا کی تھی۔	31:12

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
2	اللہ تعالیٰ نے انھیں اپنا شکر ادا کرنے کی تلقین کی تھی۔	12:31
3	انھوں نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی کہ اللہ کے ساتھ شریک نہ ٹھہرانا یہ ظلم عظیم ہے۔	13:31
4	انھوں نے اپنے بیٹے کو نماز قائم کرنے، امر بالمعروف نہی عن المنکر اور مصیبت میں صبر کی تلقین کی کہ یہ بڑی ہمت کا کام ہے۔	17:31
5	انھوں نے اپنے بیٹے کو لوگوں سے بے رخی نہ برتنے، زمین پر اکڑ کر نہ چلنے، بلکہ رفتار و گفتار میں اعتدال کی تلقین کی کہ اونچی آواز نکالنا گدھے کا کام ہے۔	18:31، 19
6	اگر والدین بے دلیل شرک پر مجبور کریں تو ان کی اطاعت مت کرو۔ البتہ دنیوی معاملات میں ان سے عمدگی سے پیش آؤ اور خدا کی طرف رجوع رکھنے والوں کی پیروی اختیار کرو۔	15:31
7	اگر رائی برابر نیکی کہیں چٹانوں، زمینوں یا آسمانوں میں ہوگی تو اللہ اسے ظاہر کر دے گا۔	16:31

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)

پانچواں باب

آخرت

متاع دنیا اور آخرت

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
1	دنیوی زندگی صرف لہو ولعب ہے مگر متقین کے لیے آخرت بہتر ہے۔	36:4764:29 -32
2	دنیوی زندگی، لہو ولعب، تفاخر، زینت اور کثرت اموال واولاد کی حرص کا نام ہے۔	20:57
3	متقین محسنین کے لے دنیا میں بھی بھلائی ہے اور آخرت بہتر ہے۔	57:12 169:7 -32:6 - 30:16109 -،
4	اصل زندگی آخرت ہی کی ہے۔	39:4064:29 -
5	دنیوی زندگی صرف دھوکے کا مال ہے اس سے دھوکا نہ کھانا۔	30،70:6 185:3 - 46،33:3151:7 - 20:575:35 -
6	خدا کے ہاں جو اجر ہے وہ اس تماشے اور تجارت سے بہتر اور بہت بڑا ہے۔	11:625:35 -28:8 -
7	مال اور اولاد دنیوی زندگی کی رونق ہیں۔	46:18
8	(لیکن) رہنے والی نیکیاں ثواب وامید میں خدا کے ہاں زیادہ بہتر ہیں۔	76:1946:18 -
9	انسان مال ودولت جمع کرتا ہے اور سمجھتا ہے کہ یہ ہمیشہ اس کے ساتھ رہے گا۔	3،2:104
10	مال سے انسان کی محبت بہت شدید ہے۔	8:10020:89 -
11	بہتات کی حرص غفلت میں مبتلا کر دیتی اور سرکش بنا دیتی ہے۔	1:1027 -،6:96
12	انسان دنیوی زندگی کو مقدم رکھتے ہیں جب کہ آخرت زیادہ بہتر و پائدار ہے۔	17،16:87
13	مال واولاد فتنہ ہیں اور اللہ کے پاس اجر عظیم ہے۔	50،49:3928:8 - 15:64
14	مال واولاد کی وجہ سے خدا کی یاد سے غافل نہیں ہو جانا چاہئے جس نے ایسا کیا وہ خسارے میں رہے گا۔	9:63
15	بعض بیویاں اور اولاد انسان کے دشمن ہیں ان سے بچ کر رہو اور اگر عفوودرگذر سے کام لو تو اللہ بھی بخشنے والا مہربان ہے۔	14:64

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
16	کافروں کے اموال واولاد ان کے کسی کام نہیں آئیں گے۔	10:3
17	مرغوبات دنیا کی محبت پر انسان ریجھا ہوا ہے جب کہ اللہ کے پاس بہترین ٹھکانہ ہے۔	14:3
18	اس مال ومتاع سے زیادہ بہتر جنت کی نعمتیں ہیں مگر وہ اہل تقویٰ کے لیے ہیں۔	15:3
19	تمہارے مال تمھیں ہمارا مقرب نہیں بنا سکتے، ایسا تو صرف ایمان وعمل صالح ہی سے ہوسکتا ہے۔	37:34
20	یہ سونے چاندی کے گھر بار صرف دنیوی زندگی کا ساز و سامان ہے آخرت اللہ کے ہاں صرف متقین کے لیے ہے۔	35:43
21	آخرت میں عذاب شدید بھی ہے اور خدا کی بخشش ورضامندی بھی۔	20:57
22	کافروں کی نظر میں دنیوی زندگی بڑی پرکشش ہے۔	212:2
23	جو شخص دنیوی زندگی کی رونق چاہتا ہے۔ خدا چاہے تو اسے پوری پوری مل جاتی ہے مگر آخرت میں اس کا کوئی حصہ نہیں ہوتا۔	- 16،15:11200:2 20:4219 -،18:17
24	مال ومتاع جو انسان کو ملا ہے وہ دنیوی زندگی کی رونق ہے مگر جو اجر خدا کے ہاں ہے صالح مومن متوکل کے لیے وہ زیادہ اچھا اور زیادہ پائدار ہے۔	- 36:4260:28
25	رزق طیب اور زینت کو کس نے حرام کیا ہے یہ دنیا میں بھی اہل ایمان کے لیے ہے اور آخرت میں بھی۔	- 32:7
26	خدا نے گھوڑے، خچر اور گدھے زینت اور سواری کے لیے بنائے ہیں۔	8:16
27	زمین کے اوپر جو کچھ ہے زینت کے لیے اور انسان کی آزمائش کے لیے۔	7:18
28	نیک لوگوں کو دنیوی زندگی کی آرائش کا لالچ نہیں ہونا چاہیے۔	28:18

نمبر شمار	موضوع۔ترجمہ	حوالہ (سورت نمبر : آیت نمبر)
29	دنیوی زندگی کی مثال اگنے والی بھر پور کھیتی کی ہے جو کچھ عرصہ بعد چورا بن جاتی ہے۔	45:18
30	اللہ کا فضل ورحمت اس مال ومتاع سے بہتر ہے جو لوگ جمع کرتے ہیں اور اسی پر خوش ہونا چاہیے۔	32:4358:10 -
31	کفار کو جو طرح طرح کا سامان دیا گیا ہے آپ اس کی طرف نہ دیکھیں۔	131:2088:15 -
32	اللہ کا رزق زیادہ بہتر اور زیادہ دیر پا ہے۔	131:2088:15 -
33	جو کچھ انسان کے پاس ہے ختم ہو جائے گا مگر جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہنے والا ہے۔	96:16
34	کفار کے مال واولاد پر آپ تعجب وغم نہ کریں۔ اللہ ان سے ان کو دنیا میں عذاب دینا چاہتا ہے اور آخرت سے محروم کرنا۔	176:3، 196 تا198 85:9
35	تم نے آخرت کو چھوڑ کر دنیوی زندگی کو پسند کر لیا ہے اور اسے ترجیح دیتے ہو حالانکہ یہ آخرت کے مقابلہ میں قلیل ہے اور آخرت زیادہ بہتر اور دیر پا ہے۔ یہ بات ابراہیم اور موسیٰؑ کے صحیفوں میں درج ہے۔	16:8738:9 - تا19
36	اگر کوئی دنیا کا بدلہ چاہتا ہے تو اللہ کے پاس دونوں کا ثواب ہے۔	134:4
37	کچھ لوگ دنیوی زندگی پر اترا رہے ہیں حالانکہ آخرت کے مقابلہ میں یہ معمولی سی پونجی ہے۔	26:13
38	(آخرت کے مقابلہ میں) متاع دنیا قلیل ہے اور متقین کے لیے آخرت بہتر ہے۔	38:977:4 -
